1896 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا زَائِدَةُ، ح وَحَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ بِ ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ وَكَانَتْ صَلَاتُهُ بَعْدَ تَخْفِيفٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ فجر میں ق والقرآن المجید پڑھتے تھے' آپ کی نماز اس کے بعد درمیانی ہوتی تھی۔

1897 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَطُّ فِي الْجُمُعَةِ اِلَّا قَائِمًا، فَمَنْ حَدَّثَكَ اَنَّهُ جَلَسَ فَكَذِّبْهُ فَاِنَّهُ لَمْ يَفْعَلْ، قَالَ: جَابِرٌ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ ثُمَّ يَقْعُدُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ، وَكَانَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ يَقْعُدُ بَيْنَهُمَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو جمعہ کا خطبہ کھڑے ہو کر دیتے ہوئے دیکھا' جو یہ بیان کرے کہ آپ بیٹھ کر خطبہ دیتے تھے' تو وہ جھوٹا ہے کیونکہ آپ ﷺ نے ایسا نہیں کیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ خطبہ دیتے' پھر بیٹھتے اور پھر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' آپ دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھتے تھے۔

1898 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَنْ يَبْرَحَ هَذَا الدِّينُ قَائِمًا يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ زمین ختم نہیں ہوگی' ہمیشہ رہے گی' مسلمانوں کا ایک گروہ قیامت تک لڑے گا۔

زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت زہیر بن معاویہ' حضرت سماک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1899 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، قَالَا: ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: مَرِضَ رَجُلٌ فَصِيحَ عَلَيْهِ، فَجَاءَ جَارُهُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ مَاتَ، فَقَالَ: مَا يُدْرِيكَ؟ قَالَ: اَنَا رَاَيْتُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَمْ يَمُتْ فَرَجَعَ الرَّجُلُ فَصِيحَ عَلَيْهِ، فَقَالَتِ امْرَاَتُهُ: انْطَلِقْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبِرْهُ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، قَالَ: ثُمَّ انْطَلَقَ الرَّجُلُ فَرَاهُ قَدْ نَحَرَ نَفْسَهُ بِمَشَاقِصَ مَعَهُ، فَانْطَلَقَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَدْ مَاتَ، قَالَ: مَا يُدْرِيكَ؟ قَالَ: رَاَيْتُهُ نَحَرَ نَفْسَهُ بِمَشَاقِصَ مَعَهُ، قَالَ: اَنْتَ رَاَيْتَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اِذًا لَا اُصَلِّي عَلَيْهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بیمار تھا' پس ایک دن اس کے گھر سے چلانے کی آواز آئی' اس کا پڑوسی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: وہ فوت ہو گیا ہے' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں علم ہے؟ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اُسے دیکھا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ مرا نہیں ہے' وہ آدمی واپس گیا' اس پر لوگ رو رہے تھے' اس کی بیوی نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ اور آپ کو بتاؤ۔ اُس آدمی نے کہا: اے اللہ! اس پر لعنت کر! پھر وہ آدمی چلا اُس نے دیکھا کہ اُس نے اپنے آپ کو چوڑے پھل والے نیزوں سے مارا تھا' وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: وہ مر گیا ہے! آپ نے فرمایا: تم کیا جانتے ہو؟ اُس آدمی نے عرض کی: میں نے اسے دیکھا کہ اُس نے خود کو چوڑے پھل والے نیزوں سے مارا جو اس کے پاس

تھے۔ آپ نے فرمایا: تُو نے اسے دیکھا؟ اُس نے عرض کی: ہاں! آپ نے فرمایا: پھر میں تو اس کا نمازِ جنازہ نہیں پڑھوں گا۔

1900 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالُوا: ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا سِمَاكٌ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَكُنْتَ تُجَالِسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ كَثِيرًا، كَانَ لَا يَقُومُ مِنْ مُصَلَّاهُ الَّذِي يُصَلِّي فِيهِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَإِذَا طَلَعَتْ قَامَ وَكَانَ يُطِيلُ الصَّمْتَ، وَكَانُوا يَتَحَدَّثُونَ فَيَأْخُذُونَ فِي اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُونَ وَيَبْتَسِمُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سماک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: کیا آپ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھتے تھے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! بہت زیادہ! آپ ﷺ نمازِ فجر پڑھ کر اس جگہ بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج طلوع ہوتا' آپ دیر تک خاموش رہتے' صحابہ کرام جاہلیت کے کاموں میں سے کوئی گفتگو کرتے اور ہنستے تو رسول اللہ ﷺ بھی تبسم کرتے تھے۔

1901 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ يَجْلِسُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ قَائِمًا، فَمَنْ نَبَّاكَ اَنَّهُ يَخْطُبُ جَالِسًا اَوْ قَاعِدًا فَقَدْ كَذَبَ، فَقَدْ وَاللّٰهِ صَلَّيْتُ مَعَهُ اَكْثَرَ مِنْ اَلْفَيْ مَرَّةٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' پھر بیٹھتے پھر کھڑے ہوتے' اس کے بعد کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' جو یہ بیان کرے کہ آپ بیٹھ کر خطبہ دیتے تھے' اُس نے جھوٹ بولا' تحقیق اللہ کی قسم! میں نے آپ کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ سے زیادہ مرتبہ نماز پڑھی ہے۔

1902 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے لوگ ہوں گے' میں نے حضرت جابر

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ ، قُلْتُ لِجَابِرٍ: اَنْتَ سَمِعْتَهُ؟ قَالَ: اَنَا سَمِعْتُهُ

رضی اللہ عنہ سے کہا: حضرت سماک فرماتے ہیں کہ کیا آپ نے یہ آپ ﷺ سے سنا ہے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا. میں نے آپ ﷺ سے یہ سنا ہے۔

1903 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ اَمِيرًا ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْءٍ لَمْ اَفْهَمْهُ، فَسَاَلْتُ الْقَوْمَ كُلَّهُمْ، فَقَالُوا: قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ امیر ہوں گے' پھر آپ نے ایک کلام فرمایا جو میں نہ سمجھ سکا' میں نے لوگوں سے پوچھا تو اُنہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

1904 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، قَالَ: سَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، عَنْ صَلَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ يَخِفُّ بِهِمْ وَلَا يُصَلِّي صَلَاةَ هٰؤُلَاءِ

حضرت سماک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کی نماز کے متعلق پوچھا' حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ مختصر نماز پڑھاتے تھے' ان لوگوں کی طرح نماز نہیں پڑھاتے تھے۔

1905 - ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي الْفَجْرِ بِ ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ وَنَحْوِهَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ فجر میں ق والقرآن المجید یا اس جیسی کوئی سورت پڑھتے تھے۔

1906 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَجَعَلَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھائی' آپ اپنے آگے سے کوئی شی پکڑ رہے تھے' جب آپ نے سلام پھیرا تو ہم نے اس کے متعلق پوچھا' آپ نے فرمایا: یہ شیطان تھا

زهير بن معاوية عن سماك

1904- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد1صفحه337 رقم الحديث: 458' وأحمد فی مسنده جلد5صفحه90 كلاهما عن

يَنْتَهِرُ شَيْئًا قُدَّامَهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ سَأَلْنَاهُ، فَقَالَ: ذَاكَ شَيْطَانٌ أَلْقَى عَلَى قَدَمِي شَرَرًا مِنْ نَارٍ لِيَفْتِنَنِي عَنِ الصَّلَاةِ قَالَ: وَقَدِ انْتَهَرْتُهُ وَلَوْ أَخَذْتُهُ لَنِيطَ إِلَى سَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ حَتَّى يَطِيفَ بِهِ وِلْدَانُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ

میرے آگے' آگ سے شرارے آگے کر رہا تھا تا کہ میں نماز میں فتنہ میں پڑ جاؤں اگر میں اسے پکڑ لیا تو مسجد کے ستونوں میں سے کسی ستون سے باندھ دیتا اور مدینہ کے بچے اس کے اردگرد گھومتے۔

1907 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكٌ، حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ يُهْدَى لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِصَاعُ وَهُوَ فِي دَارِ أَبِي أَيُّوبَ، فَكَانَ يَبْعَثُ إِلَيْهِ فَضْلَ مَا يَأْكُلُ، فَأَتَتْهُ قَصْعَةٌ فَأَرْسَلَ بِهَا كَمَا هِيَ لَمْ يَنْقُصْ مِنْهَا شَيْءٌ، فَقَالَ أَبُو أَيُّوبَ لِأَهْلِهِ: لَا تَأْكُلُوا حَتَّى أَعْلَمَ لِمَ تَرَكَهَا؟ قَالَ: فَاسْتَأْذَنَ عَلَيْهِ فَدَخَلَ، فَقَالَ: لَمْ يَكُنْ يَأْتِينَا مِنْ عِنْدِكَ شَيْءٌ إِلَّا أَكَلْتَ مِنْهُ غَيْرَ هَذِهِ الْقَصْعَةِ لَا أَدْرِي مَا شَأْنُهَا؟ قَالَ: كَانَ فِيهَا ثُومٌ فَكَرِهْتُ رِيحَهُ، أَمَا إِنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ إِلَّا أَنِّي كَرِهْتُ رِيحَهُ قَالَ: فَإِنِّي أَكْرَهُ مَا تَكْرَهُ إِذًا، قَالَ: فَأَنْتَ أَبْصَرُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے گھر میں ایک پیالہ میں کھانا پیش کیا جاتا' آپ اس سے کھاتے جو بچ جاتا آپ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو بھیج دیتے تھے' آپ کے پاس ایک پیالہ لایا گیا' آپ نے اس کی طرف بھیجا' اس میں سے آپ نے کچھ نہیں کھایا۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر والوں سے کہا: تم نہ کھانا یہاں تک کہ میں معلوم کر لوں کہ آپ ﷺ نے کیوں نہیں کھایا؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے آپ کے پاس آنے کی اجازت مانگی' عرض کی: ہمارے پاس آپ کی طرف سے کوئی شی آتی ہے' آپ نے اس میں سے تناول کیا ہوتا ہے لیکن اس پیالہ سے آپ نے نہیں کھایا' مجھے معلوم نہیں ہے کہ کیا بات ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس میں لہسن تھا' اسے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے' میں اس کی بو کو ناپسند کرتا ہوں۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جس شی کو آپ ناپسند کرتے ہیں' میں بھی اُسے ناپسند کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: تم زیادہ بصیرت والے ہو۔

أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ

حضرت اسباط بن نصر الہمدانی'

الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ

حضرت سماک بن حرب سے روایت کرتے ہیں

1908 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اطْلُبُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لیلۃ القدر کو آخری عشرہ میں تلاش کرو۔

1909 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ، حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ صَلَّى فِي يَوْمِ عِيدٍ بِلَا اَذَانٍ وَلَا اِقَامَةٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عید کی نماز بغیر اذان اور اقامت کے پڑھاتے تھے۔

1910 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادٍ، ثنا اَسْبَاطُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا مَاتَ ابْنُ الدَّحْدَاحِ تَبِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِنَازَتَهُ، فَلَمَّا دُفِنَ وَفَرَغَ مِنْهُ، اُتِيَ بِفَرَسٍ فَرَكِبَهُ فَرَجَعَ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابن دحداح کا وصال ہوا تو حضور ﷺ ان کے جنازہ کے پیچھے پیچھے چلے' جب اُن کو دفن کر کے فارغ ہوئے تو آپ کے پاس گھوڑا لایا گیا' آپ اس پر سوار ہوئے اور آپ سوار ہو کر واپس آئے۔

1911 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاُولَى ثُمَّ خَرَجَ اِلَى اَهْلِهِ، وَخَرَجْتُ مَعَهُ فَاسْتَقْبَلَهُ وِلْدَانُ الْمَدِينَةِ فَجَعَلَ يَمْسَحُ خَدَّيْ اَحَدِهِمْ وَاحِدًا وَاحِدًا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ پہلی نماز پڑھی پھر آپ اپنے گھر کی طرف نکلے اور آپ کے ساتھ میں بھی نکلا' مدینہ کے بچے آپ کا استقبال کرتے' آپ ان میں سے ہر ایک کے رخسار پر دستِ مبارک پھیرتے' میرے رخسار پر دستِ مبارک پھیرا' میں نے آپ کے

قَالَ: وَاَمَّا فَمَسَحَ خَدِّی فَوَجَدْتُ لِيَدِهِ بَرْدًا وَرِيحًا كَاَنَّمَا اَخْرَجَهَا مِنْ جُونَةِ عَطَّارٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دستِ مبارک کی ٹھنڈک اور خوشبو ایسے پائی جس طرح کہ وہ عطار کے تھیلے سے آپ ﷺ نے نکالی ہے۔

1912 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ اَبِی حَسَّانَ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَبُولُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، ثُمَّ قَامَ فَدَخَلَ بَيْتَهُ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ خَرَجَ اِلَيَّ، فَقَالَ: وَعَلَيْكُمِ السَّلَامُ وَعَلَيْكُمِ السَّلَامُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ پیشاب کر رہے تھے' میں نے آپ کو سلام کیا' آپ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا' پھر اپنے گھر داخل ہوئے' وضو کیا' پھر نکلے' فرمایا: وعلیکم السلام!

شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيُّ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت شریک بن عبداللہ النخعی' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1913 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمُوَيْهِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: مَاتَتْ نَاقَةٌ بِالْحَرَّةِ اِلَى جَنْبِهَا اَهْلُ بَيْتٍ مِنْ بَنِی سُلَيْمٍ مُحْتَاجُونَ فَرَخَّصَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی اَكْلِهَا، فَكَانُوا يَاْكُلُونَ مِنْهَا شِتَاءَهُمْ فَاَذَابُوهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک اونٹ (حرہ مقام) میں مرا ہوا تھا' اس کے پاس محتاج لوگ تھے' آپ ﷺ نے ان کو کھانے کی رخصت دی۔ اس حدیث کے الفاظ ابن اصبہانی کے ہیں۔

وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ ابْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ

1914 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ الظُّهْرَ اِذَا دَحَضَتِ الشَّمْسُ، وَكَانَ رُبَّمَا اَخَّرَ الْاِقَامَةَ وَلَا يُؤَخِّرُ الْاَذَانَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ظہر کی اذان دیتے جب سورج ڈھل جاتا اور بسا اوقات اقامت میں تاخیر کر لیتے لیکن اذان میں تاخیر نہیں کرتے تھے۔

1915 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمُوَيْهِ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ فَكَانَ اَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ وَيَتَذَاكَرُونَ اَشْيَاءَ مِنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَرُبَّمَا تَبَسَّمَ مَعَهُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس ایک سو مرتبہ سے زیادہ دفعہ بیٹھا ہوا ہوں' آپ کے اصحاب اشعار پڑھتے اور زمانۂ جاہلیت کے کچھ کاموں کا ذکر کرتے' آپ بسا اوقات تبسم فرماتے تھے۔

1916 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْدًا وَخُطْبَتُهُ قَصْدًا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کا نماز اور خطبہ درمیانہ ہوتا تھا۔

1917 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ مَرَّةٍ فَمَا كَانَ يَخْطُبُ اِلَّا قَائِمًا، وَكَانَ يَقْعُدُ قَعْدَةً

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس ایک سو مرتبہ بیٹھا ہوا ہوں' آپ خطبہ کھڑے ہو کر دیتے تھے اور تھوڑا سا بیٹھتے تھے۔

1918 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ،

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنَّا إِذَا أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ أَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِي

جب ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' جہاں پہنچتے وہاں ہم میں سے کوئی بیٹھ جاتا۔

1919 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو الْحُصَيْنِ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ عِيدٍ فَلَمْ يُؤَذِّنْ لَهُ وَلَمْ يُقِمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ عید کی نماز پڑھی' اذان اور اقامت کے بغیر۔

1920 - وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرٍ: أَكُنْتَ تُجَالِسُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ كَانَ طَوِيلَ الصَّمْتِ

حضرت سماک بن حرب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا آپ رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھتے تھے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! آپ دیر تک خاموش رہتے تھے۔

1921 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْأَوْدِيُّ، وَمِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَيْبَةَ الْجُدِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک یہودی مرد اور عورت کو رجم کیا۔

شریک بن عبد اللہ النخعی عن سماک

1921- أخرجه الترمذی فی سننه جلد **4** صفحه **43** رقم الحديث: **1437**' وابن ماجه فی سننه جلد **2** صفحه **855** رقم الحديث: **2557**' وأحمد فی مسنده جلد **5** صفحه **104,97,94,91** كلهم عن شريك عن سماك بن جابر بن سمرة به .

ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً

1922 - وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَتَلَ رَجُلٌ نَفْسَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے خود کو قتل کر لیا تو حضور ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھائی۔

1923 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَابَتْهُ جِرَاحٌ فَآلَمَتْ بِهِ فَدَبَّ اِلَى قَرْنٍ لَهُ فِي سَيْفِهِ فَاَخَذَ مِشْقَصًا فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کو زخم لگا' اسے اس زخم سے تکلیف ہوئی' وہ گھٹ کر اپنی تلوار کی طرف گیا' اُس نے اپنی تلوار کا دستہ پکڑا اور اس کے دو حصے کیے اور اس سے خود کو قتل کر لیا' تو آپ ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھائی۔

1924 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبَّادِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ النَّخَعِيُّ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ هَانِي، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ ثُمَّ يَسْتَاْذِنُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذان دیتے' پھر حضور ﷺ سے حاضری کی اجازت مانگتے تھے۔

1925 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ، ح وَثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمُ الْفَجْرَ فَقَرَاَ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ فجر میں والشمس وضحاھا اور والسماء والطارق پڑھتے تھے۔

1926 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤَخِّرُ صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز عشاء دیر سے پڑھتے تھے۔

1927 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ لَمْ يَقُمْ مِنْ مَجْلِسِهِ الَّذِي صَلَّى فِيهِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو سورج کے طلوع ہونے تک اس جگہ بیٹھے رہتے تھے۔

1928 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السُّدِّيُّ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَعْرِفُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ لَيَالِيَ بُعِثْتُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مکہ میں ایک پتھر کو پہچانتا ہوں وہ راتوں کو مجھ پر سلام بھیجا کرتا تھا' اس کے بعد میں مبعوث ہوا ہوں۔

1929 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا خَلَّادُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، يَرْفَعُ الْحَدِيثَ قَالَ: اُرِيتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فَاُنْسِيتُهَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے لیلۃ القدر دکھائی گئی' اس کے بعد مجھے بھلا دی گئی' اس کو آخری عشرے میں تلاش کرو' اس رات ہوا' بارش اور گرج ہوتی

فَاطْلُبُوهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ وَقَالَ: وَهِيَ لَيْلَةُ رِيحٍ وَمَطَرٍ ورَعْدٍ

ہے۔

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت حماد بن سلمہ، حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1930 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَا كَانَ فِي رَأْسِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي لِحْيَتِهِ مِنَ الشَّيْبِ إِلَّا شَعَرَاتٍ فِي مَفْرِقِ رَأْسِهِ إِذَا ادَّهَنَ وَارَاهُنَّ الدُّهْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی داڑھی اور سر میں چند بال سفید تھے' جب آپ کنگھی کرتے اور تیل لگاتے تھے تو وہ معلوم نہیں ہوتے تھے' جب نہیں لگاتے تھے تو معلوم ہوتے تھے۔

1931 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ح وَثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرٍو الْوَكِيعِيُّ، قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُولُ: اِنَّ الْاِسْلَامَ لَا يَزَالُ عَزِيزًا اِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً ثُمَّ قَالَ كَلِمَةً لَمْ اَفْهَمْهَا، فَقُلْتُ: مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد بارہ خلفاء ہوں گے' پھر آپ نے ایک بات آہستہ ارشاد فرمائی جو میں نہ سمجھ سکا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا: آپ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ اُنہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

1932 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہو کر خطبہ دیتے تھے۔

وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَائِمًا

1933 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ، وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ وَنَحْوِهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ظہر اور عصر کی نماز میں والسماء ذات البروج' والسماء والطارق پڑھتے تھے۔

1934 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ مَاعِزًا وَلَمْ يَذْكُرْ جَلْدًا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ماعز کو رجم کرنے کا حکم دیا' لیکن کوڑوں کا ذکر نہیں کیا۔

1935 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ بِلَالًا كَانَ يُؤَذِّنُ الظُّهْرَ اِذَا دَحَضَتِ الشَّمْسُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ظہر کی اذان دیتے جب سورج ڈھل جاتا۔

1936 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت سے پہلے جھوٹے لوگ ہوں گے۔

1937 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانُوا يَقُولُونَ: الْمَدِينَةُ وَيَثْرِبُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ مدینہ اور یثرب کہتے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اس کا نام طابہ رکھا ہے۔

اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَمَّاهَا طَابَةَ

1938 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ بِالْحَرَّةِ وَمَعَهُ امْرَاَةٌ لَهُ، فَاَضَلَّ رَجُلٌ بَعِيرًا لَهُ فَوَجَدَهُ الرَّجُلُ الَّذِي بِالْحَرَّةِ، فَحَبَسَهُ عِنْدَهُ وَمَرِضَ الْبَعِيرُ، فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهُ: لَوْ ذَبَحْتَهُ وَقَدَدْنَا لَحْمَهُ وَشَحْمَهُ فَاَكَلْنَاهَا، فَاَبَى عَلَيْهَا حَتَّى مَاتَ فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ: هَلْ لَكُمْ شَيْءٌ يُعِيشُكُمْ غَيْرَ ذَلِكَ؟، اَوْ قَالَ: هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ يُعِيشُكَ غَيْرَ ذَلِكَ؟ ، قَالَ: لَا قَالَ: فَقَدِّدُوا شَحْمَهُ وَلَحْمَهُ وَكُلُوهُ . وَجَاءَ صَاحِبُ الْبَعِيرِ بَعْدَ ذَلِكَ، فَقَالَ: هَلَّا كُنْتَ نَحَرْتَهُ؟ فَقَالَ: اسْتَحْيَيْتُ مِنْكَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حرہ کا رہنے والا تھا' اس کے ساتھ اس کی بیوی بھی تھی' ایک آدمی کا اونٹ گم ہو گیا اور ملا اس آدمی کے پاس جو حرہ میں رہتا تھا' اس نے اپنے پاس روک لیا اور اونٹ بیمار ہو گیا' اس کی بیوی نے کہا: اگر تم اس کو ذبح کرو تو ہم اس کا گوشت اور چربی رکھتے ہیں اور کھاتے ہیں۔ شوہر نے ایسا کرنے سے انکار کیا' وہ مر گیا' اس کے بعد وہ آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور آپ کو بتایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس اس کے علاوہ کوئی شی ہے جو تمہیں زندہ رکھے؟ یا فرمایا: کیا تیرے پاس اس کے علاوہ حیات بخشش کوئی شی ہے؟ اُس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: اس کے گوشت کو بھونو اور چربی کو پگھلاؤ اور کھاؤ۔ اس کے بعد اونٹ کا مالک آیا' اس نے کہا: تم نے اونٹ ذبح کیوں نہیں کر لیا تھا' اس نے کہا: میں نے تیرا لحاظ کیا۔

1939 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اُتِيَ بِطَعَامٍ فَاَكَلَ مِنْهُ بَعَثَ بِفَضْلِهِ اِلَى اَبِي اَيُّوبَ، وَكَانَ اَبُو اَيُّوبَ يَتَتَبَّعُ اَصَابِعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ اَصَابِعَهُ حَيْثُ يَرَى اَصَابِعَ النَّبِيِّ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس جب کھانا لایا جاتا تو آپ اس سے کچھ کھا کر باقی بچا ہوا کھانا حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو بھیج دیتے تھے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی انگلیوں کے نشانات تلاش کر کے ان کی جگہ انگلیاں رکھتے جہاں نبی کریم ﷺ کی انگلیوں کے نشانات دیکھتے۔ ایک دن حضور ﷺ کے پاس ایک پیالہ لایا گیا' آپ نے اُس میں لہسن کی بو پائی تو اُس

حماد بن سلمة عن سماک

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ بِصَفْحَةٍ فَوَجَدَ فِيهَا رِيحَ ثُومٍ فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهَا، وَبَعَثَ بِهَا إِلَى أَبِي أَيُّوبَ فَلَمْ يَرَ أَبُو أَيُّوبَ فِيهَا أَثَرَ أَصَابِعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ أَرَ فِيهَا أَثَرَ أَصَابِعِكَ، فَقَالَ: إِنِّي وَجَدْتُ فِيهَا أَثَرَ ثُومٍ، فَقَالَ: بَعَثْتَ إِلَيَّ بِمَا لَا تَأْكُلُهُ، فَقَالَ: إِنَّهُ يَأْتِينِي الْمَلَكُ

سے نہ کھایا اور وہ حضرت ابوایوب کو بھیجا۔ جب حضرت ابوایوب نے اس میں انگلیوں کے نشانات نہ دیکھے تو عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس میں آپ کی انگلیوں کے نشانات نہ دیکھے۔ آپ نے فرمایا: میں نے اس میں لہسن کی بو پائی ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جو آپ نے نہ کھایا وہ میری طرف بھیج دیا۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس فرشتہ آتا ہے۔

الْوَضَّاحُ أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت وضاح ابوعوانہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1940 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْطُبُ قَائِمًا ثُمَّ يَقْعُدُ قَعْدَةً لَا يَتَكَلَّمُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ خُطْبَةً أُخْرَى عَلَى مِنْبَرِهِ، فَمَنْ حَدَّثَكَ أَنَّهُ رآه يَخْطُبُ قَاعِدًا فَلَا تُصَدِّقْهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھڑے ہو کر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' پھر آپ تھوڑی دیر کے لیے بیٹھتے اور گفتگو نہ کرتے' پھر آپ کھڑے ہوتے اور دوسرا خطبہ دیتے منبر پر' جو بیان کرے کہ آپ بیٹھ کر خطبہ دیتے تھے تو اس کی تصدیق نہ کرو۔

1941 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الصَّلَوَاتِ نَحْوًا مِنْ صَلَاتِكُمْ وَيُؤَخِّرُ الْعَتَمَةَ بَعْدَ صَلَاتِكُمْ شَيْئًا وَكَانَ يَخِفُّ الصَّلَاةَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہاری نماز کی طرح نمازیں پڑھتے تھے اور نمازِ عشاء تمہاری نماز سے تھوڑی دیر کے لیے مؤخر کرتے' آپ نماز مختصر پڑھاتے تھے۔

1942 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَفْتَحَنَّ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَوْ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ كَنْزَ آلِ كِسْرَى الَّذِي فِي الْاَبْيَضِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمانوں یا ایمان والوں سے ایک گروہ آل کسریٰ کے خزانوں کو فتح کرے گا جو سفید ہے۔

1943 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُهُ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَمَّى الْمَدِينَةَ طَابَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے مدینہ کا نام طابہ رکھا۔

1944 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: مَاتَ بَغْلٌ عِنْدَ رَجُلٍ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِيهِ فَزَعَمَ جَابِرٌ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِصَاحِبِهِ: اَمَا لَكَ مَا يُغْنِيكَ عَنْهَا؟ قَالَ: لَا، قَالَ: اذْهَبْ فَكُلْهَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کے پاس ایک خچر مر گیا' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پوچھنے کے لیے آیا۔ حضرت جابر گمان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے مالک سے فرمایا: کیا آپ کے پاس اس کے علاوہ ہے جو آپ کو اس کے کھانے سے بے پرواہ کرے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو جا اور اس کو کھا۔

1945 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے لوگ ہوں گے۔

1946 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ مَاعِزًا حِينَ جِيءَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت ماعز کو لایا گیا تو میں نے دیکھا کہ یہ چھوٹے قد کے آدمی تھے' حضرت ماعز نے اپنے اوپر

وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَصِيرٌ اَعْضَلُ، فَشَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ اَنَّهُ قَدْ زَنَى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَعَلَّكَ، قَالَ: لَا وَاللّٰهِ اِنَّهُ قَدْ زَنَى الْآخَرُ فَرَجَمَهُ، ثُمَّ خَطَبَ، فَقَالَ: اَلَا كُلَّمَا نَفَرْنَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ خَلَّفَ اَحَدُهُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ يَمْنَحُ اِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ ـ اَمَا اِنَّ اللّٰهَ يُمَكِّنِي مِنْ اَحَدٍ مِنْهُمْ اِلَّا نَكَّلْتُهُ عَنْهُنَّ

چار مرتبہ گواہی دی کہ میں نے زنا کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے (تُو نے بوسہ لیا ہو) حضرت ماعز نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے زنا کیا ہے۔ تو آپ نے رجم کرنے کا حکم دیا' پھر آپ نے خطبہ دیا' فرمایا: خبردار! جب بھی ہم اللہ کی راہ میں نکلتے ہیں تو ان میں سے کوئی پیچھے رہ جاتا ہے' اس کی آواز مست بکرے کی مانند ہے' کوئی عورت اسے تھوڑا سا دودھ دیتی ہے' اگر اللہ نے مجھے ان میں سے کسی پر قدرت دی تو میں ان عورتوں کے سامنے اس کو عبرت بناؤں گا۔

1947 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ مَاعِزًا وَلَمْ يَذْكُرْ جَلْدًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ماعز کو رجم کیا' لیکن کوڑوں کا ذکر نہیں کیا۔

اَبُو الْاَحْوَصِ سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت ابواحوص سلام بن سلیم' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1948 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالُوا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: صَلَّيْتُ الْعِيدَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ وَلَا مَرَّتَيْنِ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَلَا اِقَامَةٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عید کی نماز کئی دفعہ بغیر اذان اور اقامت کے پڑھی۔

1949 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ قَعَدَ فِی مُصَلَّاهُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب فجر کی نماز پڑھ لیتے تو سورج کے طلوع ہونے تک اس جگہ بیٹھے رہتے تھے۔

1950 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا سِمَاكٌ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَخِّرُ صَلَاةَ الْعِشَاءِ الْآخِرَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نمازِ عشاء دیر سے پڑھتے تھے۔

1951 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا سِمَاكٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كُنْتُ اُصَلِّی مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَتْ صَلَاتُهُ قَصْدًا وَخُطْبَتُهُ قَصْدًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتا' آپ کی نماز درمیانی اور خطبہ بھی درمیانہ ہوتا تھا۔

1952 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا سِمَاكٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَتَانِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا يَقْرَاُ الْقُرْآنَ وَيُذَكِّرُ النَّاسَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دو خطبے دیتے تھے' دونوں کے درمیان بیٹھتے تھے' خطبہ میں قرآن پڑھتے اور لوگوں کو نصیحت کرتے۔

1950- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد **1** صفحه **445** رقم الحديث: **643**' وأحمد فی مسنده جلد **5** صفحه **89** كلاهما عن أبی الأحول عن سماك عن جابر بن سمرة به .

1952- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد **2** صفحه **589** رقم الحديث: **862**' جلد **1** صفحه **286** رقم الحديث: **1094**' والدارمی فی سننه جلد **1** صفحه **441** رقم الحديث: **1559** كلهم عن أبی الأحوص عن سماك عن جابر بن سمرة به

1953 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا سِمَاكٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُهْدِىَ لَهُ طَعَامٌ اَصَابَ مِنْهُ ثُمَّ بَعَثَ بِفَضْلِهِ اِلَى اَبِى اَيُّوبَ فَاُهْدِىَ لَهُ طَعَامٌ فِيهِ ثُومٌ، فَبَعَثَ بِهِ اِلَى اَبِى اَيُّوبَ وَلَمْ يَنَلْ مِنْهُ شَيْئًا، فَلَمَّا لَمْ يَرَ اَبُو اَيُّوبَ اَثَرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الطَّعَامِ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا تَرَكْتُهُ مِنْ اَجْلِ رِيحِهِ، قَالَ اَبُو اَيُّوبَ: وَاَنَا اَكْرَهُ مَا تَكْرَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کے گھر میں ایک پیالہ میں کھانا پیش کیا جاتا' آپ اس سے کھاتے جو بچ جاتا آپ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو بھیج دیتے تھے' آپ کے پاس ایک پیالہ لایا گیا جس میں لہسن تھا' آپ نے اس کو حضرت ابوایوب کی طرف بھیجا' اس میں سے آپ نے کچھ نہیں کھایا۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے کھانے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تناول فرمانے کے آثار نہ دیکھے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس بارے سوال کیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کی بو کی وجہ سے میں نے اسے چھوڑ دیا۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جس شی کو آپ ناپسند کرتے ہیں' میں بھی اُسے ناپسند کرتا ہوں۔

1954 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَنِى اَنْ اُسَمِّيَ الْمَدِينَةَ طَيْبَةَ وَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: طَابَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ عزوجل نے مجھے مدینہ کا نام طیبہ رکھنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت ابوبکر فرماتے ہیں کہ طابہ۔

1955 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ بَيْنَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت سے پہلے جھوٹے لوگ ہوں گے' میں نے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سنا ہے؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں!

يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ ، قُلْتُ: اَنْتَ سَمِعْتَ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

1956 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِحَسْبِ اَحَدِكُمْ اِذَا قَضَى صَلَاتَهُ اَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ وَيُسَلِّمَ عَلَى اَخِيهِ عَنْ يَمِينِهِ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَعَنْ شِمَالِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی کے لیے کافی ہے کہ جب نماز مکمل کرے تو اپنا ہاتھ ران پر رکھے ہوئے' اپنے بھائی کو دائیں اور بائیں جانب السلام علیکم ورحمة اللہ کہے۔

سَعِيدُ بْنُ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت سعید بن سماک بن حرب' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

1957 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ الطَّائِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ الطَّائِيُّ، ثنا ابْنُ السِّمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ فِي الْمَسْجِدِ يَجْلِسُ اَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ وَرُبَّمَا تَذَاكَرُوا اَمْرَ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَبْتَسِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس ایک سو مرتبہ سے زیادہ دفعہ بیٹھا ہوا ہوں' آپ کے اصحاب اشعار پڑھتے اور زمانۂ جاہلیت کے کچھ کاموں کا ذکر کرتے' آپ ان کے ساتھ تبسم فرماتے تھے۔

دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ

حضرت داؤد بن ابو ہند' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1958 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ وَرْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دو خطبے دیتے تھے' دونوں کے درمیان بیٹھتے تھے' خطبہ میں قرآن پڑھتے اور لوگوں کو نصیحت کرتے۔

عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ يَجْلِسُ بَيْنَهُمَا

مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت مالک بن مغول' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1959 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، قَالَا: ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جِنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ فَلَمَّا رَجَعَ اُتِيَ بِفَرَسٍ مُعْرَوْرًى فَرَكِبَهُ وَمَشَيْنَا

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ' حضرت ابن دحداح کے جنازہ کے لیے نکلے' جب واپس آئے تو آپ کے پاس ننگی پیٹھ والا گھوڑا لایا گیا' آپ اس پر سوار ہوئے اور ہم پیدل چلے۔

1960 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا انْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جِنَازَةِ ابْنِ الدَّحْدَاحِ اُتِيَ بِفَرَسٍ مُعْرَوْرًى فَرَكِبَهُ وَنَحْنُ نَمْشِي حَوْلَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ' حضرت ابن دحداح کے جنازہ کے لیے نکلے' جب واپس آئے تو آپ کے پاس معروری گھوڑا لایا گیا' آپ اس پر سوار ہوئے اور ہم پیدل چلے۔

نُصَيْرُ بْنُ اَبِي الْاَشْعَثِ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت نصیر بن ابواشعث' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1961 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ، ثنا اَبُو لَاصْبَغِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ نُصَيْرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ جنازہ کے ساتھ چل

مالک بن مغول عن سماک' نصیر بن ابی الاشعث عن سماک

1961- أخرجه مسلم فی صحیحه جلد 2صفحه664 رقم الحدیث: 965' ونحوه النسائی فی المجتبی جلد 4صفحه85 رقم الحدیث: 2026 کلاهما عن مالك بن مغول عن سماك عن جابر بن سمرة به

بْنِ اَبِی الْاَشْعَثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: رَاَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَشَی مَعَ جِنَازَةٍ وَرَكِبَ حِینَ اَقْبَلَ فَرَسًا عَرِیًّا لَیْسَ عَلَیْهِ اِلَّا لِجَامُهُ

رہے تھے' جس وقت واپس آئے تو گھوڑا پر سوار ہوئے' جس پر زین نہیں تھی صرف لگام تھی۔

اِبْرَاهِیمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت ابراہیم بن طہمان' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1962 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، ثنا اَبُو حُذَیْفَةَ، ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّی لَاَعْلَمُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ یُسَلِّمُ عَلَیَّ حِینَ بُعِثْتُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں مکہ میں ایک پتھر کو جانتا ہوں جو مجھ کو سلام کیا کرتا تھا' جس وقت مجھے مبعوث کیا گیا۔

1963 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَیْرٍ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ اَبِی بُكَیْرٍ، ثنا یَحْیَی بْنُ اَبِی بُكَیْرٍ، ثنا اِبْرَاهِیمُ بْنُ طَهْمَانَ، حَدَّثَنِی سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا یَزَالُ هٰذَا الدِّینُ قَائِمًا یُقَاتِلُ عَلَیْهِ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِینَ حَتَّی تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دین قائم رہے گا' مسلمانوں میں سے ایک گروہ اس کے لیے لڑے گا' یہاں تک کہ قیامت قائم ہو۔

عَنْبَسَةُ بْنُ الْاَزْهَرِ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت عنبسہ بن ازھر' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1964 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ یَعِیشَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَیْرٍ، قَالَا: ثنا یُونُسُ بْنُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گویا اب بھی رسول اللہ ﷺ کے چھوٹے بالوں اور جُمّہ (بڑے بال کندھوں تک) کو دیکھ رہا ہوں جو اس جگہ کو چھو رہے ہیں اور آپ نے ان کو اپنے سینے پر یعنی

بُكَيْرٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ الْاَزْهَرِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى شَعْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجُمَّتِهِ يَضْرِبُ هٰذَا الْمَكَانَ وَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِهِ فَوْقَ ثَدْيَيْهِ

دونوں پستانوں پر رکھا۔

1965 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ، اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا عَنْبَسَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ، وَاَشَارَ بِاِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت اس طرح بھیجے گئے ہیں' آپ نے اپنی وسطی انگلی اور انگوٹھے کے ساتھ اشارہ کیا۔

1966 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو مَسْعُودٍ اَحْمَدُ بْنُ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَنْبَسَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطِيلُ الصَّمْتَ فَيَتَحَدَّثُونَ بِاَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُونَ وَيَتَبَسَّمُ مَعَهُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دیر تک خاموش رہتے تھے' صحابہ کرام جاہلیت کی باتیں کرتے اور ہنستے' آپ ﷺ ان کے ساتھ تبسم فرماتے تھے۔

اَبُو الْاَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سِمَاكٍ

ابواشہب جعفر بن حارث' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1967 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْبُرْجُنَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: قَالَ جَابِرُ بْنُ سَمُرَةَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ بِ ق

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز فجر میں سورۂ ق کی قرأت کرتے تھے۔

1968 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْبُرْجُنَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ قَطُّ اِلَّا قَائِمًا فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، فَكَانَ يَخْطُبُ ثُمَّ يَقْعُدُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ، كَانَ يَخْطُبُ خُطْبَتَيْنِ بَيْنَهُمَا قَعْدَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو جمعہ کے دن کھڑے ہو کر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا' آپ خطبہ دیتے' پھر بیٹھتے' پھر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' آپ دونوں خطبوں کے درمیان تھوڑی دیر بیٹھتے تھے۔

زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت زیاد بن خیثمہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1969 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَزْدَادَ التَّوَّزِيُّ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زِيَادُ بْنُ خُثَيْمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ وَاِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَ طَرَفَيْهِ، كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَاَيْلَةَ كَاَنَّ الْاَبَارِيقَ فِيهِ النُّجُومُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوضِ کوثر پر استقبال کروں گا' اس حوض کی دو طرفیں اتنی لمبی ہوں گی' صنعاء اور ایلہ کے درمیان فاصلہ ہے اور اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہوں گے۔

زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكٍ

حضرت زکریا بن ابوزائدہ' حضرت سماک سے روایت کرتے ہیں

1970 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' حضور ﷺ منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دیتے' پھر بیٹھتے'

2101 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، اَنَا مَالِكٌ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَرْهَدٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اِلَيْهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ فَرَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخِذَهُ مَكْشُوفَةً، فَقَالَ: خَمِّرْ فَخِذَكَ فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت زرعہ بن عبدالرحمٰن بن جرہد اسلمی اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ تشریف فرما تھے' وہاں اصحابِ صفہ بھی تھے' حضور ﷺ نے میری ران کھلی ہوئی دیکھی تو فرمایا: اپنی ڈھانپو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2102 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زُرْعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ اَنَّهُ قَالَ: جَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَنَا يَوْمًا وَفَخِذِي مَكْشُوفَةٌ، فَقَالَ: خَمِّرْ عَلَيْكَ، اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت زرعہ بن عبدالرحمٰن بن جرہد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اصحابِ صفہ میں سے تھے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن ہمارے پاس بیٹھے تھے' میری ران کھلی ہوئی تھی تو آپ نے فرمایا: اپنی ران کو ڈھانپ لو کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے' کیا تمہیں علم نہیں ہے۔

2103 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنِي زُرْعَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ جَدِّهِ جَرْهَدٍ، قَالَ: مَرَّ بِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا فِي الْمَسْجِدِ وَعَلَيَّ بُرْدَةٌ قَدِ انْكَشَفَتْ فَخِذِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَطِّ فَخِذَكَ يَا جَرْهَدُ فَاِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے' میرے اوپر چادر تھی اور میری ران کھلی ہوئی تھی' تو حضور ﷺ نے فرمایا: اے جرہد! اپنی ران کو ڈھانپ کیونکہ ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2104 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، ثنا عَمِّي، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے' میری ران کھلی ہوئی تھی تو آپ نے فرمایا: اس کو ڈھانپ کیونکہ ران

عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهِ وَهُوَ كَاشِفٌ فَخِذَهُ، فَقَالَ: غَطِّهَا فَإِنَّهَا مِنَ الْعَوْرَةِ

شرمگاہ میں شامل ہے۔

2105 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَامِرِيُّ الْكُوفِيُّ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَرْهَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَخِذُ الرَّجُلِ مِنَ الْعَوْرَةِ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کی ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2106 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرْهَدٍ الْاَسْلَمِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَاهُ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَخِذُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ مِنْ عَوْرَتِهِ

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمان آدمی کی ران شرمگاہ میں شامل ہے۔

2107 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَوْزَاعِيَّ، يَقُولُ: الْفَخِذُ فِي الْمَسْجِدِ عَوْرَةٌ، وَفِي الْحَمَّامِ لَيْسَتْ بِعَوْرَةٍ

حضرت اوزاعی فرماتے ہیں کہ ران مسجد میں شرمگاہ میں شامل ہے اور حمام میں شرمگاہ نہیں ہے۔

2108 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ فَرْوَةَ، عَنْ بَعْضِ بَنِي جَرْهَدٍ، عَنْ جَرْهَدٍ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ يَدَيْهِ طَعَامٌ، فَاَدْنَى

حضرت جرہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کے سامنے کھانا تھا' میں نے بایاں ہاتھ کھانے کے لیے آگے کیا کیونکہ دایاں ہاتھ خراب تھا۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا: دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ خراب

جَرْهَدٌ يَدَهُ الشِّمَالَ لِيَأْكُلَ، وَكَانَتِ الْيُمْنَى مُصَابَةً، فَقَالَ: كُلْ بِالْيَمِينِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهَا مُصَابَةٌ، فَنَفَثَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا شَكَى حَتَّى مَاتَ

ہے۔ تو حضور ﷺ نے اُس پر پھونک ماری یعنی دَم کیا' پھر مرتے دَم تک وہ ہاتھ خراب نہ ہوا۔

جَهْجَاهٌ الْغِفَارِيُّ

حضرت جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ

2109 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ سَلْمَانَ الْأَغَرُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَهْجَاهٍ الْغِفَارِيِّ، أَنَّهُ قَدِمَ فِي نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ يُرِيدُونَ الْإِسْلَامَ، فَحَضَرُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَالَ: يَأْخُذُ كُلُّ رَجُلٍ بِيَدِ جَلِيسِهِ، فَلَمْ يَبْقَ فِي الْمَسْجِدِ غَيْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِي، وَكُنْتُ عَظِيمًا طَوِيلًا لَا يُقَدَّمُ عَلَيَّ أَحَدٌ، فَذَهَبَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَنْزِلِهِ، فَحَلَبَ لِي عَنْزًا، فَأَتَيْتُ عَلَيْهَا حَتَّى حَلَبَ لِي سَبْعَ أَعْنُزٍ، فَأَتَيْتُ عَلَيْهَا، ثُمَّ أُتِيتُ بِصَنِيعِ بُرْمَةٍ، فَأَتَيْتُ عَلَيْهَا، وَقَالَتْ أُمُّ أَيْمَنَ: أَجَاعَ اللّٰهُ مَنْ أَجَاعَ رَسُولَ اللّٰهِ هَذِهِ اللَّيْلَةَ، قَالَ: مَهْ يَا أُمَّ أَيْمَنَ أَكَلَ رِزْقَهُ، وَرَزَقَنَا عَلَى

حضرت جہجاہ غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اس قوم کے گروہ کے ساتھ آئے جو اسلام لانا چاہتے تھے' وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس نمازِ مغرب کے وقت آئے' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: ہر ایک آدمی اپنے ساتھ بیٹھنے والے کا ہاتھ پکڑے' مسجد میں رسول اللہ ﷺ اور میرے علاوہ کوئی نہ رہا۔ میں بڑا لمبے قد والا تھا' مجھ سے زیادہ لمبا کوئی نہیں تھا۔ حضور ﷺ میرے پاس سے ہو کر اپنے گھر گئے' آپ نے میرے لیے بکری کا دودھ دوھا' میرے پاس لایا گیا' میں سات بکریوں کا دودھ پی گیا' میں آپ کے پاس آیا' پھر میرے پاس ہنڈی میں بھونی ہوئی کوئی شی لائی گئی تو میں اس کو بھی کھا گیا۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ اس کو بھوکا رکھے جس نے آج رات رسول اللہ ﷺ کو بھوکا رکھا۔ میں نے کہا: اے اُم ایمن! چھوڑو! میں نے اپنا رزق کھایا ہے جو اللہ نے ہم کو رزق دیا ہے۔ صبح ہوئی تو سارے صحابہ جمع ہوئے' ہر ایک بتانے لگا جو اس کے پاس آیا تھا' میں

اللّٰهِ فَاَصْبَحُوا فَغَدَوْا، فَاجْتَمَعَ هُوَ وَاَصْحَابُهُ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يُخْبِرُ بِمَا اُتِيَ اِلَيْهِ، فَقَالَ جَهْجَاهٌ: حُلِبَتْ لِي سَبْعُ اَعْنُزٍ، فَاَتَيْتُ عَلَيْهَا وَصَنِيعُ بُرْمَةٍ فَاَتَيْتُ عَلَيْهَا، فَصَلَّوْا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ، فَقَالَ: لِيَاْخُذْ كُلُّ رَجُلٍ بِيَدِ جَلِيسِهِ، فَلَمْ يَبْقَ فِي الْمَسْجِدِ غَيْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِي، وَكُنْتُ عَظِيمًا طَوِيلًا لَا يُقَدَّمُ عَلَيَّ اَحَدٌ فَذَهَبَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى مَنْزِلِهِ فَحَلَبَ لِي عَنْزًا، فَرُوِّيتُ وَشَبِعْتُ، فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَيْسَ هَذَا ضَيْفَنَا؟ قَالَ: بَلَى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ اَكَلَ فِي مِعًى مُؤْمِنٍ اللَّيْلَةَ وَاَكَلَ قَبْلَ ذٰلِكَ فِي مِعًى كَافِرٍ، الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

نے کہا: میرے لیے سات بکریوں کا دودھ دوھا گیا' میں اسے پی گیا اور ہانڈی میں بھونی ہوئی کوئی شی لائی گئی تو اسے بھی کھا گیا' رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نمازِ مغرب پڑھی' آپ نے فرمایا: ہر آدمی اپنے ساتھ والے کا ہاتھ پکڑے' مسجد میں میرے اور رسول اللہ ﷺ کے علاوہ کوئی نہ رہا' میں بہت لمبا آدمی تھا' مجھ سے زیادہ کوئی لمبا نہیں تھا۔ حضور ﷺ میرے پاس سے گزرے اور اپنے گھر گئے' میرے لیے بکری کا دودھ لائے' میں سیر ہو گیا اور میرا پیٹ بھر گیا۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! آج یہ ہمارا مہمان نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں! حضور ﷺ نے فرمایا: آج میرے ساتھ حالت ایمان میں کھایا ہے' کل اس نے حالتِ کفر میں کھایا تھا' کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے۔

جُلَيْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ

حضرت جلیحہ بن عبداللہ لیثی' طائف کے دن شہید کیے گئے تھے

2110 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الطَّائِفِ جُلَيْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَارِبِ بْنِ نَاشِبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ لَيْثٍ

حضرت محمد بن اسحاق فرماتے ہیں کہ طائف کے دن جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام جلیحہ بن عبداللہ بن محارب بن ناشب بن سعد بن لیث کا بھی ہے۔

جَدُّ بْنُ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ السُّلَمِيُّ

حضرت جد بن قیس انصاری السلمی رضی اللہ عنہ

2111 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا بِشْرُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِي رَوْقٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: لَمَّا اَرَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ، قَالَ لِجَدِّ بْنِ قَيْسٍ: هَلْ لَكَ فِي بَنَاتِ الْاَصْفَرِ فَقَالَ: ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَمِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ ائْذَنْ لِي وَلَا تَفْتِنِّي) (التوبة: 49)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے غزوۂ تبوک کی طرف جانے کا ارادہ فرمایا تو جد بن قیس سے فرمایا: بنی اصفر سے جہاد کرنے کے بارے تو کیا کہتا ہے؟ تو عرض کی: اے اللہ کے رسول! (میں ایسا آدمی ہوں جو کئی عورتیں رکھتا ہوں) مجھے اجازت دیں اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالیں' تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لوگوں میں سے کچھ وہ ہیں جو کہتے ہیں مجھے اجازت دو اور فتنہ میں نہ ڈالو''۔

جَهْمٌ الْبَلَوِيُّ

حضرت جہم بلوی رضی اللہ عنہ

2112 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَلَّادٍ اَبُو اُمَيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ جَهْمِ بْنِ مُطِيعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَهْمٍ الْبَلَوِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: وَافَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَسَاَلَنَا مَنْ نَحْنُ فَقُلْنَا: نَحْنُ بَنُو عَبْدِ مَنَافٍ فَقَالَ: اَنْتُمْ بَنُو عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت علی بن جہم البلوی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو جمعہ کے دن پایا' ہم سے پوچھا: ہم کون ہیں؟ ہم نے عرض کی: ہم بنوعبدمناف سے ہیں' آپ نے فرمایا: تم بنوعبداللہ سے ہو۔

جُودَانُ وَيُقَالُ ابْنُ جُودَانَ

حضرت جودان اور ان کو ابن جودان بھی کہا جاتا ہے

2113 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جُودان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

2113- أخرجه ابن منده في ترجمته جلد2 صفحه1225 رقم الحديث 3718 عن ابن جودان

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيعٌ، وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا مَلِيحُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا اَبِي، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ مِينَا، عَنْ جُودَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اعْتَذَرَ اِلَى اَخِيهِ مَعْذِرَةً فَلَمْ يَقْبَلْهَا، فَاِنَّهُ عَلَيْهِ مِثْلُ خَطِيئَةِ صَاحِبِ مَكْسٍ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی سے معذرت کی اور اُس نے قبول نہ کی تو اس پر اتنا ہی گناہ ہوگا جتنا ظلم کرنے والے پر ہوگا۔

جَمِيلُ بْنُ بَصْرَةَ اَبُو بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ وَيُقَالُ حَمِيلٌ، وَيُقَالُ خَمِيلٌ، وَالصَّوَابُ جَمِيلٌ

حضرت جمیل بن بصرہ ابوبصرہ غفاری' ان کو حمیل اور خمیل بھی کہا جاتا ہے' بہتر جمیل ہی ہے

2114 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ اَقْبَلَ مِنَ الطُّورِ، فَلَقِيَ جَمِيلَ بْنَ بَصْرَةَ الْغِفَارِيَّ، فَقَالَ لَهُ جَمِيلٌ: لَوْ لَقِيتُكَ قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَ الطُّورَ لَمْ تَاْتِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت جمیل بن بصرہ سے ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہوئی' اس حالت میں کہ وہ طور سے واپس آ رہے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حضرت جمیل نے فرمایا: اگر میں آپ کو طور سے جانے سے پہلے ملتا تو آپ کو نہ جانے دیتا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

2115 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُجَبِّرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ جَمِيلٍ الْغِفَارِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُضْرَبُ الْمَطَايَا اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِي هَذَا، وَمَسْجِدِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

حضرت جمیل غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی سواریوں کے کجاوے تین مسجدوں کے علاوہ نہ باندھو: مسجد حرام' مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

2116 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ اَنَّ اَبَا بَصْرَةَ حَمِيلَ بْنَ بَصْرَةَ لَقِيَ اَبَا هُرَيْرَةَ وَهُوَ مُقْبِلٌ مِنَ الطُّورِ، فَقَالَ: لَوْ لَقِيتُكَ قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَهُ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّمَا تُضْرَبُ اَكْبَادُ الْمَطِيِّ اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِي هَذَا، وَالْمَسْجِدِ الْاَقْصَى

حضرت ابوبصرہ حمیل بن بصرہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ سے میری ملاقات ہوئی جب آپ طور پہاڑ سے واپس آ رہے تھے' میں نے کہا: اگر تُو اس سے پہلے ملتا تو میں تجھے بتاتا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اپنی سواریوں پر کجاوے تین جگہوں کے لیے باندھو: مسجد حرام' مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

2117 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَوَانَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشَدُّ الرِّحَالُ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الرَّسُولِ، وَمَسْجِدِ الْاَقْصَى

حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی سواریوں پر کجاوے تین مسجدوں کے علاوہ نہ باندھو: مسجد حرام' مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

2118 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ عَنْ ابى بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ قَالَ: لَقِيتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، فَقُلْتُ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُشَدُّ الْمَطِيُّ اِلَّا اِلَى ثَلَاثَةِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِي، وَمَسْجِدِ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوہریرہ سے ملا' میں نے عرض کی: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اپنی سواریوں پر کجاوے تین مسجدوں کے علاوہ کی طرف نہ باندھو: مسجد نبوی' مسجد حرام اور مسجد بیت المقدس کے لیے۔

الْحَرَامِ، وَمَسْجِدِ الْأَقْصَى

بَابٌ

باب

2119 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُمْ: اِنِّي اَرْكَبُ اِلَى يَهُودَ فَمَنِ انْطَلَقَ مَعِي مِنْكُمْ فَلَا تَبْدَءُوهُمُ السَّلَامَ، فَاِنْ سَلَّمُوا فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ فَلَمَّا جِئْنَاهُمْ سَلَّمُوا عَلَيْنَا، فَقُلْنَا: وَعَلَيْكُمْ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: میں یہود کی طرف سوار ہوکر جا رہا ہوں جو تم میں سے میرے ساتھ چلے' ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرے' اگر وہ سلام کریں تو تم جواباً وعلیکم کہنا۔ ہم جب آئے تو اُنہوں نے ہمیں سلام کیا تو ہم نے جواباً کہا: وعلیکم!

2120 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا ذَاهِبُونَ غَدًا اِلَى الْيَهُودِ فَاِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَسَلِّمُوا عَلَيْكُمْ، فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ فَلَقِينَاهُمْ وَسَلَّمُوا عَلَيْنَا فَقُلْنَا: وَعَلَيْكُمْ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: میں یہود کی طرف سوار ہوکر جا رہا ہوں جو تم میں سے میرے ساتھ چلے' ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرے' اگر وہ سلام کریں تو تم جواباً وعلیکم کہنا۔ ہم جب آئے تو اُنہوں نے ہمیں سلام کیا تو ہم نے جواباً کہا: وعلیکم!

2121 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي مُنْطَلِقٌ غَدًا اِلَى يَهُودَ فَلَا تَبْدَءُوهُمْ بِالسَّلَامِ، فَاِنْ سَلَّمُوا عَلَيْكُمْ فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: میں یہود کی طرف سوار ہوکر جا رہا ہوں جو تم میں سے میرے ساتھ چلے' ان کو سلام کرنے میں ابتداء نہ کرے' اگر وہ سلام کریں تو تم جواباً وعلیکم کہنا۔ ہم جب آئے تو اُنہوں نے ہمیں سلام کیا تو ہم نے جواباً کہا: وعلیکم!

بَابٌ

2122 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ اَبِي تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى يَوْمًا صَلَاةَ الْعَصْرِ بِالْمُخَمَّصِ ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ: هٰذِهِ الصَّلَاةُ عُرِضَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَوَانَوْا عَنْهَا وَتَرَكُوهَا، فَمَنْ صَلَّاهَا مِنْكُمْ ضُعِّفَ لَهُ اَجْرُهَا ضِعْفَيْنِ، وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتَّى يَطْلُعَ الشَّاهِدُ، قَالَ اللَّيْثُ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

باب

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن نمازِ عصر مقامِ مخمص میں پڑھائی' پھر آپ اُٹھے' آپ نے فرمایا: یہ نماز تم سے پہلے لوگوں کو دی گئی تھی' اُنہوں نے سستی کی اور چھوڑ دیا' جو تم میں اسے پڑھے گا تو اس کے لیے دُگنا ثواب ہوگا' اس کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ ستارے ظاہر ہوں۔ حضرت لیث فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث اسی سند کے ساتھ خیر بن نعیم سے سنی۔

2123 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ، وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا ابْنُ هُبَيْرَةَ، اَنَّ اَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا بَصْرَةَ الْغِفَارِيَّ، يَقُولُ: صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَصْرَ بِالْمُخَمَّصِ وَادٍ مِنْ بَعْضِ اَوْدِيَتِهِمْ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ عُرِضَتْ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ فَتَرَكُوهَا، اَلَا وَمَنْ صَلَّاهَا ضُعِّفَ لَهُ اَجْرُهَا وَلَا صَلَاةَ بَعْدَهَا حَتَّى تَرَوُا الشَّاهِدَ وَهُوَ النَّجْمُ

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن نمازِ عصر مقامِ مخمص میں پڑھائی' پھر آپ اُٹھے' آپ نے فرمایا: یہ نماز تم سے پہلے لوگوں کو دی گئی تھی' اُنہوں نے سستی کی اور چھوڑ دیا' جو تم میں اسے پڑھے گا تو اس کے لیے دُگنا ثواب ہوگا' اس کے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہاں تک کہ ستارے ظاہر ہوں۔

بَابٌ

2124 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ

باب

حضرت عمرو بن عاص فرماتے ہیں کہ مجھے

بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ هُبَيْرَةَ، اَنَّ اَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، يَقُولُ: اَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ زَادَكُمْ صَلَاةً فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ اِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوِتْرَ الْوِتْرَ، اَلَا وَاِنَّهُ اَبُو بَصْرَةَ الْغِفَارِيُّ

حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک آدمی نے خبر دی کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا. اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے' اس کو نمازِ عشاء اور فجر کے درمیان پڑھو' وہ وتر ہیں۔ جن سے سنی ہے وہ ابوبصرہ غفاری ہیں۔

2125 - قَالَ اَبُو تَمِيمٍ: فَكُنْتُ اَنَا وَاَبُو ذَرٍّ قَاعِدَيْنِ فَاَخَذَ بِيَدِي اَبُو ذَرٍّ، فَانْطَلَقْنَا اِلَى اَبِي بَصْرَةَ فَوَجَدْنَاهُ عِنْدَ الْبَابِ الَّذِي عِنْدَ دَارِ عَمْرٍو فَقَالَ لَهُ اَبُو ذَرٍّ: يَا اَبَا بَصْرَةَ اَنْتَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ زَادَكُمْ صَلَاةً فَصَلُّوهَا فِيمَا بَيْنَ الْعِشَاءِ اِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ الْوِتْرَ الْوِتْرَ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَنْتَ سَمِعْتَ؟، قَالَ: نَعَمْ

حضرت تمیم فرماتے ہیں کہ میں اور ابوذر دونوں بیٹھے ہوئے تھے کہ ابوذر نے میرا ہاتھ پکڑا' ہم حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے' ہم نے انہیں عمرو کے گھر کے پاس پایا' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے آپ کو کہا: اے ابوبصرہ! آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا' اس کو عشاء اور فجر کے درمیان پڑھو' وہ وتر ہیں۔ حضرت ابوبصرہ نے فرمایا: ہاں! حضرت ابوذر سے کہا: آپ نے سنا ہے؟ حضرت ابوذر نے فرمایا: جی ہاں!

2126 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ اَبِي تَمِيمٍ، عَنْ اَبِي بَصْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ زَادَكُمْ صَلَاةً فَحَافِظُوا عَلَيْهَا، وَجَعَلَ وَقْتَهَا فِيمَا بَيْنَ الْعِشَاءِ اِلَى

حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تمہارے لیے ایک نماز کا اضافہ کیا ہے' اس پر ہمیشگی کرو' اس کا وقت عشاء اور فجر کے درمیان ہے اور وہ وتر ہیں۔

الْفَجْرِ وَهِی الْوِتْرُ

2127 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَلُولٍ الْبَصْرِیُّ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا سَعِیدُ بْنُ اَبِی اَیُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِی یَزِیدُ بْنُ اَبِی حَبِیبٍ، اَنَّ کُلَیْبَ بْنَ ذُهْلٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ عُبَیْدَ بْنَ جَبْرٍ، قَالَ: رَکِبْتُ مَعَ اَبِی بَصْرَةَ صَاحِبِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَفِینَةً مِنَ الْفُسْطَاطِ ثُمَّ قَرَّبَ غَدَاءَهُ، ثُمَّ قَالَ لِی: اقْتَرِبْ فَقُلْتُ: اَلَیْسَ نَحْنُ فِی الْبُیُوتِ؟ فَقَالَ اَبُو بَصْرَةَ: اَرَغِبْتَ عَنْ سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت عبید بن جبر فرماتے ہیں کہ میں صحابی رسول ﷺ کے ساتھ فسطاط سے ایک کشتی میں سوار ہوا' پھر انہوں نے صبح کا کھانا میرے قریب کیا' پھر مجھے فرمایا: قریب ہو! میں نے کہا: کیا ہم اپنے گھر میں نہیں ہیں؟ حضرت ابوبصرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ سنتِ رسول ﷺ سے بے رغبتی کرنا چاہتے ہیں؟

2128 - حَدَّثَنَا الْمُطَّلِبُ بْنُ شُعَیْبٍ الْاَزْدِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی اللَّیْثُ، وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَی، ثنا اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ اَبِی حَبِیبٍ، عَنْ کُلَیْبِ بْنِ ذُهْلٍ الْحَضْرَمِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ بْنِ جَبْرٍ اَنَّهُ: سَافَرَ مَعَ اَبِی بَصْرَةَ الْغِفَارِیِّ فِی رَمَضَانَ، فَلَمَّا دَفَعُوا مِنَ الْفُسْطَاطِ دَعَا بِطَعَامٍ وَنَحْنُ نَنْظُرُ اِلَی الْفُسْطَاطِ، فَقُلْتُ لَهُ: تَاْکُلُ وَلَوْ نُرِیدُ اَنْ نَنْظُرَ اِلَی الْفُسْطَاطِ نَظَرْنَا اِلَیْهِ؟ فَقَالَ: تَرْغَبُ عَنْ سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ؟ فَاَفْطَرَ

حضرت عبید بن جبیر فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ کے ساتھ رمضان المبارک میں سفر کیا' جب آپ کو خیمہ دیا گیا تو آپ نے کھانا منگوایا' ہم خیمہ کے انتظار میں تھے' میں نے کہا: آپ کھائیں! اگر ہم خیمہ کا انتظار کریں تو اس کو دیکھ لیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیا آپ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کی سنت سے بے رغبت ہیں؟ انہوں نے روزہ افطار کیا۔

2129 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَیْبٍ الْاَزْدِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی اللَّیْثُ، عَنْ اَبِی هَانِی الْخَوْلَانِیِّ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِی بَصْرَةَ الْغِفَارِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَاَلْتُ رَبِّی

حضرت ابوبصرہ غفاری رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے راوی ہیں' آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے چار چیزوں کا سوال کیا' اللہ نے ان میں سے تین مجھے عطا فرما دیں اور ایک سے روک دیا۔ میں

2127- أخرج نحوه الدارمی فی سننه جلد2صفحه18 رقم الحدیث: 1713' وأبو داؤد فی سننه جلد 2صفحه318 رقم الحدیث: 2412 کلاهما عن کلیب بن ذهل عن عبید بن جبیر عن أبی بصرة به .

اَرْبَعًا فَاَعْطَانِي ثَلَاثًا وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُجْمِعَ اُمَّتِي عَلَى ضَلَالَةٍ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَهُمْ بِالسِّنِينَ كَمَا اَهْلَكَ الْاُمَمَ قَبْلَهُمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُظْهِرَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَهُمْ شِيَعًا وَلَا يُذِيقَ بَعْضَهُمْ بَاْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

نے اپنے رب سے مانگا کہ میری ساری امت کبھی گمراہی پر اکٹھی نہ ہو' اس نے یہ مجھے عطا کیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت قحط سالی سے ہلاک نہ ہو جیسے ان سے پہلی بعض اُمتیں ہلاک ہوئیں' یہ بھی میرے رب نے مجھے عطا کیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ دشمن ان پر غالب نہ ہو' یہ بھی اس نے مجھے عطا کیا اور میں نے اپنے رب سے سوال کیا کہ میری اُمت فرقوں میں نہ بٹے اور آپس میں لڑائی جھگڑے نہ کرے' پس اپنی ہزار ہا حکمتوں کے تحت اللہ نے یہ مانگنے سے مجھے روک دیا۔

جُعَيْلٌ الْاَشْجَعِيُّ

حضرت جعیل اشجعی رضی اللہ عنہ

2130 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ثنا رَافِعُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جُعَيْلٍ الْاَشْجَعِيِّ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ غَزَوَاتِهِ، وَاَنَا عَلَى فَرَسٍ لِي عَجْفَاءَ ضَعِيفَةٍ، فَكُنْتُ فِي آخِرِ النَّاسِ فَلَحِقَنِي، فَقَالَ: سِرْ يَا صَاحِبَ الْفَرَسِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَجْفَاءُ ضَعِيفَةٌ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِخْفَقَةً كَانَتْ مَعَهُ فَضَرَبَهَا بِهَا، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُ فِيهَا قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنِي اَمْسِكُ رَاْسَهَا اَنْ تَقَدَّمَ النَّاسَ، قَالَ: وَلَقَدْ بِعْتُ مِنْ بَطْنِهَا بِاثْنَيْ عَشَرَ

حضرت جعیل اشجعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بعض غزوات میں شریک ہوا' میں بوڑھے اور کمزور گھوڑے پر سوار تھا' میں لوگوں کے پیچھے تھا' آپ مجھے ملے' آپ نے فرمایا: اے گھوڑے کے مالک! جلدی چل! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بوڑھا کمزور گھوڑا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے چھڑی جو آپ کے پاس تھی' اسے ماری اور عرض کی: اے اللہ! اس میں برکت دے! میں نے دیکھا کہ میں اس کو روکتا لیکن وہ لوگوں سے آگے نکلتا' میں نے اس کو بارہ ہزار روپے کے بدلے فروخت کیا۔

اَلْفًا

جُنَادَةُ بْنُ اَبِی اُمَيَّةَ الْاَزْدِیُّ

بَابٌ

2131 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِیُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِیُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِیِّ، عَنْ حُذَافَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنْ جُنَادَةَ الْاَزْدِیِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی نَفَرٍ مِنَ الْاَزْدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَدَعَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى طَعَامٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقُلْنَا: اِنَّا صِيَامٌ، فَقَالَ: صُمْتُمْ اَمْسِ؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: فَتَصُومُونَ غَدًا؟ قُلْنَا: لَا، قَالَ: فَاَفْطِرُوا ثُمَّ قَالَ: لَا تَصُومُوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ مُفْرَدًا

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِیِّ، عَنْ حُذَافَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنْ جُنَادَةَ الْاَزْدِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جنادہ بن ابوامیہ ازدی رضی اللہ عنہ

باب

حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس جمعہ کے دن ازد کے گروہ میں آیا' حضور ﷺ کے سامنے کھانا تھا' آپ نے ہمیں دعوت دی' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم روزے کی حالت میں ہیں' آپ نے فرمایا: تم نے کل روزہ رکھا تھا؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: (آئندہ) کل رکھو گے؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: روزہ کھول لو۔ پھر فرمایا: صرف جمعہ کا روزہ رکھنا منع ہے۔

حضرت جنادہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

2131- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد **3** صفحه **704** رقم الحديث: **6557**' وابن أبی شيبة فی مصنفه جلد **2** صفحه **301** رقم الحديث: **9242**' وأبو بكر الشيبانی فی الآحاد والمثانی جلد **4** صفحه **277** رقم الحديث: **2297** كلهم عن مرثد بن عبد الله عن حذافة الأزدی عن جنادة الأزدی به .

2132 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ حُذَيْفَةَ الْاَزْدِيِّ، عَنْ جُنَادَةَ الْاَزْدِيِّ، اَنَّهُمْ وَلَجُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ ثَمَانِيَةُ رَهْطٍ هُوَ ثَامِنُهُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ: كُلْ فَقَالَ: صَائِمٌ، قَالَ لِآخَرَ: كُلْ فَقَالَ: صَائِمٌ حَتَّى سَاَلَهُمْ جَمِيعًا، فَقَالَ: صُمْتُمْ اَمْسِ؟ فَقَالُوا: لَا، فَقَالَ: اَصُيَّامٌ غَدًا؟ قَالُوا: لَا فَاَمَرَهُمْ اَنْ يُفْطِرُوا

حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آٹھ گروہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں جمعہ کے دن آئے' وہ ان میں سے آٹھویں تھے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھانا منگوایا' ایک آدمی سے فرمایا: تُو کھا! اُس نے کہا: میں روزہ سے ہوں' دوسرے سے فرمایا: تُو کھا! اُس نے کہا: میں روزہ کی حالت میں ہوں' یہاں تک کہ سب سے کہا' پھر آپ نے فرمایا: کل تم نے روزہ رکھا تھا؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: (آئندہ) کل روزہ رکھو گے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے ان سب کو افطار کرنے کا حکم دیا۔

2133 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ، اَنَّ اَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ، اَنَّ حُذَيْفَةَ الْبَارِقِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ جُنَادَةَ بْنَ اَبِي اُمَيَّةَ الْاَزْدِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُمْ دَخَلُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ نَفَرٍ هُوَ ثَامِنُهُمْ فَقَرَّبَ اِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ، فَقَالَ: كُلُوا فَقَالُوا: صِيَامٌ، فَقَالَ: اَصُمْتُمْ اَمْسِ؟، قَالُوا: لَا قَالَ: اَفَصَائِمُونَ اَنْتُمْ غَدًا؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَاَفْطِرُوا

حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' وہ ان آدمیوں میں سے آٹھویں تھے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعہ کے دن کھانا قریب کیا' ان سب نے کہا: ہم روزے کی حالت میں ہیں' آپ نے فرمایا: کل تم نے روزہ رکھا تھا؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! آپ نے فرمایا: (آئندہ) کل رکھو گے؟ اُنہوں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تم روزہ افطار کرو۔

2134 - حَدَّثَنَا اَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْيَسَعِ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الصَّنْعَانِيِّ، اَنَّ جُنَادَةَ الْاَزْدِيَّ اَمَّ قَوْمًا، فَلَمَّا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ الْتَفَتَ عَنْ

حضرت ابوعبدالرحمٰن صنعانی فرماتے ہیں کہ حضرت جنادہ ازدی رضی اللہ عنہ لوگوں کی امامت کرتے تھے' جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو آپ دائیں جانب متوجہ ہوتے' فرماتے: کیا تم میری امامت پر خوش ہو؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! پھر بائیں جانب

يَمِينِهِ، فَقَالَ: اَتَرْضَوْنَ، قَالُوا: نَعَمْ، ثُمَّ فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ عَنْ يَسَارِهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَنْ اَمَّ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ كَارِهُونَ فَاِنَّ صَلَاتَهُ لَا تُجَاوِزُ تَرْقُوَتَهُ

متوجہ ہوتے' پھر فرماتے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جولوگوں کی امامت کروائے' وہ اسے ناپسند کرتے ہوں تو اس کی نماز اس کے گلے سے اوپر نہیں جاتی ہے۔

جُنَادَةُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت جنادہ بن مالک رضی اللہ عنہ

2135 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَزْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ قَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ جُنَادَةَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مِنْ فِعْلِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَدَعُهُنَّ اَهْلُ الْاِسْلَامِ اسْتِسْقَاءٌ بِالْكَوَاكِبِ، وَطَعْنٌ فِي النَّسَبِ، وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ

حضرت جنادہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جاہلیت کے تین کام اسلام والے نہیں چھوڑیں گے: (۱) ستاروں کے ذریعے بارش طلب کرنا (۲) نسب میں طعن کرنا (۳) میت پر نوحہ کرنا۔

جُنَادَةُ بْنُ جَرَادٍ الْغَيْلَانِيُّ

حضرت جنادہ بن جراد غیلانی رضی اللہ عنہ

2136 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ سَعْدٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ قُرَيْعٍ، اَحَدُ بَنِي غَيْلَانَ بْنِ جَاوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُنَادَةَ بْنِ جَرَادَةَ اَحَدِ بَنِي غَيْلَانَ بْنِ جَاوَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِبِلٍ قَدْ

حضرت جنادہ بن جراد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں اونٹ لے کر آیا' اس کے ناک کو داغا ہوا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے جنادہ! میں پا رہا ہوں کہ اس کے چہرے پر داغا گیا ہے' اس کا آگے قصاص ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں

وَسَمْتُها فِي اَنْفِها فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جُنَادَةُ مَا وَجَدْتُ فِيهَا عُضْوًا تَسِمُهُ اِلَّا فِي الْوَجْهِ، اَمَا اِنَّ اَمَامَكَ الْقِصَاصُ فَقَالَ: اُمِرُّهَا اِلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: ائْتِنِي بِشَيْءٍ لَيْسَ عَلَيْهِ وَسْمٌ فَاَتَيْتُهُ بِابْنِ لَبُونٍ وَحِقَّةٍ فَوَضَعْتُ الْمِيسَمَ فِي الْعُنُقِ فَلَمْ يَزَلْ، يَقُولُ: اَخِّرْ اَخِّرْ حَتَّى بَلَغَ الْفَخِذَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِمْ عَلَى بَرَكَةِ اللّٰهِ فَوَسَمْتُها فِي اَفْخَاذِها وَكَانَتْ صَدَقَتُهَا حِقَّتَانِ وَكَانَتْ تِسْعِينَ

اسے آپ کے پاس سے لے جاتا ہوں! آپ نے فرمایا: ایسے جانور کو لاجس کو داغا نہ گیا ہو۔ میں ابن لبون یا حقہ لے کر آیا' میں داغنے والی شی لے کر آیا' اسے اس کی گردن پر رکھا۔ آپ مسلسل فرماتے رہے: پیچھے کر پیچھے! یہاں تک کہ ران تک پہنچ گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی برکت ہو! اسے داغ' میں نے اس کی ران پر داغا' ان کا صدقہ دو حقے اور نوے درہم تھے۔

جُرْمُوزٌ الْهُجَيْمِيُّ

حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ

2137 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، انا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هَوْذَةَ، عَنْ جُرْمُوزٍ الْهُجَيْمِيِّ، يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي، قَالَ: اُوصِيكَ اَنْ لَا تَكُونَ لَعَّانًا

حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تو لعنت کرنے والا نہ ہونا۔

2138 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِي، اَبِي، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ هَوْذَةَ الْقُرَيْعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ اَنَّهُ سَمِعَ جُرْمُوزَ الْهُجَيْمِيَّ، يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي، قَالَ: اُوصِيكَ اَنْ لَا تَكُونَ لَعَّانًا

حضرت جرموز ہجیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ تو لعنت کرنے والا نہ ہونا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ

حضرت جرموز رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الصَّيْرَفِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ هَوْذَةَ الْقُرَيْعِيِّ، عَنْ شَيْخٍ، عَنْ جُرْمُوزٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

جَعْدَةُ الْجُشَمِيُّ

حضرت جعدہ جشمی رضی اللہ عنہ

2139 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، انا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِي اَبُو اِسْرَائِيلَ مَوْلَى بَنِي جُشَمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَعْدَةَ، رَجُلًا مِنْهُمْ يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَاءُوا بِرَجُلٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اِنَّ هَذَا اَرَادَ اَنْ يَقْتُلَكَ فَقَالَ لَهُ: لَمْ تُرَعْ لَمْ تُرَعْ لَوْ اَرَدْتَ ذَلِكَ لَمْ تُسَلَّطْ عَلَيَّ

حضرت جعدہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ وہ ایک آدمی کو لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے کہا: یہ آپ کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے' آپ نے اسے فرمایا: تجھے ڈر نہیں لگا' تجھے خوف نہیں آیا! تُو نے خیال نہیں کیا! اگر تُو یہ ارادہ رکھتا تو پھر بھی مجھ پر مسلط نہ ہوسکتا۔

2140 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، انا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، ثنا اَبُو اِسْرَائِيلَ الْجُشَمِيُّ، عَنْ شَيْخٍ لَهُمْ يُقَالُ لَهُ جَعْدَةُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى لَهُ رَجُلٌ رُؤْيَا فَبَعَثَ اِلَيْهِ فَجَاءَ فَقَصَّهَا عَلَيْهِ وَكَانَ عَظِيمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ بِاِصْبَعِهِ فِي بَطْنِهِ: لَوْ كَانَ هَذَا فِي غَيْرِ هَذَا لَكَانَ خَيْرًا لَكَ

حضرت جعدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے حوالے سے ایک آدمی نے خواب دیکھا' وہ آپ کی طرف بھیجا گیا تھا' وہ آیا اُس نے آپ کے سامنے وہ خواب بیان کیا' اس کا پیٹ بڑا تھا' آپ نے اپنی انگلی اُس کے پیٹ میں ماری اور کہا: اگر اس کے علاوہ کوئی اور صورت ہوتی تو تیرے لیے بہتر تھا۔

2141 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ رَاهَوَيْهِ، ثنا اَبِي، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْرَائِيلَ، عَنْ شَيْخٍ لَهُمْ يُقَالُ لَهُ جَعْدَةُ، اَنَّ النَّبِيَّ

حضرت جعدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک بڑے پیٹ والے آدمی کو دیکھا' آپ نے اپنی انگلی مبارک اس کے پیٹ میں ماری اور

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا عَظِيمَ الْبَطْنِ، فَقَالَ بِاِصْبَعِهِ فِي بَطْنِهِ، وَقَالَ: لَوْ كَانَ هٰذَا فِي غَيْرِ هٰذَا لَكَانَ خَيْرًا لَكَ

فرمایا: اگر یہ اس کے علاوہ صورت ہوتی تو تیرے لیے بہتر تھا۔

جَعْدَةُ بْنُ هُبَيْرَةَ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ

2142 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، قَالَ: ذُكِرَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلًى لِبَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يُصَلِّي وَلَا يَنَامُ وَيَصُومُ وَلَا يُفْطِرُ، فَقَالَ: اَنَا اُصَلِّي وَاَنَامُ وَاَصُومُ وَاُفْطِرُ، وَلِكُلِّ عَمَلٍ شِرَّةٌ وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةٌ، فَمَنْ يَكُنْ فَتْرَتُهُ اِلَى السُّنَّةِ فَقَدِ اهْتَدَى، وَمَنْ يَكُ اِلَى غَيْرِ ذٰلِكَ فَقَدْ ضَلَّ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے ہاں بنی عبدالمطلب کے غلام کا ذکر کیا گیا کہ وہ نماز پڑھتا ہے سوتا نہیں ہے' روزے رکھتا ہے روزہ افطار نہیں کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں سوتا بھی ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہوں' میں روزہ بھی رکھتا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: ہر عمل کے لیے ایک تیزی ہوتی ہے اور ہر تیزی کے لیے ایک کمزوری ڈھیلا پن بھی ہوتا ہے' جس کی ڈھیل سنت کی طرف ہو وہ ہدایت پا گیا' جو اس کے علاوہ کسی اور کی طرف ہو تو وہ گمراہ ہو گیا۔

2143 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الْآخَرُونَ اَرْذَلُ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں بہتر زمانہ میرا ہے' پھر جو ان سے ملے' پھر جو ان سے ملے' پھر جو ان سے ملے' پھر اس کے بعد رذیل قسم کے لوگ ہوں گے۔

جعدة بن هبيرة

2143- أخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 211 رقم الحديث: 4871' وذكره أبو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد 2 صفحه 47 رقم الحديث: 726' وعبد بن حميد في مسنده جلد 1 صفحه 148 رقم الحديث 383

2144 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْمُطَرِّزُ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ جَعْدَةَ بْنِ هُبَيْرَةَ رَضِي اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِي يَلِيهِ ثُمَّ الْآخَرُونَ اَرْذَلُ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں بہتر زمانہ میرا ہے' پھر جوان سے ملے' پھر جوان سے ملے' پھر جوان سے ملے' پھر اس کے بعد رذیل قسم کے لوگ ہوں گے۔

2145 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ جَعْدَةُ بْنُ هُبَيْرَةَ رَضِي اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَلَاثٍ: اَنْ اَتَخَتَّمَ بِالذَّهَبِ وَلُبْسِ الْقَسِّيِّ وَعَنِ الْمِيثَرَةِ

حضرت جعدہ بن ھبیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے تین چیزوں سے منع کیا: (۱) سونے کی انگوٹھی بنواؤں (۲) مصری ریشمی کپڑے پہنوں (۳) ریشمی نرم زین پوش سے۔

جَفْشِيشُ الْكِنْدِيُّ

حضرت جفشیش الکندی رضی اللہ عنہ

2146 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْجَفْشِيشِ الْكِنْدِيِّ، قَالَ: جَاءَ قَوْمٌ مِنْ كِنْدَةَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اَنْتَ مِنَّا، فَادَّعَوْهُ، فَقَالَ: لَا تَقْفُوا اُمَّنَا وَلَا تَنْتَفِي مِنْ اَبِينَا نَحْنُ وَلَدُ النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ

حضرت جفشیش الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ کندہ کے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے عرض کی: آپ ہم سے ہیں؟ اُنہوں نے دعویٰ کیا! آپ نے فرمایا: ہم نہ اپنی ماں پر بُری تہمت لگاتے ہیں اور نہ باپ سے نفی کرتے ہیں' ہم نضر بن کنانہ کی اولاد سے ہیں۔

2147 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا حَيَّانُ بْنُ بِشْرٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حَيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، ثنا الْجَفْشِيشُ الْكِنْدِيُّ،

حضرت جفشیش الکندی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ کندہ کے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے عرض کی: آپ ہم سے ہیں؟ اُنہوں

قَالَ: قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مِمَّنْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَحْنُ بَنُو النَّضْرِ بْنِ كِنَانَةَ لَا نَقْفُو اُمَّنَا وَلَا نَنْتَفِي مِنْ اَبِينَا

نے آپ پر دعویٰ کیا! آپ نے فرمایا: ہم نضر بن کنانہ کے بیٹے ہیں' نہ ہم اپنی ماں پر بُری تہمت لگاتے ہیں اور نہ اپنے باپ سے نفی کرتے ہیں۔

جَبَلَةُ بْنُ حَارِثَةَ الْكَلْبِيُّ اَخُو زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ

حضرت جبلہ بن حارثہ کلبی' جو حضرت زید بن حارثہ کے بھائی ہیں

2148 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، انا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، حَدَّثَنِي جَبَلَةُ بْنُ حَارِثَةَ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرْسِلْ مَعِي اَخِي زَيْدًا، قَالَ: هُوَ ذَاكَ فَاِنِ انْطَلَقَ مَعَكَ لَمْ اَمْنَعْهُ، فَقَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَا اَخْتَارُ عَلَيْكَ اَحَدًا اَبَدًا قَالَ: فَرَاَيْتُ رَاْيَ اَخِي اَفْضَلَ مِنْ رَاْيِي

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ساتھ میرے بھائی زید کو بھیجیں! آپ نے فرمایا: وہ موجود ہے اگر وہ تیرے ساتھ جانا چاہے تو میں اسے منع نہیں کروں گا۔ حضرت زید نے عرض کی: اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول! میں زندگی بھر کسی کو آپ پر ترجیح نہیں دوں گا۔ حضرت جبلہ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا کہ میرے بھائی کی سوچ میری رائے سے افضل ہے۔

حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سِكِّينٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ النَّضْرِ، انا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ بیکس پناہ میں مجھے حاضری کا شرف ملا' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث ذکر کی۔

2149 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُحَمَّدُ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

• جبلة بن حارثة الكلبي اخو زيد بن حارثة

2148- أخرجه الترمذی فی سننه جلد 5 صفحه 676 رقم الحديث: 3815 عن اسماعيل بن أبی خالد عن أبی عمرو الشيبانی عن جبلة بن حارثة به وقال: هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث ابن الرومی عن علی بن مسهر .

بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ح، وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا:، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يَغْزُ اَعْطَى سِلَاحَهُ عَلِيًّا اَوْ اُسَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضور ﷺ کسی جنگ کے موقع پر جب خود لڑائی نہ کرتے تو اپنے ہتھیار حضرت علی یا اسامہ کو دے دیتے۔

2150 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَوَيْتَ اِلَى فِرَاشِكَ فَاقْرَاْ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، حَتَّى تَمُرَّ بِآخِرِهَا، فَاِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تُو اپنے بستر پر آئے تو یہ پڑھ: قل یا ایھا الکافرون مکمل' کیونکہ یہ سورت شرک سے بری کر دیتی ہے۔

جَبَلَةُ بْنُ الْاَزْرَقِ

حضرت جبلہ بن ازرق رضی اللہ عنہ

2151 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ الْاَزْرَقِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اِلَى جَنْبِ جِدَارٍ كَثِيرِ الْاَحْجِرَةِ صَلَّى ظُهْرًا اَوْ عَصْرًا، فَلَمَّا جَلَسَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ خَرَجَتْ عَقْرَبٌ فَلَدَغَتْهُ فَغُشِيَ عَلَيْهِ فَرَقَاهُ النَّاسُ فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: اللّٰهُ شَفَانِي وَلَيْسَ بِرُقْيَتِكُمْ

حضرت جبلہ بن ازرق رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے صحابی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک ایسی دیوار کے پاس نماز پڑھ رہے تھے جس میں بہت زیادہ سوراخ تھے' آپ نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھی جب دو رکعتیں پڑھ کر بیٹھے تو ایک بچھو نکلا' اس نے آپ کو ڈسا' آپ کو اس کی تکلیف ہوئی تو صحابہ کرام نے آپ کو دم کیا' جب آپ کو افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا: اللہ نے مجھے شفاء دی ہے' تمہارے دم نے مجھے شفاء نہیں دی۔

جَبَلَةُ بْنُ عَمْرٍو اَخُو اَبِی مَسْعُودٍ

حضرت جبلہ بن عمرو، حضرت ابومسعود کے بھائی

2152 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: وَفِي حَدِيثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَبَلَةُ بْنُ عَمْرٍو وَمِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

حضرت ابورافع فرماتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے، اُن کے ناموں میں سے ایک نام جبلہ بن عمرو اور بنی بیاضہ سے بدری ہیں۔

جَبَلَةُ بْنُ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِيُّ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

حضرت جبلہ بن ثعلبہ انصاری، بنی بیاضہ سے بدری رضی اللہ عنہ

2153 - ثنا الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: وَفِي حَدِيثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ: فِي تَسْمِيَتِهِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، جَبَلَةُ مِنْ بَنِي بَيَاضَةَ بَدْرِيٌّ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع فرماتے ہیں کہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے، اُن کے ناموں میں سے ایک نام، بنی بیاضہ سے جبلہ بدری ہیں۔

جِرَاحُ الْاَشْجَعِيُّ جَحْشٌ الْجُهَنِيُّ

حضرت جراح اشجعی حضرت جحش جہنی رضی اللہ عنہ

2154 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الْمُحَارِبِيُّ، وَهَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ، عَنْ

حضرت جحش الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں دیہاتی آدمی ہوں، وہاں نماز پڑھتا ہوں، آپ مجھے حکم دیں کہ ایک رات مسجد میں رہوں اور اس میں نماز پڑھوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم تیئس راتیں رہو۔

اَبِيهِ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ لِي بَادِيَةً اُصَلِّي فِيهَا فَمُرْنِي بِلَيْلَةٍ اَنْزِلُهَا اِلَى الْمَسْجِدِ فَاُصَلِّيَ فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْزِلْ لَيْلَةَ ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ

جَهْرٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جہر ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ

2155 - حَدَّثَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ الْمِنْقَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ السَّدُوسِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَدَنِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَهْرٍ، عَنْ اَبِيهِ جَهْرٍ قَالَ: قَرَأْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: يَا جَهْرُ اسْمِعْ رَبَّكَ وَلَا تُسْمِعْنِي

حضرت جہر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے قرأت کی' جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے فرمایا: اے جہر! تو اپنے رب کو سنا' مجھے نہ سنا۔

جُفَيْنَةُ

حضرت جفینہ رضی اللہ عنہ

2156 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الدَّاهِرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُرَيْنَةَ الْعُرَنِيِّ، عَنْ جُفَيْنَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَيْهِ كِتَابًا فَرَقَعَ بِهِ دَلْوَهُ، فَقَالَتْ لَهُ ابْنَتُهُ: عَمَدْتُ اِلَى كِتَابِ سَيِّدِ الْعَرَبِ فَرَقَعْتَ بِهِ دَلْوَكَ، فَهَرَبَ وَاَخَذَ كُلَّ قَلِيلٍ وَكَثِيرٍ هُوَ لَهُ، ثُمَّ جَاءَ بَعْدُ مُسْلِمًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرْ مَا وَجَدْتَ مِنْ مَتَاعِكَ قَبْلَ قِسْمَةِ السِّهَامِ فَخُذْهُ

حضرت جفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے میری طرف خط لکھا' میں نے اس کے ساتھ اپنا ڈول اُٹھایا' میری بیٹی نے کہا: میں عرب کے سردار کے خط کی طرف جا رہی ہوں' تو نے ڈول اٹھا لیا ہے' پس میں بھاگا اور اپنی تھوڑی یا زیادہ جو چیز تھی' وہ لے لی پھر اس کے بعد مسلمان ہو کر آیا' حضور ﷺ نے فرمایا: دیکھو! اپنے سامان میں حصہ تقسیم ہونے سے پہلے جو تو نے پایا ہے' اس کو پکڑو۔

جَاهِمَةُ اَبُو مُعَاوِيَةَ السُّلَمِيُّ

2288 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، وَاَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَرْجِعِ الْمُصَدِّقُ حِينَ يَرْجِعُ وَهُوَ رَاضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زکوٰۃ لینے والا واپس جائے اس حالت میں کہ وہ تم سے خوش ہو۔

2289 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، وَعَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زکوٰۃ لینے والا جب تمہارے پاس آئے تو چاہیے کہ وہ تم سے واپس جائے اس حالت میں کہ وہ تم سے خوش ہو۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا جَاءَكُمُ الْمُصَدِّقُ فَلْيَصْدُرْ عَنْكُمْ وَهُوَ عَنْكُمْ رَاضٍ

2290 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَصْدُرِ الْمُصَدِّقُ عَنْكُمْ وَهُوَ رَاضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زکوٰۃ لینے والا واپس جائے اس حالت میں کہ وہ تم سے خوش ہو۔

2291 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَرْجِعِ الْمُصَدِّقُ مِنْ عِنْدِكُمْ وَهُوَ عَنْكُمْ رَاضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زکوٰۃ لینے والا واپس جائے اس حالت میں کہ وہ تم سے خوش ہو۔

2292 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ - قَالَ الشَّعْبِيُّ: وَكَانَ جَرِيرٌ فَطِنًا- فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِيمَا اسْتَطَعْتُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' نماز قائم کرنے' زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیرخواہی کرنے پر۔ حضرت شعبی فرماتے ہیں: حضرت جریر ذہین آدمی تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جتنی میں طاقت رکھوں گا۔

2293 - حَدَّثَنَا عُبَيْدٌ الْعِجْلِيُّ، وَالْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ الرَّبِيعِ الْعُصْفُرِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ ذِي رَحِمٍ يَاتِي

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس کوئی رشتے دار آئے' وہ اس سے وہ شی مانگے جو اللہ نے اس کو دی ہوئی ہو' اور وہ بخل کرے تو قیامت کے دن جہنم سے ایک سانپ نکالا جائے گا' اس کو شجاع (گنجا سانپ) کہا جاتا

رَحِمَهُ، فَيَسْأَلُهُ فَضْلًا اَعْطَاهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ فَيَبْخَلُ عَلَيْهِ اِلَّا اُخْرِجَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ جَهَنَّمَ حَيَّةٌ يُقَالُ لَهَا شُجَاعٌ يَتَلَمَّظُ فَيُطَوَّقُ بِهِ

ہے' وہ اس کو ڈسے گا اور اس کے گلے میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا۔

اَبُو اِسْحَاقَ السَّبِيعِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ

ابواسحاق السبیعی' حضرت شعبی سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2294 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْرُوقِيُّ الْكُوفِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ الْاَوْدِيُّ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الرُّوَاسِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا لَحِقَ الْعَبْدُ بِاَرْضِ الْعَدُوِّ فَقَدْ حَلَّ دَمُهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب غلام دشمن کی زمین میں چلا جائے تو اس کا خون بہانا جائز ہوگا۔

2295 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ اِلَى الْعَدُوِّ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب غلام دشمن کی طرف بھاگ کر جائے تو وہ اپنے ذمہ سے بری ہوگیا۔

2296 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ قَدْ مَاتَ فَصَلُّوا عَلَيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا بھائی نجاشی فوت ہوگیا' اُس کی نمازِ جنازہ پڑھو۔

2297 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الْمِصِّيصِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ مَاتَ فَاسْتَغْفِرُوا لَهُ

حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا بھائی نجاشی فوت ہو گیا ہے اس کے لیے بخشش مانگو۔

2298 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَغْفِرُوا لِلنَّجَاشِيِّ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی نجاشی کے لیے بخشش مانگو۔

اَبُو اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت ابواسحاق شیبانی، حضرت شعبی سے، وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2299 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ اِلَى اَرْضِ الْعَدُوِّ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب غلام دشمن کی زمین کی طرف بھاگ کر جائے تو وہ اپنے ذمہ سے بری ہو گیا۔

2300 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، حَدَّثَنَا اَبِي، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ قَدْ مَاتَ فَاسْتَغْفِرُوا لَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا بھائی نجاشی فوت ہو گیا ہے اس کے لیے بخشش مانگو۔

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت اسماعیل بن ابوخالد، حضرت شعبی سے، وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2301 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِی خَالِدٍ، وَمُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی، لا الٰہ الا اللہ محمد عبدہٗ ورسولہٗ کی گواہی پر اور سننے اور اطاعت کرنے، نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ دینے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے پر۔

2302 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَتَاكُمُ الْمُصَدِّقُ فَلَا يَصْدُرَنَّ عَنْكُمْ اِلَّا وَهُوَ رَاضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زکوٰۃ لینے والا جب تمہارے پاس آئے تو وہ تم سے واپس جائے اس حالت میں کہ وہ تم سے خوش ہو۔

2303 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَبُو سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ صرف اپنے رحم کرنے والے بندوں پر رحم فرماتا ہے۔

سَيَّارُ اَبُو الْحَكَمِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ

حضرت سیار ابوالحکم، حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں

2304 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، فَلَقَّنَنِي فِيمَا اسْتَطَعْتُ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضور ﷺ کی بیعت کی' میں نے عرض کی: سننے اور اطاعت کرنے پر' مجھے تلقین کی گئی جتنی میں طاقت رکھوں گا اور ہر مسلمان سے خیر خواہی کرنے پر۔

مُغِيرَةُ بْنُ مِقْسَمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ

حضرت مغیرہ بن مقسم' حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں

2305 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَصْدُرِ الْمُصَدِّقُونَ إِلَّا عَنْ رِضًى

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: زکوٰۃ لینے والے تم سے اس حالت میں واپس جائیں کہ وہ خوش ہوں۔

2306 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، وَالشَّعْبِيِّ، قَالَا: قَالَ جَرِيرٌ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: أُبَايِعُكَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ فِيمَا أَحْبَبْتُ وَكَرِهْتُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَسْتَطِيعُ ذَلِكَ يَا جَرِيرُ؟ أَوْ تُطِيقُ ذَلِكَ؟ قُلْ مَا اسْتَطَعْتُ، قَالَ: قُلْتُ: مَا اسْتَطَعْتُ قَالَ: فَبَايَعَنِي وَعَلَى النُّصْحِ لِلْمُسْلِمِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور پُرنور سرورِ کونین ﷺ کو دیکھا' میں نے عرض کی: میں آپ کی بیعت کروں گا سننے اور اطاعت کرنے پر' اس چیز میں جس میں پسند اور ناپسند کروں گا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے جریر! کیا تُو اس کی طاقت رکھتا ہے؟ یا اس کی طاقت رکھتا ہے؟ تو کہا: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں۔ میں نے عرض کی: میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ نے مجھ سے بیعت لی ہر مسلمان سے خیر خواہی کرنے پر۔

2307 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ

حضرت عامر فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ

2306- أخرج نحوه النسائی فی المجتبی جلد **7** صفحه **147** رقم الحديث: **4174**' والبيهقی فی سننه الكبرى جلد **4** صفحه **427** كلاهما عن مغيرة عن أبی وائل والشعبی عن جرير به .

2307- أخرج نحوه مسلم فی صحيحه جلد **1** صفحه **83** رقم الحديث: **80** عن مغيرة عن الشعبی عن جرير به .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: كَانَ جَرِيرٌ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ وَاِنْ مَاتَ مَاتَ كَافِرًا فَاَبَقَ غُلَامٌ لِجَرِيرٍ فَاَخَذَهُ فَضَرَبَ عُنُقَهُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: مَعْنَاهُ اَنَّهُ كَفَرَ وَلَحِقَ بِدَارِ الْحَرْبِ

عنہ بیان کرتے تھے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب غلام بھاگا ہوا ہو تو اس کی نماز قبول نہیں ہوتی ہے' اگر اسی حالت میں مر گیا تو وہ حالت کفر میں مرے گا۔ حضرت جریر کا غلام بھاگ گیا' حضرت جریر نے اسے پکڑا' اس کی گردن اُڑا دی۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ کافر ہو گیا تھا اور دارالحرب میں چلا گیا۔

فِرَاسُ بْنُ يَحْيَى، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت فراس بن یحییٰ' حضرت شعبی سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2308 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَاَكْرِمُوهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے پاس قوم کا کوئی معزز آدمی آئے تو اس کی عزت کرو۔

مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ

حضرت مجالد بن سعید' حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں

2309 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَرَسُولُهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب غلام بھاگ جائے تو اللہ اور اُس کے رسول کا ذمہ اس سے بَری ہو گیا۔

2310 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب غلام بھاگ جائے تو وہ اپنے ذمہ سے بری ہوگیا۔

2311 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا جَاءَكُمُ الْمُصَدِّقُ فَلَا يُفَارِقْكُمْ اِلَّا وَهُوَ رَاضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: زکوٰۃ لینے والا جب تمہارے پاس آئے تو وہ تم سے اس حالت میں جدا ہو کہ وہ تم سے خوش ہو۔

2312 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرْجِعِ الْمُصَدِّقُ عَنْكُمْ اِلَّا وَهُوَ رَاضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: زکوٰۃ لینے والا تم سے اس حالت میں واپس جائے کہ وہ تم سے خوش ہو۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ

حضرت عبداللہ بن حبیب بن ابوثابت، حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں

2313 - حَدَّثَنِي اَبُو اُسَامَةَ الدَّقَّاقُ الْبَصْرِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ، ثنا سَوْرَةُ بْنُ الْحَكَمِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّي

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے (۲) نماز قائم کرنے (۳) زکوٰۃ دینے (۴) بیت اللہ کا حج کرنے اور (۵) رمضان کے روزے رکھنے پر۔

رَسُولُ اللّٰهِ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ

دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَوْدِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت داؤد بن یزید اودی' حضرت شعبی سے' وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2314 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَوْدِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے (۲) نماز قائم کرنے (۳) زکوٰۃ دینے (۴) بیت اللہ کا حج کرنے اور (۵) رمضان کے روزے رکھنے پر۔

2315 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَوْدِيُّ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُبَايِعَهُ فَقَالَ: مَدَّ يَدَكَ يَا جَرِيرُ فَقَالَ: عَلَى مَهْ؟ قَالَ: عَلَى اَنْ تُسْلِمَ وَجْهَكَ لِلّٰهِ وَالنَّصِيحَةِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، فَاَدْرَكَهَا جَرِيرٌ وَكَانَ رَجُلًا عَاقِلًا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ: فِيمَا اسْتَطَعْتُ، فَكَانَتْ رُخْصَةً لِلنَّاسِ بَعْدَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آپ کی بیعت کرنے کے لیے آیا' آپ نے فرمایا: اے جریر! اپنا ہاتھ آگے کرو! میں نے عرض کی: کس پر؟ آپ نے فرمایا: خود کو اللہ کے آگے جھکانے پر اور ہر مسلمان سے خیر خواہی کرنے پر۔ میں سمجھدار آدمی تھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جتنی میں طاقت رکھوں گا' یہ میرے بعد والے لوگوں کے لیے رخصت ہوگی۔

2316 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ، ثنا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا دَاوُدُ الْاَوْدِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب غلام بھاگ جائے اور دشمن کے ملک میں چلا جائے اور وہ اسی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَبَقَ الْعَبْدُ فَلَحِقَ بِالْعَدُوِّ فَمَاتَ وَهُوَ كَافِرٌ

حالت میں مرگیا تو وہ کافر ہے۔

جَابِرِ بْنِ يَزِيدُ الْجُعْفِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ

حضرت جابر بن یزید جعفی، حضرت شعبی سے روایت کرتے ہیں

2317 - حَدَّثَنَا فُضَيْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَرْضُوا سُعَاتَكُمْ وَمُصَدِّقِيكُمْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اپنے عاملین اور زکوٰۃ لینے والوں کو خوش کرو۔

2318 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيلٍ الْغَزِّيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصِيَامِ رَمَضَانَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: (۱) لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے (۲) نماز قائم کرنے (۳) زکوٰۃ دینے (۴) بیت اللہ کا حج کرنے اور (۵) رمضان کے روزے رکھنے پر۔

الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت حسن بن عمرو فقیمی، حضرت شعبی سے، وہ حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2319 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سبابَةَ الْكُوفِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَخِي الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيُّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: لَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَمْسِكُ شَيْئًا اِنَّمَا اَنَا اُنْفِقُهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے دیکھا، میں نے کوئی شی نہیں روکی، اس کو خرچ کیا تو آپ نے مجھے فرمایا: اے جریر! تم پر کوئی حرج نہیں ہے کہ کوئی شی رکھ لو، اس معاملہ میں ایک مدت ہے۔

جابر بن یزید الجعفی عن الشعبی، الحسن بن عمرو عن الشعبی عن جریر

قَالَ: يَا جَرِيرُ لَا عَلَيْكَ اَنْ تُمْسِكَ عَلَيْكَ مَالَكَ، فَاِنَّ لِهَذَا الْاَمْرِ مُدَّةً

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی الْهُذَيْلِ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت عبداللہ بن ابوالہذیل' حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2320 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْهُذَيْلِ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا خَلَصْتُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اِلَّا بِقَيْنَةٍ اُرِيدُ بِهَا السُّوقَ، وَاَنَا اَعْزِلُ عَنْهَا، قَالَ: جَاءَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: میں نے مشرکوں سے ایک لونڈی کے بدلے خلاصی پائی ہے' اس کو بازار لے جاتا تھا اور اس سے میں جدا رہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اس کو اس کا مقدر مل گیا۔

2321 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِی الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْهُذَيْلِ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا خَلَصْتُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اِلَّا بِقَيْنَةٍ وَاَنَا اَعْزِلُ عَنْهَا اُرِيدُ بِهَا السُّوقَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَاءَهَا مَا قُدِّرَ لَهَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُسنے عرض کی: میں نے مشرکوں سے خلاصی حاصل کی ہے ایک لونڈی کے بدلے' اس سے میں جدا رہتا ہوں' صرف اس سے بازار کا کام لیتا تھا' آپ نے فرمایا: اس کو مل گیا جو اس کی تقدیر میں لکھا تھا۔

2322 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَبِيبٍ ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول کریم ﷺ کے پاس تھے' دن کا پہلا پہر تھا' کچھ دیہاتی لوگ آئے' پاؤں سے ننگے تھے' ننگے بدن' صرف

2322- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد 2صفحه704 رقم الحديث: 1017' والنسائی فی المجتبى جلد 5صفحه76 رقم الحديث: 2554' واحمد فی مسنده جلد4صفحه357 ' جلد4صفحه358 كلهم عن ابی عون بن جحيفة عن المنذر بن جرير عن أبيه به .

الضَّبِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ ح وثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْمُنْذِرِ الْقَزَّازُ، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُنْذِرَ بْنَ جَرِيرٍ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَدْرِ النَّهَارِ، فَجَاءَ نَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ حُفَاةً عُرَاةً مُجْتَابِي النِّمَارِ عَلَيْهِمُ السُّيُوفُ وَالْعِبَاءُ، فَقُلْتُ: عَامَّتُهُمْ مِنْ مُضَرَ بَلْ كُلُّهُمْ مِنْ مُضَرَ، فَرَأَيْتُ وَجْهَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغَيَّرَ لَمَّا رَأَى بِهِمْ، فَقَامَ فَدَخَلَ ثُمَّ أَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ وَأَقَامَ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الظُّهْرَ وَخَطَبَ: (يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ) (النساء: 1) الْآيَةَ قَرَأَهَا إِلَى قَوْلِهِ: (وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ) (الحشر: 18) تَصَدَّقَ امْرُؤٌ مِنْ دِرْهَمِهِ، تَصَدَّقَ امْرُؤٌ مِنْ دِينَارِهِ، مِنْ صَاعِ تَمْرِهِ مِنْ صَاعِ شَعِيرِهِ مِنْ كَذَا مِنْ كَذَا، حَتَّى ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِقَّ تَمْرَةٍ فَجَاءَ رَجُلٌ بِصُرَّةٍ قَدْ كَادَتْ كَفُّهُ تَعْجِزُ أَوْ قَدْ عَجَزَتْ، قَالَ: وَتَتَابَعَ النَّاسُ حَتَّى رَأَيْتُ كَوْمَيْنِ مِنْ طَعَامٍ وَثِيَابٍ، فَرَأَيْتُ وَجْهَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَلَّلُ كَأَنَّهُ مُذْهَبَةٌ، فَقَالَ: مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً صَالِحَةً كَانَ لَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ،

عبد الله بن ابی الهذیل عن جریر

گرتے پہنے ہوئے تھے چادر نما' انہوں نے تلواریں اور عبائیں ڈالی ہوئی تھیں' میرا خیال ہے کہ ان میں سے اکثر یا بلکہ سارے کے سارے بنو مضر قبیلہ سے تھے' پس میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا آپ کا چہرہ متغیر ہو چکا تھا' جب آپ نے ان کو دیکھا' پس آپ محفل سے اُٹھے' گھر چلے گئے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' انہوں نے اذان دی اور اقامت کہی' آپ واپس تشریف لائے' ظہر کی نماز پڑھائی اور ایک خطبہ دیا: ''اے لوگو! اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا'' اس آیت کو مکمل پڑھا (سورۂ نساء:۱) دوسری آیت پڑھی: ''ہر نفس کو دیکھنا چاہیے کہ اس نے جو آگے بھیجا''۔ ایک آدمی نے کچھ درہم صدقہ کیے' ایک آدمی نے دینار صدقہ کیے' ایک صار (ساڑھے چار کلو) کھجور کسی نے اور کسی نے ایک صاع جَو' کسی نے کوئی چیز' کسی نے کوئی چیز صدقہ کی۔ یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ نے کھجور کے آدھے ٹکڑے کا ذکر کیا (کہ اسے بھی صدقہ کیا جا سکتا ہے) پس ایک آدمی تھیلی لایا جس کو اُٹھانے سے اس کی ہتھیلی عاجز آ گئی تھی۔ راوی کا بیان ہے: لوگ ایک دوسرے کے پیچھے' باری باری آتے رہے اور صدقات وخیرات لاتے رہے یہاں تک کہ میں نے اپنی ان دو آنکھوں سے دو ڈھیر دیکھے' ایک ڈھیر کھانے کا اور ایک ڈھیر کپڑوں کا۔ پس میں نے دیکھا کہ رسول کریم ﷺ کا چہرہ خوشی سے تمتما رہا ہے' گویا وہ سونے کی ڈلی ہے' آپ نے فرمایا: جس

وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا بَعْدَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

نے اسلام میں اچھا طریقہ رائج کیا تو اس کے لیے اس کا اجر ہے اور اس کا بھی جو اس کے بعد قیامت تک اس پر عمل کرے گا لیکن ان میں سے کسی کے اجر میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی' (سب کو پورا پورا اجر دیا جائے گا) اور جس نے اسلام میں بُرا طریقہ رائج کیا' اس پر اس کا بوجھ ہے اور ان کا بھی جو اس کے بعد اس پر قیامت تک عمل کریں' ان میں سے کسی کے بوجھ میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَدْرِ النَّهَارِ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے فرمایا: ہم دن کے پہلے پہر رسول کریم ﷺ کے پاس تھے اور اس کے بعد لمبی حدیث ذکر کی۔

2323 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالُوا: ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْضَ النَّهَارِ إِذْ جَاءَ نَاسٌ وَعَامَّتُهُمْ مِنْ مُضَرَ بَلْ كُلُّهُمْ مِنْ مُضَرَ، مُجْتَابِي النِّمَارِ مُتَقَلِّدِي السُّيُوفِ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ وَجْهَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَغَيَّرُ لَمَّا رَأَى بِهِمْ مِنَ الضُّرِّ، ثُمَّ قَالَ: يَا بِلَالُ عَجِّلِ الصَّلَاةَ، فَلَمَّا صَلَّى قَعَدَ قَعْدَةً فَحَمِدَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَأَثْنَى عَلَيْهِ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دن کے کسی حصے میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھا ہوا تھا' اچانک کچھ لوگ آئے' جن میں سے اکثر بلکہ وہ سارے کے سارے بنو مضر قبیلہ سے تھے' انہوں نے صرف سیاہ وسفید چادر نما قمیص پہن رکھے تھے' تلواریں گلوں میں لٹکائی ہوئی تھیں' پس میں رسول کریم ﷺ کے چہرے پر ناگواری کے آثار دیکھے جب آپ نے ان کو اس نقصان کے حال میں دیکھا' پھر فرمایا: اے بلال! نماز میں جلدی کرو' پس جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو بیٹھ گئے' پس آپ نے اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ سے ڈرو جس کے نام پر تم ایک

ثُمَّ قَالَ: (اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِی تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا) (النساء : 1) رَحِمَ اللّٰهُ رَجُلًا تَصَدَّقَ مِنْ دِينَارِهِ وَدِرْهَمِهِ وَصَاعِ تَمْرِهِ حَتَّى رَدَّ الصَّدَقَةَ اِلَى شِقِّ التَّمْرَةِ، وَكَانَ مِمَّنْ قَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ بِصُرَّةٍ كَادَتْ كَفُّهُ تَعْجِزُ عَنْهَا، بَلْ عَجَزَتْ عَنْهَا لَا يَدْرِی اَذَهَبٌ اَمْ فِضَّةٌ، ثُمَّ تَتَابَعَ النَّاسُ حَتَّى جَمَعُوا كَوْمَيْنِ ضَخْمَيْنِ مِنْ طَعَامٍ وَثِيَابٍ، فَلَقَدْ رَاَيْتُ وَجْهَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَلَّلُ كَاَنَّهُ مُذْهَبَةٌ، فَلَمَّا انْتَهَتِ الصَّدَقَةُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِی يَسْتَنُّ سُنَّةً حَسَنَةً، فَيُعْمَلُ بِهَا بَعْدَهُ اِلَّا كَانَ لَهُ اَجْرُهُ وَمِثْلُ اَجْرِ الَّذِينَ اسْتَنُّوا بِسُنَّتِهِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَیْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ اِلَّا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهُ وَمِثْلُ اَوْزَارِ الَّذِينَ اسْتَنُّوا بِسُنَّتِهِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَیْءٌ

دوسرے سے سوال کرتے ہو' بے شک اللہ تعالیٰ تم پر نگران ہے' اللہ رحم کرے اس آدمی پر جس نے صدقہ کیا' دینار' درہم' کھجور کا صاع یہاں تک کہ صدقہ کو کھجور کے ٹکڑے کی طرف لوٹایا' اُٹھنے والوں میں سے ایک انصاری صحابی وہ تھا جس کے پاس تھیلی تھی' اتنی بھاری تھی کہ قریب تھا کہ اس کی ہتھیلی کو اُٹھانے سے عاجز کر دے بلکہ واقعتاً وہ عاجز آ گئی' راوی کو اندازہ نہ ہو سکا کہ وہ سونا تھا یا چاندی۔ پھر لگاتار لوگ آنا شروع ہو گئے یہاں تک کہ انہوں نے کھانے اور کپڑوں کے بڑے بڑے ڈھیر جمع کر لیے۔ تحقیق میں نے رسول کریم ﷺ کے چہرۂ مبارک کو دیکھا کہ خوشی سے چمک رہا تھا گویا وہ سونے کا ٹکڑا ہے' پس جب صدقہ دینے والے مکمل ہوئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے میری اُمت میں سے کوئی آدمی جس نے اچھا طریقہ شروع کیا اور اس کے بعد اس پر عمل ہوتا رہا مگر اس کے لیے اس کا اجر ہے اور ان لوگوں کے برابر بھی اجر ہے جو اس کے طریقے پر عمل کریں' بغیر اس کے کہ ان کے اجر میں کوئی کمی کی جائے اور جس نے اسلام میں بُرا طریقہ رائج کیا' اس کے بعد اس پر عمل کیا گیا مگر اس پر اس کا اپنا بوجھ بھی ہے اور ان لوگوں کے برابر بوجھ ہے جو اس کے طریقے پر عمل کریں بغیر اس کیکہ ان کے بوجھوں میں سے کسی چیز کو کم کیا جائے۔

2324 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ،

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی کریم ﷺ کے پاس موجود تھا' آپ ﷺ کے

عبد الله بن ابی الهذیل عن جریر

عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ قَوْمٌ مُجْتَابِي النِّمَارِ مُتَقَلِّدِي السُّيُوفِ وَلَيْسَ عَلَيْهِمْ آزُرٌ، وَلَا شَيْءٌ غَيْرَهَا عَامَّتُهُمْ مِنْ مُضَرَ بَلْ كُلُّهُمْ مِنْ مُضَرَ، فَلَمَّا رَاَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بِهِمْ مِنَ الْجَهْدِ وَالْعُرْيِ وَالْجُوعِ تَغَيَّرَ وَجْهُهُ، وَدَخَلَ بَيْتَهُ، ثُمَّ رَاحَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ صَعِدَ مِنْبَرًا صَغِيرًا فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْزَلَ فِي كِتَابِهِ: (يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ) (النساء: 1) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ) (الحشر: 18) اِلَى قَوْلِهِ (هُمُ الْفَائِزُونَ) (الحشر: 20)، تَصَدَّقُوا قَبْلَ اَنْ لَا تَصَدَّقُوا، تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِنْ دِينَارِهِ، تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِنْ دِرْهَمِهِ، تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِنْ بُرِّهِ، تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِنْ تَمْرِهِ، مِنْ شَعِيرِهِ، لَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الصَّدَقَةِ، وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فِي كَفِّهِ صُرَّةٌ، فَنَاوَلَهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَبَضَهَا فَعُرِفَ السُّرُورُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ لَهُ اَجْرُهَا وَمِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا بَعْدَهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ، فَقَامَ النَّاسُ

پاس ایک گروہ آیا جنہوں نے سفید وسیاہ چادر کی صرف قمیص پہنی ہوئی تھی' تلواریں گلے میں لٹکائی ہوئی تھیں' ان کی اکثریت کا تعلق بنومضر قبیلے سے تھا بلکہ ان میں سے ہر ایک ہی مضر قبیلے سے تھا' پس جب رسول کریم ﷺ نے ان کی تھکاوٹ' ننگا پن اور بھوک کی حالت دیکھی تو آپ ﷺ کے چہرے کی رنگت بدل گئی اور آپ ﷺ اُٹھ کر اپنے گھر میں داخل ہو گئے' پھر مسجد کی طرف لوٹ کر آئے' ظہر کی نماز پڑھائی' پھر آپ ﷺ چھوٹے سے منبر پر چڑھے' پس اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی پھر فرمایا: حمد وثناء کے بعد کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں یہ بات نازل فرمائی: ''اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا فرمایا'' آیت کے آخر تک پڑھا۔ پھر دوسری آیت پڑھی: ''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ہر نفس کو دیکھنا چاہیے کہ جو اس نے آگے بھیجا ہے'' اس آیت کو ''هم الفائزون'' (وہ کامیاب ہیں) تک پڑھا۔ صدقہ کرو اس سے پہلے کہ انہوں نے صدقہ نہیں کیا۔ ایک آدمی نے اپنے دیناروں میں سے کچھ صدقہ کیا۔ ایک آدمی نے اپنے درہموں میں سے کچھ درہم صدقہ کیے۔ ایک آدمی نے گندم میں سے صدقہ کیا' ایک نے کھجوروں میں سے صدقہ کیا' کسی نے اپنے جَو میں سے صدقہ کیا' صدقہ میں سے کسی چیز کو حقیر وگھٹیا نہ سمجھو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ پس انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا اس حال میں کہ اس کے ہاتھ میں ایک تھیلی تھی' اس حال

فَتَفَرَّقُوا فَمِنْ ذَا دِينَارٌ، وَمِنْ ذَا دِرْهَمٌ فَاجْتَمَعَ فَقَسَمَهُ بَيْنَهُمْ

میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر موجود تھے' اس نے وہ تھیلی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دے دی' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس تھیلی کو اپنے قبضے میں لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ مبارک میں خوشی دیکھی گئی پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ ایجاد کیا' پس اس پر عمل کا ی گیا تو اس کے لیے اس کا اجر ہے اور ان لوگوں کے برابر بھی اجر ہے جنہوں نے اس کے بعد اس پر عمل کیا' اور ان کے اجر میں سے کوئی چیز کم نہیں کی جائے گی اور جس نے بُرا عمل ایجاد کیا' پس اس پر عمل کیا گیا تو اس پر اس کا بوجھ ہے اور ان لوگوں کے بوجھوں کے برابر بوجھ ہے جنہوں نے اس کے بعد اس پر عمل کیا' ان لوگوں کے بوجھ میں کمی نہیں کی جائے گی' پس لوگ اُٹھ کھڑے ہوئے' بکھر گئے' کسی کی طرف سے دینار' کسی کی طرف سے درہم ہے' پس آپ نے اکٹھا کر کے ان آنے والوں میں تقسیم کر دیا۔

عبد الله بن ابی الهذیل عن جریر

2325 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، ثنا الضَّحَّاكُ، خَالُ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُؤْوِي الضَّالَّةَ إِلَّا ضَالٌّ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: گمراہ کو گمراہ ہی پناہ دیتا ہے۔

2326 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ الْعَبْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، ثنا الضَّحَّاكُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: گمراہ کو گمراہ ہی پناہ دیتا ہے۔

2325- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد2صفحه836 رقم الحديث: 2503' وأحمد في مسنده جلد4صفحه360 رقم الحديث: 19207 كلاهما عن الضحاك خال المنذر عن المنذر بن جرير عن أبيه به .

مُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَبِی بِالْبَوَارِيجِ فَرَاحَتِ الْبَقَرُ فَرَاَى بَقَرَةً اَنْكَرَهَا، فَقَالَ لِلرَّاعِی: مَا هَذِهِ قَالُوا: هَذِهِ بَقَرَةٌ لَحِقَتْ بِالْبَقَرِ لَا يُدْرَى لِمَنْ هِی، فَاَمَرَ بِهَا، فَطُرِدَتْ حَتَّى تَوَارَتْ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يُؤْوِی الضَّالَّةَ اِلَّا ضَالٌّ

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، جَمِيعًا عَنْ اَبِی حَيَّانَ التَّيْمِیِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت منذر بن جریر سے روایت ہے' وہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' انہوں نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

2327 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، انا شَرِيكٌ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَيْثَمَةَ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، انا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ بِالْمَعَاصِی هُمْ اَعَزُّ مِنْهُمْ، وَاَمْنَعُ لَمْ يُغَيِّرُوا اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ

حضرت منذر بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس قوم میں گناہ ظاہر ہوں' وہاں کے لوگ معزز اور منع کرنے والے موجود ہوں' وہ اس کو نہ روکیں' تو اللہ عزوجل ان پر عمومی عذاب بھیجے گا۔

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت عبیداللہ بن جریر رضی اللہ عنہ' اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

2328 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِیُّ،

حضرت منذر بن جریر اپنے والد سے روایت

انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ قَوْمٍ يَكُونُ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ رَجُلٌ يَعْمَلُ بِالْمَعَاصِي هُمْ اَمْنَعُ مِنْهُ، وَاَعَزُّ لَا يُغَيِّرُونَ عَلَيْهِ اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ

کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس قوم میں گناہ ظاہر ہوں' وہاں کے لوگ معزز اور منع کرنے والے موجود ہوں' وہ اس کو نہ روکیں' تو اللہ عزوجل ان پر عمومی عذاب بھیجے گا۔

2329 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ بَيْنَهُمْ بِالْمَعَاصِي هُمْ اَعَزُّ، وَاَكْثَرُ مِمَّنْ يَعْمَلُهُ لَمْ يُغَيِّرُوا اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهِ

حضرت منذر بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس قوم میں گناہ ظاہر ہوں' وہاں کے لوگ معزز اور منع کرنے والے موجود ہوں' وہ اس کو نہ روکیں' تو اللہ عزوجل ان پر عمومی عذاب بھیجے گا۔

2330 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَاَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَكُونُ فِي قَوْمٍ يَعْمَلُ فِيهِمْ بِالْمَعَاصِي يَقْدِرُونَ اَنْ يُغَيِّرُوا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُونَ اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ اَنْ يَمُوتُوا

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس قوم میں بُرائی پھیل جائے' وہاں لوگ اس کو روکنے والے موجود ہوں لیکن اس کو نہ روکیں تو ان کو ان کے مرنے سے پہلے اللہ عزوجل عذاب پہنچائے گا۔

2331 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ قَوْمٍ يَكُونُ فِيهِمْ رَجُلٌ يَعْمَلُ بِالْمَعَاصِي يَقْدِرُونَ اَنْ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس قوم میں بُرائی پھیل جائے' وہاں لوگ اس کو روکنے والے موجود ہوں لیکن اس کو نہ روکیں تو ان کو ان کے مرنے سے پہلے اللہ عزوجل

يُغَيِّرُوا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُونَ اِلَّا عَمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ اَنْ يَمُوتُوا

عذاب پہنچائے گا۔

2332 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ الْفَرَّاءِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ رَجُلٍ يُجَاوِرُ قَوْمًا فَيَعْمَلُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ بِالْمَعَاصِي وَلَا يَاْخُذُونَ عَلَى يَدَيْهِ اِلَّا اَوْشَكَ اَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس قوم میں بُرائی پھیل جائے' وہاں لوگ اس کو روکنے والے موجود ہوں لیکن اس کو نہ روکیں تو ان کو ان کے مرنے سے پہلے اللہ عزوجل عذاب پہنچائے گا۔

2333 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ قَوْمٍ يَكُونُ فِيهِمْ مَنْ يَعْمَلُ بِالْمَعَاصِي هُمْ اَكْثَرُ مِنْهُ وَاَعَزُّ فَيَدْهُنُونَ وَيَسْكُتُونَ فَلَا يُغَيِّرُونَ اِلَّا اَصَابَتْهُمْ فِيهِ عُقُوبَةٌ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نہیں ہے کوئی قوم جس میں ایسے لوگ ہوں جو بُرے کام کریں' ان کی تعداد باقی قوم سے زیادہ اور وہ طاقت والے بھی ہوں' پس وہ نرمی کریں' خاموش رہیں اور وہ مثبت تبدیلی نہ لائیں تو ان کو اللہ عزوجل عذاب پہنچائے گا۔

2334 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا بِعَرَفَةَ مُتَاَبِّطًا رِدَاءَهُ رَافِعًا يَدَيْهِ لَا يُجَاوِزَانِ رَاْسَهُ، وَعَضَلَتَاهُ تُرْعَدَانِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مقامِ عرفات میں ٹھہرے ہوئے چادر کو دائیں بغل کے نیچے سے لے کر بائیں کندھے پر ڈالے ہوئے دیکھا' آپ نے ہاتھ بلند کیے ہوئے تھے' لیکن وہ سر سے اوپر نہیں تھے اور آپ کے دونوں بازو حرکت کر رہے تھے۔

2335 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ لَمْ يَرْحَمْهُ اللّٰهُ

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اُس پر اللہ عزوجل رحم نہیں کرتا۔

2336 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْكُوفِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو رحم نہیں کرتا' اُس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

2337 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا اَبِي، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْحَمُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اُس پر رحم نہیں کرتا' جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

2338 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَرْحَمُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ

حضرت عبیداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اُس پر رحم نہیں کرتا' جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا۔

اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَرِيرٍ،

حضرت اسماعیل بن جریر' اپنے

عَنْ اَبِيهِ

2339 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَجَلِيِّ وَهُوَ ابْنُ عُمَارَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَلْيَصُمِ اللَّيَالِيَ الْبِيضَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ہر ماہ تین روزے رکھنا چاہتا ہے' وہ ایامِ بیض کے روزے رکھے' یعنی چاند کی تیرھویں' چودھویں اور پندرھویں کو۔

اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ اَبِيهِ

2340 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ اَحْمَدَ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا اَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَعَثَ اِلَيَّ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَالْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، وَاَنَا بِقِرْقِيسِيَا، فَقَالَا: اِنَّ اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: نِعْمَ مَا اَرَاكَ اللّٰهُ مِنْ مُفَارَقَتِكَ مُعَاوِيَةَ وَاِنِّي اُنْزِلُكَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي اَنْزَلَكَهَا، فَقَالَ جَرِيرٌ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِي اِلَى الْيَمَنِ اُقَاتِلُهُمْ، وَاَدْعُوهُمْ اَنْ يَقُولُوا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا حُرِّمَتْ دِمَاؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ، وَلَا اُقَاتِلُ اَحَدًا يَقُولُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

حضرت ابراہیم بن جریرؒ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہما نے حضرت ابن عباس اور اشعث بن قیس کو میری طرف بھیجا' میں اُس وقت قرقیسا مقام پر تھا۔ دونوں نے فرمایا کہ حضرت امیر المؤمنین آپ کو سلام کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ آپ نے بہت اچھا کیا حضرت امیر معاویہ سے جدا ہو کر اور آپ نے مجھے وہ مقام دیا ہے جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے دیا تھا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے یمن کی طرف بھیجا' ان سے لڑنے اور دعوتِ دین دینے کے لیے اور فرمایا: اگر وہ لاالٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ پڑھیں تو ان کا خون اور اموال حرام ہوں گے' ان میں سے کسی سے نہ لڑیں' اُنہوں نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول پڑھ لیا' یہ وہاں

فَرَجَعْنَا عَلَى ذَلِكَ

سے واپس آ گئے۔

2341 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا أَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْغَيْضَةَ فَقَضَى حَاجَتَهُ فَأَتَاهُ جَرِيرٌ بِإِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ فَاسْتَنْجَى، وَمَسَحَ يَدَهُ بِالتُّرَابِ، ثُمَّ غَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ، وَمَسَحَ عَلَى رَأْسِهِ، وَعَلَى خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَدَمَيْكَ قَالَ: إِنِّي أَدْخَلْتُهُمَا طَاهِرَتَيْنِ

حضرت ابراہیم بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ غیضہ میں داخل ہوئے' قضاء حاجت فرمائی' میں آپ کے پاس پانی والا برتن لے کر آیا' آپ نے استنجاء کیا اور اپنے ہاتھوں کو مٹی کے ساتھ صاف کیا' پھر اپنے ہاتھ اور چہرے کو دھویا اور سر کا مسح کیا اور موزوں پر مسح کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے قدم مبارک! آپ نے فرمایا: میں نے دونوں وضو کر کے پہنے تھے۔

2342 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَيَّارٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، انا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، وَلَا يَنْزِعُهُمَا ثُمَّ يُصَلِّي فِيهِمَا

حضرت جریر بن عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے اور موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے موزے اتارے نہیں' ان دونوں کو پہن کر نماز پڑھی۔

2343 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْأَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ، ثنا زِيَادُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ الْبَجَلِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: غَدَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ إِلَى الْكُنَاسَةِ لِيَبْتَاعَ مِنْهَا دَابَّةً، وَغَدَا مَوْلًى لَهُ فَوَقَفَ فِي نَاحِيَةِ السُّوقِ، فَجَعَلَتِ الدَّوَابُّ تَمُرُّ عَلَيْهِ، فَمَرَّ بِهِ فَرَسٌ فَأَعْجَبَهُ، فَقَالَ: لِمَوْلَاهُ انْطَلِقْ فَاشْتَرِ ذَلِكَ الْفَرَسَ، فَانْطَلَقَ مَوْلَاهُ، فَأَعْطَى صَاحِبَهُ بِهِ ثَلَاثَمِائَةِ دِرْهَمٍ، فَأَبَى صَاحِبُهُ أَنْ يَبِيعَهُ فَمَاكَسَهُ، فَأَبَى صَاحِبُهُ أَنْ يَبِيعَهُ،

حضرت ابراہیم بن جریر بجلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوعبداللہ کناسہ بازار کی طرف جانور خریدنے کے لیے گئے اور ان کا غلام بھی گیا' بازار کے ایک کونے میں کھڑے ہو گئے' جانور آپ کے سامنے سے گزرنا شروع ہوئے' پس اسی دوران ایک گھوڑا گزرا جو آپ کو پسند آ گیا' پس آپ نے اپنے غلام سے کہا: جا کر اس گھوڑے کو خرید لو' وہ گیا تو آپ نے اس کو تین سو درہم دیئے' اس کے مالک نے بیچنے سے انکار کر دیا' پس اس نے اس کی قیمت میں

فَقَالَ: هَلْ لَكَ اَنْ تَنْطَلِقَ اِلَى صَاحِبٍ لَنَا نَاحِيَةَ السُّوقِ؟ قَالَ: لَا اُبَالِي فَانْطَلَقَا اِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ مَوْلَاهُ: اِنِّي اَعْطَيْتُ هَذَا بِفَرَسِهِ ثَلَاثَمِائَةِ دِرْهَمٍ فَاَبَى، وَذَكَرَ اَنَّهُ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ صَاحِبُ الْفَرَسِ: صَدَقَ اَصْلَحَكَ اللّٰهُ فَتَرَى ذَلِكَ ثَمَنًا، قَالَ: لَا فَرَسُكَ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ تَبِيعُهُ بِخَمْسِمِئَةٍ حَتَّى بَلَغَ سَبْعَمِائَةِ دِرْهَمٍ اَوْ ثَمَانَمِئَةٍ، فَلَمَّا اَنْ ذَهَبَ الرَّجُلُ اَقْبَلَ عَلَى مَوْلَاهُ، فَقَالَ لَهُ: وَيْحَكَ انْطَلَقْتَ لِتَبْتَاعَ لِي دَابَّةً، فَاَعْجَبَتْنِي دَابَّةُ رَجُلٍ، فَاَرْسَلْتُكَ تَشْتَرِيهَا، فَجِئْتَ بِرَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَقُودُهُ وَهُوَ يَقُولُ: مَا تَرَى مَا تَرَى، وَقَدْ بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

اضافہ کیا' پس اس کے مالک نے اسے بیچنے سے انکار کر دیا' اس نے کہا: کیا آپ ہمارے آقا کے پاس چلنیکو پسند کریں گے جو بازار کے کنارے موجود ہیں؟ اس نے کہا: کوئی حرج نہیں! پس وہ دونوں چل کر اس کے پاس آئے' پس آپ کے غلام نے آپ سے عرض کی: میں نے اسے اس کے گھوڑے کے بدلے میں تین سو درہم دیئے لیکن اس نے انکار کر دیا اور کہا کہ یہ ان سے بہتر ہے' گھوڑے کے مالک نے کہا: اس نے سچ کہا' اللہ تیری اصلاح فرمائے! پس آپ دیکھیں یہ کوئی قیمت ہے۔ آپ نے کہا: تیرا گھوڑا اس قیمت سے بہتر نہیں ہے' کیا تُو پانچ سو کے بدلے بیچے گا یہاں تک کہ آپ سات یا آٹھ سو تک پہنچے (لیکن اس نے نہ دیا) پس جب وہ چلا گیا تو آپ اپنے غلام کی طرف متوجہ ہوئے' اسے فرمایا: اللہ تجھے ہلاک کرے! تُو میرے لیے سواری خریدنے گیا۔ پس مجھے ایک آدمی کی سواری پسند آئی' پس میں تجھے سواری خریدنے کے لیے بھیج چکا تھا' پس تُو کسی مسلمان آدمی کو لے کر آیا جو سواری کی مہار پکڑ کر چل رہا تھا اور بس ایک ہی بات کہے جا رہا تھا: ''ما تری ما تری'' (آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ کا کیا خیال ہے؟) جبکہ میں ہر مسلمان سے خیر خواہی پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کر چکا تھا۔

2344 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سارے سانپوں کو مارو! جس نے ڈسنے کے خوف کی وجہ سے انہیں چھوڑا تو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْحَيَّاتِ كُلَّهَا مَنْ تَرَكَهَا خَشْيَةَ ثَأْرِهَا فَلَيْسَ مِنَّا

اُس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

خَالِدُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ اَبِيهِ

حضرت خالد بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

2345 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ، ثنا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ، ثنا دَاوُدُ الْاَوْدِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوهُ، فَاِنْ عَادَ فَاجْلِدُوهُ، فَاِنْ عَادَ فَاجْلِدُوهُ، فَاِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ فَاقْتُلُوهُ،

حضرت خالد بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو شراب پیئے اس کو کوڑے مارو اگر دوبارہ پیئے تو اس کو کوڑے مارو اگر پھر پیئے تو اس کو کوڑے مارو اگر چوتھی دفعہ پیئے تو اسکو قتل کردو۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا دَاوُدُ الْاَوْدِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت خالد بن جریر اپنے والد سے، حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

2346 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ لِلْمُسَافِرِ، وَيَوْمٌ وَلَيْلَةٌ لِلْمُقِيمِ

حضرت ایوب بن جریر اپنے والد سے، وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا، آپ نے فرمایا: مسافر تین دن اور راتیں اور مقیم ایک دن اور ایک رات مسح کرے گا۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَرِيرٍ

حضرت عبداللہ بن جریر، اپنے والد

عَنْ اَبِيهِ

2347 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ الْعِجْلِيُّ، ثنا نَاصِحٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

سے روایت کرتے ہیں

حضرت عبداللہ بن جریر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

اَبُو زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ جَدِّهِ

2348 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا بُكَيْرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، قَالَ: بَالَ جَرِيرٌ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَعَابَ عَلَيْهِ قَوْمٌ، فَقَالُوا: اِنَّ هٰذَا كَانَ قَبْلَ الْمَائِدَةِ، قَالَ: مَا اَسْلَمْتُ اِلَّا بَعْدَ مَا اُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ، وَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ اِلَّا بَعْدَ مَا نَزَلَتْ

حضرت ابوزرعہ بن عمرو بن جریر اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوزرعہ فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا اور موزوں پر مسح کیا (باقی اعضاءِ وضو دھو کر) لوگوں نے اس پر اعتراض کیا' ان کی رائے تھی کہ یہ موزوں پر مسح کا حکم سورۂ مائدہ کے نزول سے پہلے کا ہے؟ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اسلام سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد لایا ہوں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس کے بعد بھی موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2349 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا زُرْعَةَ بْنَ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَدِّهِ جَرِيرٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ: اسْتَنْصِتِ النَّاسَ، ثُمَّ قَالَ: لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا: لوگوں کو خاموش کرواؤ۔ پھر آپ نے فرمایا: میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں اُڑاؤ۔

بَعْضٍ

2350 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُدْرِكٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، ثنا جَرِيرٌ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّظْرَةِ فَقَالَ: اصْرِفْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دیکھنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: نظر پھیر لو۔

2351 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالُوا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظْرَةِ الْفُجَاءَةِ؟ فَاَمَرَنِي اَنْ اَصْرِفَ بَصَرِي

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اچانک نظر پڑنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے آنکھ پھیرنے کا حکم دیا۔

2352 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، وَعَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظْرَةِ الْفَجَاةِ؟ فَاَمَرَنِي اَنْ اَصْرِفَ بَصَرِي

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اچانک نظر پڑنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے آنکھ پھیرنے کا حکم دیا۔

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، انا خَالِدٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

ابو زرعة بن عمرو بن جرير عن جده

2351- أخرج نحوه أبو داؤد في سننه جلد2صفحه246 رقم الحديث: 2148، وأحمد في مسنده جلد4صفحه358 كلاهما عن عمرو بن سعيد عن أبي زرعة عن جرير به .

عَنْ اَبِی زُرْعَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

2353 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ جَرِيرًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَظْرَةِ الْفُجَاءَةِ، فَقَالَ: اصْرِفْ بَصَرَكَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اچانک نظر پڑنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے آنکھ پھیرنے کا حکم دیا۔

حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر سے ابوزرعہ بن عمرو بن جریر روایت کرتے ہیں' حضرت جریر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

2354 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِی، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْوِی نَاصِيَةَ فَرَسٍ بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ، وَقَالَ: الْخَيْرُ مَعْقُودٌ فِی نَوَاصِی الْخَيْلِ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْغَنِيمَةُ وَالْاَجْرُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ گھوڑے کی پیشانی اپنی انگلیوں کے ساتھ مل رہے تھے' اور فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک غنیمت اور ثواب رکھ دیا گیا ہے۔

2355 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، وَحَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِی، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، قَالَ: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی سننے اور اطاعت کرنے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے پر۔

وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

2356 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْاَجْرُ وَالْغَنِيمَةُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ گھوڑے کی پیشانی اپنی انگلیوں کے ساتھ مل رہے تھے' اور فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک غنیمت اور ثواب رکھ دیا گیا ہے۔

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ،

حضرت ابوزرعہ بن عمرو بن جریر' حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

2357 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَاَبُو خَلِيفَةَ، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فَكَانَ اِذَا اشْتَرَى شَيْئًا اَوْ بَاعَهُ قَالَ لِصَاحِبِهِ: اعْلَمْ اَنَّ مَا آخُذُ مِنْكَ اَحَبُّ اِلَيْنَا مِمَّا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی سننے اور اطاعت کرنے اور ہر مسلمان کے ساتھ خیر خواہی کرنے پر' پس وہ یہ ہے کہ جب کوئی مسلمان' کسی شی کو خریدے یا بیچے تو اس کے مالک سے کہے: آپ جان لیں! (دیکھ لیں) جو چیز ہم نے آپ سے لی ہے' ہمیں پسند ہے' اس چیز سے جو ہم نے آپ کو دی' پس چن لیں!

ابو زرعة بن عمرو بن جرير عن جده

اَعْطَيْنَاكَ فَاخْتَرْ

حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، انا خَالِدٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ،

حضرت ابوزرعہ سے روایت ہے' وہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں اور آپ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل روایت کی ہے۔

حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی حدیث کی مثل ایک اور حدیث روایت کی۔

2358 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِيِّ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَوْحَى اِلَيَّ اَيَّ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثِ نَزَلَتْ، فَهِيَ دَارُ هِجْرَتِكَ الْمَدِينَةَ، اَوِ الْبَحْرَيْنِ، اَوْ قَنْسَرِينَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھ پر یہ تین چیزیں نازل کی ہیں اور ان میں سے کسی ایک کو چننے کا اختیار دیا' یہ آپ کا دارِ ہجرت مدینہ ہو گا' یا بحرین' یا قنسرین۔

2359 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا خَالِدُ بْنُ زِيَادٍ الزَّيَّاتُ، حَدَّثَنِي اَبُو زُرْعَةَ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ قَالَ لِاَصْحَابِهِ: انْطَلِقُوا بِنَا اِلَى اَهْلِ قُبَاءٍ فَنُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ، فَاَتَاهُمْ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ وَرَحَّبُوا بِهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَهْلَ قُبَاءٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ مدینہ میں آئے' آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: ہم کو قباء والوں کے پاس لے چلو تا کہ انہیں سلام کریں' آپ ان کے پاس آئے' انہیں سلام کیا اور انہوں نے آپ کے آنے پر مرحبا کہا' پھر فرمایا: اے قباء والو! میرے پاس اس سیاہ پتھروں والی زمین سے

ابو زرعة بن عمرو بن جرير عن جده

2358- أخرجه الترمذی فی سننه جلد 5 صفحه 721 رقم الحديث: 3923' والحاكم فی مستدركه جلد 3 صفحه 3 رقم الحديث: 4258' والبخاری فی التاريخ الكبير جلد 7 صفحه 105 رقم الحديث: 466 كلهم عن غيلان بن عبد الله عن أبی زرعة عن جرير' وانظر فتح الباری جلد 7 صفحه 228 .

اِيتُونِي بِاَحْجَارٍ مِنْ هَذِهِ الْحَرَّةِ فَجُمِعَتْ عِنْدَهُ اَحْجَارٌ كَثِيرَةٌ وَمَعَهُ عَنَزَةٌ لَهُ، فَخَطَّ قِبْلَتَهُمْ، فَاَخَذَ حَجَرًا، فَوَضَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ خُذْ حَجَرًا، فَضَعْهُ اِلَى حِجْرِي، ثُمَّ قَالَ: يَا عُمَرُ خُذْ حَجَرًا فَضَعْهُ اِلَى جَنْبِ حَجَرِ، اَبِي بَكْرٍ، ثُمَّ الْتَفَتَ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ خُذْ حَجَرًا فَضَعْهُ اِلَى جَنْبِ حَجَرِ عُمَرَ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى النَّاسِ بِآخِرَةٍ فَقَالَ: وَضَعَ رَجُلٌ حَجَرَهُ حَيْثُ اَحَبَّ عَلَى ذِي الْخَطِّ

پتھر لاؤ! آپ کے پاس بہت زیادہ پتھر جمع کیے گئے' آپ کے پاس نیزہ تھا' ان کا قبلہ مقرر کیا' ایک پتھر پکڑا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے رکھا' پھر فرمایا: اے ابوبکر! یہ پتھر پکڑو! اسے میرے پتھر کے ساتھ رکھو۔ پھر فرمایا: اے عمر! یہ پتھر پکڑو اور اس کو اس کے ساتھ رکھ' ابوبکر والے کے ساتھ۔ پھر متوجہ ہوئے۔ فرمایا: اے عثمان! یہ پتھر پکڑو! اس کو عمر کے پتھر کے ساتھ والے کے ساتھ رکھو' پھر دوسرے تمام لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اس لکیر پر جس جگہ جس آدمی کو اپنا پتھر رکھنا پسند ہو' رکھے۔

2360 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ حِينَ يَدْخُلُ مَنْزِلَهُ نَفَتِ الْفَقْرَ عَنْ اَهْلِ ذَلِكَ الْمَنْزِلِ وَالْجِيرَانِ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے قل ھو اللہ احد گھر میں داخل ہوتے وقت پڑھی' اس کے گھر اور پڑوس سے محتاجی دور کر دی جائے گی۔

2361 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ عَمْرٍو الْاُمَوِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كَانَ اِذَا قَدِمَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوُفُودُ دَعَاهُمْ فَبَاهَاهُمْ بِي

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس وفود آتے' ان کو بلواتے اور میرے ذریعے ان پر فخر کرتے۔

بَابُ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ،

باب ہمام بن حارث' حضرت جریر سے

عَنْ جَرِيرٍ

2362 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: رَاَيْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، بَالَ ثُمَّ مَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ ذٰلِكَ قَالَ اِبْرَاهِيمُ: فَكَانُوا يَرَوْنَ اَنَّ الْمَسْحَ كَانَ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ، لِاَنَّ جَرِيرًا كَانَ مِنْ آخِرِهِمْ اِسْلَامًا

روایت کرتے ہیں

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے پیشاب کیا اور اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا' آپ سے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق بات کی گئی تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: ان کی رائے یہ تھی کہ مسح سورۂ مائدہ کے نازل ہونے کے بعد کر رہے ہیں کیونکہ حضرت جریر سب سے آخر میں اسلام لائے تھے۔

2363 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: رَاَيْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ تَوَضَّاَ مِنْ مِطْهَرَةِ الْمَسْجِدِ، فَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ فَقِيلَ لَهُ فِي ذٰلِكَ، فَقَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِي، وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا' آپ نے مسجد کے وضوخانہ سے وضو کیا اور اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا' آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: مجھے کوئی رکاوٹ نہیں ہے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2364 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: بَالَ جَرِيرٌ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَعَابَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ جَرِيرٌ: اِنْ اَفْعَلَ فَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ هٰذَا

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا اور وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔ قوم میں سے ایک آدمی نے اعتراض کیا تو حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں نے ایسے کیا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ایسا کرتے تھے۔

2365 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى خُفَّيْهِ قَالَ اِبْرَاهِيمُ: فَكَانَ اَصْحَابُنَا يَعْجَبُونَ بِحَدِيثِ جَرِيرٍ، يَقُولُونَ: كَانَ اِسْلَامُهُ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔ حضرت ابراہیم فرماتے ہیں: ہمارے اصحاب حضرت جریر کی حدیث پر تعجب کرتے تھے اور کہتے تھے کہ حضرت جریر سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد اسلام لائے ہیں۔

2366 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ: اَنَّ جَرِيرًا بَالَ فَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا اور وضو کیا' اس کے بعد اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا' آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2367 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّ جَرِيرًا بَالَ ثُمَّ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، وَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا اور وضو کیا' اس کے بعد اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا' آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2368 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شُعَيْبٍ النَّسَائِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ: اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو اور موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

2369 - حَدَّثَنَا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْبُرْجُنَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: بَالَ جَرِيرٌ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ: اَتَفْعَلُ هَذَا وَقَدْ بُلْتَ؟ قَالَ: فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا' پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' میں نے عرض کی: آپ نے پیشاب کیا ہے اور یہ کیا کر رہے ہیں؟ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے کہ آپ نے پیشاب کیا پھر وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

2370 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: بَالَ جَرِيرٌ فَتَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ وَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

2371 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

2372 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبَانَ، ثنا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثٌ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ فِي

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح تین دن و راتیں اور مقیم ایک دن اور رات کرے گا۔

الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

2373 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا۔

2374 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا حَبِيبُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّهُ رَاَى جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بَالَ، وَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَصَلَّى فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَيْهِمَا

حضرت ہمام بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے پیشاب کیا اور موزوں پر مسح کیا اور نماز پڑھی' آپ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2375 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْحَكَمُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ جَرِيرٍ: اَنَّهُ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ فَمَسَحْتُ

حضرت ہمام فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا' آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مسح کرتے دیکھا ہے' میں بھی مسح کرتا ہوں۔

2376 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي مُقَاتِلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: بَالَ جَرِيرٌ وَتَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، وَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ

حضرت ہمام فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا اور اس کے بعد وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔

مِثْلَ ذٰلِكَ

2377 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ اِبْرَاهِيمَ، يُحَدِّثُ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّ جَرِيرًا: بَالَ ثُمَّ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ ثُمَّ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ مِثْلَ هٰذَا

حضرت ہمام فرماتے ہیں کہ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے پیشاب کیا اور اس کے بعد وضو کیا اور موزوں پر مسح کیا اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔

اَبُو الضُّحَى مُسْلِمُ بْنُ صُبَيْحٍ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت ابوالضحیٰ مسلم بن صبیح، حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2378 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ الْاَسَدِيُّ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ، وَكَانَ مِمَّا يَفْعَلُ يَاْتِي الْمِنْبَرَ حَتَّى يَقُومَ عَلَيْهِ، فَسَمِعْتُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً، فَلَهُ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا فِي اَنْ لَا يَنْقُصَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا فِي اَنَّهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

حضرت مسلم بن صبیح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ آپ لوگوں کو خطبہ دے رہے ہوتے تھے' آپ کے لیے منبر لایا جاتا' آپ اس پر کھڑے ہوتے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: جس نے اسلام میں اچھا طریقہ شروع کیا تو اس کے لیے نیکی ہوگی' جس نے اس کے بعد اس پر عمل کیا' اس کرنے والے کو اتنا ہی ثواب ملے گا' ان کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی' اور جس نے اسلام میں بُرا طریقہ شروع کیا تو اس کے لیے گناہ ہوگا' جو بھی وہ عمل کرے گا تو اسے اُس کے گناہ کو حصہ ملتا رہے گا اور کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ هِلَالٍ الْعَبْسِيُّ، عَنْ جَرِيرٍ

بَابٌ

حضرت عبدالرحمٰن بن ہلال العبسی، حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

باب

2379 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ الشِّبَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُهَاجِرُونَ وَالْاَنْصَارُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَالطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاءُ بَعْضٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہاجر اور انصار دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' طلقاء قریش سے ہیں' عتقاء قبیلہ ثقیف سے ہیں' یہ دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

2380 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ جَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصُرَّةٍ مِنْ ذَهَبٍ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ اَصَابِعِهِ، فَقَالَ: هٰذِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ قَامَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ قَامَ الْمُهَاجِرُونَ وَالْاَنْصَارُ، فَاَعْطَوْا فَاَشْرَقَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَاَيْنَا الْاِشْرَاقَ فِي وَجْنَتِهِ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انصار میں سے ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں مٹھی بھر سونا لے کر آیا' عرض کی: یہ اللہ کی راہ میں ہے' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' اُنہوں نے بھی اللہ کی راہ میں دیا' پھر مہاجرین و انصار کھڑے ہوئے' سب نے دیا۔ حضور ﷺ کے چہرۂ مبارک سے خوشی کے اثرات ظاہر ہونے لگے۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام میں اچھا طریقہ رائج کیا' جو بھی اس کے بعد عمل کرے تو اسے اس کا ثواب ملتا رہے گا' کرنے والوں

اسْتَنَّ سُنَّةً صَالِحَةً فِي الْإِسْلَامِ، فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ لَهُ مِثْلُ أُجُورِهِمْ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ أَوْزَارِهِمْ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جس نے اسلام میں کوئی بُرا طریقہ رائج کیا تو اس کے بعد اس پر عمل کیا جاتا رہا تو کرنے والے کو اس کا گناہ ملتا رہے گا اور وہ عمل کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ ثَعْلَبَةَ بْنِ سَوَاءٍ، حَدَّثَنَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس جیسی حدیث روایت کرتے ہیں۔

2381 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي إِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ هِلَالٍ الْعَبْسِيُّ، قَالَ: قَالَ جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَسُنُّ الْعَبْدُ سُنَّةً صَالِحَةً يُعْمَلُ بِهَا بَعْدَهُ إِلَّا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ مَنْ يَعْمَلُ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَلَا يَسْتَنُّ عَبْدٌ سُنَّةً سَيِّئَةً يُعْمَلُ بِهَا بَعْدَهُ إِلَّا كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ يَعْمَلُ بِهَا لَا يَنْقُصُ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اسلام میں اچھا طریقہ رائج کیا' جو بھی اس کے بعد عمل کرے تو اسے اس کا ثواب ملتا رہے گا' کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جس نے اسلام میں کوئی بُرا طریقہ رائج کیا تو اس کے بعد اس پر عمل کیا جاتا رہا تو کرنے والے کو اس کا گناہ ملتا رہے گا اور وہ عمل کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

2382 - وَأَتَى نَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ فَقَالُوا: يَأْتِينَا مُصَدِّقُوكَ فَيَظْلِمُونَنَا، قَالَ: أَرْضُوا مُصَدِّقِيكُمْ

دیہات سے کچھ لوگ آئے' اُنہوں نے کہا: ہمارے پاس تمہارے زکوٰۃ لینے والے آتے ہیں' وہ ہم پر ظلم کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: اپنے زکوٰۃ لینے والوں کو خوش کرو۔

2383 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ الْعَبْسِيِّ عَنْ جَرِيرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ أَحَدٍ يَسُنُّ سُنَّةً حَسَنَةً فِي الْإِسْلَامِ، فَيُعْمَلُ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ إِلَّا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فِي الْإِسْلَامِ، فَيُعْمَلُ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ إِلَّا كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ أَوْزَارِ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام میں اچھا طریقہ رائج کیا' جو بھی اس کے بعد عمل کرے تو اسے اس کا ثواب ملتا رہے گا' کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہو گی اور جس نے اسلام میں کوئی بُرا طریقہ رائج کیا تو اس کے بعد اس پر عمل کیا جاتا رہا تو کرنے والے کو اس کا گناہ ملتا رہے گا اور وہ عمل کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہو گی۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْجَارُودِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ هِلَالٍ الْعَبْسِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَسْتَنُّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ،

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نہیں ہے کوئی آدمی جو اسلام میں اچھا طریقہ رائج کرتا ہے' پھر اسی کی مثل حدیث ذکر فرمائی۔

حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ، ثنا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

2384 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام میں اچھا

الْاَعْمَشِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، وَاَبِي الضُّحَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَيُعْمَلُ بِهَا بَعْدَهُ، كُتِبَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، وَلَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كُتِبَ عَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، وَلَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

طریقہ رائج کیا' جو بھی اس کے بعد عمل کرے تو اسے اس کا ثواب ملتا رہے گا' کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہو گی اور جس نے اسلام میں کوئی بُرا طریقہ رائج کیا تو اس کے بعد اس پر عمل کیا جاتا رہا تو کرنے والے کو اس کا گناہ ملتا رہے گا اور وہ عمل کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہو گی۔

2385 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، وَعَنْ اَبِي يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ الْعَبْسِيِّ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ مِنَ الْاَعْرَابِ فَاَبْصَرَ عَلَيْهِمُ الْخَصَاصَةَ وَالْجَهْدَ، فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ اَمَرَهُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَحَضَّهُمْ عَلَيْهَا، وَرَغَّبَهُمْ فِيهَا، فَاَبْطَئُوا عَلَيْهِ حَتَّى رُؤِيَ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِقَبْضَةٍ مِنْ وَرِقٍ، فَاَعْطَاهَا اِيَّاهُ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ حَتَّى تَتَابَعَ النَّاسُ بِالصَّدَقَةِ حَتَّى رُؤِيَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السُّرُورُ، فَقَالَ: مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً، فَعُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ لَهُ اَجْرُهَا، وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يُنْتَقَصَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً، فَعُمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دیہات کے کچھ دیہاتی لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ نے ان کی حالت بُری دیکھی' سو آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کی' پھر آپ نے لوگوں کو صدقہ دینے کا حکم دیا' اس پر خوب اُبھارا اور اس میں رغبت دلائی' پس اس پر لوگ آہستہ آہستہ صدقات لانے لگے یہاں تک کہ ناگواری کے اثرات رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے معلوم کئے گئے' انصار میں سے ایک شخص سونے کی ڈلی لے کر آیا' اس کو ڈالا تو لوگ بھی لگاتار لانے لگے۔ خوشی کے اثرات رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے معلوم کیے گئے' آپ نے فرمایا: جس نے اچھا طریقہ رائج کیا' اس کے بعد وہی عمل کیا جاتا رہا تو اُس کے لیے اُتنا ہی ثواب ہے جتنا کرنے والے کو مل رہا ہے' ان کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی' جس نے اسلام میں بُرا طریقہ رائج کیا اُس کے لیے اُتنا ہی گناہ ہوگا جو بھی اس کے بعد عمل کرے گا' اس

وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: جَاءَ نَاسٌ مِنَ الْاَعْرَابِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کچھ دیہاتی لوگ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اس کے بعد اسی کی مثل حدیث ذکر کی۔

2386 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّرْمَقِيُّ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، حَدَّثَنِي مُجَالِدٌ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ هِلَالٍ، قَالَ: اَرْسَلَنِي اَبِي اِلَى جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اقْرَأْ عَلَيْهِ السَّلَامَ وَقُلْ لَهُ: كَيْفَ سَمِعْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَنَّ سُنَّةً صَالِحَةً، فَاتُّبِعَ فِيهَا، وَعُمِلَ بِهَا، قَالَ: فَاَتَيْتُهُ وَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ: لَهُ مِثْلُ اَجْرِ كُلِّ رَجُلٍ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْءٌ، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَاتُّبِعَ فِيهَا وَعُمِلَ بِهَا كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ اِثْمِ كُلِّ رَجُلٍ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اِثْمِهِمْ شَيْءٌ

حضرت عبدالرحمٰن بن ہلال فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی طرف بھیجا کہ میرا سلام کہنا۔ آپ سے عرض کرنا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کو کیسے فرماتے ہوئے سنا ہے' جس نے اسلام میں اچھا طریقہ شروع کیا' اس میں اس کی پیروی کی جاتی ہے' اس پر عمل کیا جاتا ہے۔ میں آپ کے پاس آیا' میں نے آپ سے پوچھا تو آپ نے فرمایا: جو بھی اس پر عمل کرے گا اسے اُس کا ثواب ملے گا اور کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جس نے بُرائی شروع کی اور اس پر بعد میں عمل کیا جاتا رہا تو شروع کرنے والے کو اس کا گناہ ملتا رہے گا' ہر آدمی کے کرنے والے کے مطابق اور کرنے والوں کے گناہ میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

2387 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے

2387- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 2003 رقم الحديث: 2592' وأبو داؤد في سننه جلد 4 صفحه 255 رقم الحديث: 4809' وابن ماجة في سننه جلد 2 صفحه 1216 رقم الحديث: 3687 كلهم عن تميم بن سلمة عن عبد الرحمٰن بن هلال عن جرير به .

عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، انا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جونرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2388 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جونرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2389 - ثنا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جونرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2390 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جونرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2391 - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، وَاَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جونرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2392 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ الْقَتَّاتُ الْكُوفِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ كُلَّهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو نرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2393 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو نرمی سے محروم کیا گیا' وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

2394 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شَرِيكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الطُّلَقَاءُ مِنْ قُرَيْشٍ، وَالْعُتَقَاءُ مِنْ ثَقِيفٍ، وَالْمُهَاجِرُونَ وَالْأَنْصَارُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مہاجر اور انصار' دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں' طلقاء قریش سے ہیں' عتقاء قبیلہ ثقیف سے ہیں' یہ دنیا و آخرت میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔

الْمُسْتَظِلُّ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت مستظل بن حصین' حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2395 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ، انا إِسْرَائِيلُ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ، عَنْ أَبِي الْمُثَنَّى الْمُسْتَظِلِّ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، وَكَانَ أَمِيرًا عَلَيْنَا يَقُولُ: بَايَعْتُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' پھر میں واپس آیا تو مجھے بلوایا' فرمایا: میں تجھے قبول نہیں کروں گا یہاں تک کہ تُو بیعت نہ کرے ہر مسلمان سے خیر خواہی

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ إِنِّي رَجَعْتُ فَدَعَانِي، فَقَالَ: لَا أَقْبَلُ مِنْكَ حَتَّى تُبَايِعَ وَالنُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فَبَايَعْتُهُ

کرنے کی۔ تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی۔

أَبُو بُرْدَةَ بْنُ أَبِي مُوسَى، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت ابو بردہ بن ابوموسیٰ، حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2396 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ، ثنا مُعَلَّى بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الرِّفْقُ فِيهِ الزِّيَادَةُ، وَالْبَرَكَةُ، وَمَنْ يُحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نرمی میں اضافہ اور برکت ہے' جو نرمی سے محروم کیا گیا وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔

عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ جَرِيرٍ

حضرت عبدالملک بن عمیر، حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں

2397 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ نَافِعِ بْنِ صَخْرِ بْنِ جُوَيْرِيَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، عَنْ أَبِي شَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ: إِنِّي قَارِئٌ عَلَيْكُمْ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ الزُّمَرِ، فَمَنْ بَكَى مِنْكُمْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَقَرَأَهَا مِنْ عِنْدِ: (وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ) (الانعام: **91**) إِلَى آخِرِ السُّورَةِ، فَمِنَّا مَنْ بَكَى،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کی جماعت سے فرمایا: میں تم پر سورۂ زمر کے آخر سے آیت پڑھنے لگا ہوں' جو تم میں سے روئے گا اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گا۔ آپ نے وہاں یہ آیت پڑھی: ''اُنہوں نے اللہ کی قدر نہیں کی جس طرح قدر کرنے کا حق تھا''۔ ہم میں سے کچھ روئے اور کچھ نہ روئے' جو نہیں روئے تھے اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے رونے کی کوشش کی لیکن ہم رو نہ سکے۔ تو آپ نے فرمایا: میں تم

وَمِنَّا مَنْ لَمْ يَبْكِ، فَقَالَ الَّذِينَ لَمْ يَبْكُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ جَهِدْنَا اَنْ نَبْكِيَ فَلَمْ نَبْكِ، فَقَالَ: اِنِّي سَاَقْرَؤُهَا عَلَيْكُمْ فَمَنْ لَمْ يَبْكِ فَلْيَتَبَاكَ

پر دوسری مرتبہ پڑھتا ہوں' جونہیں روئے وہ روئیں۔

2398 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَهْزَاذَ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي رِزْمَةَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: رَاَيْتُ جَرِيرًا مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ النَّاسُ: اِنَّمَا كَانَ هَذَا قَبْلَ الْمَائِدَةِ فَقَالَ جَرِيرٌ: اِنَّمَا اَسْلَمْتُ بَعْدَ الْمَائِدَةِ، وَلَقَدْ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت عبدالملک بن عمیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر رضی اللہ عنہ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا' لوگوں نے موزوں پر مسح کا حکم سورۂ مائدہ کے نازل ہونے سے پہلے سنا تھا۔ حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سورۂ مائدہ کے نازل ہونے کے بعد اسلام لایا ہوں اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

2399 - حَدَّثَنَا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْاِسْلَامِ وَاشْتَرَطَ عَلَيَّ النُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، وَاِنِّي لَنَاصِحٌ لَكُمْ اَجْمَعِينَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی اسلام پر بیعت کی اور میرے لیے شرط لگائی گئی ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے' میں تمام کی خیر خواہی کرتا ہوں۔

2400 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ اَبِي ثَوْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْاِسْلَامِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ وَاِنِّي لَكُمْ نَاصِحٌ اَجْمَعِينَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی اسلام پر بیعت کی اور ہر مسلمان سے خیر خواہی پر' میں تمام کو نصیحت کرتا ہوں۔

زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ،

حضرت زیاد بن علاقہ' حضرت

زیاد بن علاقۃ عن جریر

عَنْ جَرِيرٍ

جریر سے روایت کرتے ہیں

2401 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاشْتَرَطَ عَلَيَّ وَالنُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی' مجھ پر شرط لگائی اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے۔

2402 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالُوا: ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرًا، يَقُولُ: إِنِّي أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أُبَايِعُكَ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَبَايَعَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاشْتَرَطَ عَلَيَّ وَالنُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فَبَايَعْتُهُ عَلَى هَذَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے ہجرت پر بیعت کرنا چاہتا ہوں' رسول اللہ ﷺ نے میری بیعت لی اور مجھ پر شرط لگائی اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے' میں نے اس پر بیعت کی۔

2403 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ، انا إِسْرَائِيلُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ جَرِيرًا يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاشْتَرَطَ عَلَيَّ وَالنُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فَوَرَبِّ الْكَعْبَةِ إِنِّي لَكُمْ نَاصِحٌ أَجْمَعِينَ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی' مجھ پر شرط لگائی اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے' رب کعبہ کی قسم! میں تمام کے لیے نصیحت کرنے والا ہوں۔

2404 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرًا، يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ هَذِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر اسلام پر بیعت کی اور ہر مسلمان کے لیے خیر خواہی کی شرط لگائی' رب کعبہ کی قسم! میں تمام کے لیے نصیحت کرنے والا ہوں۔

وَشَرَطَ عَلَيَّ النُّصْحَ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فَوَرَبِّ الْكَعْبَةِ اِنِّي لَنَاصِحٌ لَكُمْ اَجْمَعِينَ

2405 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا زِيَادُ بْنُ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے۔

2406 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ وَاِنِّي لَكُمْ نَاصِحٌ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے' میں تمہارے لیے نصیحت کرنے والا ہوں۔

2407 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ جَرِيرًا، يَقُولُ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ وَاِنِّي نَاصِحٌ لِجَمِيعِكُمْ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کے لیے' میں تمہارے لیے نصیحت کرنے والا ہوں۔

2408 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی' ہر مسلمان کی نصیحت کے لیے۔

2409 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، انا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس دن حضرت مغیرہ بن شعبہ کا وصال ہوا تو میں نے انہیں فرماتے ہوئے سنا کہ میں تمہیں وصیت کرتا ہوں اللہ

زیاد بن علاقة عن جریر

قَالَ: سَمِعْتُهُ يَوْمَ تُوُفِّيَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، يَقُولُ: أُوصِيكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا حَتَّى يَأْتِيَكُمْ أَمِيرٌ، قَالَ: ثُمَّ ذَكَرَ الْمُغِيرَةَ، فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوا لَهُ عَفَا اللّٰهُ عَنْكُمْ، فَإِنَّهُ كَانَ يُحِبُّ الْعَافِيَةَ، ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَايِعَهُ عَلَى الْإِسْلَامِ فَقَالَ: وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ

2550 - وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حسن و حسین دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

2551 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ،

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حسن و حسین دونوں جنتی

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا

نوجوانوں کے سردار ہیں اور ان کے والد گرامی' ان سے افضل ہیں۔

2552 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُرْزِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ زِيَادٍ الْجَصَّاصِ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حسن و حسین دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں' اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں' تو بھی ان سے محبت کر۔

2553 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا اَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ صُبَيْحٍ مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَحَسَنٍ وَالْحُسَيْنِ: اَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ، وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی' سیّدہ فاطمہ' حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق فرمایا: میں ان سے صلح رکھوں گا جو تم سے صلح صفائی رکھے گا' میں ان کا دشمن ہوں گا جو تم سے لڑنے والا ہوگا۔

2554 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ صُبَيْحٍ مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَ: مَرَّ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی' سیّدہ فاطمہ' حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق فرمایا: میں ان سے دوستی رکھوں گا جو تم سے دوستی رکھے گا' میں ان کا دشمن ہوں گا جو تم سے لڑائی کرنے والا ہوگا۔

2553- أخرجه الترمذی فی سننه جلد **5** صفحه **699** رقم الحديث: **3870**' والطبرانی فی الأوسط جلد **5** صفحه **182** رقم الحديث: **5015**' والحاكم فی مستدركه جلد **3** صفحه **161** رقم الحديث: **4714** كلهم عن السدی عن صحيح عن زيد بن أرقم به .

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَيْتٍ فِيهِ فَاطِمَةُ وَعَلِيٌّ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَقَالَ: اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ

2555 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا تَلِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى عَلِيٍّ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَفَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمْ، وَقَالَ: اَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَكُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَكُمْ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی' سیّدہ فاطمہ' حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق فرمایا: میں ان سے دوستی رکھوں گا جو تم سے دوستی رکھے گا' میں ان کا دشمن ہوں گا جو تم سے لڑائی ڈالنے والا ہوگا۔

2556 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي فَاخِتَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: زَارَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَاتَ عِنْدَنَا وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ نَائِمَانِ، فَاسْتَسْقَى الْحَسَنُ فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قِرْبَةٍ لَنَا فَجَعَلَ يَعْصِرُهَا فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ جَاءَ يَسْقِيهِ، فَنَاوَلَ الْحَسَنَ، فَتَنَاوَلَ الْحُسَيْنُ لِيَشْرَبَ فَمَنَعَهُ وَبَدَاَ بِالْحَسَنِ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَاَنَّهُ اَحَبُّهُمَا اِلَيْكَ. قَالَ: اِنَّهُ اسْتَسْقَى اَوَّلَ مَرَّةٍ. ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي وَهٰذَيْنِ. وَاَحْسَبُهُ قَالَ: وَهٰذَا الرَّاقِدَ. يَعْنِي عَلِيًّا. يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي مَكَانٍ وَاحِدٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے اور رات ہمارے ہاں گزاری' حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما سوئے ہوئے تھے' حضرت امام حسن نے پانی مانگا تو حضور ﷺ ہمارے مشکیزے کے پاس گئے' اس سے پیالے میں پانی نچوڑا' پھر آپ پلانے کے لیے آئے' آپ نے امام حسن کو پکڑا' امام حسین نے پکڑ لیا پینے کے لیے تو آپ نے امام حسین کو نہ دیا بلکہ امام حسن کو دیا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ دونوں سے محبت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اس نے پہلے مانگا تھا۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! میں' تو اور یہ دونوں اور یہ سونے والا (یعنی حضرت علی) قیامت کے دن ایک ہی جگہ میں ہوں گے۔

2555- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 161 رقم الحديث: 4713 عن أبي الجحاف عن أبي حازم عن أبي هريرة

2557 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ضُرَيْسٍ الْفَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَنَا وَفَاطِمَةُ وَحَسَنٌ وَحُسَيْنٌ مُجْتَمِعُونَ وَمَنْ أَحَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، نَأْكُلُ وَنَشْرَبُ حَتَّى يُفَرَّقَ بَيْنَ الْعِبَادِ. فَبَلَغَ ذَلِكَ رَجُلًا مِنَ النَّاسِ، فَسَأَلَ عَنْهُ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: كَيْفَ بِالْعَرْضِ وَالْحِسَابِ؟ فَقُلْتُ لَهُ: كَيْفَ كَانَ لِصَاحِبِ يس بِذَلِكَ حِينَ أُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ سَاعَتِهِ؟

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں فاطمہ' حسن اور حسین اور جو ہم سے محبت کرنے والا ہوگا قیامت کے دن اکٹھے ہوں گے' ہم کھائیں اور پئیں گے یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان جدائی ہو جائے گی' لوگوں میں سے ایک آدمی تک یہ بات پہنچی' تو اس نے اس بارے سوال کیا' میں نے اسے خبر دی' اس نے کہا: پیش ہونا اور حساب کیسے ہوگا؟ پس میں نے اس سے کہا: یٰس کے سہرے والے کے لیے کیسے ناممکن ہے جبکہ وہ ابھی سے جنت میں داخل ہو چکے ہیں۔

2558 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُرِّيُّ الْقَنْطَرِيُّ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّ أَوَّلَ أَرْبَعَةٍ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ أَنَا وَأَنْتَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَذَرَارِيُّنَا خَلْفَ ظُهُورِنَا، وَأَزْوَاجُنَا خَلْفَ ذَرَارِيِّنَا، وَشِيعَتُنَا عَنْ أَيْمَانِنَا وَعَنْ شَمَائِلِنَا

حضرت محمد بن عبیداللہ بن ابی رافع اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: میں اور تُو اور حسن اور حسین جنت میں پہلے داخل ہوں گے اور ہماری اولاد ہمارے پیچھے ہوگی اور ہماری بیویاں ہماری اولاد کے پیچھے ہوں گی اور ہم سے محبت کرنے والے ہمارے دائیں اور بائیں جانب ہوں گے۔

2559 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالُوا: ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ غِيَاثٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: فاطمہ نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی' اللہ عزوجل اس کو اور اس کی اولاد کو شرمگاہ کی حفاظت کی وجہ سے جنت میں داخل فرمائے گا۔

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فَاطِمَةَ حَصَّنَتْ فَرْجَهَا، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَدْخَلَهَا بِاِحْصَانِ فَرْجِهَا وَذُرِّيَّتَهَا الْجَنَّةَ

2560 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ النَّيْسَابُورِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي الْعَتَّابِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَخَرَجَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي عُنُقِهِ خِرْقَةٌ يَجُرُّهَا، فَعَثَرَ فِيهَا فَسَقَطَ عَلَى وَجْهِهِ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمِنْبَرِ يُرِيدُهُ، فَلَمَّا رَآهُ النَّاسُ اَخَذُوا الصَّبِيَّ فَاَتَوْهُ بِهِ، فَحَمَلَهُ فَقَالَ: قَاتَلَ اللّٰهُ الشَّيْطَانَ، اِنَّ الْوَلَدَ فِتْنَةٌ، وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ اَنِّي نَزَلْتُ عَنِ الْمِنْبَرِ حَتَّى اُوتِيتُ بِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول پاک ﷺ کو دیکھا کہ آپ لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نکلے' ان کی گردن میں کپڑا تھا جو گھسٹ رہا تھا' اس میں ان کا پاؤں پھسلا اور وہ چہرے کے بل گر پڑے' نبی ﷺ آپ کو پکڑنے کے لیے اُترنے لگے۔ صحابہ کرام نے آپ کو دیکھا تو امام حسن کو پکڑا اور آپ کو دے دیا' آپ نے اُٹھایا اور فرمایا: شیطان پر اللہ کی لعنت ہو! اولاد فتنہ ہوتی ہے' اللہ کی قسم! میں نہیں جانتا کہ میں منبر سے اُترنے لگا' مجھے دیا گیا۔

2561 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ صَالِحٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا نَافِعُ بْنُ هُرْمُزَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاقِدٌ فِي بَعْضِ بُيُوتِهِ عَلَى قَفَاهُ، اِذْ جَاءَ الْحَسَنُ يَدْرُجُ حَتَّى قَعَدَ عَلَى صَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَالَ عَلَى صَدْرِهِ، فَجِئْتُ اُمِيطُهُ عَنْهُ، فَاسْتَنْبَهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ اپنی بیوی کے گھر گدی کے بل لیٹے ہوئے تھے' اچانک امام حسن رضی اللہ عنہ داخل ہوئے اور نبی پاک ﷺ کے سینے پر بیٹھ گئے' پھر آپ کے سینے پر پیشاب کر دیا' میں آپ کو ہٹانے کے لیے آیا تو رسول اللہ ﷺ نے روک دیا' فرمایا: اے انس! تیرے لیے ہلاکت ہو! میرے بیٹے کو چھوڑ دو اور میرے دل کے پھل کو' جس نے اس کو تکلیف دی اُس نے مجھے

وَيْحَكَ يَا اَنَسُ دَعِ ابْنِي وَثَمَرَةَ فُؤَادِي، فَإِنَّ مَنْ آذَى هَذَا فَقَدْ آذَانِي، وَمَنْ آذَانِي فَقَدْ آذَى اللّٰهَ . ثُمَّ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فَصَبَّهُ عَلَى الْبَوْلِ صَبًّا، فَقَالَ: يُصَبُّ عَلَى بَوْلِ الْغُلَامِ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ

تکلیف دی اور جس نے مجھے تکلیف دی اُس نے اللہ کو تکلیف دی' پھر رسول اللہ ﷺ نے پانی منگوایا اور بچے کے پیشاب پر پانی بہا دیا اور فرمایا: بچے کے پیشاب پر پانی بہایا جاتا ہے اور بچی کے پیشاب کو دھویا جاتا ہے۔

2562 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، قَالَ: وَفَدَ الْمِقْدَامُ بْنُ مَعْدِيكَرِبَ وَعَمْرُو بْنُ الْاَسْوَدِ اِلَى قِنَّسْرِينَ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ رَحِمَهُ اللّٰهُ لِلْمِقْدَامِ: اَعَلِمْتَ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ تُوُفِّيَ؟ فَاسْتَرْجَعَ الْمِقْدَامُ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: اَتُرَاهَا مُصِيبَةً؟ فَقَالَ: لِمَ لَا اُرَاهَا مُصِيبَةً وَقَدْ وَضَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حِجْرِهِ، فَقَالَ: هَذَا مِنِّي، وَحُسَيْنٌ مِنْ عَلِيٍّ

حضرت خالد بن معدان فرماتے ہیں کہ حضرت مقدام بن معدیکرب اور عمرو بن اسود قنسرین کی طرف گئے' حضرت معاویہ رحمہ اللہ نے مقدام سے فرمایا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا وصال ہو گیا ہے؟ حضرت مقدام نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا۔ حضرت امیر معاویہ نے حضرت مقدام سے کہا: کیا اس کو مصیبت دیکھتے ہیں؟ حضرت مقدام نے کہا: میں اس کو مصیبت کیوں نہ کہوں حالانکہ رسول اللہ ﷺ آپ کو اپنی گود میں لیتے' فرماتے: حسن مجھ سے ہے اور حسین علی سے ہے۔

2563 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ الْاَنْبِيَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى الدَّوَابِّ لِيُوَافُوا مِنْ يَوْمِهِمُ الْمَحْشَرَ، وَيُبْعَثُ صَالِحٌ عَلَى نَاقَتِهِ، وَاُبْعَثُ اَنَا عَلَى الْبُرَاقِ، وَيُبْعَثُ ابْنَايَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَى نَاقَتَيْنِ مِنْ نُوقِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمام انبیاء کو قیامت کے دن جانوروں پر سوار کر کے اکٹھا کیا جائے گا' تاکہ ان کو عزت دی جائے' حضرت صالح علیہ السلام اپنی اونٹنی پر سوار ہوں گے' میں براق پر سوار ہوں گا' میرے دونوں لخت جگر حسن و حسین جنت کی اونٹنیوں میں سے دو اونٹنیوں پر اُٹھائے جائیں گے۔

2564 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

شَيْبَةَ، ثنا عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الرَّازِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ ذُرِّيَّةَ كُلِّ نَبِيٍّ فِي صُلْبِهِ، وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى جَعَلَ ذُرِّيَّتِي فِي صُلْبِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے ہر نبی کی اولاد اس کی پشت میں رکھی ہے اور اللہ عزوجل نے میری اولاد علی کی پشت میں رکھی ہے۔

2565 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مِهْرَانَ، ثنا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ غَرْقَدَةَ، عَنِ الْمُسْتَظِلِّ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ بَنِي اُنْثَى فَاِنَّ عَصَبَتَهُمْ لِاَبِيهِمْ، مَا خَلَا وَلَدَ فَاطِمَةَ فَاِنِّي اَنَا عَصَبَتُهُمْ وَاَنَا اَبُوهُمْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میری ساری اولاد بیٹیاں ہیں اور نسب باپ سے ہوتا ہے سوائے فاطمہ کی اولاد کے کہ میں ان کا عصبہ ہوں اور میں ان کا والد ہوں۔

2566 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ شَيْبَةَ بْنِ نَعَامَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ، عَنْ فَاطِمَةَ الْكُبْرَى قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَنِي اُمٍّ يَنْتَمُونَ اِلَى عَصَبَةٍ اِلَّا وَلَدَ فَاطِمَةَ، فَاَنَا وَلِيُّهُمْ وَاَنَا عَصَبَتُهُمْ

حضرت فاطمۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک اولاد کی نسبت باپ کی طرف سے ہوتی ہے سوائے اولادِ فاطمہ کے کہ میں ان کا ولی ہوں اور میں ان کا عصبہ ہوں۔

2567 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ الْمَدِينِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: دَعَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ فَسَارَّهُ، ثُمَّ قَامَ

حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بلوایا' آپ نے ان سے کوئی سرگوشی کی' پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' مقامِ صفہ پر آئے' وہاں حضرت عباس' عقیل' حسین رضی اللہ عنہم کو

عَلِيٌّ فَجَاءَ الصُّفَّةَ، فَوَجَدَ الْعَبَّاسَ وَعَقِيلًا وَالْحُسَيْنَ، فَشَاوَرَهُمْ فِي تَزْوِيجِ أُمِّ كُلْثُومٍ عُمَرَ، فَغَضِبَ عَقِيلٌ: وَقَالَ: يَا عَلِيُّ مَا تَزِيدُكَ الْأَيَّامُ وَالشُّهُورُ وَالسِّنُونَ إِلَّا الْعَمَى فِي أَمْرِكَ، وَاللّٰهِ لَئِنْ فَعَلْتَ لَيَكُونَنَّ وَلَيَكُونَنَّ لَاشْيَاءَ عَدَدُهَا. وَمَضَى يَجُرُّ ثَوْبَهُ، فَقَالَ عَلِيٌّ لِلْعَبَّاسِ: وَاللّٰهِ مَا ذَاكَ مِنْهُ نَصِيحَةٌ، وَلَكِنَّ دِرَّةَ عُمَرَ أَخْرَجَتْهُ إِلَى مَا تَرَى، أَمَا وَاللّٰهِ مَا ذَاكَ رَغْبَةً فِيكَ يَا عَقِيلُ، وَلَكِنْ قَدْ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ مُنْقَطِعٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا سَبَبِي وَنَسَبِي. فَضَحِكَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَقَالَ: وَيْحَ عَقِيلٍ، سَفِيهٌ أَحْمَقُ

پایا' وہاں آپ نے ان سے حضرت اُم کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت عمر سے کرنے کا مشورہ کیا تو حضرت عقیل غصے ہوئے' فرمایا: اے علی! دن اور مہینے اور سالوں نے تم کو تمہارے معاملہ میں' خرابی کا اضافہ کیا' اللہ کی قسم! اگر آپ نے ایسا کیا تو یہ ہو جائے گا' اُنہوں نے کچھ اشیاء کا ذکر کیا' حضرت عقیل اپنا کپڑا کھینچتے ہوئے گئے۔ حضرت علی نے حضرت عباس سے کہا: یہ کوئی سمجھ والی بات نہیں ہے۔ لیکن حضرت عمر نے کہا: دُرّہ نکلے گا جو آپ نے دیکھا ہے' اللہ کی قسم! اے عقیل! آپ کو اس میں کوئی رغبت نہیں ہے۔ مجھے حضرت عمر نے بتایا کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: قیامت کے دن ہر نسب وسبب ختم ہو جائے گا سوائے میرے سبب اور نسب کے۔ حضرت عمر مسکرائے اور کہا: حضرت عقیل کے لیے افسوس ہے کہ آپ نے سمجھ داری کی بات نہیں کی ہے۔

2568 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي يَعْفُورٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُنْقَطِعٌ إِلَّا سَبَبِي وَنَسَبِي

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن سارے نسب وسبب ختم ہوں گے سوائے میرے سبب اور نسب کے۔

2569 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْحَنَّاطُ، ثنا سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے

بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَنْقَطِعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كُلُّ سَبَبٍ وَنَسَبٍ اِلَّا سَبَبِي وَنَسَبِي

ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قیامت کے دن سارے نسب وسبب ختم ہوں گے سوائے میرے سبب اور نسب کے۔

2570 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِينَةِ نُوحٍ، مَنْ رَكِبَ فِيهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ، وَمَنْ قَاتَلَنَا فِي آخِرِ الزَّمَانِ فَكَاَنَّمَا قَاتَلَ مَعَ الدَّجَّالِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اہل بیت کی مثال کشتیٔ نوح کی طرح ہے' جو اس میں سوار ہوا وہ نجات پا گیا' جو سوار نہ ہوا وہ غرق ہو گیا' جو ہمارے ساتھ آخر زمانہ میں لڑے گا' گویا وہ حضرت مسیح کے ساتھ دجال سے لڑا۔

2571 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مَنْصُورٍ سَجَّادَةُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاهِرٍ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوسِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَنَشِ بنِ الْمُعْتَمِرِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا ذَرٍّ اٰخِذَ بِعِضَادَتَيْ بَابِ الْكَعْبَةِ وَهُوَ يَقُولُ: مَنْ عَرَفَنِي فَقَدْ عَرَفَنِي، وَمَنْ لَمْ يَعْرِفْنِي فَاَنَا اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِي فِيكُمْ كَمَثَلِ سَفِينَةِ نُوحٍ، فِي قَوْمِ نُوحٍ، مَنْ رَكِبَهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا هَلَكَ، وَمَثَلُ بَابِ حِطَّةٍ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ

حضرت حنش بن معتمر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو کعبہ کے دروازے کے کواڑ پکڑے ہوئے دیکھا' آپ فرما رہے تھے: جس نے مجھے پہچان لیا اُس نے مجھے پہچان لیا' جس نے مجھے نہیں پہچانا تو میں ابوذر غفاری ہوں' میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اہل بیت کی مثال کشتیٔ نوح کی طرح ہے کہ جو اس میں سوار ہوا وہ نجات پا گیا اور جو سوار نہ ہوا تو وہ ہلاک ہو گیا' اور اس کی مثال بنی اسرائیل کے دروازے حطہ کی طرح ہے۔

2572 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اہل بیت کی مثال کشتیٔ

اَبِی الصَّهْبَاءِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ اَهْلِ بَيْتِي مَثَلُ سَفِينَةِ نُوحٍ، مَنْ رَكِبَ فِيهَا نَجَا، وَمَنْ تَخَلَّفَ عَنْهَا غَرِقَ

نوح کی طرح ہے کہ جو اس میں سوار وہ نجات پا گیا اور جو سوار نہ ہوا وہ غرق ہو گیا۔

2573 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحِبُّوا اللّٰهَ لِمَا يَغْذُوكُمْ مِنْ نِعَمِهِ، وَاَحِبُّونِي لِحُبِّ اللّٰهِ، وَاَحِبُّوا اَهْلَ بَيْتِي لِحُبِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ سے محبت کرو کیونکہ وہ تمہیں صبح و شام نعمتیں دیتا ہے اور مجھ سے محبت اللہ کی محبت کے لیے کرو اور میری اہل بیت سے محبت میری محبت کی وجہ سے کرو۔

2574 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَبِيبٍ الْعِجْلِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْعُودٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ عُلَيْمٍ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: اَنْزِلُوا آلَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْزِلَةِ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ، وَبِمَنْزِلَةِ الْعَيْنِ مِنَ الرَّاْسِ، فَاِنَّ الْجَسَدَ لَا يَهْتَدِي اِلَّا بِالرَّاْسِ، وَاِنَّ الرَّاْسَ لَا يَهْتَدِي اِلَّا بِالْعَيْنَيْنِ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آلِ محمد ﷺ کا وہی مقام و مرتبہ یہ جو مقام اس کا جسم کے ساتھ ہے اور آنکھ کا مقام سر سے ہے' کیونکہ جسم سر کے بغیر نہیں اور سر آنکھ کے بغیر قابلِ ہدایت نہیں ہے۔

2575 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ، ثنا حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت ''قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ اِلٰى آخرہٖ'' نازل ہوئی تو صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے کون سے رشتے دار ہیں جن کی مودت ہم پر فرض ہے؟

2573- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه162 رقم الحديث: 4716 عن محمد بن علي بن عبد الله بن عباس عن أبيه عن جده به وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه .

(قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبٰى) (الشوری: 23) قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَنْ قَرَابَتُكَ هٰؤُلَاءِ الَّذِينَ وَجَبَتْ عَلَيْنَا مَوَدَّتُهُمْ؟ قَالَ: عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَابْنَاهُمَا

آپ نے فرمایا: علی، فاطمہ، حسن و حسین۔

2576 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْخُذُنِي وَالْحُسَيْنَ، فَيُقْعِدُ اَحَدَنَا عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى وَالْآخَرَ عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرٰى، وَيَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے اور امام حسین کو پکڑا، ان میں سے کسی ایک کو دائیں ران پر اور دوسرے کو بائیں ران پر بٹھایا اور فرمایا: اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں، تو بھی ان دونوں سے محبت کر۔

2577 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ رَاشِدٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ: مَنْ اَحَبَّ هٰذَا فَقَدْ اَحَبَّنِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا: جس نے اس سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی۔

2578 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَى ظَهْرِهِ، فَبَاعَدَهُمَا النَّاسُ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُمَا بِاَبِي هُمَا وَاُمِّي مَنْ اَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ هٰذَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز پڑھ رہے تھے جبکہ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما آپ کی پشت پر تھے، صحابہ کرام ان کو دور کرنے لگے تو حضور ﷺ نے فرمایا: ان کو چھوڑو! میری والدہ اور والدان پر قربان ہو! جو مجھ سے محبت کرتا ہے چاہیے کہ وہ ان دونوں سے محبت کرے۔

2579 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سَلْمٌ الْحَذَّاءُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَازِمٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2580 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَحَبَّهُمَا فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِي . يَعْنِي الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2581 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، اَنَا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّهُمَا فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِي . يَعْنِي الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2582 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، وَاَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَا: ثنا اِسْرَائِيلُ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ اَبِي حَفْصَةَ يَقُولُ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، جس نے ان دونوں سے

2579- أخرجه ابن حبان فی صحيحه جلد **15** صفحه **426** رقم الحديث: **6970**، والبزار فی مسنده جلد **5** صفحه **226** رقم الحديث: **1834**، وأبو يعلى فی مسنده جلد **9** صفحه **250** رقم الحديث: **5368** كلهم عن عاصم عن زر عن عبد الله بن مسعود به .

2581- أخرج نحوه ابن ماجه فی سننه جلد **1** صفحه **51** رقم الحديث: **143** عن أبی الجحاف عن أبی حازم عن أبی هريرة به

سَمِعْتُ اَبَا حَازِمٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَحَبَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ فَقَدْ اَحَبَّنِي، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا فَقَدْ اَبْغَضَنِي

بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2583 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيّ، ثنا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سَيْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ: مَنْ اَحَبَّهُمَا فَبِحُبِّي، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا فَبِبُغْضِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی، جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2584 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْهَيَّاجِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَرْحَبِيُّ، ثنا عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ الطَّائِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَحَبَّنِي فَقَدْ اَحَبَّهُمَا . يَعْنِي الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اُس نے مجھ سے محبت کی۔

2585 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ وَكَثِيرٍ النَّوَّاءِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَرَّ الْحَسَنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما حضور ﷺ کے پاس سے گزرے، حضور ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! میں نے حسن وحسین سے محبت کی تو ان

وَالْحُسَيْنُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَبْغِضْ مَنْ اَبْغَضَهُمَا

مجھ سے محبت کر' جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اُس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2586 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ بُرْدٍ الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، ثنا الْمُتَوَكِّلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْرِعٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَيْتِ فَاطِمَةَ فَسَلَّمَ، فَخَرَجَ اِلَيْهِ الْحَسَنُ اَوِ الْحُسَيْنُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْقَ بِاَبِيكَ اَنْتَ عَيْنُ بَقَّةٍ وَاَخَذَ بِاُصْبُعَيْهِ، فَرَقَى عَلَى عَاتِقِهِ، ثُمَّ خَرَجَ الْآخَرُ الْحَسَنُ اَوِ الْحُسَيْنُ مُرْتَفِعَةً اِحْدَى عَيْنَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَرْحَبًا بِكَ، ارْقَ بِاَبِيكَ اَنْتَ عَيْنُ الْبَقَّةِ وَاَخَذَ بِاُصْبُعَيْهِ فَاسْتَوَى عَلَى عَاتِقِهِ الْآخَرِ، وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَقْفِيَتِهِمَا حَتَّى وَضَعَ اَفْوَاهَهُمَا عَلَى فِيهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَاَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر آئے' سلام کیا' آپ کی طرف حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے والد پر سوار ہو' آہستہ آہستہ! آپ نے ان کی دو انگلیاں پکڑیں' ان کو اپنے کندھے پر سوار کرلیا' پھر ایک آنکھ اُٹھائے امام حسن یا حسین نکلے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آپ کو خوش آمدید! اپنے والد پر چڑھو مگر آہستہ آہستہ! آپ نے ان کی بھی دونوں انگلیوں کو پکڑ کر دوسرے کندھے پر سوار کرلیا۔ حضور ﷺ نے ان کو گردن کے بل پکڑا' اپنا منہ مبارک ان کے منہ پر رکھا' پھر یہ دعا کی: اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر' جو ان دونوں سے محبت کرے تو اس سے بھی محبت کر۔

2587 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعَتْ اُذُنَايَ هَاتَانِ وَاَبْصَرَتْ عَيْنَايَ هَاتَانِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنا اور اپنی دونوں آنکھوں سے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں کے ہاتھوں کو پکڑا ہوا تھا' ان کے قدم آپ نے اپنے قدموں پر رکھے ہوئے

آخِذٌ بِكَفَّيْهِ جَمِيعًا حَسَنًا اَوْ حُسَيْنًا وَقَدَمَاهُ عَلَى قَدَمَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: حُزُقَّةُ حُزُقَّةُ ارْقَ عَيْنَ بَقَّةٍ فَيَرْقَى الْغُلَامُ حَتَّى يَضَعَ قَدَمَيْهِ عَلَى صَدْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: افْتَحْ . قَالَ: ثُمَّ قَبَّلَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَحِبَّهُ فَاِنِّي اُحِبُّهُ

تھے' آپ فرما رہے تھے: آہستہ آہستہ چڑھو! ایک بچہ ان میں سے چڑھا' اُس نے دونوں پاؤں آپ کے سینے پر رکھے۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اپنا منہ کھولو! پھر آپ نے بوسہ لیا' پھر آپ نے فرمایا: اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں' تُو بھی اس سے محبت کر۔

2588 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِيَدِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، فَقَالَ: مَنْ اَحَبَّ هٰذَيْنِ وَاَبَاهُمَا وَاُمَّهُمَا كَانَ مَعِي فِي دَرَجَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: جس نے ان دونوں اور ان کی والدہ اور والد سے محبت کی تو وہ قیامت کے دن میرے ساتھ ہوگا' ایک ہی درجہ میں۔

2589 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رُسْتُمَ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ: مَنْ اَحَبَّهُمَا اَحْبَبْتُهُ، وَمَنْ اَحْبَبْتُهُ اَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَحَبَّهُ اللّٰهُ اَدْخَلَهُ جَنَّاتِ النَّعِيمِ، وَمَنْ اَبْغَضَهُمَا اَوْ بَغَى عَلَيْهِمَا اَبْغَضْتُهُ، وَمَنْ اَبْغَضْتُهُ اَبْغَضَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ اَبْغَضَهُ اللّٰهُ اَدْخَلَهُ عَذَابَ جَهَنَّمَ وَلَهُ عَذَابٌ مُقِيمٌ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کے متعلق فرمایا: جو ان دونوں سے محبت کرے گا میں ان سے محبت کروں گا' جس سے میں محبت کروں گا اللہ اس سے محبت کرے گا' جس سے اللہ محبت کرے گا اللہ اس کو جنت کی نعمتوں میں داخل کرے گا' جو ان دونوں سے بغض رکھے گا میں ان سے ناراض ہوں گا' جس سے میں ناراض ہوں گا اُس سے اللہ ناراض ہوگا' جس سے اللہ ناراض ہوگا اس کو جہنم کے عذاب میں داخل کرے گا' اس کے لیے ہمیشہ عذاب ہوگا۔

2590 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضور ﷺ کے غلام حضرت اسحاق بن ابی حبیبہ

التُّسْتَرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ سَلْمَانَ الْمَازِنِيُّ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا سَعْدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ اَبِي حَبِيبَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ اَتَى اَبَا هُرَيْرَةَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، فَقَالَ مَرْوَانُ لِاَبِي هُرَيْرَةَ: مَا وَجَدْتُ عَلَيْكَ فِي شَيْءٍ مُنْذُ اصْطَحَبْنَا اِلَّا فِي حُبِّكَ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ. قَالَ: فَتَحَفَّزَ اَبُو هُرَيْرَةَ فَجَلَسَ، فَقَالَ: اَشْهَدُ لَخَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى اِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَهُمَا يَبْكِيَانِ وَهُمَا مَعَ اُمِّهِمَا، فَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتَّى اَتَاهُمَا، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ لَهَا: مَا شَأْنُ ابْنَيَّ؟ فَقَالَتِ: الْعَطَشُ. قَالَ: فَاَخْلَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى شَنَّةٍ يَبْتَغِي فِيهَا مَاءً، وَكَانَ الْمَاءُ يَوْمَئِذٍ اَغْدَارًا، وَالنَّاسُ يُرِيدُونَ الْمَاءَ، فَنَادَى: هَلْ اَحَدٌ مِنْكُمْ مَعَهُ مَاءٌ؟ فَلَمْ يَبْقَ اَحَدٌ اِلَّا اَخْلَفَ بِيَدِهِ اِلَى كُلَّابِهِ يَبْتَغِي الْمَاءَ فِي شَنَّةٍ، فَلَمْ يَجِدْ اَحَدٌ مِنْهُمْ قَطْرَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَاوِلِينِي اَحَدَهُمَا فَنَاوَلَتْهُ اِيَّاهُ مِنْ تَحْتِ الْخِدْرِ، فَرَاَيْتُ بَيَاضَ ذِرَاعَيْهَا حِينَ نَاوَلَتْهُ، فَاَخَذَهُ فَضَمَّهُ اِلَى صَدْرِهِ وَهُوَ يَطْغُو مَا يَسْكُتُ، فَاَدْلَعَ لَهُ لِسَانَهُ فَجَعَلَ يَمُصُّهُ حَتَّى هَدَاَ اَوْ سَكَنَ، فَلَمْ اَسْمَعْ لَهُ بُكَاءً، وَالْآخَرُ يَبْكِي كَمَا هُوَ مَا يَسْكُتُ، فَقَالَ:

سے روایت ہے کہ مروان بن حکم' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس اس بیماری میں آئے جس میں آپ نے وصال فرمایا۔ مروان نے حضرت ابو ہریرہ سے کہا: میں آپ کے متعلق کوئی شے نہیں پاتا جب سے ہماری ملاقات ہوئی ہے سوائے حسن اور حسین کی محبت کے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حرکت کی اور اس کے بعد بیٹھ گئے اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکلے' ابھی ہم آدھے راستے میں تھے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن اور امام حسین کے رونے کی آواز سنی' دونوں اپنی والدہ کے پاس تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیزی سے چلے اور دونوں کے پاس آئے' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بیٹوں کو کیا ہوا؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ان کو پیاس لگی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مشکیزہ کی طرف پانی تلاش کرنے کے لیے گئے' ان دنوں پانی نہیں مل رہا تھا' لوگ بھی پانی چاہتے تھے' اعلان کیا گیا: کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی ہے؟ کسی کے پاس پانی نہیں تھا' سوائے اس کے جو پیچھے چھوڑ آئے تھے' اُن میں سے کسی سے پانی کا قطرہ تک نہ ملا۔ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دونوں میں سے ایک مجھے دو۔ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے پردے کے نیچے سے آپ کو پکڑایا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا کے دونوں کلائیوں کی سفیدی دیکھی' جب آپ نے پکڑایا تو

نَاوِلِينِي الْآخَرَ ، فَنَاوَلَتْهُ إِيَّاهُ فَفَعَلَ بِهِ كَذَلِكَ، فَسَكَتَا فَمَا أَسْمَعُ لَهُمَا صَوْتًا، ثُمَّ قَالَ: سِيرُوا ، فَصَدَعْنَا يَمِينًا وَشِمَالًا عَنِ الظَّعَائِنِ حَتَّى لَقِينَاهُ عَلَى قَارِعَةِ الطَّرِيقِ، فَأَنَا لَا أُحِبُّ هَذَيْنِ وَقَدْ رَأَيْتُ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

آپ ﷺ نے پکڑا اور سینے سے لگایا' وہ خاموش نہیں ہو رہے تھے۔ حضور ﷺ نے اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں داخل کی اور وہ چوسنے لگے یہاں تک کہ وہ خاموش ہو گئے' میں نے رونے کی آواز نہ سنی' جب یہ خاموش ہو گیا تو دوسرا رونے لگا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: دوسرا مجھے پکڑاؤ! حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے پکڑایا تو آپ نے ان کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا' دونوں خاموش ہو گئے' دونوں کے رونے کی آواز نہ سنی' پھر فرمایا: چلو! ہم آپ کی سواری کے دائیں اور بائیں جانب چلنے لگے یہاں تک کہ ہم آپ کو راستے کے آخر میں ملے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے مروان سے کہا: میں ان دونوں سے محبت کیوں نہ کروں جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کرتے دیکھا ہے؟

2591 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: جَاءَ الْحُسَيْنُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، فَالْتَزَمَ عُنُقَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ بِهِ وَأَخَذَ بِيَدِهِ، فَلَمْ يَزَلْ مُمْسِكًا حَتَّى رَكَعَ

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین اس حال میں تشریف لائے کہ رسول پاک ﷺ نماز پڑھا رہے تھے' حضرت امام حسین نبی کریم ﷺ کی گردن سے چمٹ گئے' آپ کے ساتھ کھڑے ہوئے تو آپ نے اپنے ہاتھ سے پکڑ لیا' آپ رکوع کرنے تک حضور ﷺ سے چمٹے رہے۔

2592 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُرَنِيُّ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ قَابُوسَ بْنِ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَّجَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے امام حسین کی قمیص اُتاری اور آپ کی ناف کا بوسہ لیا۔

مَا بَيْنَ فَخِذَيِ الْحُسَيْنِ وَقَبَّلَ زَبِيبَتَهُ

2593 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ، فَكَانَ اِذَا سَجَدَ وَثَبَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَلَى ظَهْرِهِ، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ اَخَذَهُمَا بِيَدِهِ اَخْذًا رَفِيقًا حَتَّى يَضَعَهُمَا عَلَى الْاَرْضِ، فَاِذَا عَادَ عَادَا، حَتَّى قَضَى صَلَاتَهُ وَانْصَرَفَ وَوَضَعَهُمَا عَلَى فَخِذَيْهِ. قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: فَقُمْتُ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَذْهَبُ بِهِمَا؟ قَالَ: لَا. فَبَرَقَتْ بَرْقَةٌ، فَقَالَ: الْحَقَا بِاُمِّكُمَا. فَلَمْ يَزَالَا فِي ضَوْئِهَا حَتَّى دَخَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نمازِ عشاء پڑھ رہے تھے' آپ جب سجدہ کرتے تو امام حسن اور امام حسین آپ کی پشت پر سوار ہو جاتے اور جب رکوع کرنے کا ارادہ کرتے تو ان میں سے کسی ایک کو اپنے ہاتھ سے پکڑتے' آہستہ آہستہ اُتار کر زمین پر رکھ دیتے اور جب سجدہ کرتے تو دوبارہ دونوں سوار ہو جاتے یہاں تک کہ آپ نے نماز مکمل کر لی' آپ نے سلام پھیرا اور دونوں کو اپنی ران پر بٹھا لیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان کی طرف کھڑا ہوا' میں نے عرض کی: میں ان کو چھوڑ آؤں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! ایک بجلی آئی' آپ نے فرمایا: ان دونوں کو ان کی والدہ کے پاس لے جاؤ' یہ دونوں اس کی روشنی میں چلتے رہے یہاں تک کہ گھر داخل ہو گئے۔

2594 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ حُمَيْدٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ يُحِبُّهُ حُبًّا شَدِيدًا، فَقَالَ: اَذْهَبُ اِلَى اُمِّي. فَقُلْتُ: اَذْهَبُ مَعَهُ. فَجَاءَتْ بَرْقَةٌ مِنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ سے حضرت امام حسین شدید محبت کرتے تھے' انہوں نے عرض کی: میں اپنی والدہ کے پاس جاؤں گا' میں نے عرض کی: میں ان کے ساتھ خود جاؤں گا' آسمان سے بجلی آئی تو آپ اس کی روشنی میں چلے یہاں تک کہ گھر پہنچ گئے۔

2593- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه183 رقم الحديث: 4782' وأحمد في مسنده جلد2صفحه513 رقم الحديث: 10669 كلاهما عن أبي صالح عن أبي هريرة به .

السَّمَاءِ فَمَشَى فِي ضَوْئِهَا حَتَّى بَلَغَ

2595 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا مَسْرُوحٌ اَبُو شِهَابٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَمْشِي عَلَى اَرْبَعَةٍ وَعَلَى ظَهْرِهِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَهُوَ يَقُولُ: نِعْمَ الْجَمَلُ جَمَلُكُمَا، وَنِعْمَ الْعِدْلَانِ اَنْتُمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ دونوں گھٹنوں اور دونوں ہاتھوں کے بل چل رہے تھے اور امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما آپ کی پشت پر تھے اور آپ فرما رہے تھے: تمہارا اونٹ بہت اچھا اونٹ ہے' تم دونوں کی سواریاں بڑی اچھی ہیں۔

2596 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا عَطِيَّةُ الْعَوْفِيُّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ فِي بَيْتِي: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33) ، وَهِيَ جَالِسَةٌ عَلَى الْبَابِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَسْتُ مِنْ اَهْلِ الْبَيْتِ؟ قَالَ: اَنْتِ اِلَى خَيْرٍ

حضرت سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''اللہ چاہتا ہے کہ تم سے پلیدی لے جائے' اے گھر والو! تمہیں خوب پاک کرے'' یہ آیت ہمارے گھر میں اُتری اس حال میں کہ میں دروازے میں بیٹھی ہوئی تھی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کی اہل بیت سے نہیں ہوں؟ آپ نے فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

2597 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، ثنا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ فَاطِمَةَ وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ثُمَّ اَدْخَلَهُمْ تَحْتَ ثَوْبِهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي . قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ:

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کو اکٹھا کیا' پھر اپنے کپڑے کے نیچے داخل کر لیا' پھر یہ دعا کی: اے اللہ! یہ میرے گھر والے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بھی ان میں داخل کریں؟ آپ نے فرمایا: تُو میرے گھر والوں میں سے ہے۔

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَدْخِلْنِي مَعَهُمْ ۔ قَالَ: اِنَّكِ مِنْ اَهْلِي

2598 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ: ائْتِينِي بِزَوْجِكِ وَابْنَيْهِ ۔ فَجَاءَتْ بِهِمْ، فَاَلْقَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِسَاءً فَدَكِيًّا، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّ هٰؤُلَاءِ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى آلِ مُحَمَّدٍ فَاِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ ۔ قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَرَفَعْتُ الْكِسَاءَ لِاَدْخُلَ مَعَهُمْ، فَجَذَبَهُ مِنْ يَدِي، وَقَالَ: اِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تُو اور تیرا شوہر اور اپنے دونوں بیٹوں کو میرے پاس لاؤ۔ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا ان کو لے کر آئیں، نبی پاک ﷺ نے ان پر چادر ڈال دی اور ان کو ڈھانپ لیا، پھر ان پر اپنا ہاتھ رکھا، پھر عرض کی: اے اللہ! یہ آلِ محمد ہیں! آلِ محمد پر رحمت اور برکات نازل فرما! تُو عزت و بزرگی والا اور تُو قابلِ تعریف ہے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے چادر اُٹھائی تاکہ میں ان کے ساتھ داخل ہو جاؤں۔ آپ نے میرے ہاتھ سے کھینچ لی اور فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

2599 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو عُبَيْدَةَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ الْمِنْقَرِيُّ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرِّفَاعِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِفَاطِمَةَ: ائْتِينِي بِزَوْجِكِ وَابْنَيْكِ ۔ فَجَاءَتْ بِهِمْ، فَاَلْقَى عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِسَاءً، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ آلُ مُحَمَّدٍ فَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: تُو اور تیرا شوہر اور اپنے دونوں بیٹوں کو میرے پاس لاؤ۔ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا ان کو لے کر آئیں، نبی پاک ﷺ نے ان پر چادر ڈال دی اور ان کو ڈھانپ لیا، پھر ان پر اپنا ہاتھ رکھا، پھر عرض کی: اے اللہ! یہ آلِ محمد ہیں! آلِ محمد پر رحمت اور برکات نازل فرما! تُو عزت و بزرگی والا اور تُو قابلِ تعریف ہے۔

2600 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ایک برتن میں ثرید لے کر

وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ الْفَزَارِيُّ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ تَقُولُ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ عُدَّيَةً بِثَرِيدٍ لَهَا تَحْمِلُهَا فِي طَبَقٍ لَهَا حَتَّى وَضَعَتْهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهَا: وَاَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟ قَالَتْ: هُوَ فِي الْبَيْتِ. قَالَ: اذْهَبِي فَادْعِيهِ وائْتِينِي بِابْنَيَّ. فَجَاءَتْ تَقُودُ ابْنَيْهَا كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِي يَدٍ، وَعَلِيٌّ يَمْشِي فِي اَثَرِهِمَا، حَتَّى دَخَلُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَجْلَسَهُمَا فِي حِجْرِهِ، وَجَلَسَ عَلِيٌّ عَنْ يَمِينِهِ، وَجَلَسَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فِي يَسَارِهِ. قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَاَخَذَتْ مِنْ تَحْتِي كِسَاءً كَانَ بِسَاطَنَا عَلَى الْمَنَامَةِ فِي الْبَيْتِ بِبُرْمَةٍ فِيهَا خَزِيرَةٌ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعِي لِي بَعْلَكِ وَابْنَيْكِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ. فَدَعَتْهُمْ فَجَلَسُوا جَمِيعًا يَاْكُلُونَ مِنْ تِلْكَ الْبُرْمَةِ. قَالَتْ: وَاَنَا اُصَلِّي فِي تِلْكَ الْحُجْرَةِ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33)، فَاَخَذَ فَضْلَ الْكِسَاءِ فَغَشَّاهُمْ، ثُمَّ اَخْرَجَ يَدَهُ الْيُمْنَى مِنَ الْكِسَاءِ وَاَلْوَى بِهَا اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي وَحَامَتِي فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا. قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: فَاَدْخَلْتُ رَاْسِي الْبَيْتَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاَنَا مَعَكُمْ؟ قَالَ: اَنْتِ عَلَى خَيْرٍ مَرَّتَيْنِ

آئیں یہاں تک کہ نبی پاک ﷺ کے آگے رکھا' نبی پاک ﷺ نے آپ سے فرمایا: آپ کا چچازاد کہاں ہے؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: وہ گھر میں ہیں۔ آپ نے فرمایا: تُو جا اور اس کو بلا اور میرے دونوں لخت جگر لے کر آؤ۔ حضرت سیّدہ اپنے دونوں لخت جگر لے کر آئیں اس حالت میں کہ ہر ایک کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ان دونوں کے پیچھے چل رہے تھے' جب حضور ﷺ کے پاس آئے تو آپ نے امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو اپنی گود میں بٹھایا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی دائیں جانب اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنی بائیں جانب۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے چادر نیچے سے پکڑی' ہم نے گھر میں دسترخوان بچھایا' اس میں خزیرہ رکھا۔ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: میرے داماد اور دونوں بیٹوں حسن و حسین کو بلاؤ۔ میں نے انہیں بلوایا' وہ سارے کھانے لگے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں گھر میں نماز پڑھ رہی تھی کہ یہ آیت نازل ہوئی: ''اللہ تم گھر والوں سے پلیدی دور کرنے کا ارادہ فرماتا ہے اور تمہیں خوب پاک کرنے کا''۔ آپ نے چادر پکڑی اور ان کو ڈھانپ لیا' پھر اپنا دایاں ہاتھ چادر سے نکال کر آسمان کی طرف اشارہ کیا' پھر عرض کی: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت اور خاص ہیں' ان سے پلیدی لے جا اور ان کو خوب پاک کر دے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اپنا سر گھر میں

2601 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا هَوْذَةُ بْنُ خَلِيفَةَ، ثنا عَوْفٌ، عَنْ عَطِيَّةَ أَبِي الْمُعَلِّلِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: اعْتَنَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَفَاطِمَةَ بِيَدٍ، وَحَسَنًا وَحُسَيْنًا بِيَدٍ، وعَطَفَ عَلَيْهِمْ خَمِيصَةً كَانَتْ عَلَيْهِ سَوْدَاءَ، وَقَبَّلَ عَلِيًّا وَقَبَّلَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ إِلَيْكَ لَا إِلَى النَّارِ أَنَا وَأَهْلُ بَيْتِي. قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: قُلْتُ: وَأَنَا؟ قَالَ: وَأَنْتِ

داخل کیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے ساتھ ہوں؟ آپ نے دومرتبہ فرمایا: تُو بھلائی پر ہے۔

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی و فاطمہ رضی اللہ عنہما کو ایک ہاتھ سے اور دوسرے ہاتھ سے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو پکڑا' ان پر چادر ڈالی' وہ چادر کالی تھی' آپ نے حضرت علی اور فاطمہ رضی اللہ عنہما کو چوما' پھر عرض کی: اے اللہ! میں اور میری اہل بیت جہنم میں نہیں جلیں گے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں؟ آپ نے فرمایا: تُو بھی۔

2602 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا جَعْفَرٌ الْأَحْمَرُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ فَاطِمَةَ جَاءَتْ بِطُعَيِّمٍ لَهَا إِلَى أَبِيهَا وَهُوَ عَلَى مَنَامَةٍ لَهُ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ: اذْهَبِي فَادْعِي ابْنَيَّ وَابْنَ عَمِّكِ. فَجَاءُوا فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي وَحَامَتِي فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا. قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: أَنْتِ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَى- أَوْ عَلَى- خَيْرٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کھانا لے کر اپنے والد کے پاس آئیں' آپ میرے گھر میں آرام کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: تُو جا اور اپنے دونوں بیٹوں اور اپنے چچازاد کو بلا۔ یہ حضرات آئے تو انہیں چادر سے ڈھانپ لیا' پھر آپ نے عرض کی: اے اللہ! یہ میرے گھر والے اور خاص ہیں' ان سے پلیدی دور کر دے اور انہیں خوب پاک کر دے۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یارسول اللہ! میں ان کے ساتھ ہوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میری بیوی ہے اور تُو بھلائی پر ہے۔

2603 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ كُلْثُومِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي عَمَّارٍ، قَالَ: إِنِّي لَجَالِسٌ عِنْدَ وَاثِلَةَ بْنِ

حضرت ابوعمار فرماتے ہیں کہ میں واثلہ بن اسقع کے پاس بیٹھا ہوا تھا' اچاک حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوا' آپ کو کسی نے بُرا بھلا کہا' جب وہ لوگ اُٹھنے

الْاَسْقَعِ، اِذْ ذَكَرُوا عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَشَتَمُوهُ، فَلَمَّا قَامُوا، قَالَ: اجْلِسْ حَتّٰى اُخْبِرَكَ عَنْ هٰذَا الَّذِي شَتَمُوا، اِنِّي عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ اِذْ جَاءَ عَلِيٌّ وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَاَلْقٰى عَلَيْهِمْ كِسَاءً لَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي، اللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا . فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاَنَا؟ قَالَ: وَاَنْتَ . قَالَ: فَوَاللّٰهِ اِنَّهَا لَاَوْثَقُ عَمَلٍ فِي نَفْسِي

لگے تو حضرت واثلہ نے فرمایا: بیٹھ! تا کہ میں اس کی شان بتاؤں! جس کو انہوں نے گالی دی ہے' میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا' اچانک حضرت علی' فاطمہ' حسن وحسین رضی اللہ عنہم تشریف لائے' آپ نے ان پر چادر ڈالی' پھر عرض کی: اے اللہ! یہ میرے گھر والے ہیں' ان سے پلیدی دور کر دے' ان کو خوب پاک کر دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں؟ آپ نے فرمایا: تو بھی۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! میں اپنے دل میں اس کو مضبوطی سے پاتا ہوں۔

2604 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، ثنا اَبُو عَمَّارٍ شَدَّادٌ، قَالَ: قَالَ وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعِ اللَّيْثِيُّ: كُنْتُ اُرِيدُ عَلِيًّا فَلَمْ اَجِدْ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: انْطَلَقَ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوهُ حَتّٰى يَاْتِيَ . قَالَ: فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ، فَدَخَلْتُ مَعَهُمَا، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسَنًا وَحُسَيْنًا، فَاَجْلَسَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى فَخِذِهِ، وَاَدْنٰى فَاطِمَةَ مِنْ حِجْرِهِ، ثُمَّ لَفَّ عَلَيْهِمْ ثَوْبَهُ وَاَنَا مُسْتَنِدٌ، ثُمَّ قَالَ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33) ، ثُمَّ قَالَ: هٰؤُلَاءِ اَهْلِي . قَالَ وَاثِلَةُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاَنَا مِنْ اَهْلِكَ؟ قَالَ: وَاَنْتَ مِنْ اَهْلِي . قَالَ وَاثِلَةُ: اِنَّهُ لَاَرْجٰى مَا

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملنا چاہتا تھا لیکن میری ملاقات نہ ہوسکی۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس جا رہی ہوں' آپ کو بلاتی ہوں' وہ آئیں گے۔ رسول اللہ ﷺ آئے اور علی بھی آئے تو میں دونوں کے ساتھ داخل ہوا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حضرت امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو بلاؤ! ان میں سے ہر ایک کو اپنی ران پر بٹھایا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اپنی گود کے قریب کیا اور ان سب پر کپڑا لپیٹا' میں ٹیک لگائے ہوئے تھا' پھر فرمایا: اللہ تم گھر والوں سے پلیدی دور کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور تمہیں خوب پاک کرنا چاہتا ہے۔ پھر فرمایا: یہ میرے گھر والے ہیں۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ

اَرْجُوهُ

کے گھر والوں میں سے ہوں؟ آپ نے فرمایا: تو بھی میرے گھر والوں سے ہے۔ حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جس کی میں نے اُمید کی وہ اُمید ملی۔

2605 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ بِبَيْتِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سِتَّةَ اَشْهُرٍ اِذَا خَرَجَ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ يَقُولُ: يَا اَهْلَ الْبَيْتِ الصَّلَاةَ، (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: **33**)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر کے پاس سے چھ ماہ تک گزرتے رہے، جب بھی آپ نمازِ فجر کے لیے نکلتے تو آپ فرماتے: اے گھر والو! نماز کا وقت ہو گیا ہے! ''انما یرید اللّٰہ الیٰ آخرہٖ''۔

2606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْاَنْمَاطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُورَ بْنَ اَبِي الْاَسْوَدِ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا دَاوُدَ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَمْرَاءِ يَقُولُ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِي بَابَ فَاطِمَةَ سِتَّةَ اَشْهُرٍ، فَيَقُولُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: **33**)

حضرت ابوحمراء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ چھ ماہ تک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے پر آتے رہے، یہ کہتے تھے: ''انما یرید اللّٰہ الیٰ آخرہٖ''۔

2607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت ''انما یرید اللّٰہ الیٰ آخرہٖ'' رسول اللہ ﷺ، حضرت علی، فاطمہ، حسن و حسین رضی اللہ عنہم کے متعلق نازل ہوئی۔

عَنْكُمُ الرِّجْسَ) (الاحزاب: 33) اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

2608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَسَّمَ الْخَلْقَ قِسْمَيْنِ، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهَا قِسْمًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (وَاَصْحَابُ الْيَمِينِ) (الواقعة: 27) (وَاَصْحَابُ الشِّمَالِ) (الواقعة: 41)، فَاَنَا مِنْ اَصْحَابِ الْيَمِينِ، وَاَنَا مِنْ خَيْرِ اَصْحَابِ الْيَمِينِ، ثُمَّ جَعَلَ الْقِسْمَيْنِ بُيُوتًا، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهِمَا بَيْتًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (فَاَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا اَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ، وَاَصْحَابُ الْمَشْاَمَةِ مَا اَصْحَابُ الْمَشْاَمَةِ، وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ) (الواقعة: 9)، فَاَنَا مِنْ خَيْرِ السَّابِقِينَ، ثُمَّ جَعَلَ الْبُيُوتَ قَبَائِلَ، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهَا قَبِيلَةً، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (شُعُوبًا وَقَبَائِلَ) (الحجرات: 13)، فَاَنَا اَتْقَى وَلَدِ آدَمَ وَاَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا فَخْرَ، ثُمَّ جَعَلَ الْقَبَائِلَ بُيُوتًا، فَجَعَلَنِي فِي خَيْرِهَا بَيْتًا، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: (اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا) (الاحزاب: 33)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے دو قسم کی مخلوق بنائی' مجھے ان قسم میں سے بہتر میں بنایا ہے' اللہ عزوجل کا ارشاد: ''دائیں طرف والے'' ''بائیں طرف والے'' میں دائیں طرف والوں میں سے ہوں اور دائیں طرف والوں میں سے بہتر ہوں' پھر دو قسموں کے گھر بنائے مجھے ان دونوں گھروں میں سے بہتر میں بنایا ہے۔ اللہ عزوجل کا ارشاد ہے: ''تو دائیں طرف والے' کیسے دائیں طرف والے اور بائیں طرف والے' کیسے بائیں طرف والے' جو سبقت لے گئے وہ سبقت لے گئے'' میں سبقت کرنے والوں میں سے بہتر ہوں' پھر گھروں کے قبیلے بنائے' تو مجھے اس میں بہتر قبیلہ میں بنایا اور ''تمہیں شاخیں اور قبیلے بنایا'' میں اولادِ آدم میں سب سے زیادہ متقی ہوں' اللہ کے ہاں زیادہ عزت والا ہوں' کوئی فخر نہیں! پھر قبائل کے گھر بنائے تو مجھے اس میں بہتر گھر میں بنایا' یہ مطلب ہے ارشادِ باری تعالیٰ کا: ''اللہ تو یہی چاہتا ہے کہ اے نبی کے گھر والو! تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کرے''۔

2609 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حَبِيبٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ الْمَكِّيِّ الْهِلَالِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَكَاتِهِ الَّتِي قُبِضَ فِيهَا، فَإِذَا فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عِنْدَ رَأْسِهِ. قَالَ: فَبَكَتْ حَتَّى ارْتَفَعَ صَوْتُهَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرْفَهُ إِلَيْهَا، فَقَالَ: حَبِيبَتِي فَاطِمَةُ مَا الَّذِي يُبْكِيكِ؟ فَقَالَتْ: أَخْشَى الضَّيْعَةَ مِنْ بَعْدِكَ. فَقَالَ: يَا حَبِيبَتِي، أَمَا عَلِمْتِ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اطَّلَعَ إِلَى الْأَرْضِ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا أَبَاكِ فَبَعَثَ بِرِسَالَتِهِ، ثُمَّ اطَّلَعَ اطِّلَاعَةً فَاخْتَارَ مِنْهَا بَعْلَكِ وَأَوْحَى إِلَيَّ أَنْ أُنْكِحَكِ إِيَّاهُ، يَا فَاطِمَةُ وَنَحْنُ أَهْلُ بَيْتٍ قَدْ أَعْطَانَا اللّٰهُ سَبْعَ خِصَالٍ لَمْ يُعْطَ أَحَدٌ قَبْلَنَا، وَلَا يُعْطَى أَحَدٌ بَعْدَنَا: أَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، وَأَكْرَمُ النَّبِيِّينَ عَلَى اللّٰهِ، وَأَحَبُّ الْمَخْلُوقِينَ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَأَنَا أَبُوكِ، وَوَصِيِّي خَيْرُ الْأَوْصِيَاءِ وَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللّٰهِ، وَهُوَ بَعْلُكِ، وَشَهِيدُنَا خَيْرُ الشُّهَدَاءِ وَأَحَبُّهُمْ إِلَى اللّٰهِ، وَهُوَ عَمُّكِ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهُوَ عَمُّ أَبِيكِ، وَعَمُّ بَعْلِكِ، وَمِنَّا مَنْ لَهُ جَنَاحَانِ أَخْضَرَانِ يَطِيرُ فِي الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِكَةِ حَيْثُ يَشَاءُ، وَهُوَ ابْنُ عَمِّ أَبِيكِ وَأَخُو بَعْلِكِ، وَمِنَّا سِبْطَا هَذِهِ الْأُمَّةِ، وَهُمَا ابْنَاكِ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، وَهُمَا سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَأَبُوهُمَا وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ خَيْرٌ مِنْهُمَا، يَا فَاطِمَةُ وَالَّذِي

حضرت علی بن علی مکی الہلالی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس اس بیماری میں آیا جس میں آپ نے وصال فرمایا' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کے سر کے پاس تھیں' آپ نے دعا پڑھی' جس وقت آپ کی آواز اونچی ہوئی تو آپ ﷺ نے آپ کی طرف نگاہ اُٹھائی' فرمایا: میری لخت جگر فاطمہ کیوں رو رہی ہیں؟ حضرت سیّدہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ کے بعد ضائع ہونے کا خوف ہے۔ آپ نے فرمایا: اے میری پیاری! کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے زمین پر دیکھا' ان میں سے تیرے باپ کو چنا' رسالت دے کر بھیجا' پھر دوسری دفعہ دیکھا تو ان میں سے تیرے شوہر کو چنا اور میری طرف وحی کی اس کا تجھ سے نکاح کرنے کی' اے فاطمہ! ہم گھر والوں کو اللہ عزوجل نے سات خصوصیات دی ہیں جو ہم سے پہلے کسی کو نہیں دی ہیں' نہ ہمارے بعد کسی کو دے گا' میں خاتم النبیین ہوں اور اللہ کے ہاں تمام انبیاء سے زیادہ عزت والا ہوں اور تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہوں' میں آپ کا والد ہوں' میرا وصی تمام وصیوں سے بہتر ہے اور اللہ کے ہاں محبوب ہیں' وہ تیرا شوہر ہے اور ہمارا شہید تمام شہداء سے بہتر ہے اور اللہ کا محبوب ہے' وہ آپ کا چچا حمزہ بن عبدالمطلب ہے (اس لحاظ سے کہ حضرت امیر حمزہ' نبی کریم ﷺ کے رضاعی بھائی بھی تھے) اور آپ کے والد کا چچا ہے اور تیرے شوہر کا چچا ہے اور ہم میں سے

بَعَثَنِي بِالْحَقِّ اِنَّ مِنْهُمَا مَهْدِيَّ هَذِهِ الْاُمَّةِ اِذَا صَارَتِ الدُّنْيَا هَرْجًا وَمَرْجًا، وَتَظَاهَرَتِ الْفِتَنُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَاَغَارَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَلَا كَبِيرَ يَرْحَمُ صَغِيرًا، وَلَا صَغِيرَ يُوَقِّرُ كَبِيرًا، فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ ذٰلِكَ مِنْهُمَا مَنْ يَفْتَتِحُ حُصُونَ الضَّلَالَةِ، وَقُلُوبًا غُلْفًا، يَقُومُ بِالدِّينِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ كَمَا قُمْتُ بِهِ فِي اَوَّلِ الزَّمَانِ، وَيَمْلَأُ الدُّنْيَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا، يَا فَاطِمَةُ لَا تَحْزَنِي وَلَا تَبْكِي؛ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَرْحَمُ بِكِ وَاَرْاَفُ عَلَيْكِ مِنِّي، وَذٰلِكَ لِمَكَانِكِ مِنِّي، وَمَوْضِعِكِ مِنْ قَلْبِي، وَزَوَّجَكِ اللّٰهُ زَوْجَكِ وَهُوَ اَشْرَفُ اَهْلِ بَيْتِكِ حَسَبًا، وَاَكْرَمُهُمْ مَنْصِبًا، وَاَرْحَمُهُمْ بِالرَّعِيَّةِ، وَاَعْدَلُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ، وَاَبْصَرُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ، وَقَدْ سَاَلْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ اَنْ تَكُونِي اَوَّلَ مَنْ يَلْحَقُنِي مِنْ اَهْلِ بَيْتِي ـ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَبْقَ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا بَعْدَهُ اِلَّا خَمْسَةً وَسَبْعِينَ يَوْمًا حَتَّى اَلْحَقَهَا اللّٰهُ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہے جس کے دو سبز پَر ہیں' ان کے ذریعے فرشتوں کے ساتھ اُڑتا ہے جہاں چاہتا ہے اور آپ کے والد کا چچازاد اور آپ کے شوہر کا بھائی ہے اور ہم میں سے اس امت کے دو سبط ہیں' وہ دونوں تیرے لخت جگر حسن و حسین ہیں' دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں' ان دونوں کے والد وہ ہیں وہ ذات جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے! جو دونوں سے بہتر ہیں' اے فاطمہ! وہ ذات جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے! اس اُمت میں ان دونوں سے مہدی ہو گا' جب دنیا میں قتل و غارت ہو گی' فتنے ہوں گے' سبھی راستے ختم ہوں گے' ایک دوسرے پر غارت کریں گے' بڑا چھوٹے پر اور چھوٹا بڑے پر رحم نہیں کرے گا۔ اللہ عزوجل اس وقت ان دونوں میں سے اس کو بھیجے گا جو گمراہی کے قلعے فتح کرے گا اور دلوں کی غفلت ختم کرے گا' آخری زمانہ میں دین کو ایسے قائم کرے گا جس طرح میں نے اوّل زمانہ میں قائم کیا تھا' دنیا کو انصاف سے بھرے گا جس طرح ظلم سے بھری ہوئی ہو گی' اے فاطمہ! پریشان نہ ہو اور رو نہیں! اللہ عزوجل آپ پر مجھ سے زیادہ رحم کرے گا اور نرمی کرے گا' اور یہ سب اس مقام و مرتبہ کی وجہ سے ہے' جو آپ کو مجھ سے حاصل ہے اور جو تیری جگہ میرے دل میں ہے' اللہ عزوجل نے جس بندے سے آپ کی شادی کے اسباب مہیا فرمائے ہیں' وہ آپ کے گھر والوں میں سے حسب کے لحاظ سے بندگی والا ہے اور منصب کے لحاظ سے بڑا عزت والا ہے' عوام پر

رحم کرنے والا ہے' برابری کرنے میں عدل کرنے والا ہے' فیصلہ کرنے میں بڑی بصیرت رکھنے والا ہے' میں نے اپنے رب سے یہ چیز مانگی ہے کہ میرے گھر والوں میں سے تُو مجھ سے پہلے ملے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کچھ بہتر دن زندہ رہیں' اس کے بعد اللہ عزوجل نے آپ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ملا دیا۔

2610 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، ثنا عَبْدُ الْمُنْعِمِ بْنُ اِدْرِيسَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ، وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا، فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ اِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا) (النصر: 2)، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ نَفْسِي قَدْ نُعِيَتْ. قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: الْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْاُولَى، وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى. فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا اَنْ يُنَادِيَ بِالصَّلَاةِ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُونَ وَالْاَنْصَارُ اِلَى مَسْجِدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ خَطَبَ خُطْبَةً وَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوبُ وَبَكَتِ الْعُيُونُ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اَيُّ نَبِيٍّ كُنْتُ لَكُمْ؟ فَقَالُوا: جَزَاكَ اللّٰهُ

حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں روایت ہے: ''جب اللہ تعالیٰ کی مدد آ گئی اور آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں اور اس سے استغفار کریں' کیونکہ وہ توبہ قبول کرنے والا ہے''۔ فرمایا: جب یہ سورت نازل ہوئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر آنے والی گھڑی آپ کے لیے پہلی گھڑی سے بہتر ہے اور آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ وہ نداء کر دیں کہ نماز تیار ہے۔ پس مہاجرین اور انصار مسجد نبوی شریف میں جمع ہو گئے' تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی' پھر ایک مختصر سا خطبہ دیا جس سے لوگوں کے دل ڈرنے لگے اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے' پھر آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے لیے

مِنْ نَبِيٍّ خَيْرًا؛ فَلَقَدْ كُنْتَ بِنَا كَالْاَبِ الرَّحِيمِ، وَكَالْاَخِ النَّاصِحِ الْمُشْفِقِ، اَدَّيْتَ رِسَالَاتِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَاَبْلَغْتَنَا وَحْيَهُ، وَدَعَوْتَ اِلَى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ، فَجَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازَى نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهِ. فَقَالَ لَهُمْ: مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ، اَنَا اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِحَقِّي عَلَيْكُمْ، مَنْ كَانَتْ لَهُ قِبَلِي مَظْلَمَةٌ فَلْيَقُمْ فَلْيَقْتَصَّ مِنِّي. فَلَمْ يَقُمْ اِلَيْهِ اَحَدٌ، فَنَاشَدَهُمُ الثَّانِيَةَ، فَلَمْ يَقُمْ اِلَيْهِ اَحَدٌ، فَنَاشَدَهُمُ الثَّالِثَةَ: مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِحَقِّي عَلَيْكُمْ مَنْ كَانَتْ لَهُ قِبَلِي مَظْلَمَةٌ فَلْيَقُمْ فَلْيَقْتَصَّ مِنِّي قَبْلَ الْقِصَاصِ فِي الْقِيَامَةِ. فَقَامَ مِنْ بَيْنِ الْمُسْلِمِينَ شَيْخٌ كَبِيرٌ يُقَالُ لَهُ عُكَّاشَةُ، فَتَخَطَّى الْمُسْلِمِينَ حَتَّى وَقَفَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي، لَوْلَا اَنَّكَ نَاشَدْتَنَا مَرَّةً بَعْدَ اُخْرَى مَا كُنْتُ بِالَّذِي يُقْدِمُ عَلَى شَيْءٍ مِنْ هَذَا، كُنْتُ مَعَكَ فِي غَزَاةٍ، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْنَا وَنَصَرَ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُنَّا فِي الْاِنْصِرَافِ حَاذَتْ نَاقَتِي نَاقَتَكَ فَنَزَلْتُ عَنِ النَّاقَةِ، وَدَنَوْتُ مِنْكَ لِاُقَبِّلَ فَخِذَكَ، فَرَفَعْتَ الْقَضِيبَ فَضَرَبْتَ خَاصِرَتِي، وَلَا اَدْرِي اَكَانَ عَمْدًا مِنْكَ، اَمْ اَرَدْتَ ضَرْبَ النَّاقَةِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُعِيذُكَ بِجَلَالِ اللّٰهِ اَنْ يَتَعَمَّدَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالضَّرْبِ، يَا بِلَالُ انْطَلِقْ اِلَى مَنْزِلِ فَاطِمَةَ وَائْتِنِي

کون سا نبی ہوں؟ تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے آپ کو اچھی جزاء دے! پس آپ ہمارے لیے مہربان باپ کی طرح اور شفقت کرنے والے مخلص بھائی کی طرح ہیں' آپ نے اللہ تعالیٰ کے پیغامات پہنچانے کا مخلص حق ادا کر دیا اور اللہ تعالیٰ کی وحی کو ہم تک پہنچایا' آپ نے اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ دعوت دی' اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے آپ کو اس سے افضل جزاء عطاء فرمائے! جو اُس نے کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمائی ہے۔ پس آپ نے اُن سے فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! میں تمہیں اللہ اور اپنے اس حق کی قسم دیتا ہوں جو میرا تمہارے اوپر ہے' جس آدمی پر میری طرف سے کوئی ظلم ہوا ہے' اُسے چاہیے کہ اُٹھے اور مجھ سے اس کا بدلہ لے لے۔ راوی کا بیان ہے: کوئی آدمی بھی نہ اُٹھا تو آپ نے ان کو دوسری بار قسم دی تو بھی کوئی آدمی اُٹھ کر آپ کی طرف نہ گیا تو آپ نے تیسری مرتبہ قسم دی: اے مسلمانوں کے گروہ! میری طرف سے جس پر کوئی ظلم ہوا ہے اسے چاہیے کہ وہ اُٹھے اور قیامت میں بدلہ لینے سے پہلے ابھی مجھ سے بدلہ لے لے۔ تو مسلمانوں کے درمیان سے ایک بوڑھا آدمی اُٹھا جس کو عکاشہ کہا جاتا تھا' اس نے مسلمانوں کے پاس سے لکیر کھینچنا شروع کی یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کے سامنے جا کھڑا ہوا اور عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ کیوں

بِالْقَضِيبِ الْمَمْشُوقِ ۔ فَخَرَجَ بِلَالٌ مِنَ الْمَسْجِدِ وَيَدُهُ عَلَى أُمِّ رَأْسِهِ، وَهُوَ يُنَادِي: هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي الْقِصَاصَ مِنْ نَفْسِهِ۔ فَقَرَعَ الْبَابَ عَلَى فَاطِمَةَ، فَقَالَ: يَا بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ نَاوِلِينِي الْقَضِيبَ الْمَمْشُوقَ۔ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: يَا بِلَالُ وَمَا يَصْنَعُ أَبِي بِالْقَضِيبِ وَلَيْسَ هَذَا يَوْمَ حَجٍّ وَلَا يَوْمَ غَزَاةٍ؟ فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ مَا أَغْفَلَكِ عَمَّا فِيهِ أَبُوكِ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَدِّعُ الدِّينَ وَيُفَارِقُ الدُّنْيَا، وَيُعْطِي الْقِصَاصَ مِنْ نَفْسِهِ۔ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: يَا بِلَالُ وَمَنْ ذَا الَّذِي تَطِيبُ نَفْسُهُ أَنْ يَقْتَصَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ يَا بِلَالُ فَقُلْ لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ يَقُومَانِ إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فَيَقْتَصُّ مِنْهُمَا، وَلَا يَدَعَانِهِ يَقْتَصُّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ فَدَخَلَ بِلَالٌ الْمَسْجِدَ، وَدَفَعَ الْقَضِيبَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَضِيبَ إِلَى عُكَّاشَةَ، فَلَمَّا نَظَرَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِلَى ذَلِكَ، قَامَا فَقَالَا: يَا عُكَّاشَةُ هَذَانِ نَحْنُ بَيْنَ يَدَيْكَ فَاقْتَصَّ مِنَّا، وَلَا تَقْتَصَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ فَقَالَ لَهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: امْضِ يَا أَبَا بَكْرٍ وَأَنْتَ يَا عُمَرُ، فَامْضِ فَقَدْ عَرَفَ اللّٰهُ مَكَانَكُمَا وَمَقَامَكُمَا ۔ فَقَامَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: يَا عُكَّاشَةُ أَنَا فِي الْحَيَاةِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

بار بار ہمیں قسمیں دے رہے ہیں' میں کسی شی پر اس سے اقدام نہیں کرتا' میں ایک جنگ میں آپ کے ساتھ تھا' جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں فتح عطا فرمائی تھی اور اپنے نبی کی مدد فرمائی تھی اور ہم لوٹ رہے تھے' میری اونٹنی آپ کی اونٹنی کے قریب ہوئی اور میں آپ کے قریب ہوا تا کہ آپ کی ران کو بوسہ دوں' آپ نے ڈنڈا اُٹھایا اور میری پیٹھ پر مارا' مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے مجھے جان بوجھ کر مارا یا اونٹنی کو مارنے کا ارادہ کیا (اور مجھے لگ گیا) پس رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے جلال کی پناہ چاہتا ہوں کہ اللہ کے رسول تجھے جان بوجھ کر مارین! اے بلال! فاطمہ کے گھر جاؤ اور وہی والا پتلا لمبا ڈنڈا لے کے آؤ۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ مسجد سے نکلے اس حال میں کہ ان کا ہاتھ ان کے سر پر تھا اور وہ بلند آواز سے نداء دے رہے تھے: یہ اللہ کے رسول ہیں جو اپنی طرف سے قصاص عطا فرما رہے ہیں' انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ کا دروازہ کھٹکھٹایا اور عرض کی: اے اللہ کے رسول کی بیٹی! مجھے وہی لمبا ڈنڈا عطا فرمائیں! تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے بلال! میرے والد گرامی ڈنڈے سے کیا کرنا چاہتے ہیں؟ نہ تو یہ حج کا دن ہے اور نہ ہی کسی جنگ کا دن ہے؟ آپ نے عرض کی: اے فاطمہ! آپ کے والد گرامی اس حالت میں آپ خوب جانتی ہیں بے شک رسول کریم ﷺ دین کو الوداع کہہ رہے ہیں اور دنیا سے جدائی اختیار فرما رہے ہیں اور اپنی طرف سے قصاص

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تَطِيبُ نَفْسِي اَنْ يُضْرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهٰذَا ظَهْرِي وَبَطْنِي، اقْتَصَّ مِنِّي بِيَدِكَ وَاجْلِدْنِي مِئَةً، وَلَا تَقْتَصَّ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اقْعُدْ فَقَدْ عَرَفَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَقَامَكَ وَنِيَّتَكَ. وَقَامَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَقَالَا: يَا عُكَّاشَةُ اَلَيْسَ تَعْلَمُ اَنَّا سِبْطَا رَسُولِ اللّٰهِ؟ فَالْقِصَاصُ مِنَّا كَالْقِصَاصِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقَالَ لَهُمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْعُدَا يَا قُرَّةَ عَيْنِي، لَا نَسِيَ اللّٰهُ لَكُمَا هٰذَا الْمُقَامَ. ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عُكَّاشَةُ اضْرِبْ اِنْ كُنْتَ ضَارِبًا. فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ضَرَبْتَنِي وَاَنَا حَاسِرٌ عَنْ بَطْنِي. فَكَشَفَ عَنْ بَطْنِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَاحَ الْمُسْلِمُونَ بِالْبُكَاءِ، وَقَالُوا: اَتُرَى عُكَّاشَةُ ضَارِبٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَلَمَّا نَظَرَ عُكَّاشَةُ اِلَى بَيَاضِ بَطْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ الْقَبَاطِيُّ، لَمْ يَمْلِكْ اَنْ كَبَّ عَلَيْهِ وَقَبَّلَ بَطْنَهُ، وَهُوَ يَقُولُ: فِدَاءٌ لَكَ اَبِي وَاُمِّي، وَمَنْ تُطِيقُ نَفْسُهُ اَنْ يَقْتَصَّ مِنْكَ؟ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِمَّا اَنْ تَضْرِبَ، وَاِمَّا اَنْ تَعْفُوَ. فَقَالَ: قَدْ عَفَوْتُ عَنْكَ رَجَاءَ اَنْ يَعْفُوَ اللّٰهُ عَنِّي فِي الْقِيَامَةِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى هٰذَا الشَّيْخِ. فَقَامَ

عطا فرمانا چاہتے ہیں۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے بلال! وہ کون آدمی ہے جس کو پسند ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے بدلہ لے؟ اے بلال! حسن وحسین سے کہو کہ وہ اُٹھ کر اس آدمی کے سامنے کھڑے ہو جائیں اور وہ اس سے بدلہ لے لے اور وہ اس کو رسول کریم ﷺ سے بدلہ نہ لینے دیں۔ تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ ڈنڈا لے کر مسجد میں داخل ہوئے اور رسول کریم ﷺ کے حوالے کر دیا اور رسول کریم ﷺ نے وہ ڈنڈا حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کو دے دیا' پس جب حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی اس طرف نظر پڑی تو وہ دونوں کھڑے ہو گئے اور کہا: اے عکاشہ! یہ ہم دونوں آپ کے سامنے ہیں' تو ہم سے کہا: جس نے رسول کریم ﷺ سے قصاص نہ لے' نبی کریم ﷺ نے ان کے لیے فرمایا: اے ابوبکر! آپ جائیں اور اے عمر! آپ بھی جائیں' اللہ تعالیٰ آپ دونوں کے مقام وم رتبہ کو پہچانتا ہے' اس کے بعد حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: اے عکاشہ! میں رسول کریم ﷺ کے سامنے ہوں' میرا دل نہیں کرتا کہ رسول کریم ﷺ کو ضرب لگے' یہ میری پیٹھ اور پیٹ حاضر ہے' وہ اپنے ہاتھ کے ساتھ مجھ سے قصاص لے اور مجھے سو کوڑے مار لیکن رسول کریم ﷺ سے قصاص نہ لے' تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! آپ بیٹھ جائیں! اللہ تعالیٰ آپ کے مقام اور نیت کو پہچانتا ہے۔ اس کے بعد حضرت امام حسن اور حسین رضی اللہ

الْمُسْلِمُونَ، فَجَعَلُوا يُقَبِّلُونَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْ عُكَّاشَةَ، وَيَقُولُونَ: طُوبَاكَ طُوبَاكَ، نِلْتَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى وَمُرَافَقَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَمَرِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ، فَكَانَ مَرِيضًا ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا يَعُودُهُ النَّاسُ، وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَبُعِثَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَقُبِضَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، فَلَمَّا كَانَ فِي يَوْمِ الْأَحَدِ ثَقُلَ فِي مَرَضِهِ، فَأَذَّنَ بِلَالٌ بِالْأَذَانِ، ثُمَّ وَقَفَ بِالْبَابِ فَنَادَى: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، الصَّلَاةَ رَحِمَكَ اللّٰهُ. فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ بِلَالٍ، فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: يَا بِلَالُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَوْمَ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ. فَدَخَلَ بِلَالٌ الْمَسْجِدَ، فَلَمَّا أَسْفَرَ الصُّبْحُ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا أُقِيمُهَا أَوْ أَسْتَأْذِنَ سَيِّدِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَرَجَعَ فَقَامَ بِالْبَابِ وَنَادَى: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، الصَّلَاةَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ. فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ بِلَالٍ، فَقَالَ: ادْخُلْ يَا بِلَالُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ، مُرْ أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّ بِالنَّاسِ. فَخَرَجَ وَيَدُهُ عَلَى أُمِّ رَأْسِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: وَاغَوْثَا بِاللّٰهِ، وَانْقِطَاعَ رَجَائِهِ، وَانْقِطَاعَ رَجَائِهِ، وَانْقِصَامَ ظَهْرِي، لَيْتَنِي لَمْ تَلِدْنِي أُمِّي، وَإِذْ وَلَدَتْنِي لَمْ أَشْهَدْ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا الْيَوْمَ. ثُمَّ

عنہ کھڑے ہوئے اور کہا: اے عکاشہ! کیا تُو نہیں جانتا ہے کہ ہم دونوں رسول کریم ﷺ کے نواسے ہیں؟ پس ہم سے بدلہ لینا رسول کریم ﷺ سے بدلہ لینے کی طرح ہے۔ تو رسول کریم ﷺ نے ان دونوں کو فرمایا: اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک! بیٹھ جایئے! اللہ تعالیٰ کو آپ کے اس مقام سے بھول نہیں ہے۔ پھر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے عکاشہ! اگر تو نے مارنا ہے تو مارو! تو اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ نے مجھے اس حال میں مارا کہ میرا پیٹ ننگا تھا! تو نبی کریم ﷺ نے اپنے پیٹ سے کپڑا ہٹا دیا' یہ دیکھ کر مسلمانوں کی چیخیں نکل گئیں اور سب نے مل کر کہا: اے عکاشہ! کیا تُو رسول کریم ﷺ کو مارے گا! تو حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی نظر حضور ﷺ کے پیٹ کی سفیدی پر پڑی گویا کہ وہ سونے کی ڈلی ہے' وہ اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکے' آپ پر جھک گئے اور آپ کے پیٹ مبارک کو بوسہ دیا اور زبان سے کہہ رہے تھے: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں! کس اُمتی میں طاقت ہے کہ آپ سے قصاص لے؟ نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: تمہیں دو کاموں میں سے ایک کام ضرور کرنا ہوگا' یا تم ڈنڈا مارو گے یا معاف کرو گے؟ اس نے عرض کی: میں نے آپ کو معاف کیا اس اُمید پر کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مجھے معاف فرمائے گا۔ تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کا ارادہ ہو کہ وہ جنت میں میرا رفیق دیکھے' اسے چاہیے کہ

قَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ، اَلَا اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَكَ اَنْ تُصَلِّيَ بِالنَّاسِ. فَتَقَدَّمَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لِلنَّاسِ، وَكَانَ رَجُلًا رَقِيقًا، فَلَمَّا نَظَرَ اِلَى خَلْوَةِ الْمَكَانِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَتَمَالَكْ اَنْ خَرَّ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ، وَصَاحَ الْمُسْلِمُونَ بِالْبُكَاءِ، فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَجِيجَ النَّاسِ، فَقَالَ: مَا هٰذِهِ الضَّجَّةُ؟، قَالُوا: ضَجَّةُ الْمُسْلِمِينَ لِفَقْدِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ وَابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَاتَّكَاَ عَلَيْهِمَا، فَخَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ اَقْبَلَ بِوَجْهِهِ الْمَلِيحِ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ، اَنْتُمْ فِي رَجَاءِ اللّٰهِ وَاَمَانِهِ، وَاللّٰهُ خَلِيفَتِي عَلَيْكُمْ، مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ، عَلَيْكُمْ بِاتِّقَاءِ اللّٰهِ وَحِفْظِ طَاعَتِهِ مِنْ بَعْدِي، فَاِنِّي مُفَارِقٌ الدُّنْيَا، هٰذَا اَوَّلُ يَوْمٍ مِنَ الْآخِرَةِ، وَآخِرُ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا. فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الِاثْنَيْنِ اشْتَدَّ بِهِ الْاَمْرُ، وَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَى مَلَكِ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِ اهْبِطْ اِلَى حَبِيبِي وَصَفِيِّي مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَحْسَنِ صُورَةٍ، وَارْفُقْ بِهِ فِي قَبْضِ رُوحِهِ، فَهَبَطَ مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَفَ بِالْبَابِ شِبْهَ اَعْرَابِيٍّ، ثُمَّ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بَيْتِ النُّبُوَّةِ، وَمَعْدِنَ الرِّسَالَةِ، وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ، اَدْخُلُ؟ فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا لِفَاطِمَةَ:

اس بوڑھے آدمی کو دیکھ لے۔ مسلمان اُٹھے اور حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسے دینے لگے اور زبان سے کہہ رہے تھے: آپ کو مبارک ہو! آپ کو مبارک ہو! تُو بلند درجات پانے میں کامیاب ہوگیا اور نبی کریم ﷺ کی رفاقت حاصل کر لی۔ رسول کریم ﷺ اسی دن سے بیمار ہوئے اور اٹھارہ دن بیماری کی حالت میں گزر گئے' لوگ آپ کی بیمار پرسی کرتے رہے' نبی کریم ﷺ سوموار کے دن پیدا ہوئے اور سوموار کے دن ہی بعثت ہوئی اور سوموار کے دن ہی آپ کا وصال ہوا' پس جب ہفتے کا دن آیا تو آپ کی مرض میں اضافہ ہوگیا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی پھر دروازے پر آ کر کھڑے ہوئے اور نداء دینے لگے: السلام علیک یا رسول اللہ ورحمۃ اللہ الصلوٰۃ رحمک اللہ! (اے اللہ کے رسول! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت ہو! نماز کا وقت ہوگیا ہے' اللہ آپ پر رحم فرمائے)۔ پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی آواز سنی تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے بلال! رسول کریم ﷺ کو آج اپنی جان کا خیال ہے' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ مسجد میں چلے گئے' پس جب صبح خوب روشن ہوگئی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس وقت تک اقامت نہیں پڑھوں گا جب تک اپنے آقا رسول اللہ ﷺ سے اجازت نہ لے لوں' پس وہ لوٹے اور نبی کریم ﷺ کے دروازے پر آئے' نداء دی: اے اللہ کے رسول!

اَجِيبِي الرَّجُلَ ۔ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: آجَرَكَ اللّٰهُ فِي مَمْشَاكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ۔ فَدَعَا الثَّانِيَةَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا فَاطِمَةُ اَجِيبِي الرَّجُلَ ۔ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ: آجَرَكَ اللّٰهُ فِي مَمْشَاكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ مَشْغُولٌ بِنَفْسِهِ ۔ ثُمَّ دَعَا الثَّالِثَةَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ بيت النُّبُوَّةِ، وَمَعْدِنَ الرِّسَالَةِ، وَمُخْتَلَفَ الْمَلَائِكَةِ، اَاَدْخُلُ؟ فَلَابُدَّ مِنَ الدُّخُولِ ۔ فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَ مَلَكِ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ مَنْ بِالْبَابِ؟ فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ رَجُلًا بِالْبَابِ يَسْتَاْذِنُ فِي الدُّخُولِ، فَاَجَبْنَاهُ مَرَّةً بَعْدَ اُخْرَى، فَنَادَى فِي الثَّالِثَةِ صَوْتًا اقْشَعَرَّ مِنْهُ جِلْدِي، وارْتَعَدَتْ فَرَائِصِي ۔ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فَاطِمَةُ، اَتَدْرِينَ مَنْ بِالْبَابِ؟ هَذَا هَادِمُ اللَّذَّاتِ، وَمُفَرِّقُ الْجَمَاعَاتِ، هَذَا مُرَمِّلُ الْاَزْوَاجِ، وَمُوتِمُ الْاَوْلَادِ، هَذَا مُخَرِّبُ الدُّورِ، وَعَامِرُ الْقُبُورِ، هَذَا مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ادْخُلْ رَحِمَكَ اللّٰهُ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ ۔ فَدَخَلَ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَلَكَ الْمَوْتِ، جِئْتَنِي زَائِرًا اَمْ قَابِضًا؟ قَالَ: جِئْتُكَ زَائِرًا وَقَابِضًا، وَاَمَرَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ لَا اَدْخُلَ عَلَيْكَ اِلَّا بِاِذْنِكَ، وَلَا اَقْبِضَ رُوحَكَ اِلَّا بِاِذْنِكَ، فَاِنْ اَذِنْتَ وَاِلَّا رَجَعْتُ اِلَى رَبِّي

آپ پر سلام ہو اور اس کی رحمت اور اس کی برکتیں' نماز تیار ہے' اللہ آپ پر رحم فرمائے۔ پس رسول کریم ﷺ نے آواز سنی تو فرمایا: اے بلال! داخل ہو جا! بے شک رسول کریم ﷺ کو اپنی جان کا خیال ہے اور ابوبکر کو کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے' پس وہ اس حال میں نکلے کہ انہوں نے اپنا ہاتھ سر کی چوٹی پر رکھا ہوا تھا اور زبان سے کہہ رہے تھے: ہائے اللہ کی مدد! آپ ﷺ کے اس دنیا پر رہنے کی اُمید ختم ہوگئی' اس دنیا پر رہنے کی اُمید ختم ہوگئی اور میری کمر ٹوٹ گئی' کاش! مجھے میری ماں نے نہ جنا ہوتا اور جب میری ماں نے مجھے جنا تھا تو آج کا دن رسول کریم ﷺ کے پاس حاضر نہ ہوتا' یعنی فوت ہوگیا ہوتا۔ پھر کہا: اے ابوبکر! خبردار! رسول کریم ﷺ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھانے کے لیے آگے ہوئے' وہ نرم دل آدمی تھے جب ان کی نظر اس جگہ پر پڑی جہاں رسول کریم ﷺ موجود ہوتے تھے تو وہ خالی تھی' آپ اپنے آپ پر قابو نہ رکھ سکے' غش کھا کر گر پڑے' مسلمانوں کی چیخیں نکل گئیں۔ رسول کریم ﷺ نے لوگوں کا شور سنا تو فرمایا: یہ شور کیسا ہے؟ انہوں نے کہا: مسلمانوں کا شور ہے' آپ کے ان کے پاس نہ ہونے کی وجہ سے اے اللہ کے رسول!۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کو بلایا' دونوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر آپ مسجد میں تشریف لے گئے'

عَزَّ وَجَلَّ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَلَكَ الْمَوْتِ، اَيْنَ خَلَّفْتَ حَبِيبِي جِبْرِيلَ؟ قَالَ: خَلَّفْتُهُ فِي السَّمَاءِ الدُّنْيَا وَالْمَلَائِكَةُ يُعَزُّونَهُ فِيكَ، فَمَا كَانَ بِاَسْرَعِ اَنْ اَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَعَدَ عِنْدَ رَاْسِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، هٰذَا الرَّحِيلُ مِنَ الدُّنْيَا، فَبَشِّرْنِي مَا لِي عِنْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اُبَشِّرُكَ يَا حَبِيبَ اللّٰهِ اَنِّي قَدْ تَرَكْتُ اَبْوَابَ السَّمَاءِ قَدْ فُتِحَتْ، وَالْمَلَائِكَةَ قَدْ قَامُوا صُفُوفًا صُفُوفًا بِالتَّحِيَّةِ وَالرَّيْحَانِ يُحَيُّونَ رُوحَكَ يَا مُحَمَّدُ. فَقَالَ: لِوَجْهِ رَبِّيَ الْحَمْدُ، وَبَشِّرْنِي يَا جِبْرِيلُ. قَالَ: اُبَشِّرُكَ اَنَّ اَبْوَابَ الْجِنَانِ قَدْ فُتِحَتْ، وَاَنْهَارَهَا قَدِ اطَّرَدَتْ، وَاَشْجَارَهَا قَدْ تَدَلَّتْ، وَحُورَهَا قَدْ تَزَيَّنَتْ لِقُدُومِ رُوحِكَ يَا مُحَمَّدُ. قَالَ: لِوَجْهِ رَبِّيَ الْحَمْدُ، فَبَشِّرْنِي يَا جِبْرِيلُ. قَالَ: اَنْتَ اَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ فِي الْقِيَامَةِ. قَالَ: لِوَجْهِ رَبِّيَ الْحَمْدُ. قَالَ جِبْرِيلُ: يَا حَبِيبِي، عَمَّ تَسْاَلُنِي؟ قَالَ: اَسْاَلُكَ عَنْ غَمِّي وَهَمِّي، مَنْ لِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ مِنْ بَعْدِي؟ مَنْ لِصَوْمِ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ بَعْدِي؟ مَنْ لِحَاجِّ بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ مِنْ بَعْدِي؟ مَنْ لِاُمَّتِي الْمُصْطَفَاةِ مِنْ بَعْدِي؟ قَالَ: اَبْشِرْ يَا حَبِيبَ اللّٰهِ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: قَدْ حَرَّمْتُ الْجَنَّةَ عَلَى جَمِيعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاُمَمِ حَتَّى تُدَاخِلَهَا اَنْتَ وَاُمَّتُكَ يَا مُحَمَّدُ. قَالَ: الْآنَ طَابَتْ نَفْسِي، اِذَنْ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ فَانْتَهِ اِلَى مَا اُمِرْتَ. فَقَالَ عَلِيٌّ

لوگوں کو مختصر سی دو رکعتیں پڑھائیں' پھر اپنا خوبصورت چہرہ اُن کی طرف کیا اور فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ! میں آپ لوگوں کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں' تم اللہ تعالیٰ کی اُمید اور اس کی امان میں ہو' اللہ ہی تمہارا محافظ ہے' اے مسلمانوں کے گروہ! تمہارے اوپر اللہ سے ڈرنا لازم ہے اور میرے بعد اس کی اطاعت کی حفاظت بھی ضروری ہے کیونکہ میں دنیا کو چھوڑنے والا ہوں' آج آخرت کا پہلا دن ہے اور دنیا کا آخری دن ہے۔ پس جب سوموار کا دن آیا تو آپ کی بیماری میں اضافہ ہو گیا' اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کی طرف وحی فرمائی کہ میرے حبیب اور میرے چنے ہوئے محمد ﷺ کی طرف چلے جاؤ اور انتہائی خوبصورت شکل اختیار کر کے حاضری دینا اور آپ کی روح قبض کرنے میں بہت زیادہ نرمی سے کام لینا' پس حضرت ملک الموت زمین پر اُترے' ایک اعرابی کی طرح آپ ﷺ کے دروازے پر آ کر کھڑے ہو گئے' پھر عرض کرنے لگے: السلام علیکم! اے نبوت کے گھر والو! معدنِ رسالت اور فرشتوں کے بار بار آنے جانے کی جگہ! کیا مجھے اندر آنے کی اجازت ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: آدمی کو جواب دو! تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے بندے! اللہ تجھے ہر قدم پر اجر عطا فرمائے! رسول کریم ﷺ کو اپنی جان کا خیال ہے۔ اس نے دوبارہ صدا دی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِذَا أَنْتَ قُبِضْتَ فَمَنْ يُغَسِّلُكَ؟ وَفِيمَ نُكَفِّنُكَ؟ وَمَنْ يُصَلِّي عَلَيْكَ؟ وَمَنْ يَدْخُلُ الْقَبْرَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ أَمَّا الْغُسْلُ فَاغْسِلْنِي أَنْتَ، وَالْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ يَصُبُّ عَلَيْكَ الْمَاءَ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثَالِثُكُمَا، فَإِذَا أَنْتُمْ فَرَغْتُمْ مِنْ غُسْلِي فَكَفِّنُونِي فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ جُدُدٍ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَأْتِينِي بِحَنُوطٍ مِنَ الْجَنَّةِ، فَإِذَا أَنْتُمْ وَضَعْتُمُونِي عَلَى السَّرِيرِ فَضَعُونِي فِي الْمَسْجِدِ وَاخْرُجُوا عَنِّي، فَإِنَّ أَوَّلَ مَنْ يُصَلِّي عَلَيَّ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ، ثُمَّ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، ثُمَّ مِيكَائِيلُ، ثُمَّ إِسْرَافِيلُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، ثُمَّ الْمَلَائِكَةُ زُمَرًا زُمَرًا، ثُمَّ ادْخُلُوا، فَقُومُوا صُفُوفًا لَا يَتَقَدَّمُ عَلَيَّ أَحَدٌ . فَقَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا: الْيَوْمَ الْفِرَاقُ، فَمَتَى أَلْقَاكَ؟ فَقَالَ لَهَا: يَا بُنَيَّةُ، تَلْقَيْنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ الْحَوْضِ وَأَنَا أَسْقِي مَنْ يَرِدُ عَلَى الْحَوْضِ مِنْ أُمَّتِي . قَالَتْ: فَإِنْ لَمْ أَلْقَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَلْقَيْنِي عِنْدَ الْمِيزَانِ وَأَنَا أَشْفَعُ لِأُمَّتِي . قَالَتْ: فَإِنْ لَمْ أَلْقَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَلْقَيْنِي عِنْدَ الصِّرَاطِ وَأَنَا أُنَادِي رَبِّي سَلِّمْ أُمَّتِي مِنَ النَّارِ . فَدَنَا مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَالِجُ قَبْضَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا بَلَغَ الرُّوحُ الرُّكْبَتَيْنِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوْهِ . فَلَمَّا بَلَغَ الرُّوحُ السُّرَّةَ نَادَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

آدمی کو جواب دو! حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے اللہ کے بندے! اللہ تعالیٰ تجھے ہر قدم پر اجر عطا فرمائے! رسول کریم ﷺ کو اپنی جان کا خیال ہے' تھوڑی دیر گزرنے کے بعد اس نے پھر صدا دی: کیا میں داخل ہو سکتا ہوں؟ مجھے ضرور داخل ہونا ہے۔ تو رسول کریم ﷺ نے حضرت عزرائیل علیہ السلام کی آواز سن لی' فرمایا: اے فاطمہ! دروازے پر کون ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! ایک آدمی دروازے پر اندر آنے کی اجازت مانگ رہا ہے' ہم نے اسے دو مرتبہ جواب دیا ہے تو اس نے تیسری بار صدا دی جس سے میری جان کانپنے لگی۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! کیا تُو جانتی ہے دروازے پر کون ہے؟ یہ لذتوں کو ختم کرنے والا ہے' جماعتوں کو بکھیرنے والا ہے' یہ عورتوں کو بیوہ کرنے والا' بچوں کو یتیم کرنے والا ہے' یہ گھروں کو بے آباد اور قبروں کو آباد کرنے والا ہے' یہ ملک الموت ہے۔ فرمایا: اے ملک الموت! اللہ آپ پر رحم کرے! داخل ہو جاؤ۔ پس ملک الموت' رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے ملک الموت! تم صرف میری زیارت کرنے کے لیے آئے ہو یا جان قبض کرنے کیلئے؟ اُس نے عرض کی: میں دونوں کام کرنے کیلئے آپ کے پاس آیا ہوں' مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ میں آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے پاس داخل نہ ہوں اور آپ کی روح آپ کی اجازت کے بغیر نہ

وَاكَرْبَاهُ . فَقَالَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ: كَرْبِي يَا اَبَتَاهُ. فَلَمَّا بَلَغَ الرُّوحُ اِلَى الثُّنْدُوَةِ نَادَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، مَا اَشَدَّ مَرَارَةَ الْمَوْتِ . فَوَلَّى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجْهَهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جِبْرِيلُ، كَرِهْتَ النَّظَرَ اِلَيَّ؟ فَقَالَ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَبِيبِي، وَمَنْ تُطِيقُ نَفْسُهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَيْكَ وَاَنْتَ تُعَالِجُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ؟ فَقُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَسَّلَهُ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ الْمَاءَ، وَجِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعَهُمَا، وَكُفِّنَ بِثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ جُدُدٍ، وَحُمِلَ عَلَى سَرِيرٍ، ثُمَّ اَدْخَلُوهُ الْمَسْجِدَ، وَوَضَعُوهُ فِي الْمَسْجِدِ، وَخَرَجَ النَّاسُ عَنْهُ، فَاَوَّلُ مَنْ صَلَّى عَلَيْهِ الرَّبُّ تَعَالَى مِنْ فَوْقِ عَرْشِهِ، ثُمَّ جِبْرِيلُ، ثُمَّ مِيكَائِيلُ، ثُمَّ اِسْرَافِيلُ، ثُمَّ الْمَلَائِكَةُ زُمَرًا زُمَرًا . قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: لَقَدْ سَمِعْنَا فِي الْمَسْجِدِ هَمْهَمَةً، وَلَمْ نَرَ لَهُمْ شَخْصًا، فَسَمِعْنَا هَاتِفًا يَهْتِفُ وَيَقُولُ: ادْخُلُوا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ فَصَلُّوا عَلَى نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . فَدَخَلْنَا، وَقُمْنَا صُفُوفًا صُفُوفًا كَمَا اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرْنَا بِتَكْبِيرِ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَصَلَّيْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَلَاةِ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، مَا تَقَدَّمَ مِنَّا اَحَدٌ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ

لوں! اگر آپ اجازت دیں تو ٹھیک ہے ورنہ میں اپنے رب کے پاس لوٹ جاؤں! تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے ملک الموت! میرے محبوب جبرائیل علیہ السلام آپ کہاں رہ گئے ہیں! انہوں نے عرض کی: میں نے انہیں آسمانِ دنیا میں چھوڑا ہے جب کہ دوسرے ملائکہ آپ کے حوالے سے ان سے تعزیت کر رہے ہیں۔ زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ جبرائیل علیہ السلام آ گئے اور آپ کے سر کے پاس آ کر بیٹھ گئے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے جبرائیل! آج دنیا سے کوچ کا دن ہے' مجھے خوشخبری سنائیں کہ اللہ کے پاس میرے لیے کیا اجر ہے! حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ میں نے آسمان کے دروازے کھلے چھوڑے ہیں اور ملائکہ صف در صف کھڑے ہیں کہ وہ آپ کی روح کو سلام پیش کریں! تو آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! اے جبرائیل! اگلی بشارت دیجئے! مجھے بشارت دیجئے! تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کہ جنتوں کے دروازے کھلے ہیں' اس کی نہریں بہہ رہی ہیں' اس کے درختوں کے سائے قریب ہیں' اس کی حوریں زینت اختیار کیے ہوئے ہیں تا کہ آپ کی روح کو خوش آمدید کہیں' اے محمد ﷺ! آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! مجھے اور خوشخبری سنایئے! اے جبرائیل!۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا: آپ سب سے پہلے سفارش کرنے

الْقَبْرَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَعَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمْ، وَدُفِنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْصَرَفَ النَّاسُ قَالَتْ فَاطِمَةُ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: يَا اَبَا الْحَسَنِ، دَفَنْتُمْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا: كَيْفَ طَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوا التُّرَابَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ اَمَا كَانَ فِي صُدُورِكُمْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحْمَةُ، اَمَا كَانَ مُعَلِّمَ الْخَيْرِ؟ قَالَ: بَلَى يَا فَاطِمَةُ، وَلٰكِنْ اَمْرُ اللّٰهِ الَّذِي لَا مَرَدَّ لَهُ. فَجَعَلَتْ تَبْكِي وَتَنْدُبُ، وَهِيَ تَقُولُ: يَا اَبَتَاهُ، الْآنَ انْقَطَعَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَكَانَ جِبْرِيلُ يَاْتِينَا بِالْوَحْيِ مِنَ السَّمَاءِ

والے ہیں اور سب سے پہلے آپ کی سفارش قیامت کے دن قبول کی جائے گی۔ آپ نے فرمایا: میرے رب کیلئے حمد ہے! حضرت جبرائیل علیہ السالم نے عرض کی: اے میرے محبوب! آپ مجھ سے کس چیز کا سوال کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ جو مجھے غم ہے وہی تجھے لگ جائے! میرے بعد قرآن کے قاریوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد رمضان شریف کا روزہ رکھنے والوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد بیت اللہ شریف کا حج کرنے والوں کیلئے کون ہوگا؟ میرے بعد میرے صوفی اُمتیوں کیلئے کون ہوگا؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: اے اللہ کے حبیب ﷺ! میں آپ کو بشارت دیتا ہوں کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تمام انبیاء پر جنت کا داخلہ ممنوع ہوگا یہاں تک کہ آپ اور آپ کی اُمت جنت میں داخل ہو جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اب میں خوش ہو گیا ہوں' اب اے ملک الموت! وہ کام کرو جس کا تجھے حکم دیا گیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب آپ کا وصال ہو جائے تو آپ کو غسل کون دے؟ آپ کو کس چیز میں کفن دیا جائے؟ آپ پر نمازِ جنازہ کون پڑھائے؟ آپ کو قبر میں کون اُتارے؟ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے علی! آپ مجھے غسل دینا' حضرت فضل بن عباس پانی ڈالے اور تمہارے ساتھ تیسرے حضرت جبرائیل ہوں گے اور جب تم مجھے غسل دے کر فارغ ہو جاؤ تو مجھے تین کپڑوں میں کفن دینا'

حضرت جبرائیل علیہ السلام جنت سے حنوط لائیں گے' جب تم مجھے چارپائی پر رکھو تو مجھے مسجد میں رکھ دینا اور میرے پاس سے نکل جانا' کیونکہ سب سے پہلے مجھ پر میرا رب اپنے عرش کے اوپر سے درود بھیجے گا پھر جبرائیل' پھر میکائیل' پھر اسرافیل' پھر گروہ در گروہ تمام ملائکہ پھر تم داخل ہونا اور صف در صف کھڑے ہو جانا' کوئی آدمی مجھ پر آگے نہ بڑھے۔ تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آج جدائی کا دن ہے' میں آپ سے کب ملوں گی؟ آپ نے انہیں فرمایا: اے میری بیٹی! تُو مجھ سے قیامت کے دن حوضِ کوثر پر ملے گی' جبکہ میں اپنی اُمت میں سے حوض پر آنے والے ہر ایک کو جامِ کوثر پلا رہا ہوں گا۔ آپ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اگر وہاں آپ سے ملاقات نہ ہو سکی (تو کہاں ملوں)؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم مجھ سے میزان کے پاس ملنا جبکہ میں اپنے اُمتیوں کی سفارش کر رہا ہوں گا۔ انہوں نے عرض کی: اگر وہاں آپ سے ملاقات نہ ہو سکی؟ تو آپ نے فرمایا: تم مجھ سے پل صراط پر ملنا جبکہ میں اپنے رب سے دعا کر رہا ہوں گا کہ اے میرے رب! میری اُمت کو جہنم سے سلامتی عطا فرما۔ ملک الموت قریب ہوئے جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح قبض کر رہے تھے' جب روح گھٹنوں تک پہنچی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اَوْہِ'' یعنی ٹھنڈی سانس لی' پس جب روح ناف تک پہنچی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نداء دی: ''وا کرباہ'' (موت کی سختی!) تو حضرت فاطمہ رضی

اللہ عنہا نے عرض کی: موت کی کڑواہٹ کتنی سخت ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے رسول کریم ﷺ سے اپنا چہرہ دوسری طرف کرلیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے جبرائیل! کیا میری طرف دیکھنا پسند نہیں کر رہے ہو؟ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا. اے میرے محبوب! کس کو طاقت ہے کہ اس وقت آپ کی طرف دیکھے جبکہ آپ پر سکرات کا عالم طاری ہے؟ پس رسول کریم ﷺ کا انتقال ہو گیا تو حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے آپ کو غسل دیا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آپ پر پانی ڈالا جبکہ جبرائیل علیہ السلام ان کے ساتھ تھے' تین نئے کپڑوں کو آپ کو کفن دیا گیا' آپ کو چارپائی پر رکھا گیا' پھر آپ کو مسجد میں لے جا کر رکھ دیا گیا' لوگ آپ کے پاس سے نکل گئے' سب سے پہلے آپ ﷺ کے رب نے اپنے عرش کے اوپر سے آپ پر درود پڑھا' پھر جبرائیل' پھر میکائیل' پھر اسرافیل' پھر گروہ در گروہ تمام ملائکہ نے درود پڑھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مسجد میں ہم نے ہلکی ہلکی آواز تو سنی لیکن کوئی آدمی نہیں دیکھا' ہم نے ھاتف غیبی کے نعرے سنے اور وہ کہہ رہے تھے: داخل ہو جاؤ! اللہ تم پر رحم کرے اور اپنے نبی پر درود پڑھو۔ پس ہم داخل ہوئے' صفوں کی صورت میں کھڑے ہو گئے جس طرح رسول کریم ﷺ نے حکم دیا تھا' پس ہم نے جبرائیل کی تکبیر کے ساتھ تکبیر کہی اور جبرائیل علیہ السلام کی صلوٰۃ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ

2611 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَّاطُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ رُشْدِ بْنِ خَيْثَمٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ خَيْثَمٍ، ثنا مُسْلِمٌ الْمُلَائِيُّ، عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِيِّ وَاَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: كُنَّا حَوْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَتْ اُمُّ اَيْمَنَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ ضَلَّ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ. قَالَ: وَذٰلِكَ رَادَّ النَّهَارِ، يَقُولُ: ارْتِفَاعَ النَّهَارِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

پر صلوٰۃ پڑھی' ہم میں سے کوئی آدمی بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آگے نہیں بڑھا' حضرت ابوبکر' حضرت علی ابن ابی طالب اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم قبر میں داخل ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دفن کر دیا گیا۔ ہاں جب لوگ واپس ہوئے تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت علی رضی اللہ عنہا سے کہا: اے ابوالحسن! کیا تم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دفن کر دیا؟ انہوں نے کہا: ہاں! حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: تمہارے دلوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مٹی ڈالنا کیسے گوارا کیا؟ کیا تمہارے دلوں میں ان کے لیے رحم موجود نہ تھا؟ کیا وہ بھلائی سکھانے والے نہ تھے؟ انہوں نے کہا: اے فاطمہ! کیوں نہیں (ساری چیزیں تھیں) لیکن اللہ کا حکم ٹالا تو نہیں جا سکتا' آپ نے رونا شروع کیا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفات گنوائیں' آپ کی زبان پر یہ الفاظ تھے: اے میرے باپ! اب جبرائیل کا آنا بند ہو گیا حالانکہ وہ آسمان سے وحی لے کر آیا کرتے تھے۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد تھے' حضرت اُم ایمن تشریف لائیں' عرض کرنے لگیں: یارسول اللہ! حسن و حسین گم ہو گئے ہیں۔ حضرت سلمان نے فرمایا: دن کا اوّل حصہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُٹھو! میرے بیٹوں کو تلاش کرو۔ ہر ایک آدمی نے ایک آدمی ساتھ لے کر تلاش کرنا شروع کر دیا' میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چلا' آپ تلاش کرتے رہے یہاں تک کہ پہاڑ

قُومُوا فَاطْلُبُوا ابْنَيَّ ۔ قَالَ: وَاَخَذَ كُلُّ رَجُلٍ تُجَاهَ وَجْهِهِ، وَاَخَذْتُ نَحْوَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَزَلْ حَتَّى اَتَى سَفْحَ جَبَلٍ، وَاِذَا الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا مُلْتَزِقٌ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ، وَاِذَا شُجَاعٌ قَائِمٌ عَلَى ذَنَبِهِ، يَخْرُجُ مِنْ فِيهِ شِبْهُ النَّارِ، فَاَسْرَعَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَالْتَفَتَ مُخَاطِبًا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْسَابَ فَدَخَلَ بَعْضَ الْاَحْجِرَةِ، ثُمَّ اَتَاهُمَا فَاَفْرَقَ بَيْنَهُمَا وَمَسَحَ وَجْهَهُمَا، وَقَالَ: بِاَبِي وَاُمِّي اَنْتُمَا مَا اَكْرَمَكُمَا عَلَى اللّٰهِ ۔ ثُمَّ حَمَلَ اَحَدَهُمَا عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْمَنِ، وَالْآخَرَ عَلَى عَاتِقِهِ الْاَيْسَرِ، فَقُلْتُ: طُوبَاكُمَا، نِعْمَ السَّطِيَّةُ مَطِيَّتُكُمَا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَنِعْمَ الرَّاكِبَانِ هُمَا، وَاَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا

کے دامن میں آئے' وہاں حضرت امام حسن وحسین دونوں آپس میں ایک دوسرے سے چمٹ کر بیٹھے تھے' ایک سانپ اپنی دُم پر کھڑا تھا' اس کے منہ سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے۔ حضور ﷺ جلدی سے آگے بڑھے' وہ سانپ رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوا' پھر کسی سوراخ میں داخل ہو گیا' پھر حضور ﷺ دونوں کے پاس آئے' دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کیا' دونوں کے چہروں کو صاف کیا' فرمایا: میرے ماں باپ قربان! تم دونوں اللہ کے ہاں عزت والے ہو! پھر دونوں میں سے ایک کو دائیں کندھے پر اور دوسرے کو بائیں کندھے پر سوار کیا' میں نے کہا: دونوں کے لیے خوشخبری! تم دونوں کی سواری بہت اچھی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: دونوں سوار بھی بہت اچھے ہیں' ان دونوں کے ماں باپ دونوں سے افضل ہیں۔

کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سریہ میں بھیجا تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور حضرت میکائیل علیہ السلام بائیں جانب ہوتے' آپ واپس تب آتے جب اللہ آپ کو فتح دے دیتا۔

2653 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، لَقَدْ فَارَقَكُمْ بِالْاَمْسِ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ الْاَوَّلُونَ بِعِلْمٍ، وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، اِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ فَيُعْطِيهِ الرَّايَةَ، فَمَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، اِنَّ جِبْرِيلَ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلَ عَنْ يَسَارِهِ، مَا تَرَكَ صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ، اَرَادَ اَنْ يَشْتَرِيَ بِهَا خَادِمًا

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم میں سے ایک آدمی جدا ہوا جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر انہیں حضور ﷺ سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' اللہ کی قسم! آپ نے کوئی سفید اور زرد نہیں چھوڑا ہے سوائے خادم کی قیمت سات سو درہم کے ارادہ کیا تھا کہ ان کے ساتھ خادم خریدیں۔

2654 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَبْعَثُ عَلِيًّا مَبْعَثًا اِلَّا اَعْطَاهُ الرَّايَةَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بھی حضرت علی کو بھیجتے تھے تو آپ جھنڈا دیتے تھے۔

2655 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ اَبِی عِمْرَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَا بَعَثَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا مَبْعَثًا اِلَّا اَعْطَاهُ الرَّايَةَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بھی حضرت علی کو بھیجتے تھے تو آپ کو جھنڈا دیتے تھے۔

2656 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِیُّ، قَالَا: ثنا عِيسَى بْنُ سَالِمٍ الشَّاشِیُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ رَجُلٌ لَمْ يَسْبِقْهُ اَحَدٌ مِنَ الْاَوَّلِينَ بِعِلْمٍ، وَلَا يُدْرِكُهُ اَحَدٌ مِنَ الْآخِرِينَ، مَنْ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ فَيُعْطِيهِ الرَّايَةَ، ثُمَّ يَخْرُجُ وَلَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ، جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ يُقَاتِلُونَ مَعَهُ، مَاتَ وَلَمْ يَتْرُكْ دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا، اِلَّا حُلِيًّا قِيمَتُهُ سَبْعُ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَضَلَتْ عَنْ عَطَائِهِ

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم میں سے ایک آدمی جدا ہوا ہے جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر انہیں حضور ﷺ سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' وہ آپ کے ساتھ مل کر جہاد کرتے' اللہ کی قسم! آپ کا وصال ہوا تو آپ نے کوئی دینار اور درہم نہیں چھوڑا ہے سوائے ایک زیور کے جس کی قیمت سات سو درہم تھی۔

2657 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ رَجُلٌ مَا تَرَكَ صَفْرَاءَ وَلَا بَيْضَاءَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ عَنْ عَطَائِهِ اَرَادَ اَنْ يَبْتَاعَ بِهَا خَادِمًا . يَعْنِی عَلِيًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تم میں سے ایک ایسا آدمی جدا ہوا ہے' جس نے کوئی زرد سفید نہیں چھوڑا سوائے سات سو درہم کے' وہ بھی ایک غلام کی قیمت ادا کرنے کے لیے جو آپ نے یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خریدنے کا ارادہ کیا تھا۔

2658 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا الْكُوفِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، قَالَ: خَطَبَ الْحَسَنُ، فَقَالَ: لَقَدْ فَارَقَكُمْ بِالْاَمْسِ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ الْاَوَّلُونَ بِعِلْمٍ وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، اِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ فَيُعْطِيهِ الرَّايَةَ، جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، فَمَا يَرْجِعُ حَتَّى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ

حضرت ھبیرہ بن مریم سے روایت ہے کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: اے لوگو! تم میں سے ایک آدمی جدا ہوا ہے جس کی مثال نہ پہلے لوگوں میں ہے اور نہ بعد والوں میں ہے۔ اگر انہیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سریہ میں بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور میکائیل علیہما السلام بائیں جانب ہوتے تھے' وہ نہیں لوٹتے تھے یہاں تک کہ اللہ ان کو فتح دیتا تھا۔

2659 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا بَكَّارُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ اَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ لَمَّا تُوُفِّيَ قَامَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ قُبِضَ فِيكُمُ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ لَمْ يَسْبِقْهُ الْاَوَّلُونَ، وَلَا يُدْرِكُهُ الْآخِرُونَ، قَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ، فَيَكْتَنِفُهُ جِبْرِيلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَمِيكَائِيلُ عَنْ يَسَارِهِ، لَا يَنْثَنِي حَتَّى يُفْتَحَ لَهُمْ، مَا تَرَكَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ اَرَادَ اَنْ يَبْتَاعَ بِهَا خَادِمًا، وَقَدْ قُبِضَ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي عَرَجَ فِيهَا عِيسَى بْنُ مَرْيَمَ، لَيْلَةَ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ مِنْ رَمَضَانَ

حضرت ھبیرہ بن مریم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اک وصال ہوا تو حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما منبر پر کھڑے ہوئے' فرمایا: اے لوگو! آج رات ایسے آدمی کا وصال ہوا ہے کہ جس کی مثال اوّلین و آخرین میں نہیں ملتی ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو بھیجتے تو حضرت جبریل علیہ السلام آپ کی دائیں جانب اور حضرت میکائیل علیہ السلام آپ کی بائیں جانب پڑھتے' آپ فتح کر کے واپس آتے' آپ نے بوقتِ وصال صرف سات سو درہم چھوڑے وہ بھی اس کے لیے جو آپ نے خادم خریدا تھا اُس کی قیمت ادا کرنے کے لیے' ان کا وصال اس رات میں ہوا جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اُٹھایا گیا تھا' یعنی 27 رمضان المبارک کو۔

مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

حضرت معاویہ بن حدیج' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

2660 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْکَشِّیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَمْرٍو الْوَاقِفِیُّ، ثنا شَرِیکٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَزِیدَ، عَنْ مُعَاوِیَۃَ بْنِ حُدَیْجٍ، قَالَ: اَرْسَلَنِی مُعَاوِیَۃُ بْنُ اَبِی سُفْیَانَ رَحِمَہُ اللّٰہُ اِلَی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ اَخْطُبُ عَلَی یَزِیدَ بِنْتًا لَہُ اَوْ اُخْتًا لَہُ، فَاَتَیْتُہُ فَذَکَرْتُ لَہُ یَزِیدَ، فَقَالَ: اِنَّا قَوْمٌ لَا نُزَوِّجُ نِسَاؤُنَا حَتّٰی نَسْتَاْمِرَھُنَّ، فَاْتِھَا. فَاَتَیْتُھَا فَذَکَرْتُ لَھَا یَزِیدَ، فَقَالَتْ: وَاللّٰہِ لَا یَکُونُ ذَاکَ حَتّٰی یَسِیرَ فِینَا صَاحِبُکَ کَمَا سَارَ فِرْعَوْنُ فِی بَنِی اِسْرَائِیلَ، یَذْبَحُ اَبْنَاءَھُمْ، وَیَسْتَحْیِی نِسَاءَھُمْ. فَرَجَعْتُ اِلَی الْحَسَنِ، فَقُلْتُ: اَرْسَلْتَنِی اِلَی فِلْقَۃٍ مِنَ الْفَلَقِ تُسَمِّی اَمِیرَ الْمُؤْمِنِینَ فِرْعَوْنَ. فَقَالَ: یَا مُعَاوِیَۃُ اِیَّاکَ وَبُغْضَنَا، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا یُبْغِضُنَا وَلَا یَحْسُدُنَا اَحَدٌ اِلَّا زِیدَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِسِیَاطٍ مِنْ نَارٍ

روایت کرتے ہیں

حضرت معاویہ بن خدیج فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی طرف بھیجا کہ یزید سے بیٹی یا بہن کا نکاح کر دیں' میں آپ کے پاس آیا' میں نے آپ کے پاس یزید کے متعلق کہا' آپ نے فرمایا: ہم ایسی قوم ہیں کہ ہم اپنی عورتوں کی شادی ان کی اجازت سے کرتے ہیں' تو اس کے پاس جا' میں اس کی خدمت میں آیا' میں نے یزید کے متعلق کہا۔ اس نے کہا: اللہ کی قسم! ایسا نہیں ہوسکتا ہے یہاں تک کہ تیرا صاحب ہم سے وہی سلوک کرے جو فرعون نے بنی اسرائیل سے کیا' ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا تھا اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھتا تھا۔ میں حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: مجھے پھٹی ہوئی چیز کے کسی ٹکڑے کی طرف بھیجا' اس نے تو اُمیر المؤمنین کا نام فرعون رکھا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اے معاویہ! ہم سے بغض رکھنا چھوڑ دے کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم سے جو بغض اور حسد رکھے گا اسے قیامت کے دن جہنم کے کوڑے لگیں گے۔

ابو کبیر عن الحسن بن علی

اَبُو کَبِیرٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا

2661 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت ابوکبیر' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابوکبیر فرماتے ہیں کہ میں حضرت حسن

حَنْبَلٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ بَدْرِ بْنِ الْخَلِيلِ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ اَبِي كَبِيرٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: لَقَدْ سَبَّ عِنْدَ مُعَاوِيَةَ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا سَبًّا قَبِيحًا رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ حُدَيْجٍ تَعْرِفُهُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: اِذَا رَاَيْتَهُ فَائْتِنِي بِهِ. قَالَ: فَرَآهُ عِنْدَ دَارِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، فَاَرَاهُ اِيَّاهُ، قَالَ: اَنْتَ مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ؟ فَسَكَتَ فَلَمْ يُجِبْهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: اَنْتَ السَّبَّابُ عَلِيًّا عِنْدَ ابْنِ آكِلَةِ الْاَكْبَادِ، اَمَا لَئِنْ وَرَدْتَ عَلَيْهِ الْحَوْضَ، وَمَا اَرَاكَ تَرِدُهُ، لَتَجِدَنَّهُ مُشَمِّرًا حَاسِرًا ذِرَاعَيْهِ يَذُودُ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ عَنْ حَوْضِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَمَا تُذَادُ غَرِيبَةُ الْاِبِلِ عَنْ صَاحِبِهَا، قَوْلُ الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بن علی کے پاس تھا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اُس نے کہا: ایک بڑے آدمی نے حضرت امیر معاویہ کے پاس حضرت علی کو گالی دی ہے' اس کو معاویہ بن حدیج کہا جاتا تھا' آپ اس کو جانتے ہیں؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جب تُو اس کو دیکھے تو اس کو میرے پاس لانا۔ حضرت ابوکبیر فرماتے ہیں کہ میں نے عمرو بن حریث کے گھر کے پاس اس کو دیکھا' میں نے وہ انہیں دکھایا' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو معاویہ بن حدیج ہے؟ وہ خاموش رہا' تین دفعہ جواب نہیں دیا۔ پھر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو جگر کھانے والے کے بیٹے کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں نہیں دیں' اگر تو حوضِ کوثر پر آیا تو میں تجھے واپس کروں گا' حضور ﷺ کے حوضِ کوثر سے منافقوں اور کافروں کو ایسے ہی پیچھے کیا جائے گا' جس طرح جس اونٹ کو کوئی نہ جانتا ہو اس کو پیچھے کیا جاتا ہے۔ یہ اس نے فرمایا: جو سچ بولتے ہیں اور جن کے سچ کی تصدیق کی گئی ہے۔

الْمُسَيَّبُ بْنُ نَجَبَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت مسیّب بن نجبہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

2662 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ التَّغْلِبِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ بُكَيْرٍ الْغَنَوِيُّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنگ دھوکہ کا نام ہے۔

اَبِی اِدْرِیسَ، عَنِ الْمُسَیِّبِ بْنِ نَجَبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

حَسَنُ بْنُ حَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حسن بن حسن بن علی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

حسن بن حسن بن علی عن ابیہ

2663 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِینَ الْمِصْرِیُّ، ثنا سَعِیدُ بْنُ اَبِی مَرْیَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، اَخْبَرَنِی حُمَیْدُ بْنُ اَبِی زَیْنَبَ، عَنْ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ، عَنْ اَبِیهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَیْثُمَا کُنْتُمْ فَصَلُّوا عَلَیَّ، فَاِنَّ صَلَاتَکُمْ تَبْلُغُنِی

حضرت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم جہاں سے بھی مجھ پر درود پاک پڑھو' تمہارا درود مجھ تک پہنچایا جاتا ہے۔

2664 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِیُّ، ثنا کَثِیرُ بْنُ یَحْیَی، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقَاشِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قِیلَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ الْقَوْمُ یَاْتُونَ الدَّارَ فَیَسْتَاْذِنُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ، اَیُجْزِءُ عَنْهُمْ جَمِیعًا؟ قَالَ: نَعَمْ. قِیلَ: فَیَرُدُّ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، اَیُجْزِءُ عَنِ الْجَمِیعِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قِیلَ: الْقَوْمُ یَمُرُّونَ فَیُسَلِّمُ وَاحِدٌ مِنْهُمْ، اَیُجْزِءُ عَنِ الْجَمِیعِ؟ قَالَ: نَعَمْ. قِیلَ: فَیَرُدُّ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، اَیُجْزِءُ عَنِ الْجَمِیعِ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ عرض کی: یارسول اللہ! کچھ لوگ گھر میں آتے ہیں' ان میں سے ایک اجازت مانگتا ہے' کیا وہ سب کے لیے کافی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی گئی: یارسول اللہ! ایک کو جواب دیا جائے تو سب کے لیے جواب کافی ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی: یارسول اللہ! لوگ گزر رہے ہوں تو ان میں سے ایک سلام کرے تو کیا کافی ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! عرض کی: یارسول اللہ! قوم میں سے ایک جواب دے تو کیا سب کی طرف سے ہو جائے گا؟ آپ نے فرمایا: ہاں!

2665 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا جَهْمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ مُوجِبَاتِ الْمَغْفِرَةِ اِدْخَالَ السُّرُورِ عَلَى اَخِيكَ الْمُسْلِمِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخشش کے اسباب میں سے یہ ہے کہ مسلمان بھائی کو خوش کرنا۔

2666 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا قَيْسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا طَلْحَةُ بْنُ كَامِلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْمَغْبُونُ لَا مَحْمُودٌ وَلَا مَاْجُورٌ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مغبون وہ ہے جس کی نہ تعریف کی جائے اور قابلِ ثواب ہو۔

2667 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا كَثِيرُ بْنُ يَحْيَى، ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقَاشِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ الْمَكْتُوبَةِ كَانَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ اِلَى الصَّلَاةِ الْاُخْرَى

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی، وہ دوسری نماز تک اللہ کے ذمہ میں ہے۔

2668 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُصَرِّفُ بْنُ عَمْرٍو الْيَامِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ اَبِي مُعَاذٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى، وَالرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ يَطُوفُونَ بَيْنَ يَدَيْهِ بِغَيْرِ سُتْرَةٍ مِمَّا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نماز پڑھی جبکہ مرد اور عورتیں ان کے آگے بغیر سترہ کے طواف کیا جا رہا تھا۔

يَلِي الْحَجَرَ الْأَسْوَدَ

2669 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، ثنا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ يُكَنَّى أَبَا عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّخْلُ وَالشَّجَرُ بَرَكَةٌ عَلَى أَهْلِهِ، وَعَلَى عَقِبِهِمْ بَعْدَهُمْ، إِذَا كَانُوا لِلَّهِ شَاكِرِينَ

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھجور اور کھجور کا درخت گھر والوں کے لیے برکت ہے اور ان کے بعد والوں کے لیے بھی برکت ہے' بشرطیکہ وہ اللہ کا شکریہ ادا کرنے والے ہیں۔

2670 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّخَعِيُّ الْقَاضِي الْكُوفِيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ أَبِي مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، ثنا أَبُو دَاوُدَ النَّخَعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَحَّى طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ، مُحْتَسِبًا لِأُضْحِيَّتِهِ؛ كَانَتْ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنی طرف سے حلال مال سے قربانی کی' ثواب کی نیت سے تو وہ قربانی اس کے لیے جہنم سے رکاوٹ ہو جائے گی۔

2671 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ الْفَرَّاءُ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ الْحَاطِبِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: صَعِدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ يَوْمَ غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي وَاللَّهِ مَا آمُرُكُمْ إِلَّا بِمَا أَمَرَكُمُ اللَّهُ بِهِ، وَلَا أَنْهَاكُمْ إِلَّا عَمَّا نَهَاكُمُ اللَّهُ عَنْهُ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ غزوۂ تبوک کے دن منبر پر تشریف فرما ہوئے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم! میں تم کو وہی حکم دیتا ہوں جس کا اللہ مجھے حکم دیتا ہے' تمہیں اس سے منع کرتا ہوں جس سے اللہ منع کرتا ہے' اچھے طریقے سے رزق تلاش کرو' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں ابوالقاسم ﷺ کی جان ہے! تم کو رزق ایسے ہی تلاش کرتا ہے جس طرح موت تلاش

فَاجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، فَوَالَّذِي نَفْسُ أَبِي الْقَاسِمِ بِيَدِهِ إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَطْلُبُهُ رِزْقُهُ كَمَا يَطْلُبُهُ أَجَلُهُ، فَإِنْ تَعَسَّرَ عَلَيْكُمْ شَيْءٌ مِنْهُ فَاطْلُبُوهُ بِطَاعَةِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

کرتی ہے' اگر تم پر کوئی شی مشکل ہو جائے تو اللہ کی اطاعت کر کے اس کو تلاش کرو۔

2672 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ جُمْهُورٍ التِّنِّيسِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنِي جَهْمُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَسَنِ بْنِ حَسَنٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنْ وَاجِبِ الْمَغْفِرَةِ إِدْخَالَكَ السُّرُورَ عَلَى أَخِيكَ الْمُسْلِمِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخشش کے اسباب میں سے یہ ہے کہ مسلمان بھائی کو خوش کرنا۔

زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت زید بن علی' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2673 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا تَوَضَّأَ فَضَلَ مَاءٌ حَتَّى يُسِيلَهُ عَلَى مَوْضِعِ سُجُودِهِ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب وضو کا پانی بچ جاتا تو اپنی سجدہ والی جگہ پر بہا دیتے تھے۔

أَبُو يَحْيَى الْأَعْرَجُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت ابو یحییٰ اعرج' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2674 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَأَبُو

حضرت ابو یحییٰ فرماتے ہیں کہ میں حضرات حسن و

مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ الْأَنْمَاطِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِي يَحْيَى، قَالَ: كُنْتُ بَيْنَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَمَرْوَانَ يَتَسَابَّانِ، فَجَعَلَ الْحَسَنُ يُسْكِتُ الْحُسَيْنَ، فَقَالَ مَرْوَانُ: اَهْلُ بَيْتٍ مَلْعُونُونَ. فَغَضِبَ الْحَسَنُ، وَقَالَ: قُلْتَ اَهْلُ بَيْتٍ مَلْعُونُونَ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ لَعَنَكَ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ فِي صُلْبِ اَبِيكَ

حسین رضی اللہ عنہما کے درمیان تھا' مروان دونوں کو گالیاں دے رہا تھا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کو خاموش کروا رہے تھے۔ مروان نے کہا: اہل بیت ملعون ہیں۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ ناراض ہوئے' آپ نے فرمایا: تُو نے کہا ہے کہ اہل بیت ملعون ہیں' اللہ کی قسم! اللہ عزوجل نے اپنے نبی ﷺ کی زبان سے تیرے اوپر لعنت کی تھی اس حالت میں کہ تُو اپنے باپ کی پشت میں تھا۔

رَبِيعَةُ بْنُ شَيْبَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

حضرت ربیعہ بن شیبان' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2675 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ وَاَبُو اُسَامَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ شَيْبَانَ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا تَعْقِلُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: صَعِدْتُ مَعَهُ غُرْفَةَ الصَّدَقَةِ، فَاَخَذْتُ تَمْرَةً فَلُكْتُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْقِهَا؛ فَاِنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ربیعہ بن سنان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کوئی شی یاد کی ہے؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے زکوٰۃ کی کھجور لی' اس کو منہ میں ڈالا' حضور ﷺ نے فرمایا: پھینک دو کیونکہ ہم زکوٰۃ نہیں کھاتے ہیں۔

اِسْحَاقُ بْنُ يَسَارٍ اَبُو

حضرت اسحاق بن یسار ابو محمد بن

مُحَمَّدِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

2676 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ فَاطِمَةَ، فَنَاوَلَتْهُ كَتِفَ شَاةٍ مَطْبُوخَةٍ فَاَكَلَهَا، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي، فَاَخَذَتْ ثِيَابَهُ، فَقَالَتْ: اَلَا تَوَضَّأُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مِمَّ يَا بُنَيَّةُ؟ قَالَتْ: قَدْ اَكَلْتَ مِمَّا مَسَّتْهُ النَّارُ. قَالَ: اِنَّ اَطْهَرَ طَعَامِكُمْ لَمَا مَسَّتْهُ النَّارُ

اسحاق، حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے گھر آئے' آپ نے بھنی ہوئی بکری کی دستی پکڑی' اسے کھایا' پھر کھڑے ہوئے اور نماز پڑھائی' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کے کپڑے پکڑے' عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ وضو نہیں کریں گے؟ آپ نے فرمایا: اے بیٹی! کیوں؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: آپ نے آگ سے پکی ہوئی چیز کھائی ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا سب سے پاکیزہ کھانا وہی ہے جس کو آگ نے چھوا ہو۔

مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

2677 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَابْنَ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا جَالِسَيْنِ، فَمَرَّتْ جِنَازَةٌ، فَقَامَ اَحَدُهُمَا وَلَمْ يَقُمِ الْآخَرُ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: اَلَمْ يَقُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ الْآخَرُ: بَلَى، ثُمَّ قَعَدَ

حضرت محمد بن سیرین' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں بیٹھے ہوئے تھے' ایک جنازہ گزرا تو ان میں سے ایک کھڑے ہوئے اور دوسرے کھڑے نہیں ہوئے' ان میں سے ایک نے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ دوسرے نے کہا: کیوں نہیں! پھر بیٹھ گئے۔

2678 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: مَرَّتْ جِنَازَةٌ بِابْنِ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، فَقَامَ الْحَسَنُ، وَقَعَدَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ الْحَسَنُ: أَلَيْسَ قَدْ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِجِنَازَةِ يَهُودِيٍّ أَوْ يَهُودِيَّةٍ مَرَّتْ بِهِ؟ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: بَلَى، وَجَلَسَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عباس اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم کے پاس سے ایک جنازہ گزرا' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما بیٹھے رہے' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا حضور ﷺ یہودی یا یہودیہ کے جنازہ کے لیے کھڑے نہیں ہوئے ہیں؟ حضرت ابن عباس نے عرض کی: کیوں نہیں! امام حسن رضی اللہ عنہ بھی بیٹھ گئے۔

2679 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ أَنَّ جِنَازَةً مَرَّتْ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، فَقَامَ أَحَدُهُمَا، وَقَعَدَ الْآخَرُ، فَقَالَ الْقَائِمُ لِلْقَاعِدِ: أَلَيْسَ قَدْ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: بَلَى، ثُمَّ قَعَدَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ ایک جنازہ حضرت امام حسن اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرا' ان حضرات میں سے ایک کھڑے ہو گئے اور دوسرے حضرت بیٹھے رہے' کھڑے ہونے والے نے بیٹھنے والے سے کہا: کیا حضور ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عرض کی: کیوں نہیں! پھر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہوئے۔

2680 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَيَزِيدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيِّ، وَأَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، قَالَ: نُبِّئْتُ أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَابْنَ عَبَّاسٍ مَرَّتْ عَلَيْهِمَا جِنَازَةٌ، فَقَامَ الْحَسَنُ، وَجَلَسَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ الْحَسَنُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: أَلَمْ تَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ ایک جنازہ حضرت امام حسن اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کے پاس سے گزرا' ان میں سے ایک کھڑا ہوا اور دوسرا بیٹھا رہا' کھڑے ہونے والے نے بیٹھنے والے سے کہا: کیا حضور ﷺ کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے عرض کی: کیوں نہیں! پھر حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ تشریف فرما ہوئے۔

مَرَّتْ بِهِ جِنَازَةٌ فَقَامَ؟ قَالَ: بَلَى، وَقَدْ جَلَسَ

2681 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ الْمُقَوِّمُ، ثنا اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ، ثنا اَشْعَثُ، عَنْ مُحَمَّدٍ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانَا جَالِسَيْنِ، فَمَرَّتْ بِهِمَا جِنَازَةٌ، فَقَامَ الْحَسَنُ، وَقَعَدَ ابْنُ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَامَ وَجَلَسَ؟

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علی اور ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں بیٹھے ہوئے تھے' ایک جنازہ گزرا تو ان میں ایک کھڑے ہوئے اور دوسرے کھڑے نہیں ہوئے' ان میں سے ایک نے کہا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے نہیں ہوتے تھے؟ دوسرے نے کہا: کیوں نہیں! پھر بیٹھ بھی گئے۔

2682 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَوْ نَظَرْتُمْ مَا بَيْنَ جَابَرْسَ اِلَى جَابَلْقَ مَا وَجَدْتُمْ رَجُلًا جَدُّهُ نَبِيٌّ غَيْرِي وَاَخِي، وَاِنِّي اَرَى اَنْ تَجْتَمِعُوا عَلَى مُعَاوِيَةَ، (وَاِنْ اَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَكُمْ وَمَتَاعٌ اِلَى حِينٍ) (الانبياء: **111**). قَالَ مَعْمَرٌ: جَابَرْسُ وَجَابَلْقُ: الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ

حضرت ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر تم مشرق ومغرب کے درمیان دیکھ لو' تم کسی آدمی کو نہیں پاؤ گے کہ جس کا نانا نبی ہو' میرے اور حسین کے علاوہ' میں دیکھتا ہوں کہ تم حضرت معاویہ کے پاس جمع ہو رہے ہو'' میں اپنے طور سے کیا اندازہ بتاؤں وہ تمہارے لیے آزمائش ہی ہو یا ایک معین وقت تک کا سامان''۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: جابرس اور جابلق سے مراد مشرق ومغرب ہیں۔

اَبُو لَيْلَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابولیلیٰ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2683 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الصِّينِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انس! جاؤ عرب کے سردار کو بلاؤ' یعنی علی کو۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی:

عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَنَسُ انْطَلِقْ فَادْعُ لِي سَيِّدَ الْعَرَبِ - يَعْنِي عَلِيًّا - فَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا: اَلَسْتَ سَيِّدَ الْعَرَبِ؟ قَالَ: اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ، وَعَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ . فَلَمَّا جَاءَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْاَنْصَارِ فَاَتَوْهُ، فَقَالَ لَهُمْ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلَى مَا اِنْ تَمَسَّكْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا بَعْدَهُ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: هٰذَا عَلِيٌّ فَاَحِبُّوهُ بِحُبِّي، وَكَرِّمُوهُ لِكَرَامَتِي، فَاِنَّ جِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِي بِالَّذِي قُلْتُ لَكُمْ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

یارسول اللہ! کیا آپ عرب کے سردار نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور علی عرب کا سردار ہے۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے تو حضور ﷺ نے اُنہیں انصار کی طرف بھیجا اُنہیں بلانے کے لیے۔ آپ نے فرمایا: اے انصار! کیا تمہیں بتاؤ کہ اگر تم اسے مضبوطی سے تھام لو تو تم ہرگز ہرگز اس کے بعد گمراہ نہ ہو گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: یہ علی ہے' اس سے محبت کرو' میری محبت کی وجہ سے اس کی عزت کرو میری عزت کی وجہ سے' کیونکہ حضرت جبریل نے مجھ سے عرض کی ہے: میں تم کو اللہ کی طرف سے کہہ رہا ہوں۔

عُمَيْرُ بْنُ مَأْمُونٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عمیر بن مامون' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2684 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مَأْمُونٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ جَدِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَدْمَنَ الِاخْتِلَافَ اِلَى الْمَسْجِدِ اَصَابَ اَخًا مُسْتَفَادًا فِي اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَعِلْمًا مُسْتَطْرَفًا، وَكَلِمَةً تَدْعُوهُ اِلَى الْهُدَى، وَكَلِمَةً تَصْرِفُهُ عَنِ الرَّدَى، وَيَتْرُكُ الذُّنُوبَ حَيَاءً اَوْ خَشْيَةً، وَنِعْمَةً اَوْ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے نانا رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنا تعلق مجھ سے قائم کر لیا' اپنے بھائی سے استفادہ کرے اللہ کی رضا کے لیے اور نفع مند علم حاصل کرے اور ایسی بات جو ہدایت کا ذریعہ ہے اور ایسی بات جو اس کو بُرائی سے دور کرے' حیاء یا خوف سے گناہ چھوڑ دے اور نعمت کی وجہ سے' یا اس رحمت کی وجہ سے' جس کا انتظار کیا جاتا ہے۔

رَحْمَةً مُنْتَظَرَةً

2685 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ مَامُونٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْفَةُ الصَّائِمِ الدُّهْنُ وَالْمُجْمَرُ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا. روزے دار کے لیے تحفہ تیل اور خوشبو ہے۔

حَبِيبُ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت حبیب بن ابو ثابت، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2686 - حَدَّثَنَا عَلَّانُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ مَا غَمَّهُ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: كُلَّا قَدْ فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ اَهَلَّ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، وَقَدْ اَهَلَّ وَهُوَ بِالْبَيْدَاءِ بِالْاَرْضِ قَبْلَ اَنْ تَسْتَوِيَ بِهِ رَاحِلَتُهُ

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سواری پر سیدھے بیٹھ کر تلبیہ پڑھتے تھے اور سواری پر سیدھا بیٹھنے سے پہلے مقامِ بیداء پر تلبیہ پڑھتے تھے۔

اُمُّ اُنَيْسٍ بِنْتُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِيهَا

حضرت اُم اُنیس بنت حسن بن علی رضی اللہ عنہما اپنے والد گرامی سے روایت کرتی ہیں

2687 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ

حضرت اُم انیس بنت حسن رضی اللہ عنہما اپنے والد

حبیب بن ابی ثابت عن الحسن، ام انیس بنت الحسن بن علی عن ابیہا

2685- أخرجه الترمذی فی سننه جلد3صفحه164 رقم الحديث: 801، وذكره أبو يعلى فی مسنده جلد12صفحه134 رقم الحديث:6763 كلاهما عن سعد بن طريف عن عمير بن مامون عن الحسن بن علی به .

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الطَّحَّانُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا شَيْبَانُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَطَّافٍ، عَنْ اُمِّ اُنَيْسٍ بِنْتِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنْ اَبِيهَا، قَالَ: قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ) (الاحزاب: 56) ؟ قَالَ: اِنَّ هٰذَا لَمِنْ مَكْتُومٍ، وَلَوْلَا اَنَّكُمْ سَاَلْتُمُونِي عَنْهُ مَا اَخْبَرْتُكُمْ، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَّلَ بِي مَلَكَيْنِ، لَا اُذْكَرُ عِنْدَ عَبْدٍ مُسْلِمٍ فَيُصَلِّي عَلَيَّ اِلَّا قَالَ ذَانِكَ الْمَلَكَانِ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ، وَقَالَ اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ جَوَابًا لِذَيْنِكَ الْمَلَكَيْنِ: آمِينَ، وَلَا يُصَلِّي عَلَيَّ اَحَدٌ اِلَّا قَالَ ذَانِكَ الْمَلَكَانِ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ، وَقَالَ اللّٰهُ وَمَلَائِكَتُهُ جَوَابًا لِذَيْنِكَ الْمَلَكَيْنِ: آمِينَ

سے روایت کرتی ہیں کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ اللہ عزوجل کے ارشاد: ''اللہ اور اس کے فرشتے غیب کی خبریں بتانے والے کی تعریفیں کرتے ہیں''۔ آپ نے فرمایا: یہ بات چھپی ہوئی تھی' اگر تم مجھ سے اس کے متعلق نہ پوچھتے تو میں نہ بتاتا' اللہ عزوجل نے میرے لیے دو فرشتے مقرر کیے ہیں' کسی مسلمان بندے کے پاس میرا ذکر کیا جاتا ہے اور وہ میری بارگاہ میں درود پڑھتا ہے تو وہ فرشتے عرض کرتے ہیں: اللہ آپ کو بخشے! اللہ اور اُس کے فرشتے دونوں فرشتوں کے جواب میں آمین کہتے ہیں' اور جو کوئی بندہ میری بارگاہ میں درود پڑھتا ہے تو وہ دونوں فرشتے کہتے ہیں: اللہ عزوجل تجھے بخشے! اللہ اور اُس کے فرشتے اُن دونوں کے جواب میں آمین کہتے ہیں۔

يُوسُفُ بْنُ مَازِنٍ الرَّاسِبِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ

یوسف بن مازن الراسبی' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2688 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، وَالْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، قَالَا: ثنا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ

حضرت یوسف بن مازن الراسبی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑا ہوا' اُس نے کہا: آپ نے ایمان والوں کے چہرے کو

یوسف بن مازن الراسبی عن الحسن بن علی

2688- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 186 رقم الحديث: 4796 عن القاسم بن الفضل عن يوسف بن مازن عن الحسن بن علي به .

يُوسُفَ بْنِ مَازِنٍ الرَّاسِبِيِّ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ إِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، فَقَالَ: سَوَّدْتَ وُجُوهَ الْمُؤْمِنِينَ. فَقَالَ: لَا تُؤَنِّبْنِي رَحِمَكَ اللَّهُ، فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أُرِيَ بَنِي أُمَيَّةَ يَخْطُبُونَ عَلَى مِنْبَرِهِ رَجُلًا فَرَجُلًا، فَسَاءَهُ ذَلِكَ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: (إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1) نَهَرٌ فِي الْجَنَّةِ، وَنَزَلَتْ: (إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ، لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ) (القدر: 2)، تَمْلِكُهُ بَنُو أُمَيَّةَ. قَالَ الْقَاسِمُ: فَحَسَبْنَا ذَلِكَ، فَإِذَا هُوَ أَلْفٌ لَا يَزِيدُ وَلَا يَنْقُصُ

کالا کر دیا ہے۔ آپ نے فرمایا: مجھے نہ بتاؤ! اللہ تم پر رحم کرے! کیونکہ رسول اللہ ﷺ کو بنوامیہ دکھائے گئے تھے کہ آپ کے منبر پر خطبہ دے رہے ہیں' ایک کے بعد دوسرا آدمی' تو یہ آیت نازل ہوئی: ''آپ پیارے مصطفیٰ! بے شک ہم نے تمہیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائی ہیں'' کوثر سے مراد جنت میں ایک نہر ہے' اور یہ آیت نازل ہوئی: ''ہم نے قرآن لیلۃ القدر میں نازل کیا' آپ کو کیا معلوم کہ لیلۃ القدر کیا ہے' لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے''۔ بنوامیہ مالک ہو گئے ہیں۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: یہ ہزار تھے' اس سے نہ زیادہ ہوئے نہ کم۔

عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

حضرت عطاء بن ابو رباح' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2689 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ أَبِي سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً عُرَاةً. فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَكَيْفَ يَرَى بَعْضُنَا بَعْضًا؟ قَالَ: إِنَّ الْأَبْصَارَ يَوْمَئِذٍ شَاخِصَةٌ. فَرَفَعَ بَصَرَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَسْتُرَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کو ننگے بدن اور ننگے جسم اکٹھا کیا جائے گا۔ ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم ایک دوسرے کو دیکھیں گے نہیں؟ آپ نے فرمایا: آنکھیں اس سے پھٹی ہوئی ہوں گی' آپ نے آسمان کی طرف اپنی نگاہ اُٹھائی۔ اس عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ عزوجل سے دعا کریں کہ میری شرمگاہ ڈھانپ دے۔ آپ نے یہ دعا کی: اے اللہ! اس کی شرمگاہ ڈھانپ دے۔

عَوْرَتِي. قَالَ: اللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتَهَا

اِسْحَاقُ بْنُ بُزُرْجَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اسحاق بن بزرج، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2690 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ بُزُرْجَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَلْبَسَ اَجْوَدَ مَا نَجِدُ، وَاَنْ نَتَطَيَّبَ بِاَجْوَدِ مَا نَجِدُ، وَاَنْ نُضَحِّيَ بِاَسْمَنِ مَا نَجِدُ، الْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ، وَالْجَزُورُ عَنْ عَشَرَةٍ، وَاَنْ نُظْهِرَ التَّكْبِيرَ وَعَلَيْنَا السَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں اچھے کپڑے پہننے کا حکم دیتے، جو ہم پائیں اور عمدہ خوشبو لگانے کا حکم دیتے جو ہم پائیں اور عمدہ قربانی کرنے کا حکم دیتے جو ہم پائیں، گائے اور اونٹ میں سات افراد شریک ہوتے، ہم اس پر سوار ہوں اللہ اکبر پڑھتے ہوئے اس حالت میں کہ ہم پر سکونت اور وقار ہو۔

سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

حضرت سوید بن غفلہ، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2691 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، قَالَ: كَانَتْ عَائِشَةُ بِنْتُ خَلِيفَةَ الْخَثْعَمِيَّةُ عِنْدَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ بنت خلیفہ خثعمیہ، حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس تھیں، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے لیے خلافت پر بیعت کی گئی، میں آپ کے پاس آئی، آپ کو

اسحاق بن بزرج عن الحسن، سوید بن غفلة عن الحسن

2690- اخرجه الحاكم فى مستدركه جلد 4 صفحه 256 رقم الحديث: 7560 عن الليث عن اسحاق بن بزرج عن الحسن بن على به.

اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا اُصِيبَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَبُوِيعَ لِلْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْخِلَافَةِ، دَخَلَ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: لِتُهْنِكَ الْخِلَافَةُ. فَقَالَ لَهَا: اَتُظْهِرِينَ الشَّمَاتَةَ بِقَتْلِ عَلِيٍّ، انْطَلِقِي فَاَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا. فَتَقَنَّعَتْ بِسَاجٍ لَهَا، وَجَلَسَتْ فِي نَاحِيَةِ الْبَيْتِ، وَقَالَتْ: اَمَا وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ مَا ذَهَبْتَ اِلَيْهِ. فَاَقَامَتْ حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا، ثُمَّ تَحَوَّلَتْ عَنْهُ، فَبَعَثَ اِلَيْهَا بِبَقِيَّةٍ بَقِيَتْ لَهَا مِنْ صَدَاقِهَا عَلَيْهِ، وَبِمُتْعَةٍ عَشَرَةِ آلَافٍ، فَلَمَّا جَاءَهَا الرَّسُولُ بِذٰلِكَ قَالَتْ: مَتَاعٌ قَلِيلٌ مِنْ حَبِيبٍ مُفَارِقٍ. فَلَمَّا رَجَعَ الرَّسُولُ اِلَى الْحَسَنِ فَاَخْبَرَهُ بِمَا قَالَتْ، بَكَى الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَقَالَ: لَوْلَا اَنِّي سَمِعْتُ جَدِّي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ عَنْ جَدِّي اَنَّهُ قَالَ: اِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ ثَلَاثًا عِنْدَ الْاَقْرَاءِ، اَوْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا مُبْهَمَةً؛ لَمْ تَحِلَّ لَهُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ؛ لَرَاجَعْتُهَا

مبارکباد دینے کے لیے' آپ نے مجھے فرمایا: کیا تُو مجھے گالی دے کر قتل کروانا چاہتی ہے' تُو چلی جا! تجھے تین طلاق ہیں۔ اُنہوں نے اپنے اوپر کپڑا اوڑھا اور گھر کے ایک کونے میں بیٹھ گئیں' عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے جانے کا ارادہ نہیں کیا تھا' جس وقت ان کی عدت مکمل ہوئی تو کھڑی ہوئیں' پھر چلی گئیں۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے بقیہ حق مہر بھیج دیا اور دس ہزار بطور سامان کے دیا۔ جب آپ کا بھیجا ہوا آیا تو اُس نے کہا: دوست کی جدائی سے مال تھوڑا ہے۔ جب وہ نمائندہ واپس آیا تو آپ کو بتایا جو اُس عورت نے کہا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ رو پڑے اور کہا: اگر میں نے اپنے نانا جان جناب محمد ﷺ سے سنا نہ ہوتا یا اپنے والد صاحب سے سنا نہ ہوتا جو آپ نے میرے نانا کے حوالے سے سنا ہے کہ آدمی جب اپنی بیوی کو تین طلاق دے طہر میں یا تین مبہم طلاقیں دے تو وہ عورت اس کے لیے حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے شادی کر لے۔

عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَلْحَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابوطلحہ' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2692 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اِسْحَاقَ الْوَزِيرُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُوسَى السَّدُوسِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ خَيْثَمٍ الْهِلَالِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ يَسَارٍ

بنی اُمیہ کے غلام حضرت علی بن ابوطلحہ فرماتے ہیں کہ معاویہ بن ابوسفیان نے حج کیا' ان کے ساتھ معاویہ بن حدیج نے بھی حج کیا۔ معاویہ بن حدیج'

الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ مَوْلَى بَنِي اُمَيَّةَ، قَالَ: حَجَّ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ وَحَجَّ مَعَهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ، وَكَانَ مِنْ اَسَبِّ النَّاسِ لِعَلِيٍّ، فَمَرَّ فِي الْمَدِينَةِ فِي مَسْجِدِ الرَّسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ جَالِسٌ فِي نَفَرٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَقِيلَ لَهُ: هٰذَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ السَّابُّ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. فَقَالَ: عَلَيَّ بِالرَّجُلِ. فَاَتَاهُ الرَّسُولُ، فَقَالَ: اَجِبْ. قَالَ: مَنْ؟ قَالَ: الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يَدْعُوكَ. فَاَتَاهُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنْتَ مُعَاوِيَةُ بْنُ حُدَيْجٍ؟ قَالَ: نَعَمْ. فَرَدَّ عَلَيْهِ ثَلَاثًا، فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ: السَّابُّ لِعَلِيٍّ؟ فَكَاَنَّهُ اسْتَحْيَى، فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمْ وَاللّٰهِ لَئِنْ وَرَدْتَ عَلَيْهِ الْحَوْضَ، وَمَا اُرَاكَ اَنْ تَرِدَهُ، لَتَجِدَنَّهُ مُشَمِّرَ الْاِزَارِ عَلَى سَاقٍ يَذُودُ الْمُنَافِقِينَ ذَوْدَ غَرِيبَةِ الْاِبِلِ، قَوْلُ الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو گالیاں دینے والوں میں سے تھا۔ یہ معاویہ بن حدیج مدینہ میں حضور ﷺ کی مسجد کے پاس سے گزرا' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما صحابہ کے گروہ میں تھے' آپ سے عرض کی گئی: یہ معاویہ بن حدیج ہے جو حضرت علی کو گالیاں دیتا ہے۔ آپ نے فرمایا: اس آدمی کو میرے پاس لاؤ! آپ کا نمائندہ اُسے آپ کے پاس لایا تو اُس نے کہا: کون ہے؟ نمائندہ نے کہا: حضرت حسن بن علی آپ کو بلا رہے ہیں۔ معاویہ بن حدیج آیا' اُس نے سلام کیا۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو حضرت علی کو گالیاں دیتا ہے۔ اُس نے شرم کی' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اگر تُو حوضِ کوثر پر آیا تو میں تجھے واپس کروں گا' حضور ﷺ کے حوضِ کوثر سے منافقوں کو ایسے دور کیا جائے گا جس طرح اجنبی اونٹ کو دور کیا جاتا ہے' یہ بات صادق مصدوق نے فرمائی ہے کہ وہ نقصان میں ہے جس نے افتراء باندھا۔

فُلْفُلَةُ الْجُعْفِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

فلفلہ جعفی' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2693 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنِي فُلْفُلَةُ الْجُعْفِيُّ،

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ عرش کے ساتھ معلق ہیں اور میں نے حضرت ابوبکر کو دیکھا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ کے کندھوں کو پکڑا ہوا ہے

قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ مُتَعَلِّقًا بِالْعَرْشِ، وَرَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخَذَ بِحَقْوَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَاَيْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخَذَ بِحَقْوَيْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَرَاَيْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَخَذَ بِحَقْوَيْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَرَاَيْتُ الدَّمَ يَنْصَبُّ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ . فَحَدَّثْتُ الْحَسَنَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ وَعِنْدَهُ قَوْمٌ مِنَ الشِّيعَةِ، فَقَالُوا: وَمَا رَاَيْتَ عَلِيًّا؟ فَقَالَ الْحَسَنُ: مَا كَانَ اَحَدٌ اَحَبَّ اِلَيَّ اَنْ اَرَاهُ اَخَذَ بِحَقْوَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَلِيٍّ، وَلٰكِنَّهَا رُؤْيَا رَاَيْتُهَا

اور میں نے حضرت عمر کو دیکھا کہ آپ نے حضرت ابوبکر کے کندھوں کو پکڑا ہوا ہے اور میں نے حضرت عثمان بن عفان کو دیکھا کہ آپ نے حضرت عمر کے کندھوں کو پکڑا ہوا ہے' میں نے دیکھا کہ حضرت عثمان کا خون آسمان سے زمین کی طرف گر رہا ہے' میں نے امام حسن رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث بیان کی' وہاں لوگوں کا گروہ تھا' اُنہوں نے کہا: آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا؟ امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھی پسند تھا کہ میں بھی دیکھوں کہ حضرت علی آپ کا کندھا پکڑے ہوئے ہیں؟ لیکن یہ میں نے خواب دیکھا ہے۔

الْاَصْبَغُ بْنُ نُبَاتَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اصبغ بن نباتہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2694 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَيْفٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنِ الْاَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ نَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَصْبَحْتُ بِحَمْدِ اللّٰهِ بَارِئًا . قَالَ: كَذٰلِكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ. ثُمَّ قَالَ الْحَسَنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَسْنِدُونِي. فَاَسْنَدَهُ عَلِيٌّ

حضرت اصبغ بن نباتہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی زیارت کرنے کے لیے آیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے کہا: اے رسول اللہ کے بیٹے! آپ نے صبح کیسے کی؟ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی رحمت سے میں نے صبح اچھی کی ہے اور عرض کی: انشاء اللہ ایسے رہوں گا۔ پھر امام حسن نے کہا: مجھے ٹیک لگاؤ!

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اِلٰی صَدْرِہٖ، فَقَالَ: سَمِعْتُ جَدِّی رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ شَجَرَۃً یُقَالُ لَھَا شَجَرَۃُ الْبَلْوٰی، یُؤْتٰی بِاَھْلِ الْبَلَاءِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ، فَلَا یُرْفَعُ لَھُمْ دِیوَانٌ، وَلَا یُنْصَبُ لَھُمْ مِیزَانٌ، یُصَبُّ عَلَیْھِمُ الْاَجْرُ صَبًّا، وَقَرَاَ: (اِنَّمَا یُوَفَّی الصَّابِرُونَ اَجْرَھُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ) (الزمر: 10)

حضرت علی نے اپنے سینے سے ان کو سہارا دیا۔ امام حسن رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے اپنے نانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جنت میں ایک درخت ہے اس کو آزمائش والا درخت کہا جاتا ہے' قیامت کے دن وہ اہل بلا کو عطا کیا جائے گا' ان کے لیے حساب و کتاب والا رجسٹر بھی نہیں اُٹھایا جائے گا اور میزان بھی نصب نہیں کیا جائے گا' ان پر اجر بہایا جائے گا' پھر یہ آیت کریمہ پڑھی: ''بے شک صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بغیر حساب کے پورا پورا دیا جائے گا''۔

اَبُو جَمِیلَۃَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا

حضرت ابوجمیلہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2695 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِیُّ، ثنا وَھْبُ بْنُ بَقِیَّۃَ، اَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُصَیْنٍ، عَنْ اَبِی جَمِیلَۃَ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ حِینَ قُتِلَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اسْتُخْلِفَ، فَبَیْنَمَا ھُوَ یُصَلِّی بِالنَّاسِ اِذْ وَثَبَ عَلَیْہِ رَجُلٌ، فَطَعَنَہُ بِخِنْجَرٍ فِی وَرِکِہٖ، فَتَمَرَّضَ مِنْھَا اَشْھُرًا، ثُمَّ قَامَ عَلَی الْمِنْبَرِ یَخْطُبُ، فَقَالَ: یَا اَھْلَ الْعِرَاقِ اتَّقُوا اللّٰہَ فِینَا، فَاِنَّا اُمَرَاؤُکُمْ وَضِیفَانُکُمْ، وَنَحْنُ اَھْلُ الْبَیْتِ الَّذِی قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ: (اِنَّمَا یُرِیدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیرًا) (الاحزاب: 33)۔ فَمَا زَالَ یَوْمَئِذٍ یَتَکَلَّمُ حَتّٰی مَا

حضرت ابوجمیلہ سے روایت ہے کہ جس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو خلیفہ بنایا گیا' آپ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے کہ اچانک کسی آدمی نے آپ پر حملہ کر دیا' آپ کی پنڈلی کو زخمی کیا گیا' اس وجہ سے آپ کئی ماہ تک بیمار رہے' پھر آپ منبر پر خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے' پھر فرمایا: اے عراق والو! اللہ سے ہمارے متعلق ڈرو! میں تمہارا امیر بھی ہوں اور تمہارا امام بھی' ہم وہ اہل بیت ہیں جن کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ''اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے نبی کے گھر والو! کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمہیں پاک کر کے

يُرَى فِي الْمَسْجِدِ إِلَّا بَاكِيًا

خوب ستھرا کرے'' اس کے بعد آپ مسلسل گفتگو کرتے رہے یہاں تک کہ لوگ مسجد میں رونے لگے۔

طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت طلحہ بن عبید اللہ' حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2696 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمُّوَيْهِ اَبُو سَيَّارٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَتْهُ هَدِيَّةٌ وَعِنْدَهُ قَوْمٌ جُلُوسٌ فَهُمْ شُرَكَاؤُهُ فِيهَا

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کے پاس ہدیہ آئے اور لوگ وہاں بیٹھے ہوں تو وہ اس میں سارے برابر شریک ہیں۔

2697 - حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّلَّالُ، ثنا مُخَوَّلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَاَطْيِبُوا الْكَلَامَ

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور اچھی گفتگو کرو۔

عُمَرُ بْنُ اِسْحَاقَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عمر بن اسحاق' حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں

2698 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ اِسْحَاقَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَقِيَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ

حضرت عمر بن اسحاق فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے ملے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی. اپنا

اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: ارْفَعْ ثَوْبَكَ حَتّٰى اُقَبِّلَ حَيْثُ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ . فَرَفَعَ عَنْ بَطْنِهِ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى سُرَّتِهِ.

کپڑا اُٹھائیں تا کہ میں بوسہ لوں کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کا بوسہ لیتے دیکھا ہے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے ان کے پیٹ سے کپڑا اُٹھایا اور اپنا ہاتھ ان کی ناف پر رکھ لیا۔

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا ابْنُ الْاَصْبَهَانِيِّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ اِسْحَاقَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ لَقِيَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت عمیر بن اسحاق سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے ملے اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

اَلْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يُكَنّٰى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ ذِكْرُ مَوْلِدِهِ وَصِفَتِهِ وَهَيْاَتِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَكَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ وَعَنْ اَبِيهِ وَاُمِّهِ

سیّد الشہداء امام عالی مقام حضرت سیدنا امام حسین بن علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہما آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے آپ کی ولادت اور آپ کی سیرت اور صورت کا ذکر اللہ تعالیٰ آپ کو عزت دے

2699 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ بَيْنَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ اِلَّا طُهْرٌ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کے درمیان صرف ایک طہر کا فاصلہ تھا۔

2700 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا ضِرَارُ بْنُ صُرَدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ يَعْفُورٍ الْجُعْفِيُّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ غَالِبٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ

حضرت بشر بن غالب فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا آپ نے امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا عرض کی: اے ابوعبداللہ! میں نے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے دیکھا ہے

اللّٰهُ عَنْهُ، فَرَاَى الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، فَقَالَ: يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، لَقَدْ رَاَيْتُكَ عَلَى يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَضَّبْتَهَا دَمًا حِينَ اَتَى بِكَ حِينَ وُلِدْتَ، فَسَرَّكَ وَلَفَّكَ فِي خِرْقَةٍ، وَلَقَدْ تَفَلَ فِي فِيكَ، وَتَكَلَّمَ بِكَلَامٍ مَا اَدْرِي مَا هُوَ، وَلَقَدْ كَانَتْ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سَبَقَتْهُ بِقَطْعِ سُرَّةِ الْحَسَنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: لَا تَسْبِقِينِي بِهَا

آپ سے خون کو صاف کیا گیا' جس وقت آپ کے پاس لایا گیا' جس وقت آپ کی ولادت ہوئی' آپ کو ایک کپڑے میں لپیٹا ہوا تھا اور آپ کے منہ میں حضور ﷺ نے اپنا لعابِ دہن ڈالا تھا' آپ کی گفتگو میں نہیں جانتا کہ وہ گفتگو کیا تھی' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے حضرت امام حسن کی ناف کاٹنے میں جلدی کی تھی' آپ نے فرمایا: مجھ سے پہلے اس کی ناف نہ کاٹنا۔

2701 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى اَشْبَهِ النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ عُنُقِهِ اِلَى وَجْهِهِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، وَمَنْ سَرَّهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى اَشْبَهِ النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ عُنُقِهِ اِلَى كَعْبِهِ خَلْقًا وَلَوْنًا فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جسے یہ پسند ہو کہ لوگوں میں سب سے زیادہ ناف سے لے کر چہرے تک رسول اللہ ﷺ کے مشابہ کو دیکھے تو وہ حسن بن علی کو دیکھ لے اور جس نے ناف سے لے کر پاؤں تک لوگوں میں سے زیادہ حضور ﷺ کے مشابہ کو دیکھنا ہو سیرت اور رنگ کے لحاظ سے تو وہ حسین بن علی کو دیکھے۔

2702 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ عُقْبَةَ بْنِ قَبِيصَةَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَاْسِهِ اِلَى عُنُقِهِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحَسَنِ، وَمَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى مَا لَدُنْ عُنُقِهِ فَلْيَنْظُرْ اِلَى الْحُسَيْنِ، اقْتَسَمَاهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس کا یہ ارادہ ہو کہ وہ ناف تک رسول اللہ ﷺ کے چہرہ کو دیکھے تو وہ حسن کو دیکھ لے اور جس کا ارادہ ہو کہ وہ ناف سے پاؤں تک رسول اللہ ﷺ کو دیکھے تو وہ حسین بن علی کو دیکھے۔

2703 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ الْحَسَنُ اَشْبَهَ النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّحْرِ فَصَاعِدًا. فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حسن رسول اللہ ﷺ کے زیادہ مشابہ تھے سینے سے اوپر تک۔

2704 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادِ بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَشْبَهُ النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ رَاْسِهِ اِلَى نَحْرِهِ الْحَسَنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں میں سر سے لے کر سینے تک رسول اللہ ﷺ کے سب سے زیادہ مشابہ حضرت حسن تھے۔

2705 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، ثنا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: اَلْحَسَنُ اَشْبَهُ النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَ الرَّاْسِ اِلَى النَّحْرِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں میں سر سے لے کر سینے تک رسول اللہ ﷺ سے سب سے زیادہ مشابہ حضرت حسن تھے۔

2706 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هَانِي بْنِ هَانِي، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا وُلِدَ الْحَسَنُ سَمَّيْتُهُ حَرْبًا، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَرُونِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوهُ؟ فَقُلْتُ: حَرْبًا. فَقَالَ: بَلْ هُوَ حَسَنٌ. فَلَمَّا وُلِدَ الْحُسَيْنُ سَمَّيْنَاهُ حَرْبًا، فَاَتَى

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب امام حسن کی ولادت ہوئی تو میں نے ان کا نام حرب تھا' حضور ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: مجھے میرا لخت جگر دکھاؤ! تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! حضور ﷺ نے فرمایا: یہ حسن ہے۔ جب حسین کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' اس کے بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لائے' آپ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْتُونِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوهُ؟ فَقُلْتُ: حَرْبًا. فَقَالَ: بَلْ هُوَ حُسَيْنٌ. فَلَمَّا وُلِدَ الثَّالِثُ سَمَّيْتُهُ حَرْبًا، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ارُونِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوهُ؟ فَقُلْتُ: حَرْبًا. فَقَالَ: بَلْ هُوَ مُحَسِّنٌ. ثُمَّ قَالَ: إِنِّي سَمَّيْتُهُمْ بِأَسْمَاءِ وَلَدِ هَارُونَ شَبَرَ وَشُبَيْرَ وَمُشَبِّرَ

نے فرمایا: مجھے میرا لخت جگر دو! تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: اس کا نام حسین ہے۔ جب تیسرے بچے کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' حضور ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: مجھے میرا لخت جگر دکھاؤ! تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: اس کا نام محسن ہے' آپ نے فرمایا: میں نے ان کے نام ہارون علیہ السلام کے بچوں کے نام پر رکھے ہیں' جن کے نام شبر' شبیر اور مبشر ہیں۔

2707 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَهْلِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا وُلِدَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ارُونِي ابْنِي مَا سَمَّيْتُمُوهُ؟ قُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا. قَالَ: بَلْ هُوَ حَسَنٌ. فَلَمَّا وُلِدَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَاءَ، فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِهِ، فَقُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا. فَقَالَ: بَلْ هُوَ حُسَيْنٌ. فَلَمَّا وَلَدَتِ الثَّالِثَ جَاءَ، فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِهِ، فَقُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا. فَقَالَ: بَلْ هُوَ مُحَسِّنٌ. ثُمَّ قَالَ: سَمَّيْتُهُمْ بِوَلَدِ هَارُونَ شَبَرَ وَشُبَيْرَ وَمُشَبِّرَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب امام حسن کی ولادت ہوئی تو میں نے ان کا نام حرب تھا' حضور ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: مجھے میرا لخت جگر دکھاؤ! تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! حضور ﷺ نے فرمایا: یہ حسن ہے۔ جب حسین کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' اس کے بعد رسول اللہ ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: مجھے میرا لخت جگر دو! تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: اس کا نام حسین ہے۔ جب تیسرے بچے کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' حضور ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: مجھے میرا لخت جگر دکھاؤ! تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: اس کا نام محسن ہے' پھر آپ نے فرمایا: میں نے ان کے نام ہارون علیہ السلام کے بچوں کے نام پر

رکھے ہیں' جن کے نام شبر' شبیر اور مبشر ہیں۔

2708 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هَانِي بْنِ هَانِي، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ اُحِبُّ اَنْ اَكْتَنِيَ بِاَبِي حَرْبٍ، فَلَمَّا وُلِدَ الْحَسَنُ سَمَّيْتُهُ حَرْبًا، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا سَمَّيْتُمْ؟ فَقُلْتُ: سَمَّيْتُهُ حَرْبًا. فَقَالَ: هُوَ الْحَسَنُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی کنیت ابوحرب رکھنا پسند کرتا تھا' جب حسن کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' اس کے بعد حضور ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے اس کا نام حرب رکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: یہ حسن ہے۔

2709 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ هَانِي بْنِ هَانِي، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا وُلِدَ الْحَسَنُ سَمَّيْتُهُ حَرْبًا، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ سَمَّيْتَهُ؟ فَقُلْتُ: حَرْبًا. فَقَالَ: لَا، وَلٰكِنْ سَمِّهِ حَسَنًا. ثُمَّ وُلِدَ الْحُسَيْنُ، فَسَمَّيْتُهُ حَرْبًا، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا سَمَّيْتَهُ؟ فَقُلْتُ: حَرْبًا. قَالَ: بَلْ سَمِّهِ حُسَيْنًا. ثُمَّ وُلِدَ آخَرُ، فَسَمَّيْتُهُ حَرْبًا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا سَمَّيْتَهُ؟ قُلْتُ: حَرْبًا. قَالَ: سَمِّهِ مُحَسِّنًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حسن کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اس کا نام تم نے کیا رکھا؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ اس کا نام حسن ہے' پھر حسین کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: نہیں! اس کا نام حسین ہے۔ پھر تیسرے کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے اس کا کیا نام رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: حرب! آپ نے فرمایا: اس کا نام محسن ہے۔

2710 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ عِيسَى الرَّمْلِيُّ التَّمِيمِيُّ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كُنْتُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جنگ کو پسند کرتا تھا' جب حسن کی ولادت ہوئی تو میں نے اس کا نام حرب رکھنے کا ارادہ کیا' حضور ﷺ نے حسن نام رکھا' جب حسین کی ولادت ہوئی تو میں نے حرب

رَجُلًا اُحِبُّ الْحَرْبَ، فَلَمَّا وُلِدَ الْحَسَنُ هَمَمْتُ اَنْ اُسَمِّيَهُ حَرْبًا، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ، فَلَمَّا وُلِدَ الْحُسَيْنُ هَمَمْتُ اَنْ اُسَمِّيَهُ حَرْبًا، فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُسَيْنَ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي سَمَّيْتُ ابْنَيَّ هَذَيْنِ بِاسْمِ ابْنَيْ هَارُونَ شَبَرَ وَشُبَيْرَ

نام رکھنے کا ارادہ کیا' حضور ﷺ نے حسین نام رکھا' حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے دونوں لخت جگروں کا نام حضرت ہارون کے بیٹوں شبر وشبیر کے نام پر رکھا ہے۔

2711 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا عَمْرُو بْنُ حُرَيْثٍ، ثنا بَرْذَعَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَمَّيْتُهُمَا- يَعْنِي الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ- بِاسْمِ ابْنَيْ هَارُونَ شَبَرَ وَشُبَيْرَ

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے حسن وحسین دونوں کا نام حضرت ہارون علیہ السلام کے بیٹوں شبر وشبیر کے نام پر رکھے ہیں۔

2712 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ اَبُو يَحْيَى، ثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ كَانَ يَخْضِبُ بِالْوَسْمَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما وسمہ کا خضاب لگاتے تھے۔

2713 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمَّى ابْنَهُ الْاَكْبَرَ حَمْزَةَ، وَسَمَّى حُسَيْنًا جَعْفَرًا بِاسْمِ عَمِّهِ، فَسَمَّاهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسَنًا وَحُسَيْنًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے بڑے بیٹے کا نام حمزہ اور حسین کا نام جعفر چچا کے نام پر رکھنا چاہا تو حضور ﷺ نے دونوں کا نام حسن و حسین رکھا۔

2714 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَخْضِبَانِ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت حریث فرماتے ہیں کہ میں نے امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ دونوں حناء اور کتم لگاتے تھے۔

2715 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ قَيْسٍ مَوْلَى خَبَّابٍ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا يَخْضِبَانِ بِالسَّوَادِ

حضرت خباب کے غلام قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ دونوں سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

2716 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ يَوْمَ عَاشُورَاءَ فِي سَنَةِ اِحْدَى وَسِتِّينَ، وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ سَنَةً، وَكَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت ابوبکر بن ابوشیبہ فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو عاشوراء کے دن 61 ہجری میں شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی' آپ حناء اور کتم کا خضاب لگاتے تھے۔

2717 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُتِلَ عَلِيٌّ وَهُوَ ابْنُ اثْنَيْنِ وَخَمْسِينَ، وَلَهَا قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، وَمَاتَ لَهَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، وَمَاتَ لَهَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 52 سال تھی' اسی عمر میں حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو شہید کیا گیا' اسی عمر میں حضرت علی بن حسین (امام زین العابدین) کا وصال ہوا' اور اسی عمر میں حضرت محمد بن علی بن حسین کا وصال ہوا۔

2718 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرٍ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمَهْدِيَّ سَاَلَ جَعْفَرًا: كَمْ كَانَ لِعَلِيٍّ حِينَ قُتِلَ؟ قَالَ: ثَمَانٍ وَخَمْسُونَ، وَلَهَا قُتِلَ

حضرت مہدی فرماتے ہیں کہ حضرت جعفر سے پوچھا گیا: جس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' آپ کی عمر کتنی تھی؟ حضرت جعفر نے فرمایا: 58 سال اور اسی عمر میں حضرت حسین بن علی کو بھی شہید کیا

الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ

گیا تھا۔

2719 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ جَوَّاسٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت عیزار بن حریث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ آپ سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

2720 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بُزُرْجَ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا ابْنَيْ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا يَخْضِبَانِ بِالسَّوَادِ، وَكَانَ الْحُسَيْنُ يَدَعُ الْعُنْفُقَةَ

حضرت عبدالرحمٰن بن بزرج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما' حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نورِ نظروں کو دیکھا' دونوں نورِ نظر سیاح خضاب لگاتے تھے' حضرت امام حسین ہونٹ اور ٹھوڑی کے درمیان والے بال چھوڑتے تھے۔

2721 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ وَفِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ خَضَبَ بِالسَّوَادِ

حضرت امام شعبی فرماتے ہیں کہ میں حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس آیا' آپ نے سیاہ خضاب لگایا ہوا تھا۔

2722 - حَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ كَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت جعفر اپنے والد سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سیاہ خضاب لگایا کرتے تھے۔

2723 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا طَاهِرُ بْنُ اَبِي اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، اَخْبَرَنِي اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ يَخْضِبُ

حضرت سعید مقبری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا' آپ سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

بِالسَّوَادِ

2724 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، اَنَا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُمَيْنِ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما سیاہ خضاب لگاتے تھے۔

2725 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ اَبِي الْخُوَارِ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي يَزِيدَ، قَالَا: رَاَيْنَا الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْوَسْمَةِ

حضرت عمر بن عطاء بن ابوالخوار اور عبیداللہ بن ابویزید دونوں فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا' آپ وسمہ کا خضاب لگاتے تھے۔

2726 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا لَيْثٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْخَيَّاطُ الَّذِي قَطَعَ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَمِيصًا، قَالَ: قُلْتُ: اَجْعَلُهُ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ؟ قَالَ: لَا. قُلْتُ: فَاَجْعَلُهُ اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ؟ فَقَالَ: مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ فِي النَّارِ

حضرت لیث فرماتے ہیں کہ مجھے اس درزی نے بتایا جو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے کپڑے سیتا تھا' میں نے عرض کی: کیا قدموں تک شلوار بناؤ؟ آپ نے فرمایا: نہیں! میں نے عرض کی: ٹخنوں سے نیچے تک؟ آپ نے فرمایا: ٹخنوں سے نیچے جو ہوگا وہ جہنم میں چلا جائے گا۔

2727 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهِلَالِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا مُسْتَقِيمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا جَوَارِبَ خَزٍّ مَنْصُوبٍ، وَرَاَيْتُهُمَا يَرْكَبَانِ الْبَرَاذِينَ التِّجَارِيَّةَ

حضرت مستقیم بن عبدالملک فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں کو چمڑے کے موزے پہنے ہوئے دیکھا۔

2728 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عیزار بن حریث فرماتے ہیں کہ میں نے

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ جَوَّاسٍ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ كِسَاءَ خَزٍّ اَحْمَرَ

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما پر سرخ رنگ کی چادر دیکھی۔

2729 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ يَزِيدَ الطَّحَّانُ، قَالَا: ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعَلَيْهِ عِمَامَةُ خَزٍّ قَدْ خَرَجَ شَعْرُهُ مِنْ تَحْتِ الْعِمَامَةِ

حضرت سدی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ آپ نے خز کا عمامہ پہنا ہوا تھا' آپ کے بال مبارک عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے تھے (یعنی آپ کی زلفیں مبارک تھیں)۔

2730 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ وَفِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَعَلَيْهِ ثَوْبُ خَزٍّ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ آپ نے اُون اور ریشم کا بنا ہوا کپڑا پہنا ہوا تھا۔

2731 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا طَاهِرُ بْنُ اَبِي اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي الْيَسَارِ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

2732 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْكُوفِيِّ، عَنْ اَبِي عُكَّاشَةَ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلَى الْحُسَيْنِ يَوْمَ قُتِلَ يَلْمَقَ سُنْدُسٍ

حضرت ابی عکاشہ ہمدانی فرماتے ہیں: جس دن حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ شہید ہوئے' میں نے ان پر باریک ریشم کی طرح بھراؤ دار چوغہ دیکھا۔

2733 - حَدَّثَنَا اَبُو حَنِيفَةَ مُحَمَّدُ بْنُ حَنِيفَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ الْغَنَوِيُّ، ثنا

حضرت سلیمان بن ہیثم فرماتے ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما طواف کعبہ کر رہے تھے' آپ

سُلَيْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ، قَالَ: كَانَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ، فَأَرَادَ أَنْ يَسْتَلِمَ الْحَجَرَ، فَأَوْسَعَ النَّاسُ لَهُ، وَالْفَرَزْدَقُ بْنُ غَالِبٍ يَنْظُرُ إِلَيْهِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا أَبَا فِرَاسٍ، مَنْ هَذَا؟ فَقَالَ الْفَرَزْدَقُ:

(البحر البسيط)

هَذَا الَّذِي تَعْرِفُ الْبَطْحَاءُ وَطْأَتَهُ ... وَالْبَيْتُ يَعْرِفُهُ وَالْحِلُّ وَالْحَرَمُ

هَذَا ابْنُ خَيْرِ عِبَادِ اللّٰهِ كُلِّهِمُ ... هَذَا التَّقِيُّ النَّقِيُّ الطَّاهِرُ الْعَلَمُ

يَكَادُ يُمْسِكُهُ عِرْفَانَ رَاحَتِهِ ... رُكْنُ الْحَطِيمِ لَدَيْهِ حِينَ يَسْتَلِمُ

إِذَا رَأَتْهُ قُرَيْشٌ قَالَ قَائِلُهَا ... إِلَى مَكَارِمِ هَذَا يَنْتَهِي الْكَرَمُ

يُغْضِي حَيَاءً وَيُغْضَى مِنْ مَهَابَتِهِ ... فَمَا يُكَلَّمُ إِلَّا حِينَ يَبْتَسِمُ

فِي كَفِّهِ خَيْزُرَانٌ رِيحُهُ عَبِقٌ ... بِكَفِّ أَرْوَعَ فِي عِرْنِينِهِ شَمَمُ

مُشْتَقَّةٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ نَبْعَتُهُ ... طَابَتْ عَنَاصِرُهُ وَالْخِيمُ وَالشِّيَمُ

لَا يَسْتَطِيعُ جَوَادٌ بَعْدَ غَايَتِهِمْ ... وَلَا يُدَانِيهِمْ قَوْمٌ وَإِنْ كَرُمُوا

أَيُّ الْعَشَائِرِ لَيْسَتْ فِي رِقَابِهِمُ ... لِأَوَّلِيَّةِ هَذَا أَوْ لَهُ نِعَمُ

نے حجر اسود کو بوسہ دینا چاہا تو لوگوں نے آپ کے لیے جگہ کشادہ کر دی۔ فرزدق بن غالب آپ کی طرف دیکھ رہا تھا' ایک آدمی نے کہا: اے ابوفراس! یہ کون ہے؟ فرزدق نے کہا:

''یہ وہ ہستی ہے جس کو بطحا وادی اچھی طرح پہچانتی ہے' بیت اللہ شریف کو بھی ان کا پورا تعارف ہے' کیا مقام حل والے' کیا حرم والے سارے واقف ہیں'

یہ اُس ہستی کا لخت جگر ہے جو تمام لوگوں سے بہتر ہے' یہ متقی' صاف ستھرا' پاکیزہ اور بہت بڑا عالم دین ہے'

جب یہ بوسہ دیں' قریب ہے حطیم کعبہ اس کی ہتھیلی کو پہچان کر' اپنے پاس ہی روک لے'

جب ان پر قریشیوں کی نگاہ پڑی تو ایک کہنے والے نے کہا: اس آدمی کے مکارمِ اخلاق پر کرم و سخاوت کی انتہاء ہے'

آپ اپنے حیاء کی وجہ سے نگاہ نیچی کرتے ہیں اور لوگ آپ کے رعب سے نظریں جھکا لیتے ہیں' پس کوئی آدمی کلام کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا جب وہ تبسم ریز نہ ہوں'

ان کی ہتھیلی میں بانس یا نیزے ہیں' ہتھیلی کی خوشبو تازہ ہے' مرعوب کی ہتھیلی کے ساتھ' جس کے سردار یا مالک میں نیک عادات ہوں'

رسول اللہ ﷺ کے جسم کے ٹکڑے ہیں' ان کے عناصر پاکیزہ ہیں اور عادات و خصائل عمدہ ہیں'

ان کی انتہاء کے بعد کوئی سخی طاقت رکھنے والا

انہیں اور اگر یہ سخاوت کریں تو کوئی بھی ان کے قریب تک نہیں پھٹک سکتا'

اس کی اولیت کی خاطر کون سی اونٹنی ان کے قبضے میں نہیں ہے یہاں تک کہ اسے نعمتوں کی کمی نہیں''۔

2734 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ، ثنا الْمُسَيَّبُ بْنُ نَجَبَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنْ خَاصَّةِ نَفْسِي وَأَهْلِ بَيْتِي؟ قُلْنَا: بَلَى. قَالَ: أَمَّا حَسَنٌ فَصَاحِبُ جَفْنَةٍ وَخُوَانٍ، وَفَتًى مِنَ الْفِتْيَانِ، وَلَوْ قَدِ الْتَقَتْ حَلْقَتَا الْبِطَانِ لَمْ يُغْنِ عَنْكُمْ فِي الْحَرْبِ حِبَالَةُ عُصْفُورٍ. وَأَمَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ فَصَاحِبُ لَهْوٍ وَظِلٍّ وَبَاطِلٍ، وَلَا يَغُرَّنَّكُمُ ابْنَا عَبَّاسٍ، وَأَمَّا أَنَا وَحُسَيْنٌ فَأَنَا وَحُسَيْنٌ، فَإِنَّا مِنْكُمْ وَأَنْتُمْ مِنَّا، وَاللَّهِ لَقَدْ خَشِيتُ أَنْ يُدَالَ هَؤُلَاءِ الْقَوْمُ عَلَيْكُمْ بِصَلَاحِهِمْ فِي أَرْضِهِمْ، وَفَسَادِكُمْ فِي أَرْضِكُمْ، وَبِأَدَائِهِمُ الْأَمَانَةَ وَخِيَانَتِكُمْ، وَبِطَوَاعِيَتِهِمْ إِمَامَهُمْ وَمَعْصِيَتِكُمْ لَهُ، وَاجْتِمَاعِهِمْ عَلَى بَاطِلِهِمْ، وَتَفَرُّقِكُمْ عَلَى حَقِّكُمْ، حَتَّى تَطُولَ دَوْلَتُهُمْ، حَتَّى لَا يَدَعُوا لِلَّهِ مُحَرَّمًا إِلَّا اسْتَحَلُّوهُ، وَلَا يَبْقَى مَدَرٌ وَلَا وَبَرٌ إِلَّا دَخَلَهُ ظُلْمُهُمْ، وَحَتَّى يَكُونَ أَحَدُكُمْ تَابِعًا لَهُمْ، وَحَتَّى يَكُونَ نُصْرَةُ أَحَدِكُمْ مِنْهُمْ كَنُصْرَةِ الْعَبْدِ مِنْ سَيِّدِهِ، إِذَا شَهِدَ أَطَاعَهُ، وَإِذَا غَابَ عَنْهُ سَبَّهُ، وَحَتَّى يَكُونَ أَعْظَمُكُمْ

حضرت مسیب بن نجبہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تمہیں اپنے اور اپنی اہل بیت کے متعلق بتاؤں! ہم نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: حسن تو سخی اور اگر معاملہ سخت ہو جائے' مصیبت سنگین ہو جائے' نوجوانوں میں سے ایک جوان ہے' اگر تو یہ تم کو جنگ میں چڑیا کے پھندے کا بھی فائدہ نہ دے' عبداللہ بن جعفر تو صاحب لھو' سایہ والا اور باطل والا ہے' ابن عباس کے دونوں بیٹے بھی تمہیں دھوکہ نہ دیں' میں اور حسین تو پھر میں اور حسین ہیں۔ پس ہم تم سے ہیں اور تم ہم سے ہو' قسم بخدا! مجھے خطرہ ہے کہ یہ قوم تم پر غالب کر دی جائے' اس طرح کہ ان کے ملک میں امن ہو' تمہارے ملک میں فساد ہو' وہ امانت ادا کریں' تم امانت میں خیانت کرو' وہ اپنے امام کا کہا مانیں' لیکن تم نافرمانی کرو' وہ اپنے باطل پر اکٹھے ہو جائیں اور تم اپنے حق پر تعزیہ بازی کا شکار ہو یہاں تک کہ ان کی حکومت کا زمانہ لمبا ہو جائے یہاں تک کہ ان کی حکومت کا زمانہ لمبا ہو جائے' یہاں تک کہ وہ اللہ کی حرام چیزوں کو حلال کریں' ہر چھوٹے بڑے پر ظلم کریں یہاں تک کہ تمہارے کچھ لوگ بھی ان کے تابع ہو جائیں' اس کی مدد ان کے ساتھ ایسے ہی ہو جیسے نوکر کی

فِيهَا غِنًى اَحْسَنَكُمْ بِاللّٰهِ ظَنًّا، فَإِنْ اَتَاكُمُ اللّٰهُ بِعَافِيَةٍ فَاقْبَلُوا، فَإِنِ ابْتُلِيتُمْ فَاصْبِرُوا، فَإِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِينَ

آقا کے ساتھ ہوتی ہے' سامنے ہو تو بات مانتا ہے' غائب ہو تو گالی دیتا ہے یہاں تک کہ اس میں غنی تمہارا بڑا ہو' اللہ سے حُسنِ ظن رکھنے والا' پس اگر اللہ تعالیٰ تمہیں عافیت دے تو قبول کرنا اور اگر مصیبت و آزمائش دے تو صبر کرنا' کیونکہ بہتر انجام پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

الحسین بن علی بن ابی طالب یکنی ابا عبد اللہ

2735 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ فِطْرِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ، عَنِ الْمُسَيِّبِ بْنِ نَجَبَةَ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَذَكَرُوا اَهْلَ بَيْتِهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمَّا الْحَسَنُ فَلَا يُغْنِي عَنْكُمْ فِي الْحَرْبِ حِبَالَةَ عُصْفُورٍ، وَاَمَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ فَصَاحِبُ ظِلٍّ وَخُوَانٍ، وَاَمَّا حُسَيْنٌ فَإِنَّهُ مِنْكُمْ وَاَنْتُمْ مِنْهُ

حضرت مسیب بن نجبہ فزاری فرماتے ہیں کہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' ان لوگوں نے اہل بیت کا ذکر کیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جہاں تک تعلق ہے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہا کا تو وہ جنگ میں چڑیا کے پھندے کے برابر بھی تمہیں فائدہ نہ دیں گے اور جہاں تک تعلق ہے حضرت عبداللہ بن جعفر کا تو وہ سائے میں بیٹھنے والے اور دسترخوان پر براجمان ہونے والے ہیں لیکن حضرت امام حسین تو مجھ سے ہیں اور تم سب ان سے ہو۔

2736 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي رَجَبٍ لِاَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَتْ مِنْهُ، وَاسْتُخْلِفَ يَزِيدُ سَنَتَيْنِ، وَفِي سَنَةِ اِحْدَى وَسِتِّينَ قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ وَاَصْحَابُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ لِعَشْرِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنَ الْمُحَرَّمِ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، وَقُتِلَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَاُمُّهُ اُمُّ الْبَنِينَ عَامِرِيَّةٌ، وَجَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَعُثْمَانُ

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ کا وصال 4 رجب کو ہوا' یزید کو دو سال تک کے لیے خلیفہ بنایا گیا' 61 محرم کو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے دیگر ساتھیوں کو شہید کیا گیا' حضرت عباس بن علی بن ابوطالب اور ان کی والدہ اُم البنین عامریہ اور جعفر بن علی بن ابوطالب' عبداللہ بن علی بن ابوطالب' عثمان بن علی بن ابوطالب' ابوبکر بن علی بن ابوطالب' ان کی والدہ لیلیٰ بنت مسعود نہشلیہ اور علی بن حسین بن علی بن ابوطالب اکبر' ان کی والدہ لیلیٰ ثقفیہ

بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَاُمُّهُ لَيْلَى بِنْتُ مَسْعُودٍ نَهْشَلِيَّةٌ، وَعَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ الْاَكْبَرُ، وَاُمُّهُ لَيْلَى ثَقَفِيَّةٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحُسَيْنِ، وَاُمُّهُ الرَّبَابُ بِنْتُ امْرِءِ الْقَيْسِ كَلْبِيَّةٌ، وَاَبُو بَكْرِ بْنُ الْحُسَيْنِ لِاُمِّ وَلَدٍ، وَالْقَاسِمُ بْنُ الْحَسَنِ لِاُمِّ وَلَدٍ، وَعَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَجَعْفَرُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَمُسْلِمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَسُلَيْمَانُ مَوْلَى الْحُسَيْنِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ رَضِيعُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَقُتِلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

اور عبداللہ بن حسین اور ان کی والدہ رباب بنت امرء القیس کلبیہ اور ابوبکر بن حسین اور قاسم بن حسن' عون بن عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب' جعفر بن عقیل بن ابوطالب اور مسلم بن عقیل بن ابوطالب' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کے غلام سلیمان اور عبداللہ رضیع حسین رضی اللہ عنہم کو شہید کیا گیا' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو شہید کیا گیا اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی۔

2737 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قُتِلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی۔

2738 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ ضُرَيْسٍ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ مُنْذِرٍ الثَّوْرِيِّ، قَالَ: كَانَ اِذَا ذُكِرَ قَتْلُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عِنْدَ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، قَالَ: لَقَدْ قُتِلَ مَعَهُ سَبْعَةَ عَشَرَ مِمَّنِ ارْتَكَضَ فِي رَحِمِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت منذر ثوری فرماتے ہیں کہ حضرت محمد بن حنفیہ کے ہاں جب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا ذکر کیا جاتا تو آپ فرماتے: آپ کے ساتھ 17 افراد کو شہید کیا گیا ہے' جن کا رشتہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے تھا۔

2739 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ

حضرت لیث فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسین

الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، قَالَ: اَبَى الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنْ يُسْتَاْسَرَ، فَقاتَلُوهُ فَقَتَلُوهُ، وَقَتَلُوا ابْنَيْهِ وَاَصْحَابَهُ الَّذِينَ قَاتَلُوا مِنْهُ بِمَكَانٍ يُقَالُ لَهُ الطَّفُّ، وَانْطُلِقَ بِعَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، وَفَاطِمَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ، وَسُكَيْنَةَ بِنْتِ حُسَيْنٍ اِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ، وَعَلِيٌّ يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ قَدْ بَلَغَ، فَبَعَثَ بِهِمْ اِلَى يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، فَاَمَرَ بِسُكَيْنَةَ فَجُعِلَتْ خَلْفَ سَرِيرِهِ لِئَلَّا تَرَى رَاْسَ اَبِيهَا وَذَوِي قَرَابَتِهَا، وَعَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فِي غُلٍّ، فَوَضَعَ رَاْسَهُ، فَضَرَبَ عَلَى ثَنِيَّتَيِ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

نُفَلِّقُ هَامًا مِنْ رِجَالٍ اَحِبَّةٍ ... اِلَيْنَا وَهُمْ كَانُوا اَعَقَّ وَاَظْلَمَا

فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: (مَا اَصَابَ مِنْ مُصِيبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِي كِتَابٍ مِنْ قَبْلِ اَنْ نَبْرَاَهَا اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ) (الحديد:22). فَثَقُلَ عَلَى يَزِيدَ اَنْ يَتَمَثَّلَ بِبَيْتِ شِعْرٍ، وَتَلَا عَلِيٌّ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ يَزِيدُ: بَلْ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ. فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ رَآنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَغْلُولِينَ لَاَحَبَّ اَنْ يُخَلِّيَنَا مِنَ الْغُلِّ. قَالَ: صَدَقْتَ، فَخَلُّوهُمْ مِنَ الْغُلِّ. قَالَ: وَلَوْ وَقَفْنَا بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

بن علی رضی اللہ عنہما نے لڑنے سے انکار کیا تھا' آپ لڑے اور شہید ہو گئے' آپ کے بیٹے اور ساتھی آپ کے ساتھ اس جگہ شہید ہوئے اُسے طف کہا جاتا تھا۔ حضرت علی بن حسین اور فاطمہ بنت حسین اور سکینہ بنت حسین کو عبیداللہ بن زیاد کے پاس بھیجا گیا' حضرت علی بن حسین بلوغت کے قریب تھے' ان کو عبید نے یزید بن معاویہ کی طرف بھیجا' سکینہ کے متعلق حکم دیا کہ ان کو پردہ کے پیچھے کروں گا کہ اپنے والد کا سر نہ دیکھیں اور اپنے قریبیوں کو۔ حضرت علی بن حسین کو زنجیریں پہنائی گئی تھیں' یزید نے آپ کا سر رکھا' آپ کے ہونٹوں پر مارا' کہا:

''ہم ان لوگوں کے سر پھوڑتے ہیں جو ہمیں پیارے ہیں لیکن وہ نافرمان اور ظالم ہیں''۔

حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''نہیں پہنچتی کوئی مصیبت زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر وہ کتاب میں قبل اس کے کہ ہم اس کو پیدا کریں' بے شک اللہ پر یہ آسان ہے''۔ یہ آیت یزید پر بھاری گزری' شعر پڑھنے سے پہلے علی بن حسین نے قرآن کی آیت تلاوت کی۔ یزید نے کہا: بلکہ جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا اور بہت زیادہ معاف کرتا ہے۔ حضرت علی نے فرمایا: اگر رسول اللہ ﷺ ہمیں زنجیروں کی حالت میں دیکھتے تو ہم سے زنجیریں کھولتے۔ یزید نے کہا: سچ کہا! آپ کی زنجیریں کھول

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بُعْدٍ لَاَحَبَّ اَنْ يُقَرِّبَنَا . قَالَ: صَدَقْتَ، فَقَرِّبُوهُمْ . فَجَعَلَتْ فَاطِمَةُ وَسُكَيْنَةُ يَتَطَاوَلَانِ لِتَرَيَا رَأْسَ اَبِيهِمَا، وَجَعَلَ يَزِيدُ يَتَطَاوَلُ فِي مَجْلِسِهِ لِيَسْتُرَ عَنْهُمَا رَأْسَ اَبِيهِمَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهِمْ فَجُهِّزُوا، فَاَصْلَحَ اِلَيْهِمْ، وَاُخْرِجُوا اِلَى الْمَدِينَةِ

دی گئیں۔ حضرت علی بن حسین نے فرمایا: اگر ہم رسول اللہ ﷺ کے آگے کھڑے ہوتے تو آپ ہمیں قریب کرنا پسند کرتے۔ یزید نے کہا: آپ نے سچ کہا! ان کو قریب کیا گیا' حضرت فاطمہ اور سکینہ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے سر کو دیکھنے کے لیے آگے بڑھنے لگیں' یزید مجلس میں آگے ہونے لگا تا کہ آپ کے سر کو ان سے چھپائے' پھر اس نے حکم دیا کہ ان کے سامان تیار کیا جائے' ضروری انتظامات کیے اور مدینہ کی طرف بھیج دیا۔

2740 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُقْتَلُ حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى رَأْسِ سِتِّينَ مِنْ مُهَاجَرَتِي

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حسین بن علی کو ساٹھ ہجری میں شہید کیا جائے گا۔

2741 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ، حَدَّثَنِي حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُقْتَلُ الْحُسَيْنُ حِينَ يَعْلُوهُ الْقَتِيرُ . قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: الْقَتِيرُ: الشَّيْبُ.

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی کو شہید کیا جائے گا جس وقت بڑھاپا آئے گا۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: القتیر کا معنی بڑھاپا ہے۔

حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبَّادٍ الْخَطَّابِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا

حضرت عوان بن حکم فرماتے ہیں: جب عبدالرحمن

سَعِيدُ بْنُ صُبَيْحٍ، قَالَ: قَالَ هِشَامُ بْنُ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَوَانَةَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ: لَمَّا ضَرَبَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُلْجَمٍ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

بن ملجم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

2742 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ أَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُتِلَ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ، وَقُتِلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ، وَتُوُفِّيَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا' اُس وقت آپ کی عمر 58 سال تھی' حضرت حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو آپ کی عمر بھی 58 سال تھی' حضرت علی بن حسین (امام زین العابدین) کا وصال ہوا تو اُس وقت آپ کی عمر بھی 58 سال تھی۔

2743 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ مُدْرِكٍ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُجَيٍّ، عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَافَرَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَلَمَّا حَاذَى نِينَوَى، قَالَ: صَبْرًا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، صَبْرًا بِشَطِّ الْفُرَاتِ. قُلْتُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَعَيْنَاهُ تَفِيضَانِ، فَقُلْتُ: هَلْ أَغْضَبَكَ أَحَدٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ مَالِي أَرَى عَيْنَيْكَ مُفِيضَتَيْنِ؟ قَالَ: قَامَ مِنْ عِنْدِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَأَخْبَرَنِي أَنَّ أُمَّتِي تَقْتُلُ الْحُسَيْنَ ابْنِي. ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ أَنْ أُرِيَكَ مِنْ تُرْبَتِهِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَمَدَّ يَدَهُ فَقَبَضَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهَا لَمْ أَمْلِكْ عَيْنَيَّ أَنْ فَاضَتَا

حضرت عبداللہ بن نجی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر کیا' جب نینویٰ (نزد کربلا) کے قریب ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! فرات کے کنارے رکنا۔ میں نے عرض کی: کیوں؟ آپ نے فرمایا: میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کو کسی نے تکلیف دی ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں آپ کی آنکھیں آنسوؤں سے تر بتر دیکھ رہا ہوں؟ فرمایا: میرے پاس سے حضرت جبریل علیہ السلام کھڑے ہوئے اور مجھے بتایا کہ میری اُمت میرے لخت جگر حسین کو شہید کرے گی' پھر حضرت جبریل نے عرض کی: کیا اس جگہ کی مٹی دکھاؤں؟ میں نے کہا: ہاں! حضرت جبریل نے اپنا ہاتھ مٹی لی' جب میں نے اسے دیکھا تو میں اپنے آشوب پر قابو نہ پا سکا۔

2744 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، قَالَ: لَمَّا أُحِيطَ بِالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: مَا اسْمُ هَذِهِ الْأَرْضِ؟ قِيلَ: كَرْبَلَاءُ. فَقَالَ: صَدَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهَا أَرْضُ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ

حضرت مطلب بن عبداللہ بن مطلب فرماتے ہیں کہ جب حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما کو گھیرا گیا تو آپ نے فرمایا: اس زمین کا کیا نام ہے؟ آپ سے عرض کی گئی: کربلا! آپ نے فرمایا: (میرے نانا) حضور ﷺ نے سچ کہا ہے' یہ زمین کرب و بلا ہے۔

2745 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنِ حَسَّانَ الْمَرْوَزِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ الْبَصْرِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالُوا: ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، قَالَا: ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ الصَّيْدَلَانِيُّ، قَالَا: ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ مَلَكُ الْقَطْرِ رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَزُورَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَذِنَ لَهُ، فَجَاءَهُ وَهُوَ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ احْفَظِي عَلَيْنَا الْبَابَ، لَا يَدْخُلْ عَلَيْنَا أَحَدٌ. فَبَيْنَمَا هُمْ عَلَى الْبَابِ إِذْ جَاءَ الْحُسَيْنُ فَفَتَحَ الْبَابَ، فَجَعَلَ يَتَقَفَّزُ عَلَى ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَثِمُهُ وَيُقَبِّلُهُ، فَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ: تُحِبُّهُ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: أَمَا إِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهُ، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ أُرِيَكَ مِنْ تُرْبَةِ الْمَكَانِ الَّذِي يُقْتَلُ فِيهَا. قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل سے بارش کے فرشتے نے حضور ﷺ کی زیارت کے لیے اجازت مانگی' اس کو اجازت دی گئی' وہ فرشتہ آیا' آپ اُس وقت حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تھے۔ آپ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! ہمارے دروازہ کی حفاظت کرنا کہ کوئی داخل نہ ہو! آپ دروازہ پر تھیں کہ اچانک حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما تشریف لائے اور حضور ﷺ کی پیٹھ پر سوار ہونے لگے۔ حضور ﷺ انہیں پکڑ کے اپنے ساتھ لگا رہے ہیں اور بوسے لے رہے ہیں۔ فرشتہ نے آپ سے عرض کی: اے محمد ﷺ! آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! اس فرشتے نے عرض کی: آپ کی اُمت اسے شہید کرے گی' اگر آپ چاہیں تو آپ کو اس جگہ کی مٹی دکھا دوں جس جگہ ان کو شہید کیا جائے گا' فرشتے نے ایک مٹھی مٹی اس جگہ سے لی جہاں

الحسین بن علی بن ابی طالب یکنی ابا عبد اللہ

2745- أخرجه ابن حبان في صحيحه جلد15صفحه142 رقم الحديث:6742' وأبو يعلى في مسنده جلد6صفحه129 رقم الحديث:3402 كلاهما عن عمارة بن زاذان عن ثابت عن أنس به .

فَقَبَضَ قَبْضَةً مِنَ الْمَكَانِ الَّذِي يُقْتَلُ فِيهِ، فَأَتَاهُ بِسَهْلَةٍ حَمْرَاءَ، فَأَخَذَتْهُ أُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَتْهُ فِي ثَوْبِهَا. قَالَ ثَابِتٌ: كُنَّا نَقُولُ إِنَّهَا كَرْبَلَاءُ

آپ کو شہید کیا جانا تھا' وہ سرخ مٹی لایا۔ حضرت اُم سلمہ نے اسے کپڑا میں رکھا۔ حضرت ثابت فرماتے ہیں: ہم کہتے تھے: وہ کربلا ہے۔

2746 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: دَخَلَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوحَى إِلَيْهِ، فَنَزَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُنْكَبٌّ، وَلَعِبَ عَلَى ظَهْرِهِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحِبُّهُ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، وَمَا لِي لَا أُحِبُّ ابْنِي. قَالَ: فَإِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهُ مِنْ بَعْدِكَ. فَمَدَّ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَدَهُ، فَأَتَاهُ بِتُرْبَةٍ بَيْضَاءَ، فَقَالَ: فِي هَذِهِ الْأَرْضِ يُقْتَلُ ابْنُكَ هَذَا يَا مُحَمَّدُ، وَاسْمُهَا الطَّفُّ. فَلَمَّا ذَهَبَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ عِنْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتُّرْبَةُ فِي يَدِهِ يَبْكِي، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَخْبَرَنِي أَنَّ الْحُسَيْنَ ابْنِي مَقْتُولٌ فِي أَرْضِ الطَّفِّ، وَأَنَّ أُمَّتِي سَتُفْتَنُ بَعْدِي. ثُمَّ خَرَجَ إِلَى أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عَلِيٌّ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَحُذَيْفَةُ وَعَمَّارٌ وَأَبُو ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَهُوَ يَبْكِي، فَقَالُوا: مَا يُبْكِيكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ: أَخْبَرَنِي جِبْرِيلُ أَنَّ ابْنِي الْحُسَيْنَ يُقْتَلُ بَعْدِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ کے پاس آئے' اُس وقت آپ پر وحی اُتر رہی تھی' حضور ﷺ کے کندھے پر سوار ہوئے اور آپ کی پشت پر کھیلنے لگے' حضرت جبریل علیہ السلام نے حضور ﷺ سے عرض کی: کیا آپ اس سے محبت کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اے جبریل! یہ میرا لخت جگر ہے' میں اس سے محبت کیوں نہ کروں؟ آپ نے فرمایا: آپ کے بعد آپ کی اُمت اسے قتل کرے گی۔ حضرت جبریل علیہ السلام نے اپنا ہاتھ گھمایا اور سفید مٹی لائے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! اس جگہ آپ کے لخت جگر کو شہید کیا جائے گا' اس کا نام الطّف ہے۔ جب حضرت جبریل' حضور ﷺ کے پاس سے گئے تو حضور ﷺ نکلے' مٹی آپ کے ہاتھ میں تھی اور آپ رو رہے تھے۔ فرمایا: اے عائشہ! حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے بتایا ہے کہ حسین کو طف کی زمین میں شہید کیا جائے گا اور میری اُمت عنقریب میرے بعد اسے شہید کرے گی۔ پھر اپنے صحابہ کی طرف نکلے' ان صحابہ میں حضرت علی' حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت حذیفہ' حضرت عمار اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہم تھے' آپ رو رہے تھے۔ ان حضرات نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کیوں رو رہے

الحسین بن علی بن ابی طالب یکنی ابا عبد اللہ

بِاَرْضِ الطَّفِّ، وَجَاءَنِي بِهٰذِهِ التُّرْبَةِ، وَاَخْبَرَنِي اَنَّ فِيهَا مَضْجَعَهُ

ہیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل نے بتایا کہ میرے لخت جگر حسین کو میرے بعد سرزمین الطف میں شہید کیا جائے گا' میرے پاس مٹی لائی گئی اور مجھے بتایا گیا کہ اس میں لٹایا جائے گا۔

2747 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ، اَلَا اُعَجِّبُكِ؟ لَقَدْ دَخَلَ عَلَيَّ مَلَكٌ آنِفًا مَا دَخَلَ عَلَيَّ قَطُّ، فَقَالَ: اِنَّ ابْنِي هٰذَا مَقْتُولٌ، وَقَالَ: اِنْ شِئْتَ اَرَيْتُكَ تُرْبَةً يُقْتَلُ فِيهَا، فَتَنَاوَلَ الْمَلَكُ بِيَدِهِ، فَاَرَانِي تُرْبَةً حَمْرَاءَ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تم تعجب نہیں کرتی ہو کہ ابھی میرے پاس ایک فرشتہ آیا جو میرے پاس کبھی نہیں آیا' اُس نے عرض کی: میرے اس لخت جگر کو شہید کیا جائے گا اور عرض کی کہ اگر آپ چاہیں تو آپ کو اس جگہ کی مٹی دکھا دوں جس جگہ ان کو شہید کیا جائے گا' اس فرشتے نے اپنے ہاتھ سے مٹی لی' پھر آپ نے مجھے سرخ مٹی دکھائی۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: قَالَ لِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ قَبْلَ قَتْلِهِ بِيَوْمٍ: اِنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ كَانَ لَهُمْ مَلِكٌ. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت علی بن حسین فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما نے ایک دن شہادت سے پہلے فرمایا: بنی اسرائیل کے ہاں فرشتہ تھا' اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

2748 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ زِيَادٍ الْاَسَدِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَلْعَبَانِ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں میرے گھر میں حضور ﷺ کے آگے کھیل رہے تھے' حضرت جبریل علیہ السلام آئے اور عرض کی: اے محمد ﷺ! آپ کی اُمت آپ کے بعد آپ کے لخت جگر کو شہید کرے گی۔ اپنے ہاتھ سے حضرت امام حسین کی طرف اشارہ کیا۔

مُحَمَّدُ، اِنَّ اُمَّتَكَ تَقْتُلُ ابْنَكَ هٰذَا مِنْ بَعْدِكَ ۔ فَاَوْمَا بِيَدِهِ اِلَى الْحُسَيْنِ، فَبَكَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَضَمَّهُ اِلَى صَدْرِهِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَدِيعَةٌ عِنْدَكِ هٰذِهِ التُّرْبَةُ ۔ فَشَمَّهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: وَيْحَ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ ۔ قَالَتْ: وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اُمَّ سَلَمَةَ اِذَا تَحَوَّلَتْ هٰذِهِ التُّرْبَةُ دَمًا فَاعْلَمِي اَنَّ ابْنِي قَدْ قُتِلَ قَالَ: فَجَعَلَتْهَا اُمُّ سَلَمَةَ فِي قَارُورَةٍ، ثُمَّ جَعَلَتْ تَنْظُرُ اِلَيْهَا كُلَّ يَوْمٍ، وَتَقُولُ: اِنَّ يَوْمًا تَحَوَّلِينَ دَمًا لَيَوْمٌ عَظِيمٌ

رسول اللہ ﷺ رو پڑے' اُنہیں اپنے سینے سے لگایا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اس کی مٹی آپ کے پاس ہے' حضور ﷺ نے اس مٹی کو سونگھا' فرمایا: کربلا کے لیے ہلاکت! حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! جب یہ مٹی خون میں تبدیل ہو جائے تو جان لینا کہ میرے لخت جگر کو شہید کیا گیا ہے۔ حضرت اُم سلمہ فرماتی ہیں کہ میں نے اسے بوتل میں رکھا' پھر میں اس کو روز دیکھتی اور کہتی: بے شک ایک دن یہ مٹی خون میں تبدیل ہو جائے گی' وہ عظیم دن ہوگا۔

2749 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ حِينَ جَاءَ نَعْيُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَعَنَتْ اَهْلَ الْعِرَاقِ، وَقَالَتْ: قَتَلُوهُ قَتَلَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، غَرُّوهُ وَذَلُّوهُ، لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

حضرت شہر بن حوشب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے سنا: جس دن آپ کے پاس حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کی شہادت کی خبر آئی' آپ نے فرمایا: عراق والوں پر اللہ کی لعنت ہو! اور فرمایا: انہوں نے آپ کو شہید کیا' اللہ ان کو ہلاک کرے اور ان کو دھوکہ دیا اور ان کو ذلت کا شکار کیا' اللہ کی ان پر لعنت ہو۔

2750 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا ذَاتَ يَوْمٍ فِي بَيْتِي، فَقَالَ: لَا يَدْخُلْ عَلَيَّ اَحَدٌ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ایک دن میرے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے فرمایا: میرے پاس کسی کو نہ آنے دینا' میں انتظار میں تھی کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما داخل ہوئے' میں نے رسول اللہ ﷺ کے رونے کی آواز سنی' میں نے جھانکا تو میری نظر پڑی' حضرت امام حسین رضی

. فَانْتَظَرْتُ فَدَخَلَ الْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَسَمِعْتُ نَشِيجَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي، فَاطَّلَعْتُ فَإِذَا حُسَيْنٌ فِي حِجْرِهِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ جَبِينَهُ وَهُوَ يَبْكِي، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ حِينَ دَخَلَ، فَقَالَ: إِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ مَعَنَا فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ: تُحِبُّهُ؟ قُلْتُ: أَمَّا مِنَ الدُّنْيَا فَنَعَمْ . قَالَ: إِنَّ أُمَّتَكَ سَتَقْتُلُ هَذَا بِأَرْضٍ يُقَالُ لَهَا كَرْبَلَاءُ . فَتَنَاوَلَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ تُرْبَتِهَا، فَأَرَاهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا أُحِيطَ بِحُسَيْنٍ حِينَ قُتِلَ، قَالَ: مَا اسْمُ هَذِهِ الْأَرْضِ؟ قَالُوا: كَرْبَلَاءُ . قَالَ: "صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، أَرْضُ كَرْبٍ وَبَلَاءٍ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سورۂ بقرہ کی آخری آیات عرش کے نیچے خزانہ سے لے کر عطا کی گئی ہیں۔

الْبَقَرَةِ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

2955 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَيْبَةَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِينِیِّ، ح وَحَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِیُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَذُوعِیُّ، قَالَا: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، قَالَا: ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: قَرَاْتُ فِی كِتَابِ اَبِی بِخَطِّ يَدِهِ، وَلَمْ اَسْمَعْهُ مِنْهُ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی مَعْشَرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُذَيْفَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ فِی اُمَّتِی دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ سَبْعَةٌ وَعِشْرُونَ، مِنْهُمْ اَرْبَعَةُ نِسْوَةٍ، وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ، لَا نَبِیَّ بَعْدِی

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت میں ستائیس جھوٹے دجال ہوں گے' ان میں سے چار عورتیں ہوں گی' میں آخری نبی ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

2956 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَمِّی سَعِيدُ بْنُ عِيسَى بْنِ تَلِيدٍ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يُوسُفَ الْمَكِّیِّ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ اَنَّهُمْ كَانُوا يَتَحَدَّثُونَ فِی الْعَزْلِ، فَسَمِعَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّكُمْ تَفْعَلُونَهُ؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: اَوَلَمْ تَعْلَمُوا اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَخْلُقْ نَسَمَةً هُوَ بَارِيهَا اِلَّا وَهِیَ كَائِنَةٌ؟

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ عزل کے متعلق گفتگو کر رہے تھے' حضور ﷺ نے ان کی گفتگو سنی تو رسول اللہ ﷺ ان کے پاس آئے' آپ نے فرمایا: تم ایسا کرتے ہو؟ اُنہوں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تمہیں علم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے جس روح کو پیدا کرنا ہے' وہ آ کر ہی رہے گی۔

حُذَيْفَةُ بْنُ اُسَيْدٍ اَبُو سَرِيحَةَ الْغِفَارِیُّ

حضرت حذیفہ بن اسید ابوسریحہ الغفاری رضی اللہ عنہ

وَهُوَ حُذَيْفَةُ بْنُ اُسَيْدِ بْنِ الْاَعْوَسِ بْنِ وَاقِعَةَ بْنِ

یہ حذیفہ بن اسید بن اعوس بن واقعہ بن حرام بن

حَرَامِ بْنِ غِفَارِ بْنِ مُلَيْلِ بْنِ ضَمْرَةَ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسِ بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ

غفار بن ملیل بن ضمرہ بن بکر بن عبد مناۃ بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ہے۔

اَبُو الطُّفَيْلِ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ

ابوطفیل عامر بن واثلہ' حضرت حذیفہ بن اُسید سے روایت کرتے ہیں

2957 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا قُرَّةُ بْنُ حَبِيبٍ، قَالَ مُسْلِمٌ وَابْنُ كَثِيرٍ وَقُرَّةُ: ثنا شُعْبَةُ، وَقَالَ عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ: اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، قَالَ: اَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ، فَقَالَ: مَاذَا تَقُولُونَ؟ مَا تَذْكُرُونَ؟ قُلْنَا: السَّاعَةَ. فَقَالَ: اَمَا اِنَّهَا لَنْ تَقُومَ حَتَّى تَرَوْنَ عَشْرَ آيَاتٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَخُرُوجُ يَاْجُوجَ وَمَاْجُوجَ، وَالدَّجَّالُ وَالدَّابَّةُ، وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تُرَحِّلُ النَّاسَ، تَقِيلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوا، وَتُرِيحُ مَعَهُمْ حَيْثُ رَاحُوا، وَبريح تُلْقِيهِمْ فِي الْبَحْرِ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک کمرہ سے ہمارے اوپر جھانک کر فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ تم کیا تذکرہ کرتے ہو؟ ہم نے عرض کی: قیامت کا۔ آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دجال (۲) جانور (۳) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا (۴) مشرق کا دھنسنا (۵) مغرب کا دھنسنا (۶) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۷) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۸) یاجوج وماجوج کا نکلنا (۹) اور آگ کا نکلنا زمین عدن کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف جانے پر مجبور کر دے گی' وہ قیلولہ کرے گی جہاں وہ قیلولہ کریں گے وہ ان کے ساتھ چلے گی جہاں وہ چلیں گے (۱۰) اور ایسی ہوا کے ساتھ جو انہیں سمندر میں ڈال دے گی۔

2958 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ جَعْفَرٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، قَالَ: اطَّلَعَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: إِنَّ السَّاعَةَ لَا تَقُومُ حَتَّى يَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّجَّالُ، وَالدَّابَّةُ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَفَتْحُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو ہانک کر محشر کی طرف لے جائے گی۔

2959 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، ثنا فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا نَتَحَدَّثُ فِي ظِلِّ غُرْفَةٍ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا السَّاعَةَ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُنَا، فَأَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَتِهِ، فَقَالَ: عَمَّ تَتَسَاءَلُونَ؟ أَوْ عَمَّ تَتَحَدَّثُونَ؟ قُلْنَا: ذَكَرْنَا السَّاعَةَ، فَارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُنَا. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ قَبْلَهَا عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ، وَخُرُوجُ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَالدَّجَّالُ، وَعِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَالدُّخَانُ،

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے کمرے کے سایہ میں ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے ہماری آوازیں بلند ہو گئیں تو نبی کریم ﷺ نے اوپر سے جھانک کر ہمیں فرمایا: تم کس چیز کے بارے ایک دوسرے سے سوال کر رہے ہو؟ تم کس بارے گفتگو کر رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم قیامت کا ذکر کر رہے ہیں تو آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا

وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذَلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ

(۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا یمن کی زمین عدن کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی۔

2960 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ، ثنا قَبِيصَةُ، ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، قَالَ: اطَّلَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ غُرْفَةٍ، وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُونَ عَشْرُ آيَاتٍ: الدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ، وَيَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ أَبْيَنَ تَسُوقُ النَّاسَ إِلَى الْمَحْشَرِ، تَنْزِلُ مَعَهُمْ إِذَا نَزَلُوا، وَتَقِيلُ مَعَهُمْ إِذَا قَالُوا

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے اوپر سے جھانکا اور ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی' اُترے گی ان کے ساتھ جب وہ جہاں اتریں گے اور جب وہ قیلولہ کریں گے تو وہ ان کے ساتھ قیلولہ کرے گی۔

2961 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْفُرَاتِ، حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، حَدَّثَنِي حُذَيْفَةُ بْنُ أَسِيدٍ صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ فِي ظِلِّ غُرْفَةٍ، فَأَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کمرے سے ہمارے اوپر سے جھانکا جبکہ اس کمرے کے سائے میں ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: تم کیا گفتگو کر رہے ہو' ہم نے عرض کی: ہم قیامت کے بارے بات کر رہے ہیں' تو فرمایا:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تِلْكَ الْغُرْفَةِ، فَقَالَ: مَا تَحَدَّثُونَ؟ قُلْنَا: نَتَحَدَّثُ عَنِ السَّاعَةِ. قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدَّجَّالُ، وَالدُّخَانُ، وَدَابَّةُ الْأَرْضِ، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَيَخْرُجُ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ، وَتَخْرُجُ نَارٌ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تُحِيطُ بِالنَّاسِ لَا يَتَخَلَّفُهَا أَحَدٌ تَسُوقُهُمْ إِلَى أَرْضِ الْمَحْشَرِ، فَتُقِيمُ حَتَّى يَقْضُوا حَوَائِجَهُمْ، ثُمَّ تَحَرَّكُ بِهِمْ فَتُرَحِّلُهُمْ. قَالَ: وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ رُومَانَ أَوْ رَكُوبَةَ يُضِيءُ مِنْهَا أَعْنَاقُ الْإِبِلِ بِبُصْرَى

قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو گھیر کر محشر کی طرف لے جائے گی' ان میں سے ایک بھی پیچھے نہ رہے گا' وہ آگ ان کو میدانِ حشر کی طرف ہانک کر لے جا رہی ہو گی' پس وہ کچھ دیر ٹھہر جائے گی حتیٰ کہ لوگ قضائے حاجت کر کے فارغ ہوں گے تو پھر وہ ان کو حرکت دے گی اور ان کو کوچ کرنے پر مجبور کر دے گی۔ راوی کا بیان ہے: میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: قیامت قائم ہونے سے پہلے رومان یا رکوبہ سے ایک آگ برآمد ہو گی جس سے بصرہ میں اونٹوں کی گردنیں نظر آنے لگیں گی۔

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذيفة بن اسيد

2962 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ أَبِي سَرِيحَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: أَشْرَفَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِلِّيَّةٍ، وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ قَبْلَهَا عَشْرَ آيَاتٍ: الدُّخَانَ، وَالدَّجَّالَ وَالدَّابَّةَ، وَيَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ، وَنُزُولَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَطُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے اوپر سے جھانک کر دکھا' اور ہم قیامت کا ذکر کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا

مَغْرِبِهَا، وَثَلَاثَةُ خُسُوفٍ: خَسْفًا بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفًا بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفًا بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَآخِرُ ذَلِكَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ الْيَمَنِ اَوْ نَحْوَ عَدَنَ تَطْرُدُ النَّاسَ اِلَى مَحْشَرِهِمْ

(۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی۔

2963 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ عَشْرُ آيَاتٍ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَالدُّخَانُ، وَالدَّجَّالُ وَالدَّابَّةُ، وَخُسُوفٌ ثَلَاثَةٌ: خَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، وَيَاْجُوجُ وَمَاْجُوجُ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنَ تُرَحِّلُ النَّاسَ اِلَى الْمَحْشَرِ، لَا تُخَلِّفُ خَلْفَهَا اَحَدًا، تُقِيمُ لَهُمْ - يَعْنِي فِي حَوَائِجِهِمْ

حضرت حذیفہ بن اسید الغفاری رضی اللہ عنہ جو اہل صفہ میں سے ہیں' فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ دس نشانیاں ظاہر ہو جائیں: (۱) دھواں (۲) دجال (۳) جانور (۴) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور تین دھنسنے (۵) مشرق کا دھنسنا (۶) مغرب کا دھنسنا (۷) جزیرہ عرب کا دھنسنا (۸) حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول (۹) یاجوج وماجوج کا دیوار کو کھولنا (۱۰) اور آگ کا نکلنا زمین کی گہرائی سے جو لوگوں کو محشر کی طرف لے جائے گی' ان میں سے ایک بھی پیچھے نہ رہے گا' وہ ان کی قضائے حاجت کی خاطر کھڑی بھی ہوگی۔

2964 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِي سَرِيحَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّابَّةُ يَكُونُ لَهَا ثَلَاثُ خَرَجَاتٍ مِنَ الدَّهْرِ: فَتَخْرُجُ خَرْجَةً فِي اَقْصَى الْيَمَنِ حَتَّى يَفْشُوَ ذِكْرُهَا فِي اَهْلِ الْبَادِيَةِ، وَلَا يَدْخُلُ ذِكْرُهَا الْقَرْيَةَ، ثُمَّ تَكْمُنُ

حضرت ابوسریحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: (قربِ قیامت) جانور تین دفعہ نکلے گا' سب سے پہلے یمن سے نکلے گا' اس کا ذکر دیہات میں ہوگا قصبوں میں نہیں ہوگا' اس کے بعد وہ دیر تک چھپا رہے گا' پھر دوسری دفعہ مکہ کے قریب کی بستی سے نکلے گا' اس کا ذکر شہروں اور مکہ میں عام ہوگا' پھر دیر تک چھپا رہے گا پھر لوگ ایک دن اللہ کے ہاں بڑی بہتر مسجدوں میں سے مسجد حرام میں ہوں گے اور مسجد حجر

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن اسید

2964- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه530 .

زَمَانًا طَوِيلًا بَعْدَ ذَلِكَ، ثُمَّ تَخْرُجُ أُخْرَى قَرِيبًا مِنْ مَكَّةَ، فَيَفْشُو ذِكْرُهَا فِي أَهْلِ الْبَادِيَةِ، وَيَفْشُو ذِكْرُهَا بِمَكَّةَ، ثُمَّ تَكْمُنُ زَمَانًا طَوِيلًا، ثُمَّ بَيْنَا النَّاسُ يَوْمًا بِأَعْظَمِ الْمَسَاجِدِ عَلَى اللَّهِ حُرْمَةً، وَخَيْرِهَا وَأَكْرَمِهَا عَلَى اللَّهِ، الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، لَمْ يَرُعْهُمْ إِلَّا نَاحِيَةَ الْمَسْجِدِ تَرْبُو مَا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ إِلَى بَابِ بَنِي مَخْزُومٍ عَلَى يَمِينِ الْخَارِجِ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَانْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا شَتَّى وَمَعًا، وَثَبَتَ لَهَا عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، وَعَرَفُوا أَنَّهُمْ لَنْ يُعْجِزُوا اللَّهَ، فَخَرَجَتْ عَلَيْهِمْ تَنْفُضُ عَنْ رَأْسِهَا التُّرَابَ، فَبَدَتْ لَهُمْ، فَحَلَّتْ وُجُوهَهُمْ حَتَّى تَرَكَتْهَا كَأَنَّهَا الْكَوَاكِبُ الدُّرِّيَّةُ، ثُمَّ وَلَّتْ فِي الْأَرْضِ لَا يُدْرِكُهَا طَالِبٌ وَلَا يُعْجِزُهَا هَارِبٌ، حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَقُومُ يَتَعَوَّذُ مِنْهَا بِالصَّلَاةِ، فَتَأْتِيهِ فَتَقُولُ: أَيْ فُلَانُ، الْآنَ تُصَلِّي؟ فَيُقْبِلُ عَلَيْهَا بِوَجْهِهِ، فَتَسِمُهُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ تَذْهَبُ، وَيَتَحَاوَرُ النَّاسُ فِي دُورِهِمْ فِي أَسْفَارِهِمْ، وَيَشْتَرِكُونَ فِي الْأَمْوَالِ، وَيُعْرَفُ الْكَافِرُ مِنَ الْمُؤْمِنِ، حَتَّى إِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيَقُولُ لِلْكَافِرِ: يَا كَافِرُ، اقْضِنِي حَقِّي، وَحَتَّى إِنَّ الْكَافِرَ يَقُولُ: يَا مُؤْمِنُ، اقْضِنِي حَقِّي

اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان سے لے کر بنی مخزوم کے دروازے تک مسجد کے باہر دائیں طرف پر پھیلی ہوگی' لوگ وہاں سے مختلف گروہوں سے نکلیں گے' مسلمانوں کا ایک گروہ ثابت قدم رہے گا' ان کو یقین ہوگا کہ وہ اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور جانور ان پر نکلے گا' اپنے سر سے مٹی جھاڑتے ہوئے وہ اپنے چہرے کو چھوڑے گا جیسے کہ چمکتا ہوا ستارہ ہوتا ہے' پھر زمین میں پھیل جائے گا اور کسی تلاش کرنے والے اور بھاگنے والے کو چھوڑے گا نہیں یہاں تک کہ ایک آدمی اس سے بچنے کے لیے نماز پڑھنی شروع کر دے گا' وہ اس کے پاس آئے گا اور کہے گا: اے فلاں! اب تو نماز پڑھنے لگا ہے' وہ اس کی طرف اپنے چہرے کے ساتھ متوجہ ہوگا' پھر اس کے چہرے کو داغے گا پھر جائے گا اور لوگ اپنے گھروں کو چھوڑ کر سفر شروع کر دیں گے' لوگوں کو اپنے مال میں شریک کر لیں گے کافر اور مومن الگ الگ پہچانے جائیں گے' مومن کافر سے کہے گا: اے کافر! میرا حق ادا کر! کافر کہے گا. اے مومن میرا حق ادا کر۔

2965 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ الْكَرْمَانِيُّ، ثنا

حضرت ابوطفیل بیان کرتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن مسعود کو فرماتے ہوئے سنا: بدبخت وہ ہے جو

ابو الطفيل عامر بن واثلة عن حذيفة بن أسيد

2965- اخرج نحوه مسلم فی صحیحه جلد **4** صفحه **2037** رقم الحدیث: **2645** عن أبی الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن أسید به .

يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عِكْرِمَةُ بْنُ خَالِدٍ اَنَّ اَبَا الطُّفَيْلِ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَخَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهِ اَتَعَجَّبُ مِمَّا سَمِعْتُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى اَبِي سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ الْغِفَارِيِّ، فَتَعَجَّبْتُ، فَقَالَ: مِمَّ تَعَجَّبْتَ؟ فَقُلْتُ: سَمِعْتُ اَخَاكَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَزْعُمُ اَنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَاَنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ لِغَيْرِهِ. فَقَالَ: مِنْ اَيِّ ذَلِكَ عَجِبْتَ؟ قُلْتُ: اَيَشْقَى اَحَدٌ بِغَيْرِ عَمَلٍ؟ فَاَهْوَى بِيَدَيْهِ اِلَى اُذُنَيْهِ، وَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُذُنَيَّ هَاتَيْنِ وَهُوَ يَقُولُ: تَقَعُ النُّطْفَةُ فِي الرَّحِمِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَتَصَوَّرُ عَلَيْهَا الْمَلَكُ. حَسِبْتُهُ قَالَ: الَّذِي يَخْلُقُهَا. فَيَقُولُ: يَا رَبِّ اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَجْعَلُهَا ذَكَرًا اَوْ اُنْثَى، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ اَسَوِيٌّ اَمْ غَيْرُ سَوِيٍّ؟ فَيَجْعَلُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ سَوِيًّا اَوْ غَيْرَ سَوِيٍّ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَا اَجَلُهُ؟ مَا خَلْقُهُ؟ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَجْعَلُهُ اللّٰهُ تَعَالَى شَقِيًّا اَوْ سَعِيدًا

اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور نیک بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت حاصل کرے' میں ابن مسعود کے پاس سے نکلا' میں تعجب کرنے لگا' جو میں نے سنا تھا' میں ابوسریحہ حذیفہ بن اُسید الغفاری کے پاس آیا' میں تعجب کر رہا تھا' آپ نے فرمایا: کیا تعجب کر رہے ہو! میں نے عرض کی: میں نے اپنے بھائی ابن مسعود سے سنا ہے' وہ گمان کرتے ہیں کہ بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت ہے اور نیک بخت وہ ہے جو دوسرے سے نصیحت پکڑے... آپ نے فرمایا: یہ کون سے تعجب کی بات ہے۔ میں نے عرض کی: کیا کوئی بغیر عمل کے بھی بدبخت ہوسکتا ہے' آپ نے اپنے ہاتھوں کے ساتھ دونوں کانوں کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دونوں کانوں کے ساتھ سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: چالیس راتوں تک ماں کے پیٹ میں نطفہ رہتا ہے' پھر فرشتہ اس کی صورت بناتا ہے' میں نے گمان کیا وہ جس کو پیدا کرتا ہے اور فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث' اس کو مذکر یا مؤنث بنایا جاتا ہے' تو فرشتہ عرض کرتا ہے: اے میرے رب! کیا اس میں برابری ہے یا نہیں' اللہ برابر یا غیر برابر کر دیتا ہے' پھر وہ فرشتہ عرض کرتا ہے: اے رب! اس کی عمر کتنی ہے؟ تو عرض کرتا ہے: اے رب! نیک بخت یا بدبخت! اللہ پاک اس کو نیک بخت یا بدبخت بناتا ہے۔

2966 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ

ابوسریحہ حذیفہ بن اُسید فرماتے ہیں کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک ہوا آئے گی اس میں ہر

فُضَيْلٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِي سَرِيحَةَ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ الرِّيحُ الَّذِي يَقْبِضُ اللّٰهُ فِيهَا نَفْسَ كُلِّ مُؤْمِنٍ، ثُمَّ طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَهِيَ الْآيَةُ الَّتِي ذَكَرَهَا اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ

مؤمن کی جان اللہ قبض کرے گا' پھر سورج مغرب سے طلوع ہوگا' یہی وہ نشانی ہے جس کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔

2967 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا، الْقَعْنَبِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: اِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَاِنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَاَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ اَسِيدٍ، فَقُلْتُ: اَلَا تَعْجَبُ مِنْ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ؟ قَالَ: وَمَا قَالَ؟ قَالَ: اِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَاِنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. قَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا مَضَتْ عَلَى النُّطْفَةِ خَمْسٌ وَاَرْبَعُونَ لَيْلَةً، قَالَ الْمَلَكُ: اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، فَيَقُولُ الْمَلَكُ: اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. قَالَ: فَيَقُولُ: رِزْقُهُ وَاَجَلُهُ وَعَمَلُهُ؟ قَالَ: فَيَقْضِي اللّٰهُ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ. قَالَ: ثُمَّ تُطْوَى الصَّحِيفَةُ، فَلَا يُزَادُ فِيهَا، وَلَا يُنْقَصُ مِنْهَا

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: اُنہوں نے فرمایا کہ بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور نیک بخت وہ ہے کہ دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ ماں کے پیٹ میں پینتالیس راتوں تک رہتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بدبخت؟ فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اس کی عمر' اس کا عمل؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' اس میں نہ کمی ہوگی نہ زیادتی ہوگی۔

2968 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَدْخُلُ الْمَلَكُ عَلَى النُّطْفَةِ بَعْدَمَا تَسْتَقِرُّ فِي الرَّحِمِ أَرْبَعِينَ أَوْ خَمْسًا وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً، فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، أَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَكْتُبَانِ، أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيَقُولُ اللَّهُ وَيَكْتُبَانِ مُصِيبَتَهُ وَأَثَرَهُ وَرِزْقَهُ وَأَجَلَهُ، ثُمَّ تُطْوَى الصَّحِيفَةُ، فَلَا يُزَادُ فِيهَا أَوْ يُنْقَصُ مِنْهَا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ ماں کے پیٹ میں چالیس یا پینتالیس راتوں تک رہتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بد بخت؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اس کی زندگی' اس کا عمل؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' اس میں نہ کمی ہوگی نہ زیادتی ہوگی۔

2969 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، حَدَّثَنِي أَبِي كُلْثُومُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِذَا خَطَبَنَا بِالْكُوفَةِ قَالَ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ. قَالَ: فَأَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ أَسِيدٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: عَجَبًا لِرَفْعِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ قَالَ: فَقَالَ لِي حُذَيْفَةُ: وَمَا يُعْجِبُكَ مِنْ ذَلِكَ يَا أَبَا الطُّفَيْلِ؟ أَفَلَا أُخْبِرُكَ مِنْ هَذَا بِالشَّقَاءِ؟ وَرَفَعَ الْحَدِيثَ: إِنَّ مَلَكًا مُوَكَّلٌ بِالرَّحِمِ بِضْعًا وَأَرْبَعِينَ لَيْلَةً إِذَا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَخْلُقَ مَا شَاءَ بِإِذْنِ اللَّهِ، فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ، أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں جب ہمیں خطبہ دیا تھا تو فرمایا: بد بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بد بخت تھا اور نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ آپ نے فرمایا: وہ کیا ہے؟ عرض کی: اُنہوں نے فرمایا کہ بد بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بد بخت تھا اور نیک بخت وہ ہے کہ دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوالطفیل! اس میں سے کیا چیز تعجب والی ہے؟ کیا میں اس سے بدبختی کی خبر نہ دوں؟ مرفوع حدیث سنائی کہ نطفہ ماں کے پیٹ میں

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن اسید

2968- أخرجه مسلم فی صحیحه جلد4صفحه2037 رقم الحدیث: **2644** عن عمرو بن دینار عن أبی الطفیل عن حذیفة بن أسید به .

وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: اَيْ رَبِّ، اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: اَيْ رَبِّ، اَجَلُهُ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يُطْوَى، مَا زَادَ وَلَا نَقَصَ

چالیس اور چند راتوں تک رہتا ہے' رحم پر فرشتہ مقرر ہوتا ہے جب اللہ اپنے حکم سے جو چاہتا ہے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بد بخت؟ تیرا رب فیصلہ فرماتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اس کی زندگی' اس کا عمل؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' اس میں نہ کمی ہوگی نہ زیادتی ہوگی۔

2970 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، ح وَحَدَّثَنَا زَكَرِيَّا السَّاجِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا عَوْنُ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنِي عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ يَعْقُوبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَاثِلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يُحَدِّثُ النَّاسَ فِي مَسْجِدِ الْكُوفَةِ، يَقُولُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَاَتَيْتُ حُذَيْفَةَ بْنَ اُسَيْدٍ، فَقُلْتُ: اَتَعَجَّبُ مِنِ ابْنِ مَسْعُودٍ؛ يُحَدِّثُ اَنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَاَنَّ السَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، فَمَا ذَنْبُ هَذَا الطِّفْلِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ. وَمَا اَنْكَرْتَ مِنْ ذَلِكَ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مِرَارًا ذَوَاتِ عَدَدٍ: اِنَّ النُّطْفَةَ اِذَا اسْتَقَرَّتْ فِي الرَّحِمِ فَمَضَى لَهَا اَرْبَعُونَ يَوْمًا - وَقَالَ بَعْضُ اَصْحَابِي ثَمَانِيَةً وَاَرْبَعِينَ يَوْمًا - جَاءَ مَلَكُ الرَّحِمِ، فَصَوَّرَ عَظْمَهُ وَلَحْمَهُ وَدَمَهُ وَشَعْرَهُ وَبَشَرَهُ وَسَمْعَهُ

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: وہ کوفہ کی جامع مسجد میں لوگوں کو حدیثیں سنا رہے تھے' بد بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بد بخت تھا اور نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: کیا آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ وہ کہہ رہے ہیں: بد بخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ میں بد بخت ہوتا ہے اور خوش بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے' پس اس بچے کا کیا گناہ ہے؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تو اس میں سے کس چیز کا منکر ہے؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ ماں کے پیٹ میں چالیس راتوں تک رہتا ہے' بعض صحابہ نے اڑتالیس کی روایت کی ہے۔ رحم پر مقرر فرشتہ آتا ہے' پس اس کی ہڈیوں' گوشت' خون' بال' جلد' کانوں اور بصارت کی تصویر

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذيفة بن اسيد

وَبَصَرَهُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ يَا رَبِّ، اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ، ثُمَّ يَقُولُ: اَيْ رَبِّ اَيُّ شَيْءٍ رِزْقُهُ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ مَا شَاءَ فَيَكْتُبُ، ثُمَّ يُطْوَى بِالصَّحِيفَةِ، فَلَا تُنْشَرُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

بناتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: اے رب! مذکر یا مؤنث؟ نیک بخت یا بد بخت؟ اللہ فیصلہ فرماتا ہے جو چاہتا ہے اور وہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے جو چاہتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر بند کر دیا جاتا ہے' قیامت کے دن تک اسے کھولا نہ جائے گا۔

حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اَبِي حَسَّانَ الْاَنْمَاطِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَعْيَنَ، ثنا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عُقَيْلٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ يَقُولُ: اَتَى حُذَيْفَةَ بْنَ اُسَيْدٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ النُّطْفَةَ اِذَا وَقَعَتْ فِي الرَّحِمِ. ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: نطفہ جب رحم میں گرتا ہے' پھر اسی جیسی حدیث ذکر کی۔

2971 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ الْمَكِّيِّ اَنَّ اَبَا الطُّفَيْلِ الْبَكْرِيَّ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: اِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيدَ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ. فَقُلْتُ لَهُ: كَيْفَ يَشْقَى مَنْ لَمْ يَعْمَلْ؟ فَلَقِيتُ حُذَيْفَةَ بْنَ اُسَيْدٍ، فَاَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ، فَقَالَ لِي: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَخْلُقَ الْعَبْدَ قَالَ الْمَلَكُ: يَا رَبِّ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَقُولُ الرَّبُّ مَا شَاءَ، فَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ الْمَلَكُ: يَا رَبِّ، اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا اور خوش بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔ میں نے ان سے عرض کی: جس نے کوئی عمل نہیں کیا وہ کیسے بدبخت ہوسکتا ہے؟ میں حذیفہ بن اُسید کے پاس آیا' میں نے عرض کی: آپ کو ابن مسعود کی بات پر تعجب نہیں ہوتا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب اللہ بندے کو پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ جو چاہتا ہے فرماتا

فَيَقُولُ الرَّبُّ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ، مَا هُوَ لَاقٍ؟ فَيَقُولُ الرَّبُّ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ الْمَلَكُ: مَا رِزْقُهُ؟ فَيَقُولُ اللّٰهُ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ مَا اَجَلُهُ؟ فَيَقُولُ الرَّبُّ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ

ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: نیک بخت یا بد بخت؟ پس تیرا رب فرماتا ہے جو چاہتا ہے' فرشتہ تحریر کرتا ہے' پھر کہتا ہے: یہ کس سے ملے گا؟ پس تیرا رب جو چاہتا ہے فرماتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق' اللہ جو چاہتا ہے فرماتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کی موت؟ پس تیرا رب جو چاہتا ہے فرماتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے۔

2972 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اَنَّ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ حَدَّثَهُ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اُسَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا مَرَّ بِالنُّطْفَةِ ثِنْتَانِ وَاَرْبَعُونَ لَيْلَةً بَعَثَ اللّٰهُ اِلَيْهَا مَلَكًا، فَصَوَّرَهَا وَخَلَقَ سَمْعَهَا وَبَصَرَهَا وَجِلْدَهَا وَلَحْمَهَا وَعَظْمَهَا، وَقَالَ: يَا رَبِّ، اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: رِزْقُهُ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا شَاءَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، وَالصَّحِيفَةُ فِي يَدِهِ، فَلَا يَزِيدُ عَلَى مَا اُمِرَ وَلَا يُنْقِصُ

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب نطفہ پر ماں کے پیٹ میں بیالیس دن گزر جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھجواتا ہے تو وہ اس کی صورت بناتا ہے' اس کے کان' آنکھیں' جلد' گوشت اور ہڈیاں ترتیب دیتا ہے اور عرض کرتا ہے: مذکر یا مؤنث؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے' فرشتہ عرض کرتا ہے: اس کا رزق؟ اللہ فیصلہ کرتا ہے' فرشتہ لکھتا ہے' پھر رجسٹر اس کے ہاتھ میں ہوتا ہے جو اسے حکم کیا گیا ہوتا ہے' وہ نہ اس میں زیادتی کرتا ہے اور نہ کمی کرتا ہے۔

2973 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا وُهَيْبُ بْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ اُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ.

حضرت ابوطفیل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود کو فرماتے ہوئے سنا: بد بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بد بخت تھا' نیک وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ میں حضرت حذیفہ رضی اللہ

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن اسید

2972- أخرجه مسلم فی صحیحه مطولا جلد **4** صفحه **2037** رقم الحدیث: **2645**' وابن حبان فی صحیحه جلد **14** صفحه **52** رقم الحدیث: **6177**' والبیهقی فی سننه الکبریٰ جلد **7** صفحه **422** رقم الحدیث: **15201** کلهم عن أبی الزبر عن أبی الطفیل عن حذیفة بن أسید به .

فَاَتَيْتُ حُذَيْفَةَ، فَاَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: وَمَا يُنْكِرُ هَذَا يَا ابْنَ وَاثِلَةَ، وَاَنَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُهُ

عنہ کے پاس آیا' میں نے حضرت ابن مسعود کی بات بتائی تو آپ نے فرمایا: اے ابن واثلہ! انکار کیوں کرتے ہو! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔

2974 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سَوْرَةَ الْبَغْدَادِيُّ، وَاَبُو خَلِيفَةَ قَالُوا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: صَلُّوا عَلَى اَخٍ لَكُمْ مَاتَ بِغَيْرِ اَرْضِكُمْ . قَالُوا: وَمَنْ هُوَ؟ قَالَ: النَّجَاشِيُّ . فَصَلَّوْا عَلَيْهِ، وَكَانَ قَدْ اَحْسَنَ اِلَى مَنْ هَرَبَ اِلَيْهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے' آپ نے فرمایا: تم اپنے بھائی کا جنازہ پڑھو جو دوسرے شہر میں فوت ہو گیا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے ان کا جنازہ پڑھایا' حضرت نجاشی وہ تھے جنہوں نے مسلمانوں سے اچھا سلوک کیا تھا' جب ان کے شہر کی طرف ہجرت کر کے گئے تھے۔

2975 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُخْبِرَ بِمَوْتِ النَّجَاشِيِّ، قَالَ: صَلُّوا عَلَى اَخٍ لَكُمْ مَاتَ بِغَيْرِ بَلَدِكُمْ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت نجاشی کی موت کی خبر دی گئی تو آپ نے فرمایا: تم اپنے اس بھائی کی نماز جنازہ پڑھو' تمہارے شہر کے علاوہ دوسرے شہر میں فوت ہو گیا ہے۔

2976 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِيُّ، ثنا مُهَلَّبُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا شُعَيْبُ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب حضرت نجاشی کی موت کی خبر پہنچی تو آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: تمہارا بھائی نجاشی

ابو الطفیل عامر بن واثلة عن حذیفة بن اسید

2974- أخرجه ابن ماجه فی سننه جلد **1** صفحه **491** رقم الحديث: **1537**' وأحمد فی مسنده جلد **3** صفحه **400** رقم الحديث: **15327**' جلد **4** صفحه **7** كلاهما عن قتادة عن أبی الطفيل عن حذيفة بن أسيد به .

بْنُ بَيَانٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَغَهُ مَوْتُ النَّجَاشِیِّ، فَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: اِنَّ اَخَاكُمُ النَّجَاشِیَّ قَدْ مَاتَ، فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُصَلِّیَ عَلَيْهِ فَلْيُصَلِّ عَلَيْهِ ۔ فَتَوَجَّهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ الْحَبَشَةِ، فَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا

فوت ہوگیا ہے' تم میں سے جو اس کا جنازہ پڑھنا چاہے وہ پڑھے۔ حضور ﷺ حبشہ کی طرف متوجہ ہوئے اور چار تکبیریں پڑھیں۔

2977 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَوْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِیٌّ مَوْلَاهُ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا میں مددگار' اس کا علی مددگار ہے۔

2978 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَسْفَاطِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الرَّاسِبِیُّ، ثنا مُهَلَّبُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ بَيَانٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ آذَى الْمُسْلِمِينَ فِی طُرُقِهِمْ وَجَبَتْ عَلَيْهِ لَعْنَتُهُمْ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے مسلمانوں کو راستوں کے حوالے سے تکلیف دی' اس پر لعنت واجب ہوگی۔

2979 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْحُلْوَانِیُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ مَهْدِیِّ بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ اَسِيدٍ، قَالَ: قَالَ

حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: نبوت ختم ہوگئی' میری نبوت کے بعد بس خوشخبریاں رہ گئیں۔ عرض کی گئی: خوشخبریوں سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: نیک خواب جو آدمی

2977- أخرجه الترمذی فی سننه جلد5صفحه633 رقم الحديث: 3713 عن سلمة بن كهيل عن أبی الطفيل عن حذيفة بن أسيد أو زيد بن أرقم به .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ، فَلَا نُبُوَّةَ بَعْدِي إِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ . قِيلَ: وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ؟ قَالَ: الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ يَرَاهَا الرَّجُلُ أَوْ تُرَى لَهُ

دیکھے یا اس کو دکھایا جائے۔

2980 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَا: ثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَشَّاءُ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، قَالَا: ثنا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ الْأَنْمَاطِيُّ، ثنا مَعْرُوفُ بْنُ خَرَّبُوذَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: لَمَّا صَدَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ نَهَى أَصْحَابَهُ عَنْ شَجَرَاتٍ بِالْبَطْحَاءِ مُتَقَارِبَاتٍ أَنْ يَنْزِلُوا تَحْتَهُنَّ، ثُمَّ بَعَثَ إِلَيْهِنَّ فَقُمَّ مَا تَحْتَهُنَّ مِنَ الشَّوْكِ، وَعَمَدَ إِلَيْهِنَّ فَصَلَّى تَحْتَهُنَّ، ثُمَّ قَامَ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي قَدْ نَبَّأَنِيَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ أَنَّهُ لَمْ يُعَمَّرْ نَبِيٌّ إِلَّا نِصْفَ عُمُرِ الَّذِي يَلِيهِ مِنْ قَبْلِهِ، وَإِنِّي لَأَظُنُّ أَنِّي يُوشِكُ أَنْ أُدْعَى فَأُجِيبَ، وَإِنِّي مَسْئُولٌ، وَإِنَّكُمْ مَسْئُولُونَ، فَمَاذَا أَنْتُمْ قَائِلُونَ؟ قَالُوا: نَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ وَجَاهَدْتَ وَنَصَحْتَ، فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا

حضرت حذیفہ بن اسید غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس آئے تو آپ نے اپنے صحابہ کو بطحاء کے درختوں سے نیچے اُترنے سے منع کیا' پھر ان کی طرف پیغام بھیجا کہ جو ان درختوں کے نیچے کانٹے ہیں وہ اُٹھالو' پھر اس کے نیچے آپ نے نماز پڑھائی' پھر آپ کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! مجھے لطیف وخبر نے بتایا ہے کہ کوئی نبی ایسا نہیں ہے جس نے اپنی وفات سے پہلے کوئی نصیحت نہ کی ہو! میں یقین کرتا ہوں کہ میرے پاس اللہ کا پیغام آئے اور میں اس کا جواب دوں گا' مجھ سے بھی پوچھا جانا ہے اور تم سے بھی پوچھا جانا ہے' تم کیا کہتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے پیغام پہنچا دیا' آپ نے کوشش کی' آپ نے نصیحت کی' اللہ آپ کو اچھی جزاء دے۔

2981 - فَقَالَ: أَلَيْسَ تَشْهَدُونَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَأَنَّ جَنَّتَهُ حَقٌّ وَنَارَهُ حَقٌّ، وَأَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ، وَأَنَّ الْبَعْثَ بَعْدَ الْمَوْتِ حَقٌّ، وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا، وَأَنَّ

آپ نے فرمایا: کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد اس کے بندے اور رسول ہیں اور جنت اور دوزخ حق ہے' موت حق ہے' مرنے کے بعد دوبارہ اُٹھنا حق ہے اور قیامت آنے والی ہے' اس

اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ؟ قَالُوا: بَلَى، نَشْهَدُ بِذَلِكَ. قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ

میں کوئی شک نہیں اور جو قبروں میں ہیں وہ اُٹھائے جائیں گے؟ صحابہ نے عرض کی: کیوں نہیں! ہم اس کی گواہی دیتے ہیں۔ آپ نے عرض کی: اے اللہ! تُو بھی گواہ ہو جا!

2982 - ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ مَوْلَايَ، وَأَنَا مَوْلَى الْمُؤْمِنِينَ، وَأَنَا أَوْلَى بِهِمْ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَهَذَا مَوْلَاهُ- يَعْنِي عَلِيًّا - اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

پھر آپ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ میرا مددگار ہے اور میں ایمان والوں کا مددگار ہوں اور میں مؤمنوں کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہوں' جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! جو اللہ سے محبت کرے تُو اس سے محبت کر! اے اللہ! جو علی سے دشمنی رکھے تُو اس سے ناراض ہو۔

2983 - ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنِّي فَرَطُكُمْ، وَإِنَّكُمْ وَارِدُونَ عَلَيَّ الْحَوْضَ، حَوْضٌ أَعْرَضُ مَا بَيْنَ بُصْرَى وَصَنْعَاءَ، فِيهِ عَدَدُ النُّجُومِ قِدْحَانٌ مِنْ فِضَّةٍ، وَإِنِّي سَائِلُكُمْ حِينَ تَرِدُونَ عَلَيَّ عَنِ الثَّقَلَيْنِ، فَانْظُرُوا كَيْفَ تَخْلُفُونِي فِيهِمَا، الثَّقَلُ الْأَكْبَرُ كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، سَبَبٌ طَرَفُهُ بِيَدِ اللّٰهِ، وَطَرَفُهُ بِأَيْدِيكُمْ، فَاسْتَمْسِكُوا بِهِ لَا تَضِلُّوا وَلَا تَبَدَّلُوا، وَعِتْرَتِي أَهْلُ بَيْتِي، فَإِنَّهُ نَبَّأَنِي اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ أَنَّهُمَا لَنْ يَنْقَضِيَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

پھر آپ نے فرمایا: اے لوگو! میں تمہارا انتظار کروں گا' تم میرے حوض پر آؤ گے' میرے حوض کی چوڑائی بصرہ اور صنعاء کے درمیان جتنی ہے اور اس میں آسمان کے ستاروں کے برابر چاندی کے برتن ہوں گے اور میں تم سے مانگتا ہوں جس وقت میرے پاس قرآن اور میرے اہل بیت آئیں گے' تم خیال کرنا کہ میرے بعد تم ان کے ساتھ کیسا سلوک کرو گے' ان میں ایک بہت بھاری ہے وہ قرآن پاک ہے' اس کا ایک حصہ اللہ کے دستِ قدرت میں ہے اور ایک تمہارے ہاتھ میں ہے' اس کو مضبوطی سے تھامے رکھو' کبھی گمراہ نہ ہو گے اور اس میں تبدیلی نہ کرو' میری اولاد میری اہلِ بیت ہے' مجھے لطیف وخبیر نے بتایا ہے کہ قرآن اور اہل بیت جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ میرے پاس حوضِ کوثر پر آئیں گے۔

2984 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْأُبُلِّيُّ الْمُفَسِّرُ، ثنا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكُوزِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا نَظَرَ إِلَى الْبَيْتِ قَالَ: اللَّهُمَّ زِدْ بَيْتَكَ هَذَا تَشْرِيفًا وَتَعْظِيمًا وتكريمًا وَبِرًّا وَمَهَابَةً

حضرت حذیفہ بن اسید ابوسریحہ الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب کعبہ شریف کو دیکھتے تو یہ دعا کرتے: ''اللّٰھم زد بیتك ھذا تشریفا الی آخرہ''۔

2985 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الضَّبِّيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ أُمَّتِي الْبَارِحَةَ لَدُنْ هَذِهِ الْحُجْرَةِ، حَتَّى لَأَنَا أَعْرَفُ بِالرَّجُلِ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدِكُمْ بِصَاحِبِهِ . فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا عُرِضَ عَلَيْكَ مَنْ خُلِقَ مِنْهُمْ، أَرَأَيْتَ مَنْ لَمْ يُخْلَقْ؟ فَقَالَ: صُوِّرُوا لِي، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَنَا أَعْرَفُ بِالْإِنْسَانِ مِنْهُمْ مِنَ الرَّجُلِ بِصَاحِبِهِ

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آج رات اس حجرے میں مجھ پر میری اُمت پیش کی گئی حتیٰ کہ ان میں سے ایک آدمی کو ایسے پہچانتا ہوں جس طرح تم میں سے کوئی اپنے ساتھیوں کو پہچانتا ہے۔ لوگوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تو وہ لوگ پیش کیے گئے جو کہ پیدا کیے گئے' کیا آپ نے وہ بھی دیکھے ہیں جو ابھی پیدا نہیں کیے گئے؟ آپ نے فرمایا: میرے سامنے صورتیں پیش کی گئیں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں ان میں سے ہر ایک آدمی کو پہچانتا ہوں جس طرح تم میں سے کوئی اپنے ساتھی کو پہچانتا ہے۔

2986 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الْجَارُودِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ أُمَّتِي الْبَارِحَةَ لَدَى هَذِهِ الْحُجْرَةِ أَوَّلُهَا إِلَى آخِرِهَا . فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آج رات اس حجرے میں مجھ پر میری اُمت پیش کی گئی حتیٰ کہ ان میں سے ایک آدمی کو ایسے پہچانتا ہوں جس طرح تم میں سے کوئی اپنے ساتھیوں کو پہچانتا ہے۔ لوگوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تو وہ لوگ پیش کیے

عُرِضَ عَلَيْكَ مَنْ خُلِقَ، فَكَيْفَ عُرِضَ عَلَيْكَ مَنْ لَمْ يُخْلَقْ؟ فَقَالَ: صُوِّرُوا لِي فِي الطِّينِ، حَتَّى لَأَنَا أَعْرَفُ بِالْإِنْسَانِ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدِكُمْ بِصَاحِبِهِ

گئے جو کہ پیدا کیے گئے' کیا آپ نے وہ بھی دیکھے ہیں جو ابھی پیدا نہیں کیے گئے؟ آپ نے فرمایا: میرے سامنے صورتیں پیش کی گئیں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں ان میں سے ہر ایک آدمی کو پہچانتا ہوں جس طرح تم میں سے کوئی اپنے ساتھی کو پہچانتا ہے۔

الشَّعْبِيُّ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أُسَيْدٍ

حضرت امام شعبی' حضرت حذیفہ بن اُسید سے روایت کرتے ہیں

2987 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ بَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سَرِيحَةَ أَوْ أَبِي سَرِيحَةَ- شَكَّ عَبْدُ الرَّزَّاقِ- قَالَ: حَمَلَنِي أَهْلِي عَلَى الْجَفَاءِ بَعْدَ مَا عَلِمْتُ مِنَ السُّنَّةِ، كَانَ أَهْلُ الْبَيْتِ يُضَحُّونَ بِالشَّاةِ أَوِ الشَّاتَيْنِ، فَالْآنَ يُبَخِّلُنَا جِيرَانُنَا

حضرت سریحہ یا شاید ابوسریحہ' یہ شک امام عبدالرزاق کو ہے' فرماتے ہیں کہ میرے گھر والے مجھے کنجوس خیال کرتے' اس کا علم آنے کے بعد کہ قربانی سنت ہے' گھر والے ایک یا دو بکریوں کی قربانی کرتے تھے' اب ہمارے پڑوسی ہمیں بخیل خیال کرتے ہیں۔

2988 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: كُنَّا نُضَحِّي الْأُضْحِيَّةَ الْوَاحِدَةَ، فَزَعَمُوا أَنَّمَا يَمْنَعُنَا مِنْ ذَلِكَ الشُّحُّ، فَحَمَلُونَا عَلَى تَرْكِ السُّنَّةِ بَعْدَ أَنْ عَرَفْنَاهَا

حضرت حذیفہ بن اُسید غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک قربانی کرتے تھے' وہ خیال کرتے کہ کنجوسی اس سے ہمیں روکتی ہے اور بعد اس کہ ہم نے سنت کو پہچان لیا وہ ہمیں سنت چھوڑنے پر اُبھارتے۔

2989 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ أَسِيدٍ، قَالَ:

حضرت حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر و عمر کو دو قربانیاں کرتے ہوئے نہیں دیکھا' اس ڈر سے کہ دونوں سنت نہ سمجھ لی

رَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا وَمَا يُضَحِّيَانِ مَخَافَةَ اَنْ يُسْتَنَّ بِهِمَا، فَحَمَلَنِي اَهْلِي عَلَى الْجَفَاءِ بَعْدَ اَنْ عَلِمْتُ مِنَ السُّنَّةِ، حَتّٰى اِنِّي لَاُضَحِّي عَنْ كُلٍّ

جائیں' مجھے میرے گھر والے کنجوس خیال کرتے' مجھے اس بات کا علم آنے کے بعد کہ یہ سنت ہے' یہاں تک کہ میں ان میں سے ہر ایک کی طرف سے قربانی کرتا ہوں۔

2990 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ نَصْرِ بْنِ حَاجِبٍ، عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَرِّبُ كَبْشَيْنِ اَمْلَحَيْنِ، فَيَذْبَحُ اَحَدَهُمَا فَيَقُولُ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ مُحَمَّدٍ وَعَنْ آلِ مُحَمَّدٍ. وَقَرَّبَ الْآخَرَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ هٰذَا عَنْ اُمَّتِي لِمَنْ شَهِدَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ، وَشَهِدَ لِي بِالْبَلَاغِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس دو مینڈھے لائے جاتے' ان میں سے ایک کو آپ ذبح کرتے' آپ فرماتے کہ یہ محمد اور آلِ محمد کی طرف سے ہے اور دوسری قربانی کرتے تو عرض کرتے: اے اللہ! یہ میری اس اُمت کی طرف سے ہے جو تیری توحید کی گواہی دے گی اور میرے لائے ہوئے پیغام کی گواہی دے گی۔

الرَّبِيعُ بْنُ عُمَيْلَةَ الْفَزَارِيُّ عَنْ حُذَيْفَةَ

حضرت ربیع بن عمیلہ فزاری' حضرت حذیفہ سے روایت کرتے ہیں

2991 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ عُمَيْلَةَ، عَنْ اَبِي سَرِيحَةَ الْغِفَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَشْرٌ قَبْلَ السَّاعَةِ: خَسْفٌ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٌ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٌ بِجَزِيرَةِ الْعَرَبِ، وَيَاْجُوجُ وَمَاْجُوجُ، وَرِيحٌ تُسْفِيهِمْ فَتَطْرَحُهُمْ بِالْبَحْرِ، وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا،

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت سے پہلے دس نشانیاں ہوں گی: مشرق اور مغرب میں دھنسنا ہوگا' حجاز عرب میں دھنسنا ہوگا' یاجوج ماجوج کا نکلنا ہوگا اور تیز ہوا نکلے گی جو ان کو سمندر میں ڈال دے گی' سورج مغرب سے طلوع ہوگا' دھواں ہوگا' دجال نکلے گا' جانور نکلے گا اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کا نزول ہوگا۔

الربيع بن عميلة الفزاري عن حذيفة

2990- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 686 رقم الحديث: 6521 عن ابن شبرمة عن الشعبي عن حذيفة بن أسيد به.

وَالدُّخَانُ، وَالدَّجَّالُ، وَالدَّابَّةُ، وَنُزُولُ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ

حَبِيبُ بْنُ اَبِی جَمَّازٍ عَنْ اَبِی سَرِيحَةَ

حبیب بن ابو جماز' حضرت ابوسریحہ سے روایت کرتے ہیں

2992 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ اَبُو يَحْيَى صَاعِقَةُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الدَّهَّانُ، ثنا اَبُو مَرْيَمَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ حِمَازٍ وَهِلَالِ بْنِ اَبِی ظَهِيرٍ، عَنْ اَبِی سَرِيحَةَ، قَالَ: سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّاعَةِ، فَقَالَ: مَا اَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: مَا اَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرًا اِلَّا اَنِّی اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ. قَالَ: فَاَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

حضرت ابوسریحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قیامت کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: تُو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اُس نے عرض کی: میں نے کوئی بڑی نیکی نہیں کی سوائے اس کے کہ میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: جس سے تُو محبت کرتا ہے اس کے ساتھ ہوگا۔

حَاطِبُ بْنُ اَبِی بَلْتَعَةَ، بَدْرِیٌّ، يُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ وَهُوَ حَلِيفٌ لِبَنِی اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى

حضرت حاطب بن ابی بلتعہ بدری رضی اللہ عنہ' آپ کی کنیت ابومحمد ہے' یہ بنی اسد بن عبدالعزیٰ کے حلیف ہیں

2993 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، ثنا اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: حَاطِبُ بْنُ اَبِی بَلْتَعَةَ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو بدر میں شریک ہوئے ان کے ناموں میں سے ایک نام حضرت حاطب بن ابوبلتعہ کا بھی ہے۔

2994 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنْ بَنِي اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى: حَاطِبُ بْنُ اَبِي بَلْتَعَةَ، حَلِيفٌ لَهُمْ

بنی اسد بن عبدالعزیٰ میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان ناموں میں سے ایک نام حاطب بن ابوبلتعہ کا ہے' جو ان کے حلیف تھے۔

2995 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ عَبْدًا لِحَاطِبٍ جَاءَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُو حَاطِبًا، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَيَدْخُلَنَّ حَاطِبٌ النَّارَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبْتَ لَا يَدْخُلُهَا، اِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَالْحُدَيْبِيَةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حاطب کا غلام' رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' حضرت حاطب کی شکایت کرنے کے لیے' اُس نے عرض کی: یا نبی اللہ! حاطب ضرور جہنم میں داخل ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو جھوٹ بولتا ہے وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا کیونکہ وہ بدر اور حدیبیہ میں شریک ہوا ہے۔

2996 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ حَاطِبُ بْنُ اَبِي بَلْتَعَةَ سَنَةَ ثَلَاثِينَ، يُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ، سِنُّهُ خَمْسٌ وَسِتُّونَ، صَلَّى عَلَيْهِ ابْنُ عَفَّانَ بِالْمَدِينَةِ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت حاطب بن ابوبلتعہ رضی اللہ عنہ کا وصال 30 ہجری میں ہوا' آپ کی کنیت ابومحمد تھی' ان کی عمر 65 سال تھی' حضرت ابن عفان نے مدینہ میں آپ کا جنازہ پڑھایا تھا۔

وَمَا اَسْنَدَ حَاطِبٌ

حضرت حاطب کی روایت کردہ احادیث

2997 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ

حضرت عبدالرحمٰن بن حاطب بن ابی بلتعہ سے روایت ہے کہ ان کے والد گرامی نے قریشِ مکہ کی

2995- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1942 رقم الحديث: 2495' والترمذي في سننه جلد 5 صفحه 697 رقم الحديث: 3864' وأحمد في مسنده جلد 3 صفحه 349 رقم الحديث: 14813' جلد 3 صفحه 184 رقم الحديث: 3064 كلهم عن الليثبن سعد عن أبي الزبير عن جابر به .

بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَاطِبِ بْنِ اَبِي بَلْتَعَةَ اَنَّهُ حَدَّثَ اَنَّ اَبَاهُ كَتَبَ اِلَى كُفَّارِ قُرَيْشٍ كِتَابًا وَهُوَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا وَالزُّبَيْرَ، فَقَالَ: انْطَلِقَا حَتَّى تُدْرِكَا امْرَاَةً مَعَهَا كِتَابٌ فَائْتِيَانِي بِهِ . فَانْطَلَقَا حَتَّى لَقِيَاهَا، فَقَالَا: اَعْطِينَا الْكِتَابَ الَّذِي مَعَكِ، وَاَخْبَرَاهَا اَنَّهُمَا غَيْرُ مُنْصَرِفَيْنِ حَتَّى يَنْزِعَا كُلَّ ثَوْبٍ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: اَلَسْتُمَا رَجُلَيْنِ مُسْلِمَيْنِ؟ قَالَا: بَلَى، وَلٰكِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا اَنَّ مَعَكِ كِتَابًا. فَلَمَّا اَيْقَنَتْ اَنَّهَا غَيْرُ مُنْفَلِتَةٍ مِنْهُمَا حَلَّتِ الْكِتَابَ مِنْ رَاْسِهَا فَدَفَعَتْهُ اِلَيْهِمَا، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاطِبًا حَتَّى قَرَاَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، فَقَالَ: اَتَعْرِفُ هٰذَا الْكِتَابَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: فَمَا حَمَلَكَ عَلَى ذٰلِكَ؟ قَالَ: هُنَاكَ وَلَدِي وَذُو قَرَابَتِي، وَكُنْتُ امْرَاً غَرِيبًا فِيكُمْ مَعْشَرَ قُرَيْشٍ. فَقَالَ عُمَرُ: ائْذَنْ لِي فِي قَتْلِ حَاطِبٍ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا؛ لِاَنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَاِنَّكَ لَا تَدْرِي لَعَلَّ اللّٰهَ قَدِ اطَّلَعَ عَلَى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ اِنِّي غَافِرٌ لَكُمْ

وما اسند حاطب

طرف ایک خط لکھا جبکہ وہ بدری صحابی تھے' پس نبی کریم ﷺ نے حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما کو بلا کر ارشاد فرمایا: چلے جاؤ یہاں تک کہ تم ایک عورت کو پاؤ گے' جس کے پاس ایک خط ہے' پس تم دونوں وہ خط میرے پاس لے کر آؤ' پس وہ دونوں حضرات چلے یہاں تک کہ اس عورت سے ملے' اس سے کہا: وہ خط ہمارے حوالے کر جو تیرے پاس ہے اور اس عورت کو خبردار کیا کہ وہ دونوں یوں ہی خالی واپس جانے والے نہیں ہیں حتیٰ کہ اگر انہیں اس کے کپڑے بھی اتارنے پڑے تو اس کے سارے کپڑے بھی اتار دیں گے' اس نے کہا: کیا تم دونوں مسلمان نہیں ہو؟ ان دونوں نے فرمایا: کیوں نہیں! لیکن رسول کریم ﷺ نے بذاتِ خود ہمیں بتا کر بھیجا ہے کہ تیرے پاس خط ہے' پس جب اس عورت کو کامل یقین ہو گیا کہ وہ ان دونوں آدمیوں سے جان نہیں چھڑا سکتی ہے تو اس نے وہ خط اپنے سر کے بالوں سے نکال کر' ان دونوں کے حوالے کر دیا۔ پس رسول کریم ﷺ نے جناب حاطب کو بلایا' اس کے سامنے وہ خط پڑھ کر فرمایا: کیا آپ اس خط کو پہچانتے ہیں؟ انہوں نے عرض کی: ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں یہ کام کرنے پر کس چیز نے تیار کیا؟ عرض کی: وہاں میری اولاد اور قریبی رشتہ دار ہیں' میں مسافر آدمی ہوں' تمہارے اندر جیسے گروہِ قریش۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: حاطب کو قتل کرنے میں مجھے اجازت عنایت فرمائیں! پس رسول کریم ﷺ

نے ارشاد فرمایا: نہیں! کیونکہ یہ بدر میں شریک ہوا تھا اور آپ نہیں جانتے' یقیناً اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کو جھانک کر فرمایا: (آج کے بعد) تم جو عمل کرو' میں تمہیں ضرور بخشوں گا۔

حَاطِبُ بْنُ الْحَارِثِ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحَ

هَاجَرَ هُوَ وَامْرَاَتُهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُجَلِّلِ وَمَعَهُمَا ابْنَاهُمَا الْحَارِثُ وَمُحَمَّدٌ ابْنَا حَاطِبٍ

حضرت حاطب بن حارث بن معمر بن حبیب بن وہب بن حذافہ بن جمح رضی اللہ عنہ

انہوں نے خود اور ان کی بیوی فاطمہ بنت مجلل نے ہجرت کی تھی' ان کے ساتھ ان کے دونوں بیٹے حارث اور محمد تھے۔

حُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ اَبِي قَيْسٍ

وَهُوَ حُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ اَبِي قَيْسِ بْنِ عَبْدِ وُدِّ بْنِ نَصْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَسَلِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ

2998 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ حُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى وَيُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ، سِنُّهُ عِشْرُونَ وَمِائَةُ سَنَةٍ

حضرت حویطب بن عبدالعزیٰ بن ابوقیس رضی اللہ عنہ

یہ حویطب بن عبدالعزیٰ بن ابوقیس بن عبدودّ بن نضر بن مالک بن حسل بن عامر بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک ہیں۔

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت حویطب بن عبدالعزیٰ کا وصال 54 ہجری میں ہوا' آپ کی کنیت ابومحمد ہے' ان کی عمر 120 سال ہوئی ہے۔

2999 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، وَمُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي

حضرت حویطب بن عبدالعزیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم زمانۂ جاہلیت میں صحن کعبہ میں بیٹھے ہوئے تھے' ایک عورت بیت اللہ شریف میں آئی اور

نَجِيحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُوَيْطِبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَتَتِ امْرَاَةٌ الْبَيْتَ تَعُوذُ بِهِ مِنْ زَوْجِهَا، فَمَدَّ يَدَهُ اِلَيْهَا فَيَبِسَتْ يَدَهُ، فَلَقَدْ رَاَيْتُهُ فِي الْاِسْلَامِ وَاِنَّهُ لَاَشَلُّ

اپنے شوہر سے اس کی پناہ مانگنے لگی' اس شوہر نے اپنا ہاتھ لمبا کیا' اس کا ہاتھ خشک ہوگیا' میں نے اسلام میں اس کا ہاتھ وہ شل تھا۔

حَكِيمُ بْنُ حِزَامِ بْنِ خُوَيْلِدِ بْنِ اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ قُصَيِّ بْنِ كِلَابٍ

حضرت حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی بن کلاب رضی اللہ عنہ

يُكْنَى اَبَا خَالِدٍ وَاُمُّهُ صَفِيَّةُ بِنْتُ زُهَيْرِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ اَسَدٍ، وَاُمُّهَا سَلْمَى بِنْتُ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ عَبْدِ الدَّارِ، وَاِسْلَامُهُ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَكَانَ مِنَ الْمُؤَلَّفَةِ، اَعْطَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ بَعِيرٍ مِنْ غَنَائِمِ حُنَيْنٍ

آپ کی کنیت ابوخالد ہے اور والدہ صفیہ بنت زہیر بن حارث بن اسد ہیں' ان کی نانی سلمیٰ بنت عبدمناف بن عبدالدار ہیں' آپ فتح مکہ کے دن اسلام لائے' یہ اُن مؤلفۃ القلوب میں سے تھے جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حنین کی مالِ غنیمت سے سو اونٹ دیئے تھے۔

3000 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ يَقُولُ: حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ اَبُو خَالِدٍ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حکیم بن حزام ابوخالد ہیں۔

3001 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ وَيُكْنَى اَبَا خَالِدٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ، وَقَائِلٌ يَقُولُ: سَنَةَ ثَمَانٍ وَخَمْسِينَ، وَسِنُّهُ عِشْرُونَ وَمِائَةُ سَنَةٍ، عَاشَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ سِتِّينَ، وَفِي الْاِسْلَامِ سِتِّينَ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت حکیم بن حزام کا وصال ایک قول میں 54 ہجری میں' دوسرے قول کے مطابق 58 ہجری میں ہوا' ان کی کنیت ابوخالد تھی' ان کی عمر 120 سال تھی' زمانۂ جاہلیت میں 60 سال رہے اور اسلام میں بھی 60 سال رہے۔

3002 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ

حضرت یعقوب بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضرت حکیم بن حزام نے

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: عَاشَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ عِشْرِينَ وَمِائَةَ سَنَةٍ، سِتِّينَ فِي الْإِسْلَامِ، وَسِتِّينَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ اِذَا اسْتَغْلَظَ فِي الْيَمِينِ قَالَ: وَالَّذِي اَنْعَمَ عَلَى حَكِيمٍ اَنْ يَكُونَ قَتِيلًا يَوْمَ لَا اَفْعَلُ كَذَا وَكَذَا. وَلَا يَفْعَلُهُ، وَيُكْنَى اَبَا خَالِدٍ

120 سال عمر پائی' 60 سال زمانۂ جاہلیت میں اور 60 سال اسلام میں رہے' جب وہ قسم سخت طرح کی اُٹھاتے تو یوں کہتے: اس ذات کی قسم جس نے حکیم پر انعام کیا کہ وہ ہلاک ہو اس دن' جس دن وہ فلاں فلاں کام نہ کرے' آپ کی کنیت ابوخالد تھی۔

3003 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا اَبُو يَزِيدَ بْنُ اَبِي الْغِمْرِ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: بَاعَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ دَارًا لَهُ بِمَكَّةَ مِنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا قَالَ: بِمِائَةِ اَلْفٍ، فَقِيلَ لَهُ: اَبِعْتَ دَارِكَ مِنْهُ بِمِائَةِ اَلْفٍ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ اِنْ اَخَذْتُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِلَّا بِزِقٍّ مِنْ خَمْرٍ، وَاشْهَدُوا اَنَّ ثَمَنَهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ بن سفیان کو مکہ میں اپنا گھر فروخت کیا' مجھے جو علم ہے اس کی قیمت ایک لاکھ تھی' آپ نے کہا: آپ نے اپنا گھر ایک لاکھ کے بدلے فروخت کیا ہے' آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں نے جاہلیت میں شراب کے مٹکے برابر خریدے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے پیسے اللہ کی راہ میں دیتا ہوں۔

3004 - حَدَّثَنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَمْزَةَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّهُ بَاعَ دَارَهُ مِنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِسِتِّينَ اَلْفًا، فَقَالُوا: غَبَنَكَ وَاللّٰهِ مُعَاوِيَةُ. فَقَالَ: مَا اَخَذْتُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِلَّا بِزِقِّ خَمْرٍ، اُشْهِدُكُمْ اَنَّهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْمَسَاكِينِ وَالرِّقَابِ، وَاَيُّنَا الْمَغْبُونُ؟

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنا گھر حضرت امیر معاویہ کو 60 ہزار کا فروخت کیا' لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم! معاویہ نے آپ پر قابو پالیا۔ میں نے کہا: میں نے زمانۂ جاہلیت میں شراب کے ایک مٹکے کے بدلے خریدا تھا' تم گواہ رہنا کہ میں نے یہ رقم اللہ کی راہ میں مساکین اور غلاموں کو دی ہے' ہم میں سے کس سے غبن ہوا؟

3005 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ سُلَيْمَانَ،

حضرت ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ میں اللہ کی راہ میں دینے والا حکیم بن حزام سے زیادہ کوئی نہیں تھا' مدینہ میں دو دیہاتی آئے' دونوں پوچھنے

عَنْ اَبِی حَازِمٍ، قَالَ: مَا كَانَ بِالْمَدِينَةِ اَحَدٌ سَمِعْنَا بِهِ كَانَ اَكْثَرَ حَمْلًا فِی سَبِيلِ اللّٰهِ مِنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ. قَالَ: لَقَدْ قَدِمَ اَعْرَابِيَّانِ الْمَدِينَةَ يَسْاَلَانِ عَمَّنْ يَحْمِلُ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ، فَدُلَّا عَلَى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، فَاَتَيَاهُ فِی اَهْلِهِ، فَسَاَلَهُمَا مَا يُرِيدَانِ، فَاَخْبَرَاهُ، فَقَالَ لَهُمَا: لَا تَعْجَلَا حَتَّى اَخْرُجَ اِلَيْكُمَا . قَالَ: وَكَانَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ يَلْبَسُ ثِيَابًا يُؤْتَى بِهَا مِنْ مِصْرَ كَاَنَّهَا الشِّبَاكُ ثَمَنُ اَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ، وَيَاْخُذُ عَصًا فِی يَدِهِ، وَيُخْرِجُ مَعَهُ غُلَامًا لَهُ، وَكُلَّمَا مَرَّ بِكِبًا اَوْ قُمَامَةٍ فَرَاَى فِيهِ خِرْقَةً تَصْلُحُ فِی جِهَازِ الْاِبِلِ الَّتِی يَحْمِلُ عَلَيْهَا فِی سَبِيلِ اللّٰهِ اَخَذَهَا بِطَرَفِ عَصَاهُ فَنَفَضَهَا، ثُمَّ قَالَ لِغُلَامَيْهِ: اَمْسِكَا تَسْتَعِينَانِ بِهَا فِی جِهَازِكُمَا . فَقَالَ الْاَعْرَابِيَّانِ وَهُوَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: وَيْحَكَ انْجُ بِنَا، فَوَاللّٰهِ مَا عِنْدَ هٰذَا اِلَّا لَقْطُ الْقَشْعِ . وَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: وَيْحَكَ لَا تَعْجَلْ حَتَّى نَنْظُرَ . فَخَرَجَ بِهِمَا حَتَّى جَاءَ بِهِمَا اِلَى السُّوقِ، فَنَظَرَ اِلَى نَاقَتَيْنِ جَلِيلَتَيْنِ سَمِينَتَيْنِ خَلِفَتَيْنِ، وَابْتَاعَهُمَا وَابْتَاعَ جِهَازَهُمَا، ثُمَّ قَالَ لِغُلَامَيْهِ: رُمَّا بِهٰذِهِ الْخِرَقِ مَا يَنْبَغِی لَهُ الْمَرَمَّةُ مِنْ جِهَازِهِمَا . ثُمَّ اَوْقَرَهُمَا طَعَامًا وَبُرًّا وَوَدَكًا وَاَعْطَاهُمَا نَفَقَةً، ثُمَّ اَعْطَاهُمَا النَّاقَتَيْنِ . قَالَ: يَقُولُ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ مِنْ لَاقِطِ قَشْعٍ خَيْرٍ مِنَ الْيَوْمِ

لگے: کون ہے جو اللہ کی راہ میں دیتا ہے! دونوں کو حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کے متعلق بتایا گیا' دونوں حضرت حکیم بن حزام کے پاس آئے' دونوں نے سوال کیا جو وہ چاہتے تھے' دونوں نے بتایا' دونوں کو کہا: جلدی نہ کرنا یہاں تک کہ میں دونوں کی طرف نہ نکلوں۔ حضرت حکیم بن حزام وہ کپڑے پہن کر آتے تھے جو مصر سے لائے گئے تھے' گویا وہ شکاری کا جال ہے جس کی قیمت چار درہم ہے' اپنے ہاتھ میں رکھ لیتے' آپ کے ساتھ آپ کا غلام رہتا' جب بھی کوڑے اور کچرے کے پاس سے گزرے' اس میں آپ نے کپڑا دیکھا' جو اونٹ کے جھل کے کام آ سکتا تھا' تیار کیے جا رہے ہیں اللہ کی راہ میں جن پر سامان لادا جاتا' اپنے عصا کی ایک طرف سے اسے اُٹھا لیا' اس کو جھاڑا۔ پھر اپنے دونوں غلاموں سے کہا: دونوں اسے پکڑو! تم اس سے سامان میں استعمال کرنا' دونوں اعرابیوں نے کہا: جبکہ وہ اپنے ایک ساتھی کے لیے بناتا تھا' تیرے لیے ہلاکت! ہم نجات پائیں' اللہ کی قسم! اس کے پاس صرف حمام کے کچرے کی اُٹھائی ہوئی چیز ہے۔ ساتھی نے اس سے کہا: تیرے لیے ہلاکت! تو جلدی نہ کر' ہم دیکھتے ہیں پس حضرت حکیم رضی اللہ عنہ اُن کو لے کر نکلے' دونوں کو بازار میں لے کر آئے' دو خوبصورت اور موٹی اونٹنیاں دیکھیں دونوں کو خریدا' ان کا سامان بھی خریدا' پھر اپنے دونوں غلاموں سے کہا: کپڑوں کے ان ٹکڑوں کے ساتھ؟ ان دونوں اونٹنیوں کے سامان میں

سے جو چیز مرمت کے قابل ہے' مرمت کرو' پھر کھانے کھلا کر ان دونوں کی مہمان نوازی کی' گندم اور موٹے گوشت یعنی ثرید کھلایا' خرچہ دیا' دونوں اونٹنیاں انہیں دیں۔ راوی کا بیان ہے: ان میں سے ایک دوسرے سے کہنے لگا: قسم بخدا! بوسیدہ کپڑے اُٹھانے والے سے بہتر میں نے آج تک کوئی نہیں دیکھا۔

3006 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى، ثنا يَحْيَى، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُصْعَبَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُولُ: وَاللّٰهِ لَقَدْ بَلَغَنِي اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ حَضَرَ يَوْمَ عَرَفَةَ مَعَهُ مِائَةُ رَقَبَةٍ، وَمِائَةُ بَدَنَةٍ، وَمِائَةُ شَاةٍ، فَقَالَ: هٰذَا كُلُّهُ لِلّٰهِ . فَاَعْتَقَ الرِّقَابَ، وَاَمَرَ بِذٰلِكَ فَنُحِرَ

حضرت مصعب بن ثابت فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! مجھے معلوم ہوا کہ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ عرفہ کے دن آئے' آپ کے ساتھ سو غلام تھے اور سو اونٹ اور سو بکریاں تھیں۔ فرمایا: یہ سارے اللہ کے لیے ہیں' آپ نے غلام آزاد کیے اور اونٹوں کو نحر کرنے کا حکم دیا۔

3007 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَعْتَقْتُ اَرْبَعِينَ مُحَرَّرًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ . قَالَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَبَقَ لَكَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے جاہلیت میں چالیس غلام آزاد کیے ہیں' آپ نے فرمایا: تُو اس سے پہلے کاموں کی بناء پر اسلام لایا۔

3008 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، اَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَوْصَى اِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَائِشَةُ، وَحَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَشَيْبَةُ بْنُ عُثْمَانَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عبداللہ بن زبیر' حضرت عائشہ' حکیم بن حزام' شیبہ بن عثمان اور عبداللہ بن عامر کی طرف وصیت لکھی۔

وَمَا اَسْنَدَ حَكِيمُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ

وما اسند حکیم بن حزام

بْنُ حِزَامٍ
سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ
عَنْ حَكِيمِ بْنِ
حِزَامٍ

کی روایت کردہ احادیث
حضرت سعید بن مسیّب
حضرت حکیم بن حزام سے
روایت کرتے ہیں

3009 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَعْطَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ يَوْمَ حُنَيْنٍ عَطَاءً فَاسْتَقَلَّهُ، فَزَادَهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ عَطِيَّتِكَ خَيْرٌ؟ قَالَ: الْأُولَى . فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَكِيمُ بْنَ حِزَامٍ، إِنَّ هَذَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهَا بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ وَحُسْنِ أَكْلَةٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِاسْتِشْرَافِ نَفْسٍ وَسُوءِ أَكْلَةٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ، وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى . قَالَ: وَمِنْكَ يَا رَسُولَ؟ قَالَ: وَمِنِّي . قَالَ: فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ بَعْدَكَ أَحَدًا شَيْئًا أَبَدًا قَالَ: فَلَمْ يَقْبَلْ دِيوَانًا وَلَا عَطَاءً حَتَّى مَاتَ، فَكَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أُشْهِدُكَ عَلَى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ أَنِّي أَدْعُوهُ لِحَقِّهِ مِنْ هَذَا الْمَالِ وَهُوَ يَأْبَى . فَقَالَ: إِنِّي وَاللَّهِ لَا أَرْزَؤُكَ وَلَا غَيْرَكَ شَيْئًا . فَمَاتَ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت حکیم بن حزام کو حنین کے دن دیا اور زیادہ دیا۔ حضرت حکیم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے کون سی بھلائی دی ہے؟ آپ نے فرمایا: بہتر! حضور ﷺ نے ان کو فرمایا: اے حکیم بن حزام! یہ مال سرسبز و میٹھا ہے' جس نے سخاوتِ نفس اور اچھے طریقے سے کھانے کے لیے لیا تو اس کو اس میں برکت دی جائے گی' جس نے مال بڑھانے اور بُرے کھانے کے لیے لیا تو اس کو اس میں برکت نہیں دی جائے گی' وہ اس کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا ہے' اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ حضرت حکیم نے آپ ﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: مجھ سے' حضرت حکیم نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے' میں آپ کے بعد کسی شی کی تمنا نہیں کروں گا ہمیشہ کے لیے' نہ عہد اور نہ کسی سے مانگوں گا یہاں تک کہ مر جاؤں۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اسے مال

حِينَ مَاتَ وَإِنَّهُ لَمِنْ أَكْثَرِ قُرَيْشٍ مَالًا

دینے کے لیے بلایا' اس نے لینے سے انکار کر دیا' کہا: اللہ کی قسم! میں نہ آپ سے اور آپ کے علاوہ سے کسی شی کی تمنا کروں گا۔ حضرت حکیم کا وصال ہوا' جس وقت وصال ہوا آپ قریش میں سب سے زیادہ مال دار تھے۔

3010 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا الزُّهْرِيُّ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُمَا سَمِعَا حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ يَقُولُ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِطِيبِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے مانگا' آپ نے مجھے دیا' پھر میں نے آپ سے مانگا تو آپ نے مجھے دیا' پھر آپ نے فرمایا: یہ مال سرسبز و میٹھا ہے' جس نے اپنے دل میں مال کی حرص کے بغیر لیا تو اسے اس میں برکت دی جائے گی اور جس نے مال بڑھانے کے لیے لیا تو اسے برکت نہیں دی جائے گی' وہ ایسے ہے جس طرح کوئی کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا ہے' اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

3011 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَابْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، ثُمَّ قَالَ: يَا حَكِيمُ، إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى . فَقُلْتُ: يَا

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے مانگا' آپ نے مجھے دیا' پھر میں نے آپ سے مانگا تو آپ نے مجھے دیا' پھر آپ نے فرمایا: یہ مال سرسبز و میٹھا ہے' جس نے اپنے دل میں مال کی حرص کے بغیر لیا تو اسے اس میں برکت دی جائے گی اور جس نے مال بڑھانے کے لیے لیا تو اسے برکت نہیں دی جائے گی' وہ ایسے ہے جس طرح کوئی کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا ہے' اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے!

رَسُولَ اللّٰهِ، وَالَّذِی بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَرْزَأُ اَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا . فَكَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يَدْعُو حَكِيمًا اِلَى الْعَطَاءِ، فَيَاْبٰى اَنْ يَقْبَلَهُ مِنْهُ ، ثُمَّ اِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ، فَاَبٰى اَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا، فَقَالَ عُمَرُ: اِنِّی اُشْهِدُكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ عَلٰى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، اِنِّی اَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ الَّذِی قُسِمَ لَهُ مِنْ هٰذَا الْفَیْءِ فَيَاْبٰى اَنْ يَاْخُذَهُ . فَلَمْ يَرْزَاْ حَكِيمٌ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا حَتّٰى تُوُفِّیَ

آپ کے بعد کسی شی کی تمنا نہیں کروں گا یہاں تک کہ دنیا سے چلا جاؤں۔ حضرت ابوبکر نے (اپنی خلافت میں) آپ کو دینے کے لیے بلایا تو آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا' پھر حضرت عمر نے (اپنی خلافت میں) آپ کو دینے کے لیے بلایا تو آپ نے کوئی شی قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ حضرت عمر نے فرمایا: میں تمہیں حکیم بن حزام پر گواہ بناتا ہوں کہ اے مسلمانوں کے گروہ! میں نے جو مالِ فئی سے مال تقسیم کیا تھا' اسے اس کا حق دیا' اُس نے لینے سے انکار کر دیا۔ حضرت حکیم بن حزام نے مرتے دم تک کسی شی کی تمنا نہیں کی۔

3012 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَا: ثنا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَالِ فَاَلْحَحْتُ فَاَعْطَانِی، ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِی، فَقَالَ: مَا اَنْكَرَ مَسْاَلَتَكَ يَا حَكِيمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَاِنَّهَا اَوْسَاخُ اَيْدِی النَّاسِ، فَمَنْ اَخَذَهَا بِسَخَاوَةٍ بُورِكَ لَهُ فِيهَا، وَمَنْ اَخَذَهَا بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ كَالْآكِلِ وَلَا يَشْبَعُ، يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ يَدِ الْمُعْطِی، وَيَدُ الْمُعْطِی فَوْقَ يَدِ الْمُعْطٰى، وَيَدُ الْمُعْطٰى اَسْفَلُ الْاَيْدِی

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا اور میں نے سوال کرنے میں خوب مبالغہ کیا' آپ نے مجھے عطا فرما کر فرمایا: تیرا سوال کتنا ناپسندیدہ ہے' اے حکیم! بے شک یہ میٹھا اور سرسبز ہے' لوگوں کے ہاتھوں کی میل ہے اور بے شک اوپر والا ہاتھ اللہ کا ہے اور دینے والے کا ہاتھ لینے والے سے اوپر ہوتا ہے اور سب سے نیچے لینے والے کے ہاتھ ہوتے ہیں۔

3013 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِیُّ،

حضرت عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ حضرت

سعید بن المسیب عن حکیم بن حزام

ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً مِنَ الْاِبِلِ فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ سَاَلَهُ مِائَةً فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَكِيمُ بْنَ حِزَامٍ، اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ كَالَّذِي يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُولُ۔

حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے سو اونٹ مانگے' آپ نے دیئے' پھر سو مانگے تو آپ نے عطا کیے' حضور ﷺ نے فرمایا: اے حزام! یہ مال سرسبز و میٹھا ہے' جس نے اپنے نفس کی سخاوت کے لیے لیا تو اسے برکت دی جائے گی' جس نے مال داری کے لیے لیا تو اسے برکت نہیں دی جائے گی' وہ اس آدمی کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور سیر نہیں ہوتا' اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے' آغاز اس سے کر جو تیرے زیرِ کفالت ہے۔

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِي، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے مانگا تو آپ نے مجھے دیا' اس کے بعد اوپر والی حدیث بیان کی۔

عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

حضرت عروہ بن زبیر' حضرت حکیم بن حزام سے روایت کرتے ہیں

3014 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ يَقُولُ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَعْتَقْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَرْبَعِينَ مُحَرَّرًا۔ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَبَقَ لَكَ مِنَ الْخَيْرِ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے جاہلیت میں چالیس غلام آزاد کیے ہیں' حضور ﷺ نے فرمایا: جو تو نے اسلام سے پہلے نیکی کی ہے' وہ تیرے لیے اسلام لانے کا سبب ہے۔

3015 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اَشْيَاءَ كُنْتُ اَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَتَبَرَّرُ بِهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَلَفَ مِنْ خَيْرٍ. قَالَ هِشَامٌ: وَكَانَ اَعْتَقَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ کچھ اشیاء کے بارے میں بتائیں گے جو میں جاہلیت میں کرتا تھا' کیا اس میں مجھے نیکی ملے گی؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جوتو نے اسلام سے پہلے نیکی کی ہے وہ تیرے اسلام لانے کا سبب ہے۔ حضرت ہشام فرماتے ہیں: اُنہوں نے زمانۂ جاہلیت میں غلام آزاد کیے تھے۔

3016 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اُمُورًا كُنْتُ اَتَحَنَّثُ فِيهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنْ عَتَاقَةٍ وَصِلَةِ رَحِمٍ، هَلْ لِي فِيهَا مِنْ اَجْرٍ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَلَفَ لَكَ مِنْ خَيْرٍ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسے کاموں کے متعلق بتائیں جو میں زمانۂ جاہلیت میں کرتا تھا' غلام آزاد کرنا' صلہ رحمی کرنا' کیا میرے لیے اس میں ثواب ہے؟ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جوتم نے اسلام لانے سے پہلے نیکی کی ہے' وہی تیرے اسلام لانے کا باعث ہے۔

3017 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ كَامِلٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ اُمُورًا كُنْتُ اَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، هَلْ لِي مِنْهَا مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا اَسْلَفْتَ مِنْ خَيْرٍ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسے کاموں کے متعلق بتائیں جو میں زمانۂ جاہلیت میں کرتا تھا' غلام آزاد کرنا' صلہ رحمی کرنا' کیا میرے لیے اس میں ثواب ہے؟ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جوتم نے اسلام لانے سے پہلے نیکی کی ہے' وہی تیرے اسلام لانے کا سبب ہوئی ہے۔

3018 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسے کاموں

الرَّحْمَنِ بْنُ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ اُمُورًا كُنْتُ اَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنْ صِلَةٍ وَعَتَاقَةٍ وَصَدَقَةٍ، هَلْ لِي فِيهَا اَجْرٌ؟ قَالَ حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ: فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا سَلَّفْتَ مِنْ خَيْرٍ

کے متعلق بتائیں جو میں زمانۂ جاہلیت میں کرتا تھا' غلام آزاد کرنا' صلہ رحمی کرنا' کیا میرے لیے اس میں ثواب ہے؟ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو تم نے اسلام لانے سے پہلے نیکی کی ہے' وہ تیرے اسلام لانے کا سبب ہے۔

3019 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اُمُورًا كُنْتُ اَتَحَنَّثُ بِهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مِنْ صَدَقَةٍ اَوْ عَتَاقَةٍ اَوْ صِلَةِ رَحِمٍ، اَفِيهَا اَجْرٌ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمْتَ عَلَى مَا اَسْلَفْتَ مِنْ خَيْرٍ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے ایسے کاموں کے متعلق بتائیں جو میں زمانۂ جاہلیت میں کرتا تھا' غلام آزاد کرنا' صلہ رحمی کرنا' کیا میرے لیے اس میں ثواب ہے؟ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو تم نے اسلام لانے سے پہلے نیکی کی ہے' وہ اسی کی وجہ سے تو نے اسلام قبول کیا ہے۔

3020 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رُقًى كُنَّا نَسْتَرْقِي بِهَا، وَاَدْوِيَةٌ كُنَّا نَتَدَاوَى بِهَا، هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا؟ قَالَ: هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم دَم کرواتے ہیں یا دوائی لیتے ہیں' کیا اس کے ساتھ اللہ کی تقدیر بدل سکتی ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ بھی اللہ کی تقدیر سے ہے' یعنی دوائی لینا اور دَم کروانا۔

3021 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

3020- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه446 رقم الحديث: 8223 عن الزهري' عن عروة عن حكيم بن حزام به .

3021- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 2صفحه518 رقم الحديث: 1361' وأحمد في مسنده جلد3صفحه403 رقم الحديث: 15361 كلاهما عن هشام بن عروة عن أبيه عن حكيم بن حزام به .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَلْيَبْدَاْ اَحَدُكُمْ بِمَنْ يَعُولُ، خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضور ﷺ نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے' تم میں سے کوئی مال دینا چاہے تو اس کو دے جو زیر کفالت ہے' بہتر صدقہ وہ ہے جو مال داری میں دیا جائے' جو سوال کرنے سے بچنا چاہتا ہے' اللہ اس کو بچالیتا ہے اور جو غناء چاہتا ہے اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے۔

3022 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُمَحِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَلْيَبْدَاْ اَحَدُكُمْ بِمَنْ يَعُولُ، وَخَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے' تم میں سے کوئی مال دینا چاہے تو اس کو دے جو زیر کفالت ہے' بہتر صدقہ وہ ہے جو مال داری میں دیا جائے' جو سوال کرنے سے بچنا چاہتا ہے' اللہ اس کو بچالیتا ہے اور جو غناء چاہتا ہے اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے۔

3023 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى اَنَسِ بْنِ عِيَاضٍ: حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامِ بْنِ خُوَيْلِدٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى، وَلْيَبْدَاْ اَحَدُكُمْ بِمَنْ يَعُولُ، وَخَيْرُ الصَّدَقَةِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنِ اسْتَغْنَى اَغْنَاهُ اللّٰهُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے' تم میں سے کوئی مال دینا چاہے تو اس کو دے جو زیر کفالت ہے' بہتر صدقہ وہ ہے جو مال داری میں دیا جائے' جو سوال کرنے سے بچنا چاہتا ہے' اللہ اس کو بچالیتا ہے اور جو غناء چاہتا ہے اللہ اس کو غنی بنا دیتا ہے۔

3024 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: خَرَجْتُ اِلَى الْيَمَنِ، فَابْتَعْتُ حُلَّةَ ذِي يَزَنَ، فَاَهْدَيْتُهَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قُرَيْشٍ، فَقَالَ: لَا اَقْبَلُ هَدِيَّةَ مُشْرِكٍ، فَرَدَّهَا، فَبِعْتُهَا فَاشْتَرَاهَا فَلَبِسَهَا، ثُمَّ خَرَجَ اِلَى اَصْحَابِهِ وَهِيَ عَلَيْهِ، فَمَا رَاَيْتُ شَيْئًا فِي شَيْءٍ اَحْسَنَ مِنْهُ فِيهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا مَلَكْتُ اَنْ قُلْتُ:

(البحر الطويل)

مَا يَنْظُرُ الْحُكَّامُ بِالْفَضْلِ بَعْدَمَا ... بَدَا وَاضِحٌ مِنْ ذِي غُرَّةٍ وَحُجُولِ

اِذَا قَايَسُوهُ الْمَجْدَ اَرْبَا عَلَيْهِمُ ... بِمُسْتَفْرَغٍ مَاءِ الذِّنَابِ سَجِيلِ

فَسَمِعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَالْتَفَتَ اِلَيَّ يَبْتَسِمُ، ثُمَّ دَخَلَ وَكَسَاهَا اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں یمن کی طرف نکلا' میں نے ذی یزن کا حُلّہ (عمدہ لباس) خریدا اور میں نے نبی پاک ﷺ کو ہدیہ دیا' اس مدت میں کہ جس میں آپ کے اور قریش کے درمیان معاہدہ تھا۔ آپ نے فرمایا: میں مشرکوں سے ہدیہ قبول نہیں کرتا۔ آپ نے واپس کر دیا' تو میں نے فروخت کر دیا' اس کو آپ نے اُس سے خرید یا اور پہنا' پھر آپ اپنے صحابہ کی طرف نکلے' جبکہ آپ ﷺ نے وہ پہنا ہوا تھا' میں نے کسی شی کو کسی شی میں اتنا خوبصورت نہیں دیکھا جتنا اس حلّے میں حضور ﷺ کو خوبصورت دیکھا' اگر میں یہ کہوں تو حق بجانب ہوں:

''حکمران جس چیز کو فضیلت دیکھتے ہیں بعد اس کے کہ مُحجلے اور چمکتی پیشانی والوں سے ظاہر ہو'

جب وہ اس کو بزرگی شمار کرتے ہیں تو پانی سے بھری ہوئی وادیوں کے ساتھ ان کی خوبی بڑھ جاتی ہے''۔

پس رسول کریم ﷺ نے اسے سماعت فرما لیا تو میری طرف متوجہ ہو کر تبسم فرمایا' پھر خیمہ میں داخل ہو کر وہ حلّہ حضرت اسامہ بن زید کو پہنا دیا۔

مُسْلِمُ بْنُ جُنْدُبٍ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

حضرت مسلم بن جندب' حضرت حکیم بن حزام سے روایت کرتے ہیں

3025 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ،

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

مسلم بن جندب عن حكيم بن حزام

3025- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد3صفحه551 رقم الحديث: 6048 عن ابن أبي ذئب عن مسلم بن جندب عن حكيم بن حزام به .

ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَلْحَحْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا اَنْكَرَ مَسْاَلَتَكَ يَا حَكِيمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَاِنَّمَا هُوَ مَعَ ذٰلِكَ اَوْسَاخُ اَيْدِی النَّاسِ، وَاِنَّ يَدَ اللّٰهِ فَوْقَ يَدِ الْمُعْطِی. رَيَدُ الْمُعْطِی فَوْقَ يَدِ الْمُعْطَی، وَاَسْفَلُ الْاَيْدِی يَدُ الْمُعْطَی

میں نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا اور میں نے سوال کرنے میں خوب مبالغہ کیا' آپ نے فرمایا: اے حکیم! مجھے آپ کو یہ مال دینے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے' بے شک یہ میٹھا اور سرسبز ہے' لوگوں کے ہاتھ پھیلاتا ہے اور بے شک عطا کرنے والے کے ہاتھ اوپر ہاتھ اللہ کا ہے اور دینے والے کا ہاتھ لینے والے سے اوپر ہوتا ہے اور سب سے نیچے لینے والے کے ہاتھ ہوتے ہیں۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

حضرت عبداللہ بن محمد بن صیفی' حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

3026 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِی عَطَاءٌ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَمْ اُنَبَّاْ، اَوْ اَلَمْ اُخْبَرْ، اَوْ اَلَمْ يَبْلُغْنِی، اَوْ كَمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنَّكَ تَبِيعُ الطَّعَامَ؟ قُلْتُ: بَلَى. قَالَ: فَاِذَا ابْتَعْتَ طَعَامًا فَلَا تَبِعْهُ حَتَّى تَسْتَوْفِيَهُ

حضرت عبداللہ بن محمد بن صیفی' حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا مجھے بتایا نہیں گیا' کیا مجھے خبر نہیں دی گئی' کیا مجھے بتایا نہیں گیا جس طرح اللہ نے چاہا تو گندم فروخت کرتا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: جب تُو گندم خریدے تو اس کو فروخت نہ کر یہاں تک کہ قبضہ کر لے۔

يُوسُفُ بْنُ مَاهَكَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

حضرت یوسف بن ماہک' حضرت حکیم بن حزام سے روایت کرتے ہیں

3027 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، حَدَّثَنَا

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

عبد اللہ بن محمد عن حکیم بن حزام' یوسف بن ماھک عن حکیم بن حزام

3027- اخرجه الترمذی فی سننه جلد3صفحه534 رقم الحديث: 1232' وابو داؤد فی سننه جلد3صفحه283 رقم الحديث: 3503' والنسائی فی سننه (المجتبیٰ) جلد7صفحه289 رقم الحديث: 4613' واحمد فی مسنده

عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَطْلُبُ مِنِّي الْبَيْعَ وَلَيْسَ عِنْدِي، اَفَابْتَاعُهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی مجھ سے بیع کا مطالبہ کرتا ہے حالانکہ وہ (شی) میرے پاس نہیں ہے کیا میں اسے فروخت کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جو چیز تیرے پاس نہ ہو اسے فروخت نہ کر۔

3028 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَاْتِينِي فَيُرِيدُ مِنِّي الْبَيْعَ وَلَيْسَ عِنْدِي، اَفَابْتَاعُهُ لَهُ مِنَ السُّوقِ؟ فَقَالَ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی مجھ سے بیع کا مطالبہ کرتا ہے حالانکہ وہ (شی) میرے پاس نہیں ہے کیا میں اسے فروخت کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جو چیز تیرے پاس نہ ہو اسے فروخت نہ کر۔

3029 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيّ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، يَاْتِينِي الرَّجُلُ يَسْاَلُنِي الْبَيْعَ لَيْسَ عِنْدِي اَبِيعُهُ مِنْهُ اَتَكَلَّفُهُ لَهُ مِنَ السُّوقِ؟ فَقَالَ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی مجھ سے بیع کا مطالبہ کرتا ہے حالانکہ وہ (شی) میرے پاس نہیں ہے کیا میں اسے فروخت کروں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جو چیز تیرے پاس نہ ہو اسے فروخت نہ کر۔

3030 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے حضور ﷺ نے ایسی چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہ ہو۔

3031 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ مُسَاوِرٍ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

جلد3صفحه434' وابن ماجه في سننه جلد2صفحه737 رقم الحديث: 2187 كلهم عن أبي بشر عن يوسف بن ماهك عن حكيم بن حزام به .

الْجَوْهَرِيُّ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْفَسَوِيُّ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي

مجھے حضور ﷺ نے ایسی چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہ ہو۔

3032 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِحَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے حضور ﷺ نے ایسی چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہ ہو۔

3033 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے حضور ﷺ نے ایسی چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہ ہو۔

3034 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے حضور ﷺ نے ایسی چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہ ہو۔

3035 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَبِيعَ مَا لَيْسَ عِنْدِي

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے حضور ﷺ نے ایسی چیز فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے جو میرے پاس نہ ہو۔

3036 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: بَايَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا اَخِرَّ اِلَّا قَائِمًا

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی کہ میں گروں گا نہیں مگر کھڑا ہی رہوں گا۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِصْمَةَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

حضرت عبداللہ بن عصمہ حضرت حکیم بن حزام سے روایت کرتے ہیں

3037 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِيُّ، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِصْمَةَ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَبِيعُ بُيُوعًا كَثِيرَةً، فَمَا يَحِلُّ لِي مِنْهَا مِمَّا يَحْرُمُ عَلَيَّ؟ فَقَالَ: لَا تَبِيعَنَّ مَا لَمْ تَقْبِضْ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں بہت زیادہ کاروباری آدمی ہوں میرے لیے کون سی چیز حلال ہے اور کون سی چیز حرام ہے؟ آپ نے فرمایا: جو چیز تیرے پاس نہ ہو اس کو فروخت نہ کر۔

3038 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مَاهَكَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِصْمَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي رَجُلٌ اَبْتَاعُ هَذِهِ الْبُيُوعَ وَاَبِيعُهَا، فَمَا يَحِلُّ لِي مِنْهَا، وَمَا يَحْرُمُ عَلَيَّ مِنْهَا؟ قَالَ: لَا تَبِيعَنَّ شَيْئًا حَتَّى تَقْبِضَهُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی: میں بہت زیادہ کاروباری آدمی ہوں میرے لیے کون سی چیز حلال ہے اور کون سی چیز حرام ہے؟ آپ نے فرمایا: جو چیز تیرے پاس نہ ہو اس کو فروخت نہ کر۔

حِزَامُ بْنُ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ عَنْ اَبِيهِ

حضرت حزام بن حکیم بن حزام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

3039 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ الْوَكِيعِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ جَنَادٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: خَطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَوَعَظَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالطَّاعَةِ لِاَزْوَاجِهِنَّ وَاَنْ يَتَصَدَّقْنَ، وَقَالَ: وَاِنَّ مِنْكُنَّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ- وَجَمَعَ اَصَابِعَهُ - وَجُلُّكُنَّ حَطَبُ جَهَنَّمَ فَفَرَّقَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ: وَلِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لِاَنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ، وَتُسَوِّفْنَ الْخَيْرَ

حضرت حزام بن حکیم بن حزام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے عورتوں کو صدقہ کرنے کا حکم دیا اور اس پر اُبھارا' آپ نے فرمایا: تم صدقہ کیا کرو کیونکہ تم میں سے اکثریت جہنم میں جائے گی۔ اُن میں سے ایک عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ فرمایا: تم لعنت زیادہ کرتی ہو' نیکی کو حقیر جانتی ہو اور خاوندوں کی ناشکری کرتی ہو۔

3040 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اشْتَرَيْتُ طَعَامًا مِنْ طَعَامِ الصَّدَقَةِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَبِحْتُ فِيهِ قَبْلَ اَنْ اَسْتَوْفِيَهُ، فَقُلْتُ: لَا اَبِيعُهُ حَتَّى

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کی: میں زکوٰۃ کا مال خریدتا ہوں اور اس کو قبضہ کرنے سے پہلے فروخت کرتا ہوں' میں نے کہا: میں اسے فروخت نہ کروں گا یہاں تک کہ میں رسول اللہ ﷺ سے پوچھ لوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: فروخت نہ کر یہاں تک کہ قبضہ کرلے۔

3039- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد 16 صفحه 520 رقم الحديث: 7478' والطبراني في الأوسط جلد 2 صفحه 36 رقم الحديث: 1156 كلاهما عن زيد بن رفيع عن حزام بن حكيم عن أبيه به .

3040- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد 11 صفحه 361 رقم الحديث: 4985 عن عطاء عن حزام بن حكيم بن حزام عن أبيه به .

اَسَالَ عَنْهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَقْبِضَهُ

3041 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ اَبُو اُمَيَّةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ صَدَقَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّكُمْ قَدْ اَصْبَحْتُمْ فِي زَمَانٍ كَثِيرٍ فُقَهَاؤُهُ، قَلِيلٍ خُطَبَاؤُهُ، كَثِيرٍ مُعْطُوهُ، قَلِيلٍ سُؤَّالُهُ، الْعَمَلُ فِيهِ خَيْرٌ مِنَ الْعِلْمِ، وَسَيَاْتِي زَمَانٌ قَلِيلٌ فُقَهَاؤُهُ، كَثِيرٌ خُطَبَاؤُهُ، كَثِيرٌ سُؤَّالُهُ، قَلِيلٌ مُعْطُوهُ، الْعِلْمُ فِيهِ خَيْرٌ مِنَ الْعَمَلِ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم صبح کرتے ہو' فقہا بہت زیادہ ہیں' خطباء کم ہیں' دینے والے بہت ہیں' لینے والے تھوڑے ہیں' اس میں عمل' علم سے بہتر ہے' عنقریب ایسا زمانہ آئے گا کہ فقہاء کم ہوں گے اور خطباء زیادہ ہوں گے' مانگنے والے زیادہ ہوں گے اور دینے والے تھوڑے ہوں گے' اس وقت علم' عمل سے بہتر ہوگا۔

الضَّحَّاكُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ حِزَامٍ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ

حضرت ضحاک بن عبدالرحمٰن بن خالد بن حزام' حضرت حکیم بن حزام سے روایت کرتے ہیں

3042 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ- قَالَ شُعَيْبٌ: ثنا اللَّيْثُ وَقَالَ اَبُو الْوَلِيدِ: ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ - عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّهُ اَعَانَ بِفَرَسَيْنِ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَاُصِيبَا، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حنین کے دن دو گھوڑے لیے' دونوں مارے گئے' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس کا بدلہ دیں! آپ نے دیا تو میں نے اور مانگا' آپ نے پھر دیا تو میں نے پھر مانگا' آپ نے پھر دیا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: یہ مال میٹھا و سرسبز ہے' جو لوگوں سے مانگے اسے دیا جائے' مانگنے والا ایسے ہے جیسے کھانے والا سیر نہیں ہوتا۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ فَرَسَيَّ قَدْ اُصِيبَا، فَعَوِّضْنِي. فَاَعْطَاهُ، فَاسْتَزَادَهُ فَزَادَهُ، ثُمَّ اسْتَزَادَهُ فَزَادَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ سَاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ، وَالسَّائِلُ كَالْآكِلِ لَا يَشْبَعُ

3043 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنُ مِقْلَاصٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّهُ اَعَانَ بِفَرَسَيْنِ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَاُصِيبَا، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اُصِيبَ فَرَسَايَ فَعُضْنِي. فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ اسْتَزَادَهُ فَزَادَهُ، ثُمَّ اسْتَزَادَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا حَكِيمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، مَنْ سَاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ، وَالسَّائِلُ فِيهَا كَالْآكِلِ لَا يَشْبَعُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حنین کے دن دو گھوڑے لیے' دونوں مارے گئے' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اس کا بدلہ دیں! آپ نے دیا تو میں نے اور مانگا' آپ نے پھر دیا تو میں نے پھر مانگا' آپ نے پھر دیا' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: یہ مال میٹھا و سرسبز ہے' جو لوگوں سے مانگے اسے دیا جائے' مانگنے والا ایسے ہے جیسے کھانے والا سیر نہیں ہوتا۔

3044 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ حِزَامٍ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَمَنْ سَاَلَ النَّاسَ اَعْطَوْهُ، وَالسَّائِلُ مِنْهَا كَالْآكِلِ وَلَا يَشْبَعُ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے مجھے فرمایا: مال سرسبز و میٹھا ہے' جو لوگوں سے مانگے اسے دیا جائے تو مانگنے والا ایسے ہے جیسے کھانے والا سیر نہیں ہوتا۔

3365 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا بَعْدَ اِذْ آمَنَ بِهِ، وَاَقَامَ الصَّلَاةَ الْمَكْتُوبَةَ، وَاَدَّى الزَّكَاةَ الْمَفْرُوضَةَ، وَصَامَ رَمَضَانَ، وَسَمِعَ وَاَطَاعَ، فَمَاتَ عَلَى ذٰلِكَ؛ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے' نماز قائم کرے اور فرض زکوٰۃ ادا کرے اور رمضان کے روزے رکھے' سنے اور اطاعت کرے اور وہ اسی حالت میں مر گیا تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

3366 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ اَيَّامَ الْاَضَاحِيِّ لِلنَّاسِ: اَلَيْسَ هٰذَا الْيَوْمُ الْحَرَامَ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: فَاِنَّ حُرْمَةَ مَا بَيْنَكُمْ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْيَوْمِ، وَاُحَدِّثُكُمْ مَنِ الْمُسْلِمُ؟ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَاُحَدِّثُكُمْ مَنِ الْمُؤْمِنُ؟ مَنْ اَمِنَهُ الْمُسْلِمُونَ عَلَى اَنْفُسِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ، وَاُحَدِّثُكُمْ مَنِ الْمُهَاجِرُ؟ مَنْ هَجَرَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں سے فرمایا: کیا آج کا دن حرمت والا نہیں ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: قیامت کے دن تک تمہارے خون تم پر حرام ہیں آج کے دن کی طرح' میں تمہیں کامل مسلمان کے متعلق بتاؤں! کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے' تمہیں کامل ایمان والے کے متعلق بتاؤں! جس کی جان اور اموال محفوظ رہیں' تمہیں ہجرت کے متعلق بتاؤں! جو برائیوں کو چھوڑ دے' ایک مؤمن کی عزت دوسرے مؤمن پر ہے' آج

السَّيِّئَاتِ، وَالْمُؤْمِنُ حَرَامٌ عَلَى الْمُؤْمِنِ كَحُرْمَةِ هَذَا الْيَوْمِ، لَحْمُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَاْكُلَهُ بِالْغِيبَةِ يَغْتَابُهُ، وَعِرْضُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَخْرِقَهُ، وَوَجْهُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَلْطِمَهُ، وَدَمُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَسْفِكَهُ، وَمَالُهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَظْلِمَهُ، وَاَذَاهُ عَلَيْهِ حَرَامٌ، وَهُوَ عَلَيْهِ حَرَامٌ اَنْ يَدْفَعَهُ دَفْعًا

کے دن کی حرمت کی طرح۔ اس نے عرض کی: عزت کی طرح اس کا گوشت بھی اس پر حرام ہے کہ وہ غیبت کر کے کھائے' اس کی عزت حرام ہے کہ وہ اسے خراب کرے' اس کا چہرہ حرام ہے کہ اس کے منہ پر نہ مارے۔ اس کا خون بہانا حرام ہے' ظلماً مال لینا حرام ہے' اس کو تکلیف دینا حرام ہے۔

3367 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَدُوَّكَ الَّذِي اِنْ قَتَلْتَهُ كَانَ لَكَ نُورًا، وَاِنْ قَتَلَكَ دَخَلْتَ الْجَنَّةَ، وَلَكِنَّ اَعْدَى عَدُوِّكَ وَلَدُكَ الَّذِي خَرَجَ مِنْ صُلْبِكَ، ثُمَّ اَعْدَى عَدُوٍّ لَكَ مَالُكَ الَّذِي مَلَكَتْ يَمِينُكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تیرا دشمن وہ نہیں ہے کہ اگر تو اس کو قتل کرے تو وہ تیرے لیے نور ہو' اگر وہ تجھے قتل کرے تو تو جنتی ہو' بلکہ تیرا سب سے بڑا دشمن تیری اولاد ہو جو تیری پشت سے نکلا ہے' تیرا دشمن تیرا مال ہے جو تیری ملکیت میں ہے۔

3368 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْفِتْنَةَ تُرْسَلُ، وَيُرْسَلُ مَعَهَا الْهَوَى وَالصَّبْرُ، فَمَنِ اتَّبَعَ الْهَوَى كَانَتْ قِتْلَتُهُ سَوْدَاءَ، وَمَنِ اتَّبَعَ الصَّبْرَ كَانَتْ قِتْلَتُهُ بَيْضَاءَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فتنے بھیجے جائیں گے اس کے ساتھ خواہشاتِ نفس اور صبر ہوگا جس نے خواہشات کی پیروی کی اُس نے انہیں اندھیرے میں مرا جس نے صبر کی اتباع کی وہ روشنی میں مر گیا۔

3369 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں میں نے اپنے بندوں سے چھپائی ہیں کہ اگر ان کو دکھا دی جائیں تو وہ

مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثُ خِلَالٍ غَيَّبْتُهُنَّ عَنْ عِبَادِي، لَوْ رَآهُنَّ مَا عَمِلَ سُوءاً اَبَدًا: لَوْ كَشَفْتُ غِطَائِي فَرَآنِي حَتَّى يَسْتَيْقِنَ وَيَعْلَمَ كَيْفَ اَفْعَلُ بِخَلْقِي اِذَا اَمَتُّهُمْ وَقَبَضْتُ السَّمَاوَاتِ بِيَدِي، ثُمَّ قَبَضْتُ الْاَرْضَ وَالْاَرَضِينَ، ثُمَّ قُلْتُ: اَنَا الْمَلِكُ، مَنْ ذَا الَّذِي لَهُ الْمُلْكُ دُونِي؟ ثُمَّ اُرِيهِمُ الْجَنَّةَ وَمَا اَعْدَدْتُ لَهُمْ فِيهَا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ فَيَسْتَيْقِنُونَهَا، وَاُرِيهِمُ النَّارَ وَمَا اَعْدَدْتُ لَهُمْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ فَيَسْتَيْقِنُونَهَا، وَلٰكِنْ عَمْدًا غَيَّبْتُ ذٰلِكَ عَنْهُمْ؛ لِاَعْلَمَ كَيْفَ يَعْمَلُونَ وَقَدْ بَيَّنْتُهُ لَهُمْ

کبھی بُرائی نہ کریں' اگر میں دنیا کا پردہ کھولوں تو وہ مجھے دیکھیں' یقین حاصل کریں اور جان لیں کہ میں اپنے مخلوق کے ساتھ کیا کرتا ہوں' جب میں انہیں موت دوں آسمان کو اپنے ہاتھ میں لوں اور سات زمین بھی اور پھر میں کہوں گا: میں بادشاہ ہوں' کون ہے جو میرے مقابلے میں بادشاہ ہے؟ پھر ان کو جنت دکھائی جائے گی' میں نے اس میں ہر قسم کی بھلائی تیار کر کے رکھی ہے' وہ یقین کر لیں گے' میں نے انہیں دوزخ دکھائی کہ اس میں کیا بُرائیاں تیار کی ہیں' وہ یقین کر لیں گے لیکن میں نے ان سے جان بوجھ کر پوشیدہ رکھی تا کہ میں مشاہدہ کروں کہ یہ کیسے عمل کرتے ہیں حالانکہ میں نے ان کے لیے بیان کر دیا ہے۔

3370 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَسْتَيْقِظُ مِنَ اللَّيْلِ فَيُوقِظُ امْرَاَتَهُ، فَاِنْ غَلَبَهَا النَّوْمُ نَضَحَ فِي وَجْهِهَا مِنَ الْمَاءِ، فَيَقُومَانِ فِي بَيْتِهِمَا فَيَذْكُرَانِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی آدمی رات کو اُٹھے اور اپنے گھر والوں کو جگائے' اگر اس پر نیند غالب ہو تو وہ اس کے چہرے پر پانی پھینکے' دونوں رات کے حصہ میں اپنے گھر میں کھڑے ہو کر اللہ کا ذکر کریں تو ان دونوں کو بخش دیا جائے گا۔

3371 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَوْفَى

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں ایک مکمل کلمہ وہ ہے جو بندہ عرض کرتا ہے: اے اللہ! تُو میرا رب ہے' میں تیرا بندہ ہوں' میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور میں

كَلِمَةٍ عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ يَقُولَ الْعَبْدُ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّي وَاَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِي، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي، وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ، اَيْ رَبِّ فَاغْفِرْ لِي

اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں کیونکہ گناہ تُو ہی بخشنے والا ہے' اے میرے رب! مجھے بخش دے۔

3372 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا اَنْ نَقُولَ اِذَا اَصْبَحْنَا وَاِذَا اَمْسَيْنَا وَاِذَا اضْطَجَعْنَا عَلَى فُرُشِنَا: اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، اَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ، وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ اَنَّكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، فَاِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ اَنْفُسِنَا، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ وَشِرْكِهِ، وَاَنْ نَقْتَرِفَ عَلَى اَنْفُسِنَا سُوءًا اَوْ نَجُرَّهُ اِلَى مُسْلِمٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں صبح و شام اور لیٹنے کے وقت یہ کلمات پڑھنے کا حکم دیتے تھے: ''اللّٰھم فاطر السّماوات والارض الی آخرہ''۔

3373 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا نَامَ ابْنُ آدَمَ قَالَ الْمَلَكُ لِلشَّيْطَانِ: اعْطِنِي صَحِيفَتَكَ، فَيُعْطِيهِ اِيَّاهَا، فَمَا وَجَدَ فِي صَحِيفَتِهِ مِنْ حَسَنَةٍ مَحَا بِهَا عَشْرَ سَيِّئَاتٍ مِنْ صَحِيفَةِ الشَّيْطَانِ وَكَتَبَهُنَّ حَسَنَاتٍ، فَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَنَامَ فَلْيُكَبِّرْ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَكْبِيرَةً، وَيُحَمِّدْ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ تَحْمِيدَةً، وَيُسَبِّحْ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ تَسْبِيحَةً، فَتِلْكَ مِائَةٌ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب انسان سوتا ہے تو فرشتہ شیطان سے کہتا ہے: تُو مجھے اپنا رجسٹرڈ دے' شیطان رجسٹرڈ دیتا ہے تو وہ اس میں کوئی نیکی نہیں پاتا' شیطان کے رجسٹرڈ سے دس گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور نیکیاں لکھ دیتا ہے' جب تم میں سے کوئی سونے کا ارادہ کرے تو وہ تینتیس مرتبہ اللہ اکبر' چونتیس مرتبہ الحمد للہ اور تینتیس مرتبہ سبحان اللہ پڑھے' یہ پورا سو ہو جائے گا۔

3374 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اِذَا وَلَجَ الرَّجُلُ بَيْتَهُ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلِجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ، بِاسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا، وَبِاسْمِ اللّٰهِ خَرَجْنَا، وَعَلَى اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا، ثُمَّ يُسَلِّمُ عَلَى نَفْسِهِ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے گھر داخل ہو تو یہ دعا پڑھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الی آخرہٖ'' پھر اپنے اوپر سلام کرے۔

3375 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَصْبَحَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهُ وَنَصْرَهُ وَنُورَهُ وَبَرَكَتَهُ وَهُدَاهُ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيهِ وَمِنْ شَرِّ مَا قَبْلَهُ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ، ثُمَّ اِذَا اَمْسَى فَلْيَقُلْ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو یہ دعا کرے: ''اصبحنا واصبح الملك الی آخرہٖ'' جب شام کرے تو بھی اسی کی مثل دعا پڑھے۔

3376 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَقُلْ اَحَدُكُمْ حِينَ يُرِيدُ اَنْ يَنَامَ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَفَرْتُ بِالطَّاغُوتِ، وَعْدُ اللّٰهِ حَقٌّ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ طَوَارِقِ هٰذَا اللَّيْلِ اِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سونے کا ارادہ کرے تو وہ یہ پڑھے: ''اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الی آخرہٖ''۔

3377 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَيُبْعَثَنَّ مِنْكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى الْجَنَّةِ مِثْلُ اللَّيْلِ الْاَسْوَدِ زُمْرَةٌ جَمِيعُهَا يُحِيطُونَ الْاَرْضَ، تَقُولُ الْمَلَائِكَةُ: لَمَا جَاءَ مَعَ مُحَمَّدٍ اَكْثَرُ مِمَّا جَاءَ مَعَ الْاَنْبِيَاءِ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ذات جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! ضرور تم میں سے قیامت کے دن جنت کی طرف بھیجے جائیں گے' اندھیرے کی طرح گروہ کی شکل میں' ساری زمین کو گھیر لیں گے' فرشتے کہیں گے: محمد کے ساتھ اتنے لوگ آئے کہ اتنے تو تمام انبیاء کے ساتھ نہیں آئے۔

3378 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَنْظُرُ اِلَى اَجْسَامِكُمْ وَلَا اِلَى اَحْسَابِكُمْ وَلَا اِلَى اَمْوَالِكُمْ، وَلٰكِنْ يَنْظُرُ اِلَى قُلُوبِكُمْ، فَمَنْ كَانَ لَهُ قَلْبٌ صَالِحٌ تَحَنَّنَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَاِنَّمَا اَنْتُمْ بَنُو آدَمَ وَاَحَبُّكُمْ اِلَيَّ اَتْقَاكُمْ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل تمہارے جسموں اور حسب اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا ہے' اللہ تمہارے دلوں کو دیکھتا ہے کہ جس کا دل نیک ہوگا اُس پر اللہ کی رحمت اُترے گی' بنو آدم اور تم میں سے زیادہ پسند مجھے وہ ہیں جو زیادہ پرہیزگار ہیں۔

3379 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ حَبِّبِ الْمَوْتَ اِلَى مَنْ يَعْلَمُ اَنِّي رَسُولُكَ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! تُو موت کو اس کے لیے محبوب بنا دے جو جانتا ہے کہ میں تیرا رسول ہوں۔

3380 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْيَوْمُ الْمَوْعُودُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آج کے دن قیامت کے دن کا وعدہ کیا گیا ہے' جمعہ کا دن حاضری کا دن ہے' عرفہ کا دن حاضری کا دن ہے' جمعہ کا دن اللہ نے ہمارے لیے ذخیرہ کیا اور نمازِ عصر۔

الشَّاهِدَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، وَإِنَّ الْمَشْهُودَ يَوْمُ عَرَفَةَ، وَيَوْمُ الْجُمُعَةِ ذَخَرَهُ اللّٰهُ لَنَا، وَصَلَاةُ الْوُسْطَى صَلَاةُ الْعَصْرِ

3381 - حَدَّثَنَا هَاشِمٌ، ثنا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمٌ، عَنْ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجُمُعَةُ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ الَّتِي قَبْلَهَا وَزِيَادَةُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ، وَذَلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: (مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا) (الانعام: 160)

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک کے درمیان والے گناہوں کے کفارہ کا دن ہے اور تین دن زیادہ کیونکہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے: جو ایک نیکی کرے گا اُس کے لیے دس گناہ نیکیاں ملیں گی۔

3382 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، حَدَّثَنِي ضَمْضَمُ بْنُ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّلَوَاتُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ؛ لِأَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: (إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ) (هود: 114)

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں درمیان میں ہونے والے گناہوں کا کفارہ ہے کیونکہ اللہ عزوجل نے فرمایا: نیکیاں بُرائیوں کو ختم کر دیتی ہیں۔

3383 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُرْوَةَ الْحِمْصِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ضَمْضَمِ بْنِ زُرْعَةَ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ أُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ مُعَافَاةٌ، فَاسْتَقِيمُوا وَخُذُوا طَاقَةَ الْأَمْرِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت' اُمتِ مرحومہ ہے' ایک دوسرے کو معاف کرنے والی ہے' سیدھے رہو' جتنی طاقت ہے اتنا عمل کرو۔

خَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت خالد بن سعید بن

بْنِ اَبِی مَرْیَمَ عَنْ اَبِی مَالِكٍ

3384 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِیُّ، ثنا اِسْمَاعِیلُ بْنُ اَبِی اُوَیْسٍ، حَدَّثَنِی اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِیدِ بْنِ اَبِی مَرْیَمَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِیَّ یَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی حَجَّةِ الْوَدَاعِ فِی اَوْسَطِ اَیَّامِ الْاَضْحَی: اَلَیْسَ هٰذَا الْیَوْمَ الْحَرَامَ؟ قَالُوا: بَلَی یَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: فَاِنَّ حُرْمَةَ بَیْنِكُمْ اِلَی یَوْمِ الْقِیَامَةِ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْیَوْمِ. ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُنَبِّئُكُمْ مَنِ الْمُسْلِمُ؟ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ، وَاُنَبِّئُكُمْ مَنِ الْمُؤْمِنُ؟ مَنْ اَمِنَهُ الْمُؤْمِنُونَ عَلَی اَنْفُسِهِمْ وَدِمَائِهِمْ، وَاُنَبِّئُكُمْ مَنِ الْمُهَاجِرُ؟ مَنْ هَجَرَ السَّیِّئَاتِ وَهَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، الْمُؤْمِنُ حَرَامٌ عَلَی الْمُؤْمِنِ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْیَوْمِ، لَحْمُهُ عَلَیْهِ حَرَامٌ اَنْ یَاْكُلَهُ وَیَغْتَابَهُ بِالْغَیْبِ، وَعِرْضُهُ عَلَیْهِ حَرَامٌ اَنْ یَخْرِقَهُ، وَوَجْهُهُ عَلَیْهِ حَرَامٌ اَنْ یَلْطِمَهُ، وَحَرَامٌ عَلَیْهِ اَنْ یَدْفَعَهُ دَفْعَةً تُعَنِّتُهُ

ابومریم' حضرت ابو مالک سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر لوگوں سے فرمایا: کیا آج کا دن حرمت والا نہیں ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: قیامت کے دن تک تمہارے خون تم پر حرام ہیں آج کے دن کی طرح' میں تمہیں کامل مسلمان کے متعلق بتاؤں! کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے' تمہیں کامل ایمان والے کے متعلق بتاؤں! جس کی جان اور اموال محفوظ رہیں' تمہیں ہجرت کے متعلق بتاؤں! جو برائیوں چھوڑ دے' ایک مؤمن کی عزت دوسرے مؤمن پر آج کے دن کی طرح ہے۔ اس نے عرض کی: عزت کی طرح اس کا گوشت بھی اس پر حرام ہے کہ وہ غیبت کر کے کھائے' اس کی عزت حرام ہے کہ وہ اسے خراب کرے' اس کا چہرہ حرام ہے کہ اس کے منہ پر نہ مارے۔ اس کا خون بہانا حرام ہے' ظلماً مال لینا حرام ہے' اس کو تکلیف دینا حرام ہے۔

عَطَاءُ بْنُ یَسَارٍ عَنْ اَبِی مَالِكٍ

حضرت عطاء بن یسار' حضرت ابو مالک اشعری

الْاَشْعَرِیّ

3385 - حَدَّثَنَا حَفْصُ الرَّقِّیُّ، ثنا اَبُو حُذَیْفَةَ، ثنا زُهَیْرٌ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا یَحْیَی الْحِمَّانِیُّ، ثنا شَرِیكٌ، كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِیلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ، قَالَ: قَالَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَعْظَمَ الْغُلُولِ عِنْدَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ذِرَاعُ اَرْضٍ - اَوْ قَالَ: شِبْرٌ - یَسْرِقُهَا الرَّجُلُ وَالْجَارُ، اَنْ یَكُونَ بَیْنَهُمَا الْاَرْضُ، فَیَسْرِقُهَا اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ؛ فَیُطَوَّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِینَ

سے روایت کرتے ہیں

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں قیامت کے دن سب سے بڑی خیانت ایک ہاتھ غصب کی ہوئی زمین ہوگی' یا ایک بالشت آدمی اور پڑوسی نے چوری کی ہو' ان دونوں کے درمیان نے ان میں سے ایک قبضہ کر لے' اس کو سات زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

مُعَانِقٌ اَوْ اَبُو مُعَانِقٍ اَوِ ابْنُ مُعَانِقٍ عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ هَكَذَا یُرْوَی اسْمُهُ بِالشَّكِّ

حضرت معانق یا ابو معانق یا ابن معانق' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت کرتے ہیں' اسی طرح ان کا نام شک کے ساتھ روایت کیا گیا ہے

3386 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ قِیرَاطٍ الدِّمَشْقِیُّ، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ یُوسُفَ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِی كَثِیرٍ، عَنْ اَبِی سَلَّامٍ، عَنِ ابْنِ مُعَانِقٍ الدِّمَشْقِیِّ، عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی اور اللہ کی عبادت کرتے ہوئے مرا تو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو' اللہ پر حق ہے کہ اس کو جنت میں داخل کرے' ہجرت کی ہو یا وہاں بیٹھا رہا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَمَاتَ يَعْبُدُ اللّٰهَ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا؛ فَإِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ هَاجَرَ اَوْ قَعَدَ فِي مَوْلِدِهِ . فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنْ حَدَّثْتُ بِهَا النَّاسَ يَطْمَئِنُّوا اِلَيْهَا . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِهِ مِائَةَ دَرَجَةٍ، بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، فَلَوْ كَانَ عِنْدِي مَا اَتَقَوَّى بِهِ وَاُقَوِّي الْمُسْلِمِينَ، اَوْ بِاَيْدِيهِمْ مَا يُنْفِقُونَ بِهِ، مَا انْطَلَقَتْ سَرِيَّةٌ اِلَّا كُنْتُ صَاحِبَهَا، وَلٰكِنْ لَيْسَ ذَاكَ بِيَدِي وَلَا بِاَيْدِيهِمْ، وَلَوْ خَرَجْتُ مَا بَقِيَ اَحَدٌ فِيهِ خَيْرٌ اِلَّا انْطَلَقَ مَعِي، وَذٰلِكَ يَشُقُّ عَلَيَّ، فَلَوَدِدْتُ اَنْ اَغْزُوَ فَاُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيَى ثُمَّ اَغْزُوَ فَاُقْتَلَ ثُمَّ اُحْيَى فَاُقْتَلَ

جہاں وہ پیدا ہوا تھا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں لوگوں کو یہ بتاؤں تو وہ اس پر اطمینان کر لیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجاہدین کے لیے سو درجات تیار کر کے رکھے ہیں' ہر دو درجوں کے درمیان فاصلہ زمین و آسمان جتنا ہے' اگر میرے پاس وہ چیز ہو جس کے ذریعے قوت حاصل کی جاتی ہے' یا مسلمان جس سے قوت حاصل کرتے ہیں' یا اپنے ہاتھوں سے خرچ کرتے ہیں' وہ سریہ میں بھیج دیا جائے لیکن وہ میرے اور مسلمانوں کے پاس نہیں ہے' اگر میں نکلتا تو کوئی بھلا آدمی نہ رہ جاتا سوائے اس کے جو میرے ساتھ نکلتا' یہ مجھ پر دشوار ہے' میں پسند کرتا ہوں کہ میں جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں' پھر زندہ کیا جاؤں پھر جہاد کروں اور شہید ہو جاؤں' پھر زندہ کیا جاؤں پھر شہید کیا جاؤں۔

3387 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قِيرَاطٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، عَنِ ابْنِ مُعَانِقٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الْقَتْلَ فِي سَبِيلِهِ صَادِقًا عَنْ نَفْسِهِ، ثُمَّ مَاتَ اَوْ قُتِلَ فَلَهُ اَجْرُ شَهِيدٍ، وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَاِنَّهَا تَاْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَغْزَرِ مَا كَانَتْ، لَوْنُهَا كَالزَّعْفَرَانِ وَرِيحُهَا رِيحُ الْمِسْكِ، وَمَنْ خَرَجَ بِهِ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ سے سچے دل سے شہادت مانگی اس کے راستے میں' پھر وہ مر گیا یا شہید ہو گیا تو اس کے لیے شہادت کا ثواب ہے' جس کو اللہ کی راہ میں زخم آیا یا اسے کوئی مصیبت پہنچی تو وہ قیامت کے دن آئے گا ایسے جس طرح اس نے جہاد کیا ہو' اس کا رنگ زعفران کے رنگ کی طرح ہوگا' اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کی طرح ہو گی' جس کو اللہ کی راہ میں نکلتے ہوئے زخم آ گیا تو اس پر شہادت کی مہر لگا دی جائے گی۔

معانق او ابو معانق او ابن معانق عن ابی مالک

جِرَاحٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَ عَلَيْهِ طَابَعُ الشُّهَدَاءِ

3388 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُعَانِقٍ اَوْ اَبِي مُعَانِقٍ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرْفَةً يُرَى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِمَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَاَلَانَ الْكَلَامَ، وَتَابَعَ الصَّلَاةَ، وَقَامَ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کمرہ ہے کہ اس کے باہر سے اندر کا ماحول اور اندر سے باہر کا ماحول دکھائی دے گا' اللہ عزوجل نے یہ ان کے لیے تیار کیا ہے جو کھانا کھلاتے ہیں اور نرم گفتگو کرتے ہیں اور نماز پر ہمیشگی کرتے ہیں اور رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتے ہیں جب لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

3389 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْاَبَّارُ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَّامٍ، حَدَّثَنِي اَبُو مُعَانِقٍ الْاَشْعَرِيُّ، حَدَّثَنِي اَبُو مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرَى ظَاهِرُهَا مِنْ بَاطِنِهَا وَبَاطِنُهَا مِنْ ظَاهِرِهَا، اَعَدَّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَاَدَامَ الصِّيَامَ، وَصَلَّى بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کمرہ ہے کہ اس کے باہر سے اندر کا ماحول اور اندر سے باہر کا ماحول دکھائی دے گا' اللہ عزوجل نے یہ ان کے لیے تیار کیا ہے جو کھانا کھلاتے ہیں اور نرم گفتگو کرتے ہیں اور نماز پر ہمیشگی کرتے ہیں اور رات کو اُٹھ کر نماز پڑھتے ہیں جب لوگ سو رہے ہوتے ہیں۔

عَطَاءٌ الْخُرَاسَانِيُّ عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ

حضرت عطاء الخراسانی' حضرت ابو مالک اشعری سے روایت کرتے ہیں

3390 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفًّى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ جَبَلَةَ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَنِي اَنْ آمُرَكُمْ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ: عَلَيْكُمْ بِالْجِهَادِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَالْهِجْرَةِ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قَيْدَ قَوْسٍ لَمْ تُقْبَلْ مِنْهُ صَلَاةٌ وَلَا صِيَامٌ، وَاُولَئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھے پانچ باتوں کا حکم دیا: تم پر جہاد لازم ہے' سننا اور اطاعت کرنا' ہجرت' جو جماعت سے ایک کمان کی مقدار علیحدہ ہوا اُس کی نماز اور روزے قبول نہیں ہوں گے' ایسے لوگ جہنم کا ایندھن ہیں۔

حُرَيْثُ بْنُ غَانِمٍ الشَّيْبَانِيُّ

حضرت حریث بن غانم شیبانی سے روایت کرتے ہیں

3391 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ عَمْرٍو الْمَازِنِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَّانَ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَتْنِي جَدَّتَايَ، عَنْ جَدَّتِهِمَا قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ، قَالَتْ: خَرَجْتُ اُرِيدُ الصَّحَابَةَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَدَوْتُ اِلَى حُرَيْثِ بْنِ غَانِمٍ، فَسَاَلْتُهُ الصَّحَابَةَ، فَاَنْعَمَ، فَصَحِبْتُهُ، فَوَرَدْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي الْغَدَاةَ، وَالنُّجُومُ شَابِكَةٌ فِي السَّمَاءِ

حضرت قبیلہ بنت مخرمہ فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کی طرف نکلی' میں حریث بن غانم کے پاس آئی' میں نے صحابہ کے متعلق پوچھا تو آپ نے ہاں کی' میں ان کے پاس آئی' ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ نمازِ فجر پڑھا رہے تھے' اس وقت کہ ستارے آسمان میں چمک رہے تھے۔

حُرَيْثُ اَبُو عَمْرٍو الْمَخْزُومِيُّ وَهُوَ حُرَيْثُ بْنُ عَمْرِو بْنِ

حضرت حریث' ابوعمرو المخزومی' یہ حریث بن عمرو

عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَخْزُومٍ

بن عثمان بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہیں

3392 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ

حضرت عمرو بن حریث اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کُھنبی کا تعلق من وسلویٰ سے ہے' اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے۔

حُرَيْثُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

حضرت حریث بن زید بن ثعلبہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

3393 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي جُشَمَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: حُرَيْثُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی جشم بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حریث بن زید بن ثعلبہ کا ہے۔

3394 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: حُرَيْثُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّبِّ

ابن شہاب سے روایت ہے کہ انصار اور بنی جشم بن حارث بن خزرج میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حریث بن زید بن ثعلبہ کا ہے۔

حَرْمَلَةُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت حرملہ بن عمرو

الْاَسْلَمِیُّ

3395 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰی، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا ابْنُ حَرْمَلَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هِنْدٍ، عَنْ حَرْمَلَةَ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَجَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ وَاَنَا غُلَامٌ مُرْدِفِي عَمِّي، فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعًا اِحْدَى اُصْبُعَيْهِ عَلَى الْاُخْرَى، فَقُلْتُ لِعَمِّي: مَا يَقُولُ؟ قَالَ: يَقُولُ: ارْمُوا الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

اسلمی رضی اللہ عنہ

حضرت حرملہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں حج کیا' میں بچہ تھا اور اپنے چچا کے پیچھے تھے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنی انگلی دوسری انگلی پر رکھی ہوئی تھی' میں نے اپنے چچا سے کہا: آپ نے کیا فرمایا ہے؟ چچا نے کہا کہ آپ نے فرمایا: کنکری مارو ٹھیکری کی مثل۔

3396 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ هِنْدٍ، عَنْ وَالِدِي حَرْمَلَةَ بْنِ عَمْرٍو، اَنَّهُ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ وَعَمِّي مُرْدِفِي، فَنَظَرْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ وَاضِعٌ اُصْبُعَيْهِ اِحْدَاهُمَا عَلَى الْاُخْرَى، قَالَ: قُلْتُ: مَاذَا يَقُولُ؟ قَالَ: يَقُولُ: ارْمُوا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

حضرت حرملہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں حج کیا' میں بچہ تھا اور اپنے چچا کے پیچھے تھے' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اپنی انگلی دوسری انگلی پر رکھی ہوئی تھی' میں نے اپنے چچا سے کہا: آپ نے کیا فرمایا ہے؟ چچا نے کہا کہ آپ نے فرمایا: کنکری مارو ٹھیکری کی مثل۔

حرملة بن زيد الانصاری

حَرْمَلَةُ بْنُ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت حرملہ بن زید انصاری رضی اللہ عنہ

3397 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا کہ اچانک حضرت حرملہ بن

الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِی ذُبْحَةَ بْنِ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهُ حَرْمَلَةُ بْنُ زَيْدٍ فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَیْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلْاِيمَانُ هٰهُنَا وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلَى لِسَانِهِ وَالنِّفَاقُ هٰهُنَا، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلَى صَدْرِهِ وَلَا يَذْكُرُ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيلًا، فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ وَسَكَتَ حَرْمَلَةُ فَاَخَذَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَرَفِ لِسَانِ حَرْمَلَةَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَهُ لِسَانًا صَادِقًا، وَقَلْبًا شَاكِرًا، وَارْزُقْهُ حُبِّی وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّنِی وَصَيِّرْ اَمْرَهُ اِلَى الْخَيْرِ، فَقَالَ حَرْمَلَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ لِی اِخْوَانًا مُنَافِقِينَ كُنْتُ فِيهِمْ رَاْسًا اَفَلَا اَدُلُّكَ عَلَيْهِمْ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، مَنْ جَاءَنَا كَمَا جِئْتَنَا اسْتَغْفَرْنَا لَهُ كَمَا اسْتَغْفَرْنَا لَكَ، وَمَنْ اَصَرَّ عَلَى ذَنْبِهِ فَاللّٰهُ اَوْلَى بِهِ وَلَا تَخْرِقْ عَلَى اَحَدٍ سَتْرًا

زید رضی اللہ عنہ آئے اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھ گئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ایمان یہاں' اپنی زبان کی طرف اشارہ کیا اور نفاق یہاں' اپنے دل کی طرف اشارہ کیا کہ وہ اللہ کا ذکر بہت کرتے ہیں' یعنی منافق۔ حضور ﷺ نے ان کا جواب نہیں دیا' حرملہ نے کئی دفعہ بات کی' حرملہ بھی خاموش ہو گئے' حضور ﷺ نے حرملہ کی زبان پکڑی اور یہ دعا کی: اے اللہ! اس کی زبان سچی کر دے اور اس کا دل شکر کرنے والا بنا دے اور میری محبت دے اور اس کی محبت جو مجھ سے محبت کرے اور اس کے لیے نیکی والے کام کر دے۔ حضرت حرملہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے بھائی منافق ہیں' میں ان میں بڑا ہوں' کیا میں انہیں بتاؤں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: نہیں! جو ہمارے پاس آئے گا تو ہم اس کے لیے بخشش مانگیں گے جس طرح تو ہمارے پاس آیا' اور جو اپنے گناہ پر ڈٹا رہا تو اللہ اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کا پردہ نہ پھاڑے۔

حَرْمَلَةُ اَبُو عُلَيْبَةَ الْعَنْبَرِیُّ

حضرت حرملہ ابوعلیبہ عنبری رضی اللہ عنہ

3398 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثنا اَبِی، وَعَمِّی عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَا: ثنا اَبِی، ثنا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضِرْغَامَةُ بْنُ عُلَيْبَةَ بْنِ حَرْمَلَةَ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: انْطَلَقْتُ فِی وَفْدِ الْحَیِّ اِلَى

حضرت ضرغامہ بن علیبہ بن حرملہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں اپنے قبیلہ کے وفد میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' آپ نے ہمیں نمازِ فجر

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِنَا صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَلَمَّا سَلَّمَ جَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَى وَجْهِ الَّذِي اِلَى جَنْبِي فَمَا اَكَادُ اَنْ اَعْرِفَهُ مِنَ الْغَلَسِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي، قَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ، وَاِنْ كُنْتَ فِي الْقَوْمِ فَسَمِعْتَهُمْ يَقُولُونَ لَكَ مَا يُعْجِبُكَ فَائْتِهِ، وَاِنْ سَمِعْتَهُمْ يَقُولُونَ لَكَ مَا تَكْرَهُ فَدَعْهُ

پڑھائی' جب سلام پھیرا تو میں نے اپنے پاس والوں کا چہرہ دیکھا' میں اندھیرے کی وجہ سے پہچان نہ سکا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو! اگر تم لوگوں میں ہو تو تم سنو کہ وہ تیرے لیے کیا کہتے ہیں' جو تیرے لیے پسند ہے اس کو کرلے اور اگر تم سنو کہ لوگ تیرے لیے کہتے ہیں جو تو ناپسند کرتا ہے تو اس کو چھوڑ دے۔

حِذْيَمٌ اَبُو حَنْظَلَةَ الْحَنَفِيُّ

حضرت حذیم ابوحنظلہ الحنفی رضی اللہ عنہ

3399 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا ذَيَّالُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي، يَقُولُ: قَالَ اَبُوهُ حِذْيَمٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي ذُو بَنِينَ وَهَذَا اَصْغَرُ بَنِيَّ فَشَمِّتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: تَعَالَ يَا غُلَامُ، فَاَخَذَ بِيَدَيَّ وَمَسَحَ رَاْسِي وَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيهِ، قَالَ: فَرَاَيْتُ حَنْظَلَةَ يُؤْتَى بِالْاِنْسَانِ الْوَرِمِ فَيَمْسَحُ يَدَهُ عَلَيْهِ وَيَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَيَذْهَبُ الْوَرَمُ

حضرت دیال بن عبید فرماتے ہیں: میں نے اپنے دادا کو کہتے ہوئے سنا کہ ان کے باپ حذیم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے دو بیٹے ہیں اور یہ میرا چھوٹا بیٹا ہے' دعا کریں یہ کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بچے! ادھر آؤ! میرا ہاتھ پکڑ کر میرے سر پر ہاتھ پھیرا' فرمایا: اللہ تیرے لیے اس میں برکت دے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے حنظلہ کو دیکھا' ان کے پاس آدمی لایا جاتا' سوجن والا' پس وہ اس پر اپنا ہاتھ پھیرتے اور بسم اللہ کہتے' سوجن ختم ہو جاتی۔

حِذْيَمُ بْنُ عَمْرٍو السَّعْدِيُّ

حضرت حذیم بن عمرو السعدی رضی اللہ عنہ

3400 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنَا جَرِيرٌ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ الطَّالْقَانِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالُوا: ثنا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ زِيَادِ بْنِ حِذْيَمِ بْنِ عَمْرٍو السَّعْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ حِذْيَمِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهُ شَهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: اَلَا اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، اَلَا هَلْ بَلَّغْتُ؟، قَالُوا: نَعَمْ، قَالَ: اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ . وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ اَبِي الرَّبِيعِ

حضرت موسیٰ بن زیاد بن حذیم بن عمرو السعدی اپنے والد سے' وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: تمہارا خون اور اموال تم پر حرام ہیں' تمہارے اس دن کی طرح' تمہارے اس شہر کی طرح' کیا میں نے پہنچا دیا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اے اللہ! تم گواہ رہنا! یہ الفاظ ابوربیع کی حدیث کے ہیں۔

حَبَّةُ وَسَوَاءُ ابْنَا خَالِدٍ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ

حضرت حبہ اور سواء خالد کے بیٹے بنی عمرو بن عامر بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ سے

3401 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَلَّامٍ اَبِي شُرَحْبِيلَ، عَنْ حَبَّةَ، وَسَوَاءٍ ابْنَيْ خَالِدٍ، قَالَا: دَخَلْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُعَالِجُ شَيْئًا فَاَعَنَّاهُ فَقَالَ:

حضرت حبہ اور سواء بن خالد کے دونوں فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کسی شی کا علاج فرما رہے تھے' ہم نے آپ کی مدد کی تو آپ نے فرمایا: رزق سے کبھی مایوس نہ ہونا جب تک تمہارے سروں میں حرکت ہے' انسان کی ماں نے اس کو سرخ جنا'

لَا تَيَاسَ مِنَ الرِّزْقِ مَا تَهَزْهَزَتْ رُءُوسُكُمَا فَإِنَّ الْإِنْسَانَ تَلِدُهُ أُمُّهُ أَحْمَرَ لَيْسَ عَلَيْهِ قِشْرٌ ثُمَّ يَرْزُقُهُ اللّٰهُ

اس پر چھلکا بھی نہیں ہوتا' پھر اللہ اس کو پالتا ہے۔

3402 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَلَّامٍ أَبِي شُرَحْبِيلَ، عَنْ حَبَّةَ، وَسَوَاءٍ ابْنَيْ خَالِدٍ، قَالَا: دَخَلْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا تَيَاسَا مِنَ الرِّزْقِ مَا تَهَزْهَزَتْ رُءُوسُكُمَا، فَإِنَّ الْإِنْسَانَ تَلِدُهُ أُمُّهُ أَحْمَرَ لَيْسَ عَلَيْهِ قِشْرٌ ثُمَّ يَرْزُقُهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت حبہ اور سواء بن خالد دونوں فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' آپ کسی شی کا علاج فرما رہے تھے' ہم نے آپ کی مدد کی تو آپ نے فرمایا: رزق سے کبھی مایوس نہ ہونا جب تک تمہارے سروں میں حرکت ہے' انسان کی ماں نے اس کو سرخ جنا' اس پر چھلی بھی نہیں ہوتی' پھر اللہ اس کو پالتا ہے۔

حَبَّةُ بْنُ جُوَيْنٍ الْعُرَنِيُّ، يُقَالُ إِنَّهُ قَدْ رَأَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حبہ بن جوینی العرنی رضی اللہ عنہ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے

3403 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي الْمِقْدَامِ، عَنْ حَبَّةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ أُوصِيكَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا، أُوصِيكَ بِالْعَرَبِ خَيْرًا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے فرمایا: اے علی! آپ کو عرب کے متعلق بھلائی کی وصیت کرتا ہوں' آپ کو عرب کے متعلق بھلائی کی وصیت کرتا ہوں۔

حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ

حضرت حمل بن مالک بن

النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ

نابغہ الہذلی رضی اللہ عنہ

3404 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَامَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنبَرِ فَقَالَ: اُذَكِّرُ اللّٰهَ امْرَأً سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى فِي الْجَنِينِ، فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ كُنْتُ بَيْنَ جَارِيَتَيْنِ - يَعْنِي ضَرَّتَيْنِ، فَجَرَحَتْ اَوْ ضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى بِعَمُودِ ظُلَّتِهَا فَقَتَلَتْهَا وَقَتَلَتْ مَا فِي بَطْنِهَا، فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِينِ بِغُرَّةِ عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ، فَقَالَ عُمَرُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ لَوْ لَمْ نَسْمَعْ بِهَذَا مَا قَضَيْنَا بِغَيْرِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہوئے' فرمایا: اللہ اس کو میں یاد کرواتا ہوں وہ بات جو اس نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے کہ آپ نے جنین (پیٹ کا بچہ) کے متعلق فیصلہ کیا ہے۔ حضرت حمل بن نابغہ الہذلی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے امیر المؤمنین! میں دو عورتوں کے درمیان تھا' جب وہ لڑیں تو اُن میں سے ایک نے دوسری کو زخمی کیا' یا لکڑی کے ساتھ مارا تو وہ مرگئی اور جو اس کے پیٹ میں تھا وہ بھی مرگیا۔ تو حضور ﷺ نے پیٹ کے بچے کی دیت ایک چٹی مقرر کی غلام ہو یا لونڈی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' اگر ہم یہ نہ سنتے تو ہم اس کے بغیر فیصلہ نہیں کر سکتے تھے۔

3405 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ الْهُذَلِيِّ اَنَّهُ كَانَتْ عِنْدَهُ امْرَاَةٌ فَتَزَوَّجَ عَلَيْهَا اُخْرَى، فَتَغَايَرَتَا فَضَرَبَتِ الْهِلَالِيَّةُ الْعَامِرِيَّةَ بِعَمُودِ فُسْطَاطٍ لِي، فَطَرَحَتْ وَلَدًا مَيِّتًا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دُوهُ، فَجَاءَ وَلِيُّهَا فَقَالَ: اَنَدِي مَنْ لَا اَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا اسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ: رَجَزُ الْاَعْرَابِ نَعَمْ

حضرت ہذلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے نکاح میں ایک عورت تھی' اس کے بعد میں نے دوسری شادی کرلی' دونوں لڑ پڑیں' تو حلالیہ العامریہ نے خیمہ کی لکڑی ماری' اُس نے مردار بچہ جن دیا' تو حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: اس کی دیت ہے' جس عورت نے مارا تھا اس کا ولی آیا' اُس نے عرض کی: کیا ہم اس کی دیت دیں جس نے نہ کھایا نہ پیا ہے' نہ چیخ ماری ہے' اس کی دیت نہیں ہے۔ عرب کا رجز کہا' جی ہاں! اس کی دیت چٹی مقرر ہے غلام یا لونڈی۔

دُوهُ فِيهِ غُرَّةُ عَبْدٍ اَوْ وَلِيدَةٌ

3406 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الزُّهْرِيِّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا اَبُو الْمَلِيحِ الْهُذَلِيُّ، عَنْ حَمَلِ بْنِ النَّابِغَةِ اَنَّهُ كَانَتْ لَهُ امْرَاَتَانِ لِحْيَانِيَّةٌ وَمُعَاوِيَّةٌ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ زَيْدٍ وَاَنَّهُمَا اجْتَمَعَتَا فَتَغَايَرَتَا فَرَفَعَتِ الْمُعَاوِيَّةُ حَجَرًا فَرَمَتْ بِهِ اللِّحْيَانِيَّةَ وَهِيَ حُبْلَى وَقَدْ بَلَغَتْ فَقَتَلَتْهَا فَاَلْقَتْ غُلَامًا، فَقَالَ حَمَلُ بْنُ مَالِكٍ لِعِمْرَانَ بْنِ عُوَيْمِرٍ: اَدِّ اِلَيَّ عَقْلَ امْرَاَتِي، فَارْتَفَعَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: الْعَقْلُ عَلَى الْعَصَبَةِ وَفِي السِّقْطِ غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

حضرت حمل بن نابغہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میری دو بیویاں تھیں' لحیانیہ اور معاویہ' یہ بنی معاویہ بن زید سے تھی' دونوں اکٹھیں ہوئیں تو دونوں لڑ پڑیں' معاویہ نے پتھر اُٹھایا اور لحیانیہ کو مارا' وہ حاملہ تھی' وہ پتھر اُسے لگا اور وہ بچہ مر گیا اور اُس نے جن دیا۔ حمل بن مالک نے عمران بن عویمر سے کہا: میری بیوی کی دیت دو! دونوں اپنا معاملہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لے کر آئے' حضور ﷺ نے فرمایا: دیت عصبہ پر ہے' جو بچہ گر گیا ہے' اس کی دیت بردہ مقرر غلام یا لونڈی ہے۔

3407 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ، اَنَّ حَمَلَ بْنَ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ كَانَتْ: تَحْتَهُ ضَرَّتَانِ مُلَيْكَةُ وَاُمُّ عَفِيفٍ فَرَمَتْ اِحْدَاهُمَا صَاحِبَتَهَا بِحَجَرٍ فَاَصَابَتْ قُبُلَهَا، فَاَلْقَتْ جَنِينًا مَيِّتًا وَمَاتَتْ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ دِيَتَهَا عَلَى قَوْمِ الْقَاتِلَةِ وَجَعَلَ فِي جَنِينِهَا غُرَّةٌ عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ اَوْ عِشْرِينَ مِنَ الْاِبِلِ اَوْ مِائَةَ شَاةٍ، فَقَالَ وَلِيُّهَا: وَاللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا اَكَلَ، وَلَا شَرِبَ، وَلَا صَاحَ فَاسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَسْنَا مِنْ اَسَاجِيعِ الْجَاهِلِيَّةِ فِي شَيْءٍ

حضرت حمل بن مالک بن نابغہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کے نکاح میں دو بیویاں تھیں' ملیکہ اور اُم عفیف' ایک نے دوسری کو پتھر مارا' پھر دوسری عورت کے آگے والے حصہ پر لگا تو اُس نے مردہ بچہ جن دیا۔ یہ معاملہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ نے دیت قاتلہ کے ورثاء پر مقرر کی' اس بچہ کی دیت بردہ مقرر غلام یا لونڈی رکھی' یا بیس اونٹ یا سو بکریاں۔ اس کے ولی نے عرض کی: اللہ کی قسم! اے اللہ کے نبی! نہ اس نے کھایا ہے نہ پیا ہے' نہ چیخ ماری ہے' اس طرح کی دیت باطل ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہم جاہلیت والا کوئی کام نہیں کرتے ہیں۔

حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِی عَامِرِ بْنِ الرَّاهِبِ الْاَنْصَارِیُّ ثُمَّ الْاَوْسِیُّ

حضرت حنظلہ بن ابوعامر بن راہب الانصاری' پھر اوسی رضی اللہ عنہ

غَسِیلُ الْمَلَائِکَةِ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ

آپ کو غسیل الملائکہ بھی کہا جاتا ہے (یعنی فرشتوں نے آپ کو غسل دیا تھا) آپ اُحد کے دن شہید کیے گئے تھے۔

3408 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِی تَسْمِیَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِی عَامِرِ بْنِ صَیْفِیِّ بْنِ نُعْمَانَ غَسِیلُ الْمَلَائِکَةِ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حنظلہ بن ابوعامر بن صیفی بن نعمان ہے' انہیں فرشتوں نے غسل دیا۔

3409 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیِّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِیَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی زُرَیْقٍ حَنْظَلَةُ بْنُ اَبِی عَامِرٍ وَهُوَ الَّذِی غَسَّلَتْهُ الْمَلَائِکَةُ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی زریق میں سے جو شہید ہوئے' اُن میں سے ایک حنظلہ بن ابوعامر ہیں' آپ کو فرشتوں نے غسل دیا تھا۔

3410 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا یَحْیَی بْنُ مَعِینٍ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: افْتَخَرَ الْحَیَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ، فَقَالَ الْاَوْسُ مِنَّا اَرْبَعَةٌ، وَقَالَ الْخَزْرَجُ: مِنَّا اَرْبَعَةٌ، قَالَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اوس اور خزرج کے دو قبیلے فخر کرتے تھے' اوس نے کہا: ہم میں سے چار افراد ہیں' خزرج نے کہا: ہم میں سے بھی چار ہیں' اوس نے کہا: ہم میں سے وہ ہے جس کی وجہ سے عرش کانپ اُٹھا تھا اور وہ حضرت سعد بن معاذ ہیں' ہم

الْاَوْسُ: مِنَّا مَنِ اهْتَزَّ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، وَمِنَّا مَنْ عَدَلَتْ شَهَادَتُهُ بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ، وَمِنَّا مَنْ غَسَّلَتْهُ الْمَلَائِكَةُ حَنْظَلَةُ بْنُ الرَّاهِبِ وَمِنَّا مَنْ حَمَى لَحْمَهُ الدَّبْرُ: عَاصِمُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْاَفْلَحِ، وَقَالَ الْخَزْرَجُ: مِنَّا اَرْبَعَةٌ جَمَعُوا الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَجْمَعْهُ غَيْرُهُمْ: اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَبُو زَيْدٍ، قُلْتُ لِاَنَسٍ: مَنْ اَبُو زَيْدٍ؟ قَالَ: اَحَدُ عُمُومَتِي

میں سے وہ آدمی ہے جس کی گواہی دو آدمیوں کے برابر ہے یعنی خزیمہ بن ثابت' ہم میں سے وہ ہے جس کو فرشتوں نے غسل دیا وہ حنظلہ بن راھب ہیں' ہم میں سے وہ ہے جن کے گوشت کو شہد کی مکھیوں نے بچایا' یعنی ان کی لاش کی حفاظت کی' وہ عاصم بن ثابت بن افلح ہیں۔ خزرج نے کہا: ہم میں سے چار وہ ہیں جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں قرآن جمع کیا اور ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا' وہ حضرت اُبی بن کعب' معاذ بن جبل' زید بن ثابت اور ابوزید ہیں۔ راویٔ حدیث قتادہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت انس سے کہا: ابوزید کون ہیں؟ حضرت انس نے کہا: میرے چچاؤں میں سے ایک ہیں۔

حَنْظَلَةُ بْنُ الرَّبِيعِ الْاُسَيِّدِيُّ الْكَاتِبُ

حضرت حنظلہ بن الربیع الاسیدی الکاتب رضی اللہ عنہ

3411 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، ثنا الْمُرَقَّعُ بْنُ صَيْفِيٍّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَرْنَا بِامْرَاَةٍ قَدْ قُتِلَتْ لَهَا خَلْقٌ وَالنَّاسُ عَلَيْهَا، فَفَرَّجُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا كَانَتْ هٰذِهِ لِتُقَاتِلُ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَالْحَقْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فَقُلْ: لَا تَقْتُلْ ذُرِّيَّةً وَلَا عَسِيفًا

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ہم ایک عورت کے پاس سے گزرے تو اس کو قتل کیا گیا تھا' لوگ اس کے پاس تھے' حضور ﷺ کے لیے راستہ بنایا گیا' آپ نے فرمایا: اسے کس نے قتل کیا ہے؟ پھر آپ نے فرمایا: جاؤ! خالد بن ولید سے ملو اور اسے کہو کہ بچوں اور عورتوں کو قتل نہ کرے۔

3412 - حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ،

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

حَدَّثَنَا اَبُو حُذَيْفَةَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ حَنَشٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ فَكُنَّا رَاْىَ عَيْنٍ فَخَرَجْتُ فَاَتَيْتُ اَهْلِي فَضَحِكْتُ مَعَهُمْ، فَوَقَعَ فِي نَفْسِي شَيْءٌ فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقُلْتُ: اِنِّي نَافَقْتُ، قَالَ: وَمَا ذٰلِكَ؟، فَقُلْتُ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ وَكُنَّا كَاَنَّا رَاْىَ عَيْنٍ فَاَتَيْتُ اَهْلِي فَضَحِكْتُ مَعَهُمْ، قَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّا لَنَفْعَلُ ذٰلِكَ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ قَالَ: يَا حَنْظَلَةُ لَوْ كُنْتُمْ عِنْدَ اَهْلِيكُمْ كَمَا تَكُونُونَ عِنْدِي لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ عَلَى فُرُشِكُمْ وَفِي الطَّرِيقِ، يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةٌ وَسَاعَةٌ

ہم حضور ﷺ کے پاس ہوتے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے' ایسے محسوس ہوتا کہ آنکھ سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' ان کے ساتھ مسکرانے لگا' میرے دل میں بات آئی تو میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے کہا: میں منافق ہو گیا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہوا؟ میں نے کہا: ہم حضور ﷺ کے پاس ہوتے تھے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے ہیں' ایسے محسوس ہوتا ہے کہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' میں ان کے ساتھ مسکراتا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم بھی ایسے ہی کرتے ہیں۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: اے حنظلہ! اگر تم اپنے گھر والوں کے پاس اسی حالت میں رہو جس طرح میرے پاس ہوتے ہو تو تمہارے ساتھ فرشتے راستوں میں مصافحہ کریں' اے حنظلہ! یہ وقت وقت کی بات ہوتی ہے۔

3413 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ حَنْظَلَةَ الْكَاتِبِ الْاُسَيِّدِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَتَّى كَاَنَّا رَاْىُ عَيْنٍ فَقُمْتُ اِلَى اَهْلِي

حضرت حنظلہ الکاتب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس ہوتے' آپ جنت و دوزخ کا ذکر کرتے' ایسے محسوس ہوتا کہ آنکھ سے دیکھ رہے ہیں' میں اپنے گھر آیا' ان کے ساتھ مسکرانے لگا' میرے دل میں بات آئی تو میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملا' میں نے کہا: میں منافق ہو گیا ہوں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا ہوا؟ میں نے کہا: ہم حضور ﷺ

3413- أخرجه مسلم فی صحيحه جلد4صفحه2107,2106 رقم الحديث: 2750 عن سعيد بن اياس عن أبی عثمان النهدی عن حنظلة الأسيدی به .

ولد لونڈی ہے اگر یہ نہ ہوتا' حضور ﷺ ان کا عوض نہ دیتے۔ بعض نے کہا: یہ آزاد ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے آزاد کیا ہے۔

حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت حباب بن منذر انصاری رضی اللہ عنہ

3517 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ الَّذِي قَالَ: اَنَا جُذَيْلُهَا الْمُحَكَّكُ وَعُذَيْقُهَا الْمُرَجَّبُ حُبَابُ بْنُ الْمُنْذِرِ

حضرت امام زہری سے روایت ہے' مجھے عروہ بن زبیر نے خبر دی کہ جس آدمی نے یہ کلام کیا وہ حضرت حباب بن منذر ہیں: میں وہ ہوں جس کی رائے سے اس طرح شفا حاصل کی جاتی ہے جس طرح اونٹ تنا سے کھجلا کر شفا حاصل کرتا ہے۔

حُبَابُ اَبُو عَقِيلٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت حباب ابو عقیل انصاری رضی اللہ عنہ

وَيُقَالُ ابْنُ اَبِي عَقِيلٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

ان کو ابن ابوعقیل عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ثعلبہ بھی کہا جاتا ہے۔

3518 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي عَقِيلٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ: بَاتَ يَجُرُّ الْجَرِيرَ عَلَى ظَهْرِهِ عَلَى صَاعَيْنِ مِنْ تَمْرٍ فَانْقَلَبَ بِاَحَدِهِمَا اِلَى اَهْلِهِ يَنْتَفِعُونَ بِهِ وَجَاءَ بِالْآخَرِ يَتَقَرَّبُ بِهِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَاَتَى بِهِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ، فَقَالَ لَهُ

حضرت ابن ابوعقیل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جریر نے اپنی پشت پر کھجور کے دو صاع اُٹھائے' ایک اپنے گھر لے گئے اپنے نفع کے لیے' دوسرا لے کر آئے اللہ عزوجل کا قرب حاصل کرنے کے لیے۔ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں لائے اور آپ کو بتایا تو حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: صدقہ میں رکھ دو! منافقوں نے آپ کا مذاق اُڑایا' ایک صاع کھجور سے اللہ کا قرب

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْثُرْهُ فِي الصَّدَقَةِ ، فَقَالَ فِيهِ الْمُنَافِقُونَ وَسَخِرُوا مِنْهُ: مَا كَانَ اَغْنَى هٰذَا اَنْ يَتَقَرَّبَ اِلَى اللّٰهِ بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَلَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لَا يَجِدُونَ اِلَّا جُهْدَهُمْ) (التوبة: 79) اِلَى آخِرِ الْآيَتَيْنِ

حاصل کرنا چاہتا ہے' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وہ جو عیب لگاتے ہیں ان مسلمانوں کو کہ دل سے خیرات کرتے ہیں اور ان کو جو نہیں پاتے مگر اپنی محنت سے تو ان سے سنتے ہیں کہ اللہ ان کی ہنسی کی سزا دے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

حُمَامُ الْاَسْلَمِيُّ

حضرت حمام اسلمی رضی اللہ عنہ

3519 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا اَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ نُعَيْمٍ، اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ يُقَالُ لَهُ عُبَيْدُ بْنُ عُوَيْمِرٍ وَقَعَ عَلَى وَلِيدَتِهِ، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ لَهُ غُلَامًا يُقَالُ لَهُ حُمَامٌ، وَذٰلِكَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمِّي وَكَلَّمَهُ فِي ابْنِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَلَّمِ ابْنَكَ مَا اسْتَطَعْتَ فَانْطَلَقَ فَاَخَذَ ابْنَهُ، فَجَاءَ بِهِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ مَوْلَى الْغُلَامِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامَيْنِ فَقَالَ: خُذْ اَحَدَهُمَا وَدَعْ لِلرَّجُلِ ابْنَهُ فَاَخَذَ غُلَامًا وَتَرَكَ لَهُ ابْنَهُ

حضرت یزید بن نعیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ اسلم کا ایک آدمی جس کا نام عبید بن عویمر تھا' اُس نے اپنی لونڈی سے جماع کیا تو وہ حاملہ ہوگئی' اُس نے بچہ جنا جس کا نام حمام تھا' یہ زمانۂ جاہلیت کی بات ہے' رسول اللہ ﷺ کے پاس میرے چچا آئے اور اپنے بیٹے کے متعلق گفتگو کی' حضور ﷺ نے انہیں فرمایا: جیسے تم طاقت رکھتے ہو اپنے بیٹے کو پکڑ کر میرے پاس لے آؤ۔ وہ چلے اور اپنے بیٹے کو پکڑا اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں لائے' غلام کا آقا رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا' رسول اللہ ﷺ نے اس کو دو غلام دے کر فرمایا: ان میں سے ایک لے لیں اور آدمی کے لیے اس کا بیٹا چھوڑیں۔ اس نے ایک غلام پکڑا اور اس کے لیے اس کا بیٹا چھوڑا۔

حَزْنُ بْنُ اَبِي وَهْبٍ

حضرت حزن بن ابووہب

الْمَخْزُومِيُّ

3520 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، اَنَّ جَدِّهِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ: مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: حَزْنٌ، فَاَرَادَ اَنْ يُغَيِّرَ اسْمَهُ فَقَالَ: مَا كُنْتُ لِاُغَيِّرُ اسْمًا سَمَّانِي بِهِ اَبِي، قَالَ سَعِيدٌ: فَتِلْكَ الْحُزُونَةُ فِينَا حَتَّى السَّاعَةِ

مخزومی رضی اللہ عنہ

حضرت سعید بن مسیّب سے روایت ہے کہ میرے دادا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارا نام کیا ہے؟ عرض کی: حزن! آپ نے ان کا نام بدلنے کا ارادہ کیا تو (میرے دادا نے) عرض کی: یہ نام میرے باپ نے رکھا ہے' میں اسے تبدیل نہیں کروں گا۔ حضرت سعید فرماتے ہیں: وہ تادمِ آخر پریشان حالت میں ہی رہے۔

حَوْطُ بْنُ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيُّ

3521 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْغَسِيلِ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ اَبِي اُسَيْدٍ، حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ زِيَادٍ السَّاعِدِيُّ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يُبَايِعُ النَّاسَ عَلَى الْهِجْرَةِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَايِعْ هَذَا عَلَى الْهِجْرَةِ، قَالَ: وَمَنْ هَذَا؟، قَالَ: ابْنُ عَمِّي حَوْطُ بْنُ يَزِيدَ اَوْ يَزِيدُ بْنُ حَوْطٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اُبَايِعُكُمْ، اِنَّ النَّاسَ يُهَاجِرُونَ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُهَاجِرُونَ اِلَيْهِمْ

حضرت حوط بن یزید انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت حارث بن زیاد الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ خندق کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ لوگوں سے ہجرت کرنے پر بیعت لے رہے تھے' عرض کی: یارسول اللہ! اس کو ہجرت پر بیعت کریں! آپ نے فرمایا: یہ کون ہے؟ عرض کی: میرا چچازاد حوط بن یزید' یا یزید بن حوط۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں آپ کی بیعت نہیں کروں گا' لوگ تو تمہاری طرف ہجرت کر کے جا رہے ہیں اور تم ان کی طرف ہجرت نہیں کرو گے۔

حُمَيْدُ بْنُ ثَوْرٍ

حضرت حمید بن ثور

الْهِلَالِیُّ

3522 - حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ سَلَمٍ الْخَوْلَانِیُّ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ الْحَرَّانِیُّ، ثنا یَعْلَی بْنُ الْاَشْدَقِ بْنِ جَرَادٍ، حَدَّثَنِی حُمَیْدُ بْنُ ثَوْرٍ الْهِلَالِیُّ اَنَّهُ حِینَ اَسْلَمَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْشَدَهُ:

(البحر الرجز)

اَصْبَحَ قَلْبِی مِنْ سُلَیْمَی مُقْصَدَا ... اِنْ خَطَاً مِنْهَا وَاِنْ تَعَمَّدَا

مِنْ سَاعَةٍ لَمْ تَكُ اِلَّا مَقْعَدَا ... فَحَمَّلَ الْهَمَّ كَنَازًا جَلْعَدَا

تَرَی الدُّلَا فِی عَلَیْهَا مُؤَكَّدَا ... دُمًی بِسَقْیِهَا خِدَبٌ مَا عَدَا

اِذَا السَّرَابُ بِالْفَلَاةِ اطَّرَدَا ... وَاَبْحَرَ الْمَاءُ الَّذِی تَوَرَّدَا

تَوَرُّدَ السَّیِّدِ اَرَادَ الْمَرْصَدَا ... مَا وَرَقٍ مُصَدِّرٍ مِنْ اَوْرَدَ

مَا یَشْتَفِی مِنْكُمْ طَبِیبٌ اَبَدًا ... الْجَدُّ فِیمَا یَنْبَغِی وَاَوْجَدَا

حَتَّی اَتَیْتَ الْمُصْطَفَی مُحَمَّدَا ... یَتْلُو مِنَ اللّٰهِ كِتَابًا مُرْشِدَا

الہلالی رضی اللہ عنہ

حضرت یعلیٰ بن اشدق بن جرار فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت حمید بن ثور الہلالی رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ جس وقت وہ مسلمان ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' یہ اشعار پڑھے:

''میرے دل نے صبح کی سلیمی مقام سے ارادہ کیا' خواہ اس سے خطا ہوئی یا جان بوجھ کر کیا'

اسی گھڑی جو تھوڑی دیر بیٹھنے کی مقدار تھی' پس اس نے غم کو برداشت کیا اس حال میں کہ کھجور ذخیرہ کرنے کا وقت تھا اور وہ مضبوط تھا'

گدھ اس پر آنکھیں جما کر دیکھتے ہیں' پتلی کو پینے کے ساتھ' اس کے سوا کاٹ دار تلوار ہے'

جب دور دراز صحراء میں سراب ہو اور سمندر بنا دیئے ہوں اس پانی نے' جو گھاٹ پر جانے کا راستہ تلاش کرتا ہے'

اس سردار کے راستہ تلاش کرنے کی طرح جس نے گھات کی جگہ کا ارادہ کیا ہے' ایسے ورق کے ساتھ جو بار بار وارد ہونے والے آدمی سے صادر ہونے والے ہیں'

تم میں سے کوئی طبیب کبھی بھی شفا نہیں پا سکتا ہے' کوشش اس میں ہوتی ہے جس کا وجود ممکن ہو یا وہ موجود ہو'

یہاں تک کہ تو محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' جو

حمید بن ثور الہلالی

راہنمائی کرنے والی کتاب کی تلاوت فرمانے والے ہیں''۔

3523 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ الْحَضْرَمِيُّ فِي كِتَابِ اَبِي كُرَيْبٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: عَنْ رَجُلٍ فَقَالَ: اسْتَعْمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا عَلَى سَرِيَّةٍ، فَلَمَّا مَضَى وَرَجَعَ اِلَيْهِ قَالَ لَهُ: كَيْفَ وَجَدْتَ الْاِمَارَةَ؟، فَقَالَ: كُنْتُ كَبَعْضِ الْقَوْمِ، كُنْتُ اِذَا رَكِبْتُ رَكِبُوا وَاِذَا نَزَلْتُ نَزَلُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ صَاحِبَ السُّلْطَانِ عَلَى بَابِ عَنَتٍ اِلَّا مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ الرَّجُلُ: وَاللّٰهِ لَا اَعْمَلُ لَكَ وَلَا لِغَيْرِكَ اَبَدًا، فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ

حضرت حمید ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو ایک سریہ پر امیر مقرر کیا' جب وہ چلا اور واپس آ گیا تو اس کو کہا: تم نے امارت کیسی پائی ہے؟ اس نے کہا: میں بعض لوگوں کی طرح تھا' جب میں سوار ہوا تو وہ سوار بھی سوار ہوئے' جب میں اُترا تو وہ بھی اُترے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: بادشاہ گناہ کے دروازے پر ہے سوائے اس کے جسے اللہ بچائے۔ اس آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! میں ہمیشہ کے لیے آپ اور آپ کے علاوہ کے لیے کام نہیں کروں گا۔ حضور ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں مبارک نظر آنے لگیں۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ خَيْثَمَةَ قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا عَلَى سَرِيَّةٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

حضرت خیثمہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو ایک سریہ پر امیر مقرر کیا' اس کے بعد اوپر والی حدیث ذکر کی۔

حُبَيْشُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ

حضرت حبیش بن خالد الخزاعی رضی اللہ عنہ

3524 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ ح، وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ الْحَمَّالُ، وَعَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت حبیش بن خالد صحابی رسول ﷺ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ جب مکہ سے تشریف

الرَّازِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالُوا: ثنا مُكْرَمُ بْنُ مُحْرِزِ بْنِ مَهْدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ خُوَيْلِدِ بْنِ حَلِيفِ بْنِ مُنْقِذِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ مَنْبَشِ بْنِ حَرَامِ بْنِ حَبَشِيَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَارِثَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ بْنِ الْأَزْدِ أَبُو الْقَاسِمِ الْخُزَاعِيُّ، ثُمَّ الرَّبْعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي مُحْرِزُ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حِزَامِ بْنِ هِشَامِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيهِ هِشَامِ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ أَبِيهِ حُبَيْشِ بْنِ خَالِدٍ صَاحِبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ، وَخَرَجَ مِنْهَا مُهَاجِرًا إِلَى الْمَدِينَةِ وَهُوَ وَأَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَمَوْلَى أَبِي بَكْرٍ عَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَدَلِيلُهُمَا اللَّيْثِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنِ الْأُرَيْقِطِ مَرُّوا عَلَى خَيْمَتَيْ أُمِّ مَعْبَدٍ الْخُزَاعِيَّةِ، وَكَانَتْ بَرْزَةً جَلْدَةً تَحْتَبِي بِفِنَاءِ الْقُبَّةِ، ثُمَّ تَسْقِي وَتُطْعِمُ، فَسَأَلُوهَا لَحْمًا وَتَمْرًا لِيَشْتَرُوهُ مِنْهَا، فَلَمْ يُصِيبُوا عِنْدَهَا شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ، وَكَانَ الْقَوْمُ مُرْمِلِينَ مُسْنِتِينَ، فَنَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى شَاةٍ فِي كِسْرِ الْخَيْمَةِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الشَّاةُ يَا أُمَّ مَعْبَدٍ؟ قَالَتْ خَلَّفَهَا الْجَهْدُ عَنِ الْغَنَمِ، قَالَ: فَهَلْ بِهَا مِنْ لَبَنٍ؟، قَالَتْ: هِيَ أَجْهَدُ مِنْ ذَلِكَ، قَالَ: أَتَأْذَنِينَ أَنْ أَحْلُبَهَا؟، قَالَتْ: بَلَى بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، نَعَمْ إِنْ رَأَيْتَ بِهَا حَلْبًا فَاحْلُبْهَا، فَدَعَا بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَ بِيَدِهِ ضَرْعَهَا وَسَمَّى اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَدَعَا لَهَا فِي شَاتِهَا، فَتَفَاحَتْ عَلَيْهِ وَدَرَّتْ

لے چلے اور آپ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کر کے جا رہے تھے تو آپ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام عامر بن فہیرہ اور ان دونوں کو راستہ بتانے والے لیثی عبداللہ بن اریقط تھے' تمام حضرات بنوخزاعہ قبیلے کی ایک عورت ابن معبد کے خیموں کے پاس سے گزرے جبکہ وہ لوگوں سے میل جول رکھنے والی' خاندان والی تھی' وہ قبہ کے صحن میں بیٹھی ہوئی تھی' پھر وہ پلاتی تھی' کھلاتی تھی' انہوں نے اس سے گوشت اور کھجوریں پوچھیں تا کہ اس سے خریدیں لیکن ان میں سے کوئی چیز نہ پائی سب کو بھوک لگی ہوئی تھی' رسول کریم ﷺ کی نظر پڑی خیمہ کے ایک کونہ میں ایک بکری کھڑی تھی تو آپ نے فرمایا: اے اُم معبد! یہ بکری کیسی ہے؟ اس نے کہا: یہ ریوڑ کے ساتھ نہیں جا سکتی' آپ نے فرمایا کہ اس کے نیچے دودھ ہے' تو اس نے کہا: یہ بہت کمزور ہے' دودھ دینے سے عاجز ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو اجازت دیتی ہے کہ کیا ہم اس سے دودھ نکال لیں؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اگر اس میں دودھ دیکھتے ہیں تو بڑی خوشی سے دودھ نکال لیں۔ تو رسول کریم ﷺ نے اس کو منگوایا' اس کی کھیری پر ہاتھ پھیرا اور اللہ کا نام لیا' بکری کیلئے دعا کی' برتن منگوایا اور اس میں دودھ دوھنا شروع کیا یہاں تک کہ وہ بھر گیا' پھر اس کے پاس ٹھہرے' اس سے بیعت لے کر وہاں سے کوچ کیا' تھوڑی دیر گزری تھی کہ اس کا خاوند ابومعبد بھی آ گیا' وہ بکریوں کا ریوڑ

واجْتَرَّتْ وَدَعَا بِإِنَاءٍ يُرْبِضُ الرَّهْطَ فَحَلَبَ فِيهَا ثَجًّا حَتَّى عَلَاهُ الْبَهَاءُ، ثُمَّ سَقَاهَا حَتَّى رُوِيَتْ، وَسَقَى أَصْحَابَهُ حَتَّى رَوَوْا، وَشَرِبَ آخِرَهُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَرَاضُوا ثُمَّ حَلَبَ فِيهَا ثَانِيًا بَعْدَ بَدْءٍ حَتَّى مَلَأَ الْإِنَاءَ، ثُمَّ غَادَرَهُ عِنْدَهَا ثُمَّ بَايَعَهَا وارْتَحَلُوا عَنْهَا، فَقَلَّمَا لَبِثَتْ حَتَّى جَاءَ زَوْجُهَا أَبُو مَعْبَدٍ يَسُوقُ أَعْنُزًا عِجَافًا يَتَسَاوَكْنَ هُزْلًا ضُحًى، مُخُّهُنَّ قَلِيلٌ، فَلَمَّا رَأَى أَبُو مَعْبَدٍ اللَّبَنَ عَجِبَ، وَقَالَ: مِنْ أَيْنَ لَكِ هَذَا اللَّبَنُ يَا أُمَّ مَعْبَدٍ؟ وَالشَّاةُ عَازِبٌ حِيَالٌ، وَلَا حَلُوبَةَ فِي الْبَيْتِ؟، قَالَتْ: لَا وَاللَّهِ إِلَّا أَنَّهُ مَرَّ بِنَا رَجُلٌ مُبَارَكٌ مِنْ حَالِهِ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: صِفِيهِ لِي يَا أُمَّ مَعْبَدٍ، قَالَتْ: رَأَيْتُ رَجُلًا ظَاهِرَ الْوَضَاءَةِ أَبْلَجَ الْوَجْهِ حَسَنَ الْخَلْقِ لَمْ تَعِبْهُ ثُجْلَةٌ، وَلَمْ تُزْرِ بِهِ صَعْلَةٌ وَسِيمٌ فِي عَيْنَيْهِ دَعَجٌ وَفِي أَشْفَارِهِ وَطَفٌ وَفِي صَوْتِهِ صَهَلٌ، وَفِي عُنُقِهِ سَطَعٌ، وَفِي لِحْيَتِهِ كَثَاثَةٌ، أَزَجُّ أَقْرَنُ، إِنْ صَمَتَ فَعَلَيْهِ الْوَقَارُ، وَإِنْ تَكَلَّمَ سَمَاهُ وَعَلَاهُ الْبَهَاءُ، أَجْمَلُ النَّاسِ وَأَبْهَاهُ مِنْ بَعِيدٍ، وَأَحْلَاهُ وَأَحْسَنُهُ مِنْ قَرِيبٍ، حُلْوُ الْمِنْطَقِ، فَصْلٌ لَا هَذِرٌ وَلَا تَزِرٌ، كَأَنَّ مَنْطِقَهُ خَرَزَاتٌ نُظِمْنَ يَتَحَدَّرْنَ، رَبْعٌ لَا يَأْسَ مِنْ طُولٍ، وَلَا تَقْتَحِمُهُ عَيْنٌ مِنْ قِصَرٍ، غُصْنٌ بَيْنَ غُصْنَيْنِ فَهُوَ أَنْضَرُ الثَّلَاثَةِ مَنْظَرًا، وَأَحْسَنُهُمْ قَدْرًا، لَهُ رُفَقَاءُ يُحْفُّونَ بِهِ، إِنْ قَالَ أَنْصَتُوا لِقَوْلِهِ، وَإِنْ أَمَرَ تَبَادَرُوا إِلَى أَمْرِهِ، مَحْفُودٌ مَحْشُودٌ لَا عَابِسٌ وَلَا مُفَنَّدٌ، قَالَ أَبُو مَعْبَدٍ:

ہانک رہا تھا' کئی کمزور بکریاں تھیں جن کا مغز تھوڑا تھا' پس جب ابومعبد کی نظر دودھ پر پڑی تو وہ حیران ہوا اور کہا: اے اُم معبد! یہ دودھ کہاں سے آیا ہے حالانکہ بکری تو کمزور ہے' گھر میں بھی دودھ نہیں تھا۔ اس نے کہا: خدا کی قسم! ہمارے پاس سے ایک برکت والا آدمی گزرا اس کا حال اس طرح تھا' اس نے کہا: اے اُم معبد! اس کی صفت بیان کرو' اس نے کہا: میں نے ایک ایسا آدمی دیکھا جس سے روشنی ظاہر ہو رہی تھی' چہرہ خوبصورت تھا اور شکل اچھی تھی' پیٹ بڑا نہیں تھا' سر چھوٹا نہیں تھا' آنکھیں موٹی موٹی چمکدار' ہونٹ باریک اور لمبے یعنی معتدل' اس کی آواز میں مٹھاس اور نرمی تھی' گردن لمبی پھیلی ہوئی تھی' داڑھی بھاری تھی بھنویں لمبی' اَبرو اُبھرے ہوئے اور ملے ہوئے' اگر وہ خاموش ہوتے تو ان پر وقار نظر آتا' اگر کلام کرتے تو چہرے پر رونق چھا جاتی' تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت' دُور سے چمکتے ہوئے دکھائی دیتے تھے' لہجہ میٹھا تھا' قریب سے انتہائی حسین معلوم ہوتے تھے' بول میٹھے تھے اور ہر بات الگ الگ کرتے' نہ فضول کلام فرماتے' نہ کسی پر بوجھ ہوتی' ان کی کلام گویا کہ تسبیح میں پروئے ہوئے دانے ہیں' انتہائی سلاست سے ادا ہوتے تھے' درمیانہ قد تھے' لمبا ہونے کے قریب سے بَری' آنکھ چھوٹا ہونے کے قریب سے پاک' دو ٹہنیوں کے درمیان خوبصورت ٹہنی کی مانند' دیکھنے کے لحاظ سے تروتازہ' قدر کے اعتبار سے حسین وجمیل' اُن کے دوست ایسے محبت کرنے

هُوَ وَاللّٰهِ صَاحِبُ قُرَيْشٍ الَّذِي ذُكِرَ لَنَا اَمْرُهُ مَا ذُكِرُ بِمَكَّةَ وَلَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَصْحَبَهُ وَلَافْعَلَنَّ اِنْ وَجَدْتُ اِلَى ذٰلِكَ سَبِيلًا فَاَصْبَحَ صَوْتٌ بِمَكَّةَ عَلِيًّا يَسْمَعُونَ الصَّوْتَ وَلَا يَدْرُونَ مَنْ صَاحِبُهُ وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الطويل)

جَزَى اللّٰهُ رَبُّ النَّاسِ خَيْرَ جَزَائِهِ ... رَفِيقَيْنِ قَالَا خَيْمَتَيْ اُمِّ مَعْبَدِ

هُمَا نَزَلَاهَا بِالْهُدَى وَاهْتَدَتْ بِهِ ... فَقَدْ فَازَ مَنْ اَمْسَى رَفِيقَ مُحَمَّدِ

فَيَالَقُصَيٍّ مَا زَوَى اللّٰهُ عَنْكُمُ ... بِهِ مِنْ فَعَالٍ لَا تُجَارَى وَسُؤْدَدِ

لِيَهْنِ بَنِي كَعْبٍ مَكَانَ فَتَاتِهِمْ ... وَمَقْعَدُهَا لِلْمُؤْمِنِينَ بِمَرْصَدِ

سَلُوا اُخْتَكُمْ، عَنْ شَاتِهَا وَاِنَائِهَا ... فَاِنَّكُمْ اِنْ تَسْأَلُوا الشَّاةَ تَشْهَدِ

دَعَاهَا بِشَاةٍ حَائِلٍ فَتَحَلَّبَتْ ... عَلَيْهِ صَرِيحًا ضَرَّةُ الشَّاةِ مُزْبِدِ

فَغَادَرَهَا رَهْنًا لَدَيْهَا لِحَالِبٍ ... يُرَدِّدُهَا فِي مَصْدَرٍ ثُمَّ مَوْرِدِ

فَلَمَّا سَمِعَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ بِذٰلِكَ شَبَّبَ يُجِيبُ الْهَاتِفَ وَهُوَ يَقُولُ:

لَقَدْ خَابَ قَوْمٌ زَالَ عَنْهُمْ نَبِيُّهُمْ ... وَقُدِّسَ مَنْ يَسْرِي اِلَيْهِمْ وَيَغْتَدِي

تَرَحَّلَ عَنْ قَوْمٍ فَضَلَّتْ عُقُولُهُمْ ... وَحَلَّ عَلَى

والے کہ ان کو پیار سے گھیرے میں لے لیتے تھے' اگر وہ محوِ کلام ہوتے تو اُن پر خاموش چھا جاتی' اگر وہ حکم دیتے تو اسے پورا کرنے کیلئے ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے' وہ اپنی قوم میں ایسے قابلِ احترام و اطاعت تھے' جس کی خدمت کیلئے سب تیار ہوں' خشک مزاج منہ پر تیوری چڑھانے والے نہیں تھے' انہیں جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ ابومعبد نے کہا: وہ قسم بخدا! قریش کے ساتھی ہیں جن کا معاملہ ہمارے سامنے ذکر ہوا' مکہ میں جو بھی ذکر ہوا' تحقیق میں نے ارادہ کیا کہ اس کی صحبت اختیار کروں' میں ایسا ضرور کروں گا اگر میں ان تک پہنچنے کا راستہ پالوں' ان کی آواز مکہ میں بلند ہو چکی ہے' لوگ ان کی بات سنتے تو ہیں لیکن اپنے ساتھی کو دُور نہیں کر سکتے' وہ کہنے لگے:

''لوگوں کا ربّ' ان کو بہترین بدلہ دے دونوں دوستوں کو' انہوں نے اُم معبد کے خیمہ میں قیلولہ کیا'

ان دونوں نے نزولِ اجلال فرمایا ہدایت کے ساتھ اس خیمہ میں اور صاحبِ خیمہ نے بھی ہدایت پائی' پس وہ کامیاب ہوا جس نے محمد ﷺ کے رفیق کے ساتھ شام کی'

پس اے قصی قبیلہ! اللہ تعالیٰ تمہارے کاموں اور سرداری کو کبھی زوال نہ دے'

انہیں چاہیے کہ وہ بنی کعب کو رسوا کر دیں بجائے ان کے جوانوں کے حالانکہ ان کے جوانوں کا ٹھکانہ بھی مومنوں کی تاڑ میں ہے'

قَوْمٍ بِنُورٍ مُجَدَّدِ

هَدَاهُمْ بِهِ بَعْدَ الضَّلَالَةِ رَبُّهُمْ ... وَاَرْشَدَهُمْ مَنْ يَتْبَعِ الْحَقَّ يُرْشَدِ

وَهَلْ يَسْتَوِي ضُلَّالُ قَوْمٍ تَسَفَّهُوا ... عِمَايَتَهُمْ هَادٍ بِهِ كُلَّ مُهْتَدِ

وَقَدْ نَزَلَتْ مِنْهُ عَلَى اَهْلِ يَثْرِبَ ... رِكَابُ هُدًى حَلَّتْ عَلَيْهِمْ بِاَسْعُدِ

نَبِيٌّ يَرَى مَا لَا يَرَى النَّاسُ حَوْلَهُ ... وَيَتْلُو كِتَابَ اللّٰهِ فِي كُلِّ مَسْجِدِ

وَاِنْ قَالَ فِي يَوْمٍ مَقَالَةَ غَائِبٍ ... فَتَصْدِيقُهَا فِي الْيَوْمِ اَوْ فِي ضُحَى الْغَدِ

لِيَهْنِ اَبَا بَكْرٍ سَعَادَةُ جَدِّهِ ... بِصُحْبَتِهِ مَنْ يُسْعِدِ اللّٰهُ يَسْعَدِ

لِيَهْنِ بَنِي كَعْبٍ مَكَانُ فَتَاتِهِمْ ... وَمَقْعَدُهَا لِلْمُؤْمِنِينَ بِمَرْصَدِ

زَادَ مُوسَى بْنُ هَارُونَ فِي حَدِيثِهِ قَالَ: وَحَدَّثَنَاهُ مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُكْرَمٍ فَقَالَ لَنَا: لَمْ تُعِبْهُ ثُحْلَةٌ وَلَمْ تُزْرِ بِهِ صَقَلَةٌ وَالصَّوَابُ ثَجَلَةٌ وَصَعَلَةٌ الثَّجْلَةُ: كِبَرُ الْبَطْنِ، وَالصَّعْلَةُ: صِغَرُ الرَّاْسِ، يُرِيدُ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ كَبِيرَ الْبَطْنِ وَلَا صَغِيرَ الرَّاْسِ . وَقَالَ لَنَا مُكْرَمٌ: فِي اَشْفَارِهِ عَطَفٌ وَفِي صَوْتِهِ صَهَلٌ . وَقَالَ لَنَا مُجَاهِدٌ عَنْ مُكْرَمٍ: فِي اَشْفَارِهِ وَطَفٌ فِي صَوْتِهِ صَحَلٌ . وَالصَّوَابُ وَطَفٌ وَهُوَ الطُّولُ، وَالصَّوَابُ صَحَلٌ وَهِي الْبَحَّةُ . وَقَالَ

اپنی بہن سے اس کی بکری اور برتن کے حوالے سے پوچھو' اگر تم بکری سے بھی سوال کرو گے تو وہ بھی گواہی دے گی'

انہوں نے کمزور بکری کو منگوایا اور اس بکری کی کھیری سے دودھ آیا' سب کے سامنے اور مکھن والا'

پس اس بکری کو اس کے پاس ہی دوھنے والے کے لیے باقی رکھا' دودھ دوھنے والا اسے نکلنے اور داخل ہونے کی جگہ میں روتا ہے''۔

پس جب حضرت حسان بن ثابت نے اُسے سنا تو انہیں جوش آیا وہ اس غیبی آواز کا جواب دینے لگے' فرماتے ہیں:

''اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اس قوم نے گھاٹا پایا' جس کا نبی اس کے پاس سے چلا گیا اور وہ لوگ پاکیزہ ہوئے جورات کو یا دن کو اس کی طرف چلے'

سو انہوں نے قوم سے کوچ کیا' اس قوم کی عقلیں ماری گئیں اور انہوں نے دوسری قوم کے پاس نئے نور کے ساتھ ڈیرہ لگایا'

نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے' ان کے ربّ نے ان کی گمراہی کے بعد انہیں ہدایت دی اور ان کی خوب راہنمائی فرمائی' جو حق کی پیروی کرتا ہے' اس کی راہنمائی کی جاتی ہے'

اور کیا احمق اور قوم کے گمراہ لوگ' ہر ہدایت پانے والے کو ہدایت دینے والے کے برابر ہو سکتے ہیں'

ان کی وجہ سے یثرب والوں پر ہدایت کی رکاب

لَنَا مُكْرَمٌ: لَا يَأْسَ مِنْ طُولٍ . وَالصَّوَابُ لَا يَتَشَنَّا مِنْ طُولٍ . وَقَالَ لَنَا مُكْرَمٌ: وَلَا عَابِسٌ وَلَا مُعْتَدٍ . وَقَالَ لَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ مُكْرَمٍ: لَا عَابِسٌ وَلَا مُفَنَّدٌ يَعْنِي: لَا عَابِسٌ وَلَا مُكَذَّبٌ

اتری' پھر بے شمار سعادتوں کے ساتھ' ان میں ڈیرے ڈال دیئے'

نبی ﷺ وہ کچھ دیکھتا ہے جو لوگ اپنے اردگرد نہیں دیکھ سکتے' اور ہر سجدہ گاہ میں اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتا ہے'

اگرچہ کسی دن غائب کی بات بھی کر دیتا ہے' جس کی تصدیق اسی دن ہو جاتی ہے یا اگلے دن ہو جاتی ہے' یعنی جو بات فرماتے ہیں وہ پوری ہو جاتی ہے'

ابوبکر کی خاندانی سعادت نے ان کے لیے آپ ﷺ کی صحبت حاصل کرنے کو آسان بنا دیا' اللہ تعالیٰ جسے سعادت عطا فرمائے' اسے سعادت ملجاتی ہے'

بنی کعب کی نوجوان عورتیں ان کو مبارکباد دیں اور ایمان والوں کے لیے ان کے بیٹھنے کا انتظار کیا جا رہا ہے''۔

حضرت موسیٰ بن ہارون نے اپنی حدیث میں اضافہ فرمایا' کہا: اور حضرت مکرم سے روایت کر کے مجاہد بن موسیٰ نے ہمیں حدیث بیان کی' پس انہوں نے ہم سے کہا: پیٹ کا بڑا ہونا آپ ﷺ کو عیب نہیں لگاتا تھا اور نہ ہی سر کا چھوٹا ہونا آپ ﷺ کو عیب لگاتا تھا۔ درست لفظ ''نَجَلَةٌ'' اور ''صَعَلَةٌ'' ''نَجْلَةٌ'' کا معنی: پیٹ کا بڑا ہونا اور ''صعلةٌ'' کا معنی: سر کا چھوٹا ہونا' ان کی مراد ہے کہ آپ ﷺ بڑے پیٹ والے نہ تھے اور نہ ہی آپ کا سر چھوٹا تھا۔ اور مکرم نے ہم سے کہا: آپ کے ہونٹ لمبے تھے اور آپ کی آواز میں گونج تھی اور

رعب تھا۔ حضرت مکرم سے روایت کر کے جناب مجاہد نے ہمیں فرمایا: اصل الفاظ ''فی اشفارہ وطف فی صوتہ صحل'' ہیں اور ''وطفٌ'' ہی درست ہے' جس کا معنی لمبائی ہے اور درست ''صحلٌ'' ہے' جس کا معنی: آواز کا بھاری ہونا۔ حضرت مکرم نے ہم سے کہا: لمبا ہونے میں کوئی حرج نہیں ہے' اور درست الفاظ ''لا یتشنأ'' ہیں اور مکرم نے ہمیں یہ بھی کہا: چیں بجبیں ہونے والے نہ تھے' نہ حد سے تجاوز کرنے والے تھے۔ حضرت مکرم سے روایت کر کے مجاہد نے ہم سے کہا: ''لا عابس ولا مفندٌ'' ہے' یعنی نہ ماتھے تیوری چڑھانے والے اور نہ جھٹلانے گئے تھے۔

حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ الْاَنْصَارِیُّ

حضرت حرام بن ملحان انصاری رضی اللہ عنہ

خَالُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اسْتُشْهِدَ مَعَ الْقُرَّاءِ السَّبْعِینَ الَّذِینَ بَعَثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُنْذِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَاوَى لَمَّا اُصِیبَ خُبَیْبٌ وَاَصْحَابُهُ قَتَلَتْهُمْ بَنُو سُلَیْمٍ

یہ حضرت انس بن مالک کے خلو ہیں' یہ ستر افراد کے ساتھ شہید کیے گئے' جن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منذر بن عمرو بن ساوی کی طرف بھیجا تھا' جب حضرت خبیب اور ان کے ساتھیوں کو بنو سلیم نے قتل کیا تھا۔

3525 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ الصَّقْرِ السُّكَّرِیُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا سُلَیْمَانُ بْنُ الْمُغِیرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ ذَكَرَ سَبْعِینَ مِنَ الْاَنْصَارِ كَانُوا اِذَا جَنَّهُمُ اللَّیْلُ آوَوْا اِلَى مُعَلِّمٍ بِالْمَدِینَةِ فَیَبِیتُونَ یَدْرُسُونَ الْقُرْآنَ فَاِذَا اَصْبَحُوا، فَمَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ

حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت انس نے انصار سے ستر افراد کا ذکر کیا کہ جب رات ہوتی تو وہ مدینے میں استاد کے پاس آتے وہاں رات گزارتے اور قرآن پاک کی تلاوت کرتے اور جب صبح ہوتی جو طاقت ور ہوتا وہ لکڑیوں کا گٹھا اُٹھاتا

قُوَّةٌ اَصَابَ مِنَ الْحَطَبِ وَاسْتَعْذَبَ مِنَ الْمَاءِ، وَمَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ سَعَةٌ اَصَابُوا الشَّاةَ، فَاَصْلَحُوها فَكَانَتْ تُصْبِحُ مُعَلَّقَةً بِحَجَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اُصِيبَ خُبَيْبٌ بَعَثَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ فِيهِمْ خَالِي حَرَامٌ وَاَتَوْا حَيًّا مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ، فَقَالَ حَرَامٌ لِاَمِيرِهِمْ: اَلَا اُخْبِرُ هٰؤُلَاءِ اَنَّا لَسْنَا اِيَّاهُمْ نُرِيدُ فَيُخَالُ وُجُوهَنَا؟ قَالَ: فَاَتَاهُمْ فَقَالَ لَهُمْ ذَاكَ، فَاسْتَقْبَلَهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ بِرُمْحٍ فَاَنْفَذَهُ بِهِ، فَلَمَّا وَجَدَ حَرَامٌ مَسَّ الرُّمْحِ فِي جَوْفِهِ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَابْطَئُوا عَلَيْهِمْ فَمَا بَقِيَ مِنْهُمْ مُخْبِرٌ فَمَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ عَلَى سَرِيَّةٍ وَجْدَهُ عَلَيْهِمْ، قَالَ اَنَسٌ: لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا صَلَّى الْغَدَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ يَدْعُو عَلَيْهِمْ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَتَاهُ اَبُو طَلْحَةَ، فَقَالَ لِي: هَلْ لَكَ فِي قَاتِلِ حَرَامٍ؟ قُلْتُ: مَالَهُ فَعَلَ اللّٰهُ بِهِ وَفَعَلَ، فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ: لَا تَفْعَلْ فَقَدْ اَسْلَمَ

اور میٹھا پانی لاتا اور جوان میں سے مالدار ہوتا وہ بکریاں لیتے اور ان کو سنبھالتے اور صبح کے وقت رسول اللہ ﷺ کے حجرے کے پاس آتے' جب حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے کچھ لوگوں کو بھیجا' ان میں میرے خالو حرام بھی تھے' بنی سلیم کے قبیلے کے پاس آئے تو حضرت حرام نے ان کے امیر سے کہا: کیا میں ان کو ان کے متعلق بتاؤں نہیں کہ ہم ان سے نہیں ہیں' ہم چاہتے ہیں کہ وہ ہم سے پھر جائیں؟ راوی کا بیان ہے: وہ ان کے پاس آئے' سامنے سے ان کے ایک آدمی نے تیر مارا جو حضرت حرام کو لگا اور پار ہو گیا' جب حضرت حرام نے اپنے پیٹ میں تیر کو محسوس کیا تو حضرت حرام نے کہا: اللہ اکبر! ربِ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا۔ اُنہوں نے باقی سب کو گھیر لیا اور اُن میں سے کسی کو نہیں چھوڑا خبر دینے کے لیے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ جب آپ فجر کی نماز پڑھا لیتے تو آپ دونوں ہاتھ اُٹھا کر ان کے خلاف دعا کرتے' جب تھوڑا عرصہ گزرا تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ آئے تو مجھے کہا: کیا آپ کو حرام کے قاتل سے کوئی کام ہے؟ میں نے کہا: اللہ اس پر لعنت کرے اور جو کام اس نے کیا ہے مجھے کوئی کام نہیں۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ایسے نہ کہو اور وہ مسلمان ہوئے۔

حرام بن ملحان الانصاری

3526 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ

3526- أخرج نحوه البخاري في صحيحه جلد 4 صفحه 1502 رقم الحديث: 3856 عن ثمامة بن عبد الله بن انس عن

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ نَاسًا مِنْ قَيْسٍ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلُوهُ اَنْ يَبْعَثَ مَعَهُمْ نَاسًا يُعَلِّمُونَهُمُ الْقُرْآنَ، فَبَعَثَ مَعَهُمْ سَبْعِينَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْهُمْ حَرَامُ بْنُ مِلْحَانَ خَالُ اَنَسٍ فَغَدَرُوا بِهِمْ فَقَتَلُوهُمْ فَكَانَ حَرَامٌ اَوَّلَ مَنْ طُعِنَ بِعَنَزَةٍ، وَكَانَ الدَّمُ يَخْرُجُ مِنْهُ، فَتَلَقَّاهُ وَيَرْفَعُهُ اِلَى السَّمَاءِ وَيَقُولُ فُزْتُ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، فَنَزَلَ فِيهِمْ قُرْآنٌ بَلِّغُوا عَنَّا اَنَّا لَقِينَا رَبَّنَا فَرَضِيَ عَنَّا وَاَرْضَانَا

قیس سے کچھ لوگ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے آپ سے مطالبہ کیا کہ ان کے ساتھ کچھ لوگوں کو بھیجیں جو ان کو قرآن سکھائیں' آپ نے انصار سے ستّر آدمی ان کے ساتھ بھیجے' ان میں سے میرے خالو حرام بن ملحان بھی تھے' قبیلہ قیس والوں نے ان کے ساتھ غداری کی اور انہیں قتل کر دیا' حضرت حرام وہ پہلے شخص ہیں جن کو نیزے کے ساتھ زخمی کیا گیا' ان کا خون نکل رہا تھا' اُنہوں نے اپنا منہ آسمان کی طرف کیا اور کہا: ربِ کعبہ کی قسم! میں کامیاب ہو گیا! ان کے متعلق قرآن پاک کی آیات اُتریں' اُنہوں نے کہا: ہمارا پیغام پہنچا دو! ہم اپنے رب سے ملے ہیں' ہم اس سے خوش ہیں اور وہ ہم سے۔

حَشْرَجٌ وَلَمْ يُنْسَبْ

حضرت حشرج' ان کا نسب معلوم نہیں ہے

3527 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ اَبُو الْحَارِثِ، قَالَ: رَاَيْتُ حَشْرَجَ رَجُلًا اَخَذَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَهُ فِي حِجْرِهِ وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَدَعَا لَهُ

حضرت اسحاق ابوالحارث فرماتے ہیں کہ میں نے حشرج نام کا آدمی دیکھا' نبی پاک ﷺ نے ان کو پکڑا اور انہیں اپنی گود میں رکھا اور ان کے سر پر اپنا دستِ اقدس پھیرا اور ان کے لیے دعا کی۔

حُوَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُودٍ

حضرت خویسہ بن مسعود

لَمْ يُخَرَّجْ

ان سے کوئی حدیث تخریج نہیں کی گئی۔

حَنِيفَةُ الرَّقَاشِيُّ

حضرت حرہ کے چچا

عَمُّ اَبِی حُرَّةَ

3528 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ اَبِي حُرَّةَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: كُنْتُ آخُذُ بِزِمَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَوْسَطِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ - وَذَكَرَ الْحَدِيثَ-

حضرت حنفیہ الرقاشی

حضرت ابوحرہ الرقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: میں حجۃ الوداع کے موقع پر ایامِ تشریق کے درمیان میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی کی لگام پکڑی ہوئی تھی اور اس کے بعد پوری حدیث بیان کی۔

حُمَمَةُ الدَّوْسِيُّ

اسْتُشْهِدَ بِاَصْبَهَانَ مَعَ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَقَبْرُهُ مَعْرُوفٌ عَلَى بَابِ مَدِينَةِ اَصْبَهَانَ وَقَدْ رَاَيْتُهُ اَنَا

حضرت حممہ الدوسی

ان کو مقامِ اصبہان میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ شہید کیا گیا تھا اور ان کی قبر اصبہان شہر کے دروازے کے پاس مشہور و معروف ہے۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: میں نے ان کی وہ قبر دیکھی ہے۔

3529 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَوْدِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يُقَالُ لَهُ حُمَمَةُ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ غَازِيًا اِلَى اَصْبَهَانَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَفُتِحَتْ اَصْبَهَانُ فَقَالَ حُمَمَةُ: اللّٰهُمَّ اِنَّ حُمَمَةَ يَزْعُمُ اَنَّهُ يُحِبُّ لِقَاكَ، فَاِنْ كَانَ صَادِقًا فَاعْزِمْ لَهُ عَلَيْهِ بِصَدَقَةٍ، وَاِنْ كَانَ كَاذِبًا فَاعْزِمْ لَهُ عَلَيْهِ، وَاِنْ كَرِهَ فَاَخَذَهُ الْبَطْنُ فَمَاتَ

حضرت عمید بن عبدالرحمٰن الحمیری سے روایت ہے کہ ایک آدمی جنہیں حممہ کہا جاتا ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ میں سے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جہاد کے لیے اصبہان کی طرف نکلے' اصبہان کو فتح کیا گیا' حضرت حممہ نے عرض کی: اے اللہ! حممہ خیال کرتا ہے کہ وہ تجھ سے ملاقات کو پسند کرتا ہے اگر اپنی اس بات میں سچا ہے تو اس کی بات کو پختگی دیدے' اگر جھوٹا ہے تب بھی اس کی بات پوری کردے' اگر اس کو وہ پسند کرتا ہے۔ حضرت حممہ کو پیٹ کی بیماری نے

بِاَصْبَهَانَ، فَقَالَ اَبُو مُوسَى: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّا وَاللّٰهِ مَا سَمِعْنَا فِيمَا سَمِعْنَا مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا بَلَغَ عِلْمُنَا اِلَّا وَاَنَّ حُمَمَةَ شَهِيدٌ

پکڑا اور مقامِ اصبہان میں ہی فوت ہو گئے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ کی قسم! ہم نے نہیں سنا اس میں جو ہم نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے' ہمارا علم یہ کہتا ہے کہ حممہ شہید ہے۔

بَابُ الْخَاءِ

خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ بَدْرِيٌّ

باب الخاء

حضرت خباب بن ارت بدری رضی اللہ عنہ

يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ حَلِيفُ بَنِي زُهْرَةَ بْنِ كِلَابِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرٍ، وَيُقَالُ: مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ اخْتُلِفَ فِي نَسَبِهِ فَمَنْ نَسَبَهُ اِلَى الْعَرَبِ زَعَمَ اَنَّهُ مِنْ تَمِيمِ بْنِ مُرِّ بْنِ طَالِحَةَ بْنِ اِلْيَاسِ بْنِ مُضَرَ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے' بنی زہرہ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فراع کے حلیف ہیں اور ان کو بنی زہرہ کا غلام بھی کہا جاتا ہے' ان کے نسب میں اختلاف ہے' جنہوں نے انہیں عرب کی طرف منسوب کیا ہے اُن کا خیال ہے کہ یہ تمیم بن مرہ بن طالح بن الیاس بن مضر کے قبیلے سے ہیں۔

3530 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ: فِيمَنْ شَهِدَ بَدْرًا خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ بْنِ خُوَيْلِدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ جَذِيمَةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدٍ

حضرت عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے اُن میں سے ایک خباب بن ارت بن خویلد بن سعد بن جزیمہ بن کعب بن سعد ہیں۔

3531 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ الدِّمْيَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: كَانَ خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ مَوْلَى بَنِي زُهْرَةَ شَهِدَ بَدْرًا يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ تُوُفِّيَ

حضرت زہری فرماتے ہیں کہ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ بنی زہرہ کے غلام ہیں' بدر میں شریک ہوئے تھے' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے' 37 ہجری میں ان کا انتقال ہوا' حضرت علی رضی اللہ عنہ جس وقت

سَنَةَ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ مُنْصَرَفَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، مِنْ صِفِّينَ اِلَى الْكُوفَةِ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ قُبِرَ بِالْكُوفَةِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِسْلَامُ خَبَّابٍ بِمَكَّةَ

صفین سے کوفہ واپس آئے تو اصحابِ رسول ﷺ میں سے کوفہ میں سب سے پہلی قبران کی تھی' حضرت خباب رضی اللہ عنہ مکہ میں ایمان لا چکے تھے۔

3532 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرْدُوسًا، يَقُولُ: اِنَّ خَبَّابًا اَسْلَمَ سَادِسَ سِتَّةٍ كَانَ سُدُسَ الْاِسْلَامِ

حضرت کردوس فرماتے ہیں کہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ اسلام لانے میں چھٹے نمبر پر ہیں۔

3533 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا وَكِيعٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مَعْدِي كَرِبَ، قَالَ: اَتَيْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ نَسْاَلُهُ، عَنْ طسم الشُّعَرَاءِ، قَالَ: لَيْسَتْ مَعِي وَلَكِنْ عَلَيْكُمْ مَنْ اَخَذَهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِاَبِي عَبْدِ اللّٰهِ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ

حضرت معدیکرب فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو ہم نے آپ سے سورۂ طسم شعراء کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: میرے ساتھ نہیں ہے لیکن جس نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کیے ہیں وہ ابوعبداللہ خباب بن ارت ہیں۔

3534 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى خَبَّابٍ، فَقَالَ: فِي هَذَا التَّابُوتِ ثَمَانُونَ اَلْفًا لَمْ يُشَدَّ لَهَا وِكَاءٌ، وَلَمْ يُمْنَعْ مِنْ سَائِلٍ وَلَوَدِدْتُ اَنَّهَا كَذَا وَكَذَا ، اِمَّا قَالَ: بَعْرًا اَوْ غَيْرَهُ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ میں حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے ساتھ آیا تو آپ نے فرمایا: اس تابوت میں اسّی ہزار ہیں اور اسے حفاظت کے لیے کسی چیز سے نہیں باندھا گیا اور کسی مانگنے والے کو منع بھی نہیں کیا گیا اور جانتا ہوں کہ ایسے ایسے کر دیا جائے؟ فرمایا: اونٹ اور اس کے علاوہ اور چیزیں ہیں۔

3535 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا

حضرت طارق بن شہاب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کی کیونکہ وہ حضور

مِسْعَرٌ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: عَادَ خَبَّابًا بَقَايَا مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اَبْشِرْ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، اِخْوَانُكَ تَقْدَمُ عَلَيْهِمْ غَدًا فَبَكَى ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اُولَئِكَ مَضَوْا بِاُجُورِهِمْ وَاِنِّي اَخَافُ اَنْ يَكُونَ ثَوَابِي لِتِلْكَ الْاَعْمَالِ مَا اُوتِينَا بَعْدَهُمْ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے تھے' لوگوں نے کہا: اے ابوعبداللہ! آپ کے لیے خوشخبری! آپ کے بھائی آپ سے پہلے گئے ہیں۔ تو حضرت خباب رضی اللہ عنہ رو پڑے' پھر فرمایا: وہ تو اجر لے کر گئے ہیں' مجھے ان اعمال کے ثواب کا خوف ہے کہ ہمیں ان کے بعد نہیں دیا گیا۔

3536 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عِكْرِمَةَ، اَنَّ خَبَّابًا اَوْصَى اَنْ يُدْفَنَ فِي ظَهْرِ اَهْلِ الْكُوفَةِ

حضرت یونس بن عکرمہ سے روایت ہے کہ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے وصیت کی کہ کوفہ والوں کے درمیان دفن کرنا۔

3537 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، قَالَ: سِرْنَا مَعَهُ يَعْنِي عَلِيًّا حِينَ رَجَعَ مِنْ صِفِّينَ حَتَّى اِذَا كَانَ عِنْدَ بَابِ الْكُوفَةِ اِذَا نَحْنُ بِقُبُورٍ سَبْعَةٍ عَنْ اَيْمَانِنَا، فَقَالَ عَلِيٌّ: مَا هٰذِهِ الْقُبُورُ؟ ، فَقَالُوا: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّ خَبَّابَ بْنَ الْاَرَتِّ تُوُفِّيَ بَعْدَ مَخْرَجِكَ اِلَى صِفِّينَ وَاَوْصَى اَنْ يُدْفَنَ فِي ظَهْرِ الْكُوفَةِ وَكَانَ النَّاسُ اِنَّمَا يَدْفِنُونَ مَوْتَاهُمْ فِي اَفْنِيَتِهِمْ وَعَلَى اَبْوَابِ دُورِهِمْ، فَلَمَّا رَاَوْا خَبَّابًا اَوْصَى اَنْ يُدْفَنَ بِالظَّهْرِ دَفَنَ النَّاسِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: رَحِمَ اللّٰهُ خَبَّابًا لَقَدْ اَسْلَمَ رَاغِبًا، وَهَاجَرَ طَائِعًا، وَعَاشَ مُجَاهِدًا، وابْتُلِيَ فِي جِسْمِهِ اَحْوَالًا، وَلَنْ يُضَيِّعَ اللّٰهُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ، ثُمَّ دَنَا مِنَ

حضرت زید بن وہب فرماتے ہیں کہ جس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ صفین سے واپس آئے تو ہم آپ کے ساتھ چل رہے تھے' جب ہم کوفہ کے دروازے کے پاس آئے تو ہم نے اپنی دائیں جانب سات قبریں دیکھیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کس کی قبریں ہیں؟ اُنہوں نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! حضرت خباب بن ارت کا وصال ہوا' آپ کے صفین کی طرف نکلنے کے بعد' آپ نے وصیت کی تھی کہ کوفہ کے ایک طرف دفن ہونے کی' لوگ اپنے مردوں کو باہر دفن کرتے ہیں' ان کے گھر اور ہوتے ہیں' جب حضرت خباب نے دیکھا تو آپ نے لوگوں کو اس جگہ دفن کرنے کی وصیت کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل خباب پر رحم کرے! خوشی سے اسلام لائے تھے اور خوشی سے ہجرت کی' مجاہدانہ زندگی

الْقُبُورِ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ فَارِطٌ، وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ عَمَّا قَلِيلٍ لَاحِقٌ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهُمْ، وَتَجَاوَزْ بِعَفْوِكَ عَنَّا وَعَنْهُمْ، طُوبَى لِمَنْ ذَكَرَ الْمَعَادَ وَعَمِلَ لِلْحِسَابِ وَقَنَعَ بِالْكَفَافِ وَرَضِيَ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

گزاری' اپنے جسم کو مختلف آزمائشوں میں مبتلا رکھا' جو اچھے اعمال کرتے ہیں اللہ ان کے اجر کو ضائع نہیں کرتا ہے' پھر قبروں کے قریب ہوئے اور فرمایا: اے ایمان والو اور مسلمانوں کے گھروں والو! تم پر سلامتی ہو! تم ہم سے پہلے آ گئے' ہم تمہارے تھوڑی دیر بعد آ رہے ہیں' اے اللہ! ہمیں اور انہیں بخش دے! اور ہماری اور ان کی غلطیوں سے درگزر کر! اس کے لیے خوشخبری جس نے قیامت کے دن کو یاد رکھا اور حساب کے لیے عمل کیا' جو مل گیا اس پر راضی ہوا اور اللہ کی رضا پر خوش رہا۔

مَا اَسْنَدَ خَبَّابُ بْنُ الْاَرَتِّ اَبُو اُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث حضرت ابوامامہ باہلی' حضرت خباب سے روایت کرتے ہیں

3538 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ، اَنَا وَنَفَرٌ مَعِي عَلَى خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَقَدِ اكْتَوَى فِي جَنْبِهِ، فَقُلْنَا: اكْتَوَيْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِي سَبْعُونَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ لَا يَرْقُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَكْتَوُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے ساتھ چند لوگ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے اپنی پیشانی پر داغا تھا' ہم نے کہا: آپ نے پیشانی پر داغا ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری اُمت کے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے' وہ نہ منتر کرتے ہیں اور نہ کرواتے ہیں اور نہ داغتے ہیں اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

3539 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، اَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا اَنْفَقَ الْمُؤْمِنُ مِنْ نَفَقَةٍ اِلَّا اُجِرَ فِيهَا، اِلَّا النَّفَقَةَ فِي هَذَا التُّرَابِ

حضرت خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مؤمن جو بھی خرچ کرتا ہے اس پر اُسے ثواب دیا جاتا ہے سوائے اس کے جو (ناجائز) عمارتیں بنانے کے لیے خرچ کرتا ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ خَبَّابٌ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

3540 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ، وَمُوسَى بْنُ عِيسَى، قَالَا: ثنا اَبُو الْيَمَانِ، ثنا شُعَيْبٌ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ خَبَّابٍ، اَنَّهُ: رَاقَبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً، فَصَلَّى حَتَّى اِذَا كَانَ مَعَ الْفَجْرِ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَاَيْتُكَ اللَّيْلَةَ صَلَّيْتَ صَلَاةً مَا رَاَيْتُكَ صَلَّيْتَ مِثْلَهَا؟ قَالَ: اَجَلْ، اِنَّهَا صَلَاةُ رَغَبٍ وَرَهَبٍ، سَاَلْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ خِصَالٍ فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَنَا بِمَا اَهْلَكَ بِهِ الْاُمَمَ

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا' آپ فجر تک نماز پڑھتے رہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج رات اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے' میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو' تو مجھے یہ دی گئی' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی'

فَاَعْطَانِی ذٰلِكَ، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْنَا عَدُوًّا فَيُهْلِكُونَا فَاَعْطَانِی ذٰلِكَ، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَ اُمَّتِی شِيَعًا فَمَنَعَنِی

پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

3541 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ، اَنَّ خَبَّابًا، قَالَ: رَمَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی صَلَاةٍ صَلَّاهَا حَتَّى كَانَ مَعَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَلَاتِهِ قَامَ خَبَّابٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِی اَنْتَ وَاُمِّی لَقَدْ صَلَّيْتَ اللَّيْلَةَ صَلَاةً مَا رَاَيْتُكَ صَلَّيْتَ نَحْوَهَا؟ قَالَ: اَجَلْ اِنَّهَا صَلَاةُ رَغَبٍ وَرَهَبٍ سَاَلْتُ فِيهَا رَبِّی عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ خِصَالٍ، فَاَعْطَانِی اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِی وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَنَا بِمَا اَهْلَكَ بِهِ الْاُمَمَ قَبْلَنَا فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُظْهِرَ عَلَيْنَا عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَنَا شِيَعًا فَمَنَعَنِيهَا

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک رات حضور ﷺ کو دیکھتے رہے' آپ فجر تک نماز پڑھتے رہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج رات نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے' میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو' تو مجھے یہ دی گئی' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی' پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

3542 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ الْبَغَوِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ رَاشِدٍ، يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن خباب بن ارت رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک نماز پڑھی' اسے لمبا کیا تو لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح کی نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟

الْاَرَتِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً فَاَطَالَهَا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّيْتَ صَلَاةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيهَا قَالَ: اَجَلْ اِنَّهَا صَلَاةُ رَغَبٍ وَرَهَبٍ، وَاِنِّي سَاَلْتُ رَبِّي فِيهَا ثَلَاثًا فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَ اُمَّتِي بِسُنَّةٍ، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَلَّا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُذِيقَ بَعْضَهُمْ بَاْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے' میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو' تو مجھے یہ دی گئی' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی' پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا گیا۔

3543 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ الْمُسْتَمْلِي، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، فَقَالَ: رَمَقْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَاَنْظُرَنَّ كَيْفَ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى، فَلَمَّا انْصَرَفَ جِئْتُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ صَلَّيْتَ اللَّيْلَةَ صَلَاةً مَا رَاَيْتُكَ صَلَّيْتَ مِثْلَهَا فَقَالَ: اِنَّهَا صَلَاةُ رَهَبٍ وَرَغَبٍ، سَاَلْتُ رَبِّي فِيهَا ثَلَاثًا، فَاَعْطَانِي اثْنَتَيْنِ وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً، سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُهْلِكَنَا بِمَا اَهْلَكَ بِهِ الْاُمَمَ قَبْلَنَا، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَيْنَا عَدُوًّا، فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَنَا شِيَعًا فَمَنَعَنِيهَا.

حضرت عبداللہ بن خباب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کر کے فرماتے ہیں کہ پس میں نے دل میں کہا کہ میں دیکھوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز کیسی ہے؟ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز پڑھی' جب آپ لوٹے تو میں آپ کے سامنے آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کو آج رات نماز پڑھتے ہوئے دیکھا جس طرح کی نماز پڑھتے پہلے کبھی نہیں دیکھا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! یہ نماز خوشی اور خوف کی ہے' میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی ہیں' دو مجھے دی گئیں اور ایک سے روک دیا گیا' میں نے اپنے رب سے مانگا کہ جس طرح پہلی اُمتیں ہلاک ہوئی ہیں اس طرح ہماری اُمت ہلاک نہ ہو' تو مجھے یہ دی گئی' اور میں نے اپنے رب سے مانگا کہ ہم پر دشمن مسلط نہ ہو جو ہمیں مارے تو مجھے یہ بھی دی گئی' پھر میں نے اپنے رب سے مانگا کہ میری اُمت آپس میں نہ لڑے تو مجھے اس سے روک دیا

گیا۔

حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا اَبِي، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے اس کی مثل حدیث روایت کرتے ہیں۔

3544 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ ح، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْغُدَانِيُّ، قَالَا: ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا اَبُو يُونُسَ الْقُشَيْرِيُّ حَاتِمُ بْنُ اَبِي صَغِيرَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا قُعُودًا عَلَى بَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ عَلَيْنَا فَقَالَ: اَتَسْمَعُونَ؟ ، قُلْنَا: قَدْ سَمِعْنَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَ: اِنَّهُ سَيَكُونُ عَلَيْكُمْ اُمَرَاءُ فَلَا تُصَدِّقُوهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَا تُعِينُوهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَاِنَّهُ مَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ فَلَيْسَ يَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ .

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے دروازے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: کیا تم سن رہے ہو؟ ہم نے عرض کی: ہم نے دو مرتبہ یا تین مرتبہ سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: عنقریب تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے' تم ان کے جھوٹ کی تصدیق نہ کرنا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد نہ کرنا' جو ان کے جھوٹ کی تصدیق کرے گا اور ان کے ظلم پر ان کی مدد کرے گا' اُنہیں میرے حوض پر آنے نہیں دیا جائے گا۔

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ الْبَزَّازُ الْحِمْصِيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن خباب اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے حضرت حاتم بن ابومغیرہ والی حدیث

رَوْحٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْاَبْرَشُ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِيِّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. نَحْوَ حَدِيثِ حَاتِمِ بْنِ اَبِي صَغِيرَةَ

روایت کرتے ہیں.

3545 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى ح، وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا شَيْبَانُ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، ثنا رَجُلٌ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ كَانَ يُجَالِسُنَا فِي الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ، قَالَ: صَحِبْتُ اَصْحَابَ النَّهَرِ، فَكُنْتُ فِيهِمْ، ثُمَّ كَرِهْتُ اَمْرَهُمْ خَشِيتُ اَنْ يَقْتُلُونِي، فَبَيْنَا اَنَا مَعَ طَائِفَةٍ مِنْهُمْ اِذْ اَتَيْنَا عَلَى قَرْيَةٍ وَبَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَرْيَةِ نَهْرٌ اِذْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنَ الْقَرْيَةِ مُرَوَّعًا، فَقَالُوا لَهُ: كَاَنَّا رَوَّعْنَاكَ، قَالَ: اَجَلْ، قَالُوا: لَا رَوْعَ لَكَ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَعْرِفُوهُ وَلَمْ اَعْرِفْهُ، فَقَالُوا: اَنْتَ ابْنُ خَبَّابٍ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: نَعَمْ، فَقَالُوا: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ اَبِيكَ حَدِيثًا تُحَدِّثُنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ اَبِي، يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذِكْرَ فِتْنَةٍ، فَقَالَ: الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ فِيهَا خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي فِيهَا خَيْرٌ مِنَ السَّاعِي، فَاِنْ اَدْرَكَتْكَ فَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُولَ، قَالَ: فَقَرَّبُوهُ اِلَى شَطِّ النَّهَرِ فَذَبَحُوهُ، فَرَاَيْتُ دَمَهُ يَسِيلُ فِي الْمَاءِ مِثْلَ الشِّرَاكِ

